اس نقش کو رجب کی چار تاریخ بعد نماز صبح جس قدر چاہے لکھ لیں اور اپنے بازو پر باندھ کر گلے میں ڈال کر بادشاہ یا وزیر یا اور کسی نامہربان کے پاس جائیں کامیاب ہوں گے اور وہ اس پر مہربان ہوں گے۔ نقش یہ ہے اگر اس نقش کو کندہ کر کے انگشتری میں رکھ کر پہنے تو بے شمار فوائد حاصل ہوں۔


۷۸۶



۳۰۸۱	۳۰۸۵	۳۰۸۸	۳۰۷۴
۳۰۸۷	۳۰۷۵	۳۰۸۰	۳۰۸۶
۳۰۷۶	۳۰۹۰	۳۰۸۳	۳۰۷۹
۳۰۸۴	۳۰۷۸	۳۰۷۷	۳۰۸۹

نقش عجیب جامع التسخیر

بہتر ہے کہ! نقش جامع التسخیر لکھ کر پاس رکھیں۔ یہ نقش تمام عملیات تسخیر کا مجموعہ ہے۔ اس نقش سے ایک فائدہ یہ ہے کہ عمل کوئی بھی کیا جائے اس نقش پہ دم کرلیا کرے تو تمام ہی عملیات تسخیر کے فیوض و برکات سے فیض یاب ہوگا۔

پھراس نقش سے بہت سے کام لیے جاسکتے ہیں۔ مثلاً جس کی بیوی شوہر سے برگشتہ ہو، یا شوہر بیوی سے نفرت رکھتا ہو، اولاد نافرمان ہو، عزیزوں رشتہ داروں میں اختلاف ہو، دوست احباب میں کشیدگی ہو، کوئی قرض لے کر نہ دیتا ہو، روزگار نہ ملتا ہو، مالک یا آفیسر جس کے اختیار میں ملازمت دینا اور ترقی کرنا ہے مگر وہ رخ نہیں کرتا ہو، ان تمام کاموں میں یہ نقش بہت فائدہ مند ثابت ہوگا جولوگ کسی بڑے اور سخت عمل کر سکتے ہوں یا جو آیات اور دعاؤں میں مخارج کو ادا نہ کرسکیں وہ مندرجہ ذیل عمل کریں:



عمل ''یَاوَدُوْدُ''

اس عمل کا بہت آسان طریقہ لکھا جارہا ہے تاکہ جن کی زبان کچی ہے، یا کم علم ہیں کہ بڑی دعائیں حفظ نہ کرسکیں وہ نقش جامع التسخیر ''علامہ عابد عسکری ۴۰۔ کوثر کالونی کیو بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور'' پاکستان سے منگوالیں اور ''یَـــاوَدُوْدُ'' صرف ۸۰ بار پڑھ کر نقش پر دم کریں اور ممکن ہو تو ۱۴۱ بار روز ابر پڑھیں۔ اور ہر روز نقش پر دم کرلیا کریں تو اسم ''یَـــا وَدُوْدُ'' کے عامل ہو جائیں گے اور جس کو بھی اپنا نقش دھوکر پانی دیں اور وہ جس کو پلائیں محبت سے پیش آئے گا اور نافرمان فرمانبردار بن جائے اور اگر کامل فائدہ حاصل ہوگا۔ اس نقش کے پانی پلانے کی ترکیب نقش کے ساتھ لکھ کر بھیجی جاسکتی ہے۔ اس کا لکھنا مناسب نہیں ہے۔ جس کو بھی یہ نقش دیتا ہو خود دم کرکے دیتا ہو۔ اس اور دیگر عملیات کی زکوۃ و نصاب وغیرہ کہ جس کے ذریعے کامل فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے عارضی یا مستقل جس طرح کا بھی فائدہ حاصل کرنا چاہے کرسکتے ہیں۔

عمل سورۂ اخلاص باموکل

''سورۃ اخلاص'' ہر حاجت کے لیے زود اثر ہے خصوصاً تسخیر مخصوص دونوں کام لیے جاسکتے ہیں اور یہ عمل انتہائی شہرت یافتہ ہے۔ عاملین نے اس کے بہت سے طریقے بتائے ہیں اور تقریباً سب مجرب ہیں۔ مگر ہم یہاں صرف ۶ دن کا عمل اور بہت آسان بتاتے ہیں تاکہ کمزور حضرات بھی اس کے فوائد حاصل کرسکیں۔ یہ عمل باموکل ہے۔ اس لیے پرہیز افضل کے ساتھ اکمل شدہ ضروری ہے۔ مسجد یا مکان مگر پاک صاف ہو، یہ عمل تنہائی میں باطہارت ۱۶۷ بار اس طرح پڑھیں کہ یہ نقش زعفران اور عرق گلاب میں حل کرکے لکھیں اور حصولِ دولت درکار ہو تو چاندی پر کندہ کرا کے سامنے رکھیں کہ اس پر نظر

رہے۔ مصلے پر بیٹھ کر درود شریف ایک سو ایک بار پڑھیں پھر دو نفل بہ نیت ایصالِ ثواب سید دو عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، حضرت علی علیہ السلام، حضرت امام حسین علیہ السلام، حضرت امام حسن علیہ السلام، اور خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کے پڑھیں پھر قبلہ رخ کھڑے ہو کر تین بار اس طرح عرض کرے، فریاد، فریاد، فریاد بدرگاہ تو بدوستی علی مرتضیٰ علیہ السلام، حسن مجتبیٰ علیہ السلام، حسین علیہ السلام شہید کربلا آ علیہ السلام نچہ مطلوب می دارم بانصرام رساں پھر اسی جگہ کھڑے ہو کر تین بار آیۃ الکرسی شریف ۳۰۳ بار چاروں قل پڑھ کر کلمہ کی انگلی پر دم کریں۔ انگلی کے اشارے سے چاروں طرف حصار کریں پھر بیٹھ کر سورہ اخلاص ۱۶۷ بار اس طرح پڑھیں:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم،" اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ وَعَزَلْتُ عَلَيْكُمْ اَجِبْ يَا عِطْرَائِيْلُ بِحَقِّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يَا اِسْرَافِيْلَ بِحَقِّ اَللّٰهُ الصَّمَدُ يَا طَاطَائِيْلُ بِحَقِّ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ رَفْتَمَائِيْلُ بِحَقِّ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ"۔

اس کے بعد درود شریف ۲۱ بار۔ دورانِ عمل نظر نقش پر رہے۔ عمل ختم کو کرنے کے بعد نقش پر دم کرے اسی طرح چھ دن عمل کریں۔ آخری دن دودھ کی فیرنی پکا کر فاتحہ دے کر خود کھائیں اور احباب کو کھلائیں۔ اس عمل میں موکل کبھی ظاہر بھی ہو جاتے ہیں۔ یہ صفائے قلب پر منحصر ہے اگر موکل ظاہر ہوں۔ بقیہ عمل پورا کیے بات نہ کریں۔ جب عمل تمام ہو جائے وہ سلام کریں گے جواب دیں اور کہے کہ میں نے آپ کو اس لیے بلایا ہے کہ آپ میری ہر جائز کام میں مدد کرنے کا وعدہ کریں۔ اگر وہ کوئی شرط رکھیں عامل اسے قبول کریں اور ہمیشہ اس کا پابند رہے ورنہ وہ وعدہ کر کے رخصت ہو جائیں گے۔ اور موکل ظاہر نہ ہوں تب بھی مایوس نہ ہوں بلکہ ۷۴ بار ہمیشہ ورد میں رکھیں اور نقش پر دم کرتے رہیں۔ وہ موکل اس نقش کے تابع رہیں گے اور ہر ضرورت اور ہر مشکل میں تسخیر اور حصول دولت میں غائبانہ مدد کرتے رہیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اقسمت علیکم

كفوا احد ولم يكن له	لم يلد ولم يولد	الله الصمد	قل هو الله احمد
۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷	
قل هو الله احد	الله الصمد	لم يلد ولم يولد	كفوا احمد ولم يكن له
۳۳۰	۳۳۴	۳۳۲	
لم يلد ولم يولد	كفوا احد ولم يكن له	قل هو الله احمد	الله الصمد
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳	
الله الصمد	قل هو الله احمد	كفوا احمد ولم يكن له	لم يلد ولم يولد

وعزمت علیکم احبب یا عطرائیل یا اسرافیل

عمل برائے تسخیر

''یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَهٗ'' ایک ہزار مرتبہ روزانہ مع اول آخر درود شریف ۱۰-۱۰ بار پڑھنا ہے۔ کم سے کم اس ورد مبارک کو ہر روز ۳۶۰ مرتبہ روزانہ مع اول آخر درود شریف ۳-۳ بار ورد میں رکھیں خلقت کا ہجوم ہوگا۔

تسخیر خلائق

قطب ستارہ کی طرف منہ کر کے اس طرح کھڑے ہوں کہ سیدھا پاؤں الٹے پاؤں کے اوپر رہے۔ ۱۱ دانہ مونٹھ سفید رنگ پر گیارہ بار پڑھ کر کسی مٹی کے برتن میں رکھ کر منہ خوب جام کر کے اپنے گھر میں دفن کریں اور ایک لاکھ پچیس ہزار بار آیت پڑھ کر اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح اقدس کو ہدیہ کریں۔ پھر جس قدر ممکن ہو روزانہ پڑھیں کبھی ناغہ نہ کریں۔ مخلوق مطیع ہوگی۔ واضح ہو کہ اچھے اخلاق سے پیش آئیں۔ آیت پاک یہ ہے: ''وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ''۔

دلوں کو مسخر کرنے کا مجرب عمل

''یَا عَطُوْفُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ اَعْطِفْ عَلَیَّ'' قلب فلاں بن فلانہ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ'' ہر روز ۳۱۳ بار پڑھیں مطلوب کا تصور رکھیں اول و آخر ۱۱-۱۱ بار

درود شریف پڑھیں ۱۱ یا ۲۱ ورنہ ۴۰ روز میں مطلوب حاضر ہوگا۔ جتنا تصور قوی ہو، اتنا ہی جلد اثر ہوگا فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیں۔

نقش منظّم تسخیر خلائق


یہ نقش مبارک مشک وزعفران سے ساعت زہرہ میں لکھ کر اپنی ٹوپی میں رکھیں۔ حاکم قوم ہو، مراتب بلند ہوں، عزیز خلائق ہو محتاجی دور ہو، مقبول القول ہو۔

۷۸۶

فسیکفیکھم	اللہ وھو	السمیع	العلیم
العلیم	السمیع	اللہ وھو	فسیکفیکھم
اللہ وھو	فسیکفیکھم	العلیم	السمیع
السمیع	العلیم	فسیکفیکھم	اللہ وھو

تکسیر محبت یعنی ایک جان دو قالب



تکسیر کے کئی طریقے عاملین نے مقرر فرمائے ہیں۔ مگر زیادہ تر طریقے سخت اور سمجھ سے بالاتر ہیں۔ بعض بیاضِ عاملین کی نقلیں دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ ان میں تکسیر ہی سے مؤکلین اور طلسم استخراج کرنے کے جو طریقے، رموز وارشادات میں درج ہیں ان کو سمجھنے سے فقیر قاصر رہا مگر تکسیر کے ذریعے دو مخالف ذہنوں کو ہم خیال بنانے اور دو خون کے پیاسے دلوں میں الفت ومحبت پیدا کرنے کی جو تعریف سنی اس نے تلاش وجستجو کو اور بڑھا دیا۔ اتفاقاً آج سے بہت سال پہلے حضور مرشدی مفتی اعظم ہندؒ نے جبل پور میں تکسیر کا طریقہ تعلیم فرمایا تھا اور ایک صاحب کی تکسیر بنوائی تھی۔ اس کے تیار کرنے میں تین دن صرف ہوئے۔ تکسیر تو تیار ہوگئی مگر اس کے مؤکلین کے استخراج کرنے کا طریقہ دریافت کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔




مگر مثل مشہور ہے جو یندہ یابندہ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ایک بہت آسان طریقہ سرکاروں کے کرم سے دستیاب ہوا۔ دائمی تکسیر کے ذریعہ جن دو مخالف قلوب میں محبت پیدا کی جاتی ہے وہ ایسی انمٹ ہوتی ہے، اس کا کاٹ نہیں۔ سفلی اور جادو سے کچھ دن ایک دوسرے کے دماغوں کو مسحور تو رکھا جا سکتا ہے مگر اس محبت کو فنا نہیں کیا جا سکتا۔ قید وغیرہ اور عارضی جدائی تو کر سکتے ہیں۔ مگر دونوں کے قلوب سے ایک دوسرے کی محبت کو ختم نہیں کر سکتے۔ غرض مشیت رب کے سوا اس پر کسی کو دسترس نہیں۔

تکسیر بنانے کا طریقہ

تکسیر میں نام طالب مفرد یعنی الگ الگ حروف لکھیں۔ جیسے کہ نقش محبت میں اسم ''یَا اللہ'' لکھا ہے۔ اس کے بعد اسم یَا وَدُوْدُ لکھیں۔ اس کے بعد نام مطلوب کا جدا جدا حروف میں لکھیں۔ اس طرح ایک سطر تیار ہوگئی۔ پھر اس کے یہ طالب و مطلوب کے حروف کو ایک دوسرے میں اس طرح مدغم کرے کہ پہلے کے نام کا آخری حرف دوسری سطر میں اتارے۔ اس کے بعد طالب کے نام کا پہلا حرف اتاریں۔ اس کے بعد مطلوب کے نام کے آخری حرف سے پہلا حرف اتاریں۔ اس کے بعد طالب کے نام کے پہلے حرف کے بعد کا حرف اتارے اسی طرح دوسری سطر تیار کرے پھر دوسری سطر کے حروف کو آخر اور اول کے حروف میں مدغم کرتا چلا جائے جب سب سے اوپر والی سطر نیچے اتر آئے تکسیر ہو جائے گی۔ اس آخری سطر کو زمام کہتے ہیں۔ تکسیر کا قاعدہ بغیر مثال کے سمجھنا مشکل ہے اس لیے مثال تحریر ہے۔ پہلے نام طالب یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر درود لکھا پھر خلق اور تحریر کیا۔ یہ کل ۱۵ حروف ہوئے پھر حروف کو اس طرح مدغم کیا پہلی سطر کا آخری حرف ہ ہے ہ کو میم کو نیچے لکھا پھر پہلا حرف میم لے کر اس کے برابر کیا۔ اسی طرح ایک حرف آخر کا اور ایک پہلے کا لے کر لکھتے گئے۔

م	ح	م	د	و	د	و	د	خ	ل	ق	ا	ل	ل	ہ
۲ہ	م	ل	ح	ل	م	ا	د	ق	و	ل	د	خ	و	د
۳د	ہ	و	م	خ	ل	د	ح	ل	ل	و	م	ق	ا	د
۴و	د	ا	ہ	ق	و	م	م	و	خ	ل	ل	ل	د	ح
۵ح	د	د	د	ل	ا	ل	ہ	ل	ق	خ	و	و	م	م
۶م	ح	م	د	و	د	و	د	خ	ل	ق	ا	ل	ل	ہ

تو دوسری سطر مدغم ہوگئی اب دوسری سطر کو تیسری سطر میں اس طرح مدغم کیا جب سب سے پہلے سطر نیچے اتر آئی تکسیر مکمل ہوگئی۔ اب ان کے موکل دریافت کریں اور اسمائے موکل حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ طالب کے حرف مرکز کا موکل اور مطلوب کے نام کے حرف محیط کا موکل کون ہے۔ یہ نقشے میں دیکھیں تو پتہ چلے گا کہ "م" جو اسم طالب کا حرف مرکز ہے۔ اس کا موکل "رویائیل" اور اس مطلوب کا حرف محیط ہ ہے۔ اس کا موکل ہے "دوریائیل"۔ اب اسم اللہ یعنی ودود کے حرف مرکز اور حرف محیط کے موکل دریافت کریں کہ حرف مرکز اسم کا واؤ ہے اور موکل اس کا ہے رفتمائیل اور حرف مرکز دال ہے موکل اس کا دردائیل ہے۔ یہ چاروں موکلوں کے اسماء نقش کے چاروں کونوں پر لکھیں۔ یہ نقش مکمل ہوگیا۔ اب چار نقش اعدادی اس طرح پر کریں۔ ان میں سے ایک کسی سعد ساعت دفن کریں۔ دوسرے کو دریا میں ڈال دیں، تیسرے کو ہوا میں لٹکائیں اور چوتھے کو فلیتہ بنا کر روئی میں لپیٹیں۔ پھر پہلے نقش کی نقل کے چراغ پر اتارلیں اور اس میں اس فلیتے کو جلائیں اور پہلی تکسیر حرفی کو اپنے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں۔ یہ طریقہ بہت معتبر آزمودہ ہے۔ تکسیر بنانے میں یہ خیال رکھیں کہ اس میں غلطی کا بہت امکان ہے اور ایک جگہ بھی بھول ہوگئی تو زمام صحیح نہ نکلے گی۔ ابتداء

میں مَیں نے تکسیر بنانے میں بہت محنت کی ہے۔اس خیال سے کہ عام طور پر احباب اس سے فائدہ نہ حاصل کر سکیں گے۔احباب کی خاطر ۲ حروف سے ۲۴ حروف کی تکسیر بنا کر دیکھا کہ پہلی سطر میں کتنے حروف ہیں تو اس کی زمام کتنی سطر میں برآمد ہوں گی تاکہ آپ آسانی سے بنا سکیں اور غلطی کو محسوس کرنے میں آسانی ہو جائے۔

دوریائیل ۷۸۶ رویائیل

۵	۳۰	۳۰	۱	۱۰۰	۳۰	۶۰۰	۴	۶	۴	۶	۴	۴۰	۸	۴۰
۴	۶	۱۰۰	۴	۳۰۰	۶	۱۰۰	۴	۱	۴۰	۳۰	۸	۳۰	۴۰	۵
۴	۱	۱۰۰	۴۰	۶	۳۰۰	۳۰۰	۸	۴	۳۰	۶۰۰	۴۰	۶	۵	۴
۸	۴	۳۰	۳۰	۳۰	۶۰۰	۶۰۰	۴۰	۴۰	۶	۱۰۰	۵	۱	۴	۴
۴۰	۴۰	۶	۶	۴۰	۱۰۰	۳۰	۵	۳۰	۱	۳۰	۴	۴	۴	۸
۵	۳۰	۳۰	۱	۱۰۰	۳۰	۶۰۰	۴	۶	۴	۶	۴	۴۰	۸	۴۰

دردائیل رفتمائیل

۲۔حرفی تکسیر سے لے کر ۲۴ حرفی تکسیر بنا کر یہ دیکھنا پڑا کہ کتنے حرف کی تکسیر کی زمان کتنے سطور میں برآمد ہوتی ہے اس سے ہمارے احباب کو بڑی آسانی ہو گی۔

۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	تعداد حرف
۱۰	۵	۵	۷	۶	۴	۴	۳	تعداد سطر

۱۷	۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۷	تعداد حرف
۱۳	۶	۶	۱۵	۱۰	۱۱	۱۲	۱۰	تعداد سطر

۲۴	۲۳	۲۲	۲۱	۲۱	۲۰	۱۹	۱۸	تعداد حرف
۲۲	۲۴	۱۳	۸	۱۱	۱۱	۱۳	۱۹	تعداد سطر

ضروری نوٹ:

اگر طالب خود اپنے لیے تکسیر بنائے پھر بیٹا باپ کے لیے، باپ بیٹے کے لیے یا بھائی حقیقی بھائی کے لیے، یا بیوی شوہر کے لیے، یا شوہر بیوی کے لیے تکسیر بنائے تو طالب و مطلوب دونوں کے ماں کے نام لکھنے کی ضرورت نہیں صرف اپنا اور مطلوب کا نام لکھیں۔ درمیان میں اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک اسم لکھیں "یا ودود"، "یا لطیف"، "یا بدوح"، "یا جامع"، "یا محیط"، "یا عزیز"، "یاقریب"، "یا مولف"، "یا مسخر"۔ البتہ اسم "یا مولف" کے حروف شمار ہوں گے۔ یعنی م۔و۔ء۔ل۔ف۔اور بقول مولانا محمد غوث گوالیاری رحمتہ اللہ علیہ کے ء کو الف مان کر اس کا ایک عدد بھی جوڑا جائے گا۔ اس قاعدے سے یہ مؤلف کے اعداد ۱۵۷ ہوں گے۔

اور اگر کسی دوسرے کے لیے تیار کریں تو اس میں طالب و مطلوب دونوں کی ماں کا نام تحریر کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر تکسیر محبت کے لیے بنائی جائے تو اسم "یا ودود"، "یا بدوح"، "یا لطیف"، "یا عزیز"، "یا مؤلف"، "یا مسخر"۔ اور اگر بیوی گھر میں بیٹھ گئی ہو یا شوہر جدا ہو گیا ہو یعنی قریبی عزیز کی جدائی خواہ کسی وجہ سے ہو تو "یا جامع"، "یا محیط"، "یا قریب" میں سے کسی اسم کا انتخاب کریں۔

تسخیر خلائق

جناب مولانا صوفی محمد عزیز الرحمٰن پانی پتیؒ اپنی کتاب "خزینہ عملیات" میں تحریر کرتے ہیں کہ عام لوگوں کو مسخر کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل آیات گیارہ مرتبہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ مجرب ہے۔

"یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ وَالْكَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ اَوْ مَنْ كَانَ مَیْتًا فَاَحْیَیْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا یَّمْشِیْ بِهٖ فِی النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِی الظُّلُمٰتِ لَیْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا كَذٰلِكَ زُیِّنَ لِلْكٰفِرِیْنَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ فَلَمَّا رَاَیْنَهٗ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَا اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ وَ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا٥

دیگر

جو شخص جاہ و عزت اور تسخیر کے لیے ذیل کا عمل دس (۱۰) بار پڑھ کر اپنے منہ پر مل کر جس کے پاس جائے گا وہ بے حد محبت کے ساتھ پیش آئے گا اور اس میں بہت سے فائدے ہیں۔ مجرب ہے:

"اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَقْصُوْدِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَطْلُوْبِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَحْبُوْبِیْنَ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ"۔

تمام لوگ تابع رہیں گے (انشاءاللہ)

"یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ" پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر دس دس بار درود شریف خدا کے فضل و کرم سے تمام لوگ تابع رہیں گے۔ کوئی وقت معین

نہیں کوئی سا بھی وقت مقرر کریں۔ مجرب المجرب ہے۔

مطلوب مطیع وفرمانبردار ہوگا

عمل، اسم باری تعالیٰ تسخیر کے لیے مجرب ہے۔ اگر چاہیں کہ کسی کو دوست اور مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو چاہیے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں۔ اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دو زانو روبقبلہ ہو کر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کریں پہلے گیارہ بارہ آیۃ الکرسی "اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ" تک پڑھیں پھر ایک ہزار دس مرتبہ اسم ذات مع عبارت پڑھیں اور اپنے مطلوب کو سامنے دست بستہ کھڑا ہوا تصور کریں۔ جب اسم تمام ہو جائے اس کے سینہ پر دم کریں اور اپنے دل میں اشارہ کریں کہ میرا مطیع ہو جا۔ اسی طرح پندرہ روز تک بدستور پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ مطیع اور فرمانبردار ہو جائے گا۔

اگر اس اسم کی زکوۃ چالیس (۴۰) روز تک ہر روز ہزار ہزار بار پڑھیں تو اس مبارک اسم کے عامل ہو جائیں۔ پس جب وہ تسخیر (خواہ اپنے لیے ہو خواہ غیر کے لیے) عمل مذکور کام آتا ہے۔ یعنی جس چیز پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں بڑا اثر پیدا ہو۔ زکوۃ میں آیۃ الکرسی بدستور مذکور ہر روز پڑھنی چاہیے اور تھوڑا تھوڑا وظیفہ جاری رکھیں تا کہ ہمیشہ عمل میں رہے۔ اسم ذات کے ساتھ یہ عبارت پڑھنی ہوگی۔ "یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ" اور اگر عورت ہو کہیں "قَلْبَھَا اِلَیَّ"۔

تسخیر عام کے لیے ایک مجرب عمل

تسخیر عمومی کے لیے ذیل کا عمل بعد نماز فجر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھنا بے حد مجرب ہے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ "اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ ھٰذَا الْبَلَدَ وَالرِّجَالَ"۔

وہ مسخر ہو جائے گا

''وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی كُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ'' اس آیت کو ۶۷۸ (چھ سو اٹھتر) مرتبہ پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کر کے جسے وہ تیل سنگھائے گا وہ مسخر ہو جائے گا۔

وہ محبت سے پیش آئے گا

بادشاہ، حکام اور رؤساء و امراء کو تابع کرنے کے لیے ''یَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ رَاحِمَهٗ'' تین دن تک برابر ہر روز ۵۰۰ بار پڑھیں اور چوتھے دن غسل کر کے ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھیں اور اپنی ہتھیلی پر لکھیں اور امیر کے پاس جا کر اس کے سامنے ۱۵ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت سے پیش آئے گا۔


مطلوب کو مسخر کرنے کے لیے ایک وردِ خاص

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو ہر روز ہزار مرتبہ اس آیت اور اسماء کو پڑھ کر شرینی یا پھولوں پر دم کریں اور مطلوب کو کھلائیں یا سنگھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ آیت اور اسماء یہ ہیں:

''وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ یَا رَفِیْقُ یَا شَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ كُلِّ ضِیْقٍ''۔

تسخیر کے لیے سورہ یٰسین کا ایک عمل

جو شخص اپنی حاجتیں امراء و رؤساء سے پوری کرانا چاہیں اور ان کو پوری طرح مسخر کرنا چاہیں تو باوضو سورہ یاسین پینتیس (۳۵) مرتبہ پڑھ کر امراء کے پاس جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ اس کی عزت کریں گے اور اس کی تمام حاجتیں بھی پوری کریں گے۔ مجرب ہے۔

اپنے افسر کی ناراضگی ختم کرنے کے لیے

جس شخص سے اس کا افسر یا آقا خفا ہو گیا ہو یا زوجین میں ناچاقی ہو گئی ہو تو ملاقات کے وقت پوشیدہ طور پر ان آیات کا ورد رکھے۔ انشاء اللہ جلد کامیاب ہو گا۔

"وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ وَفِیْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِیْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ یَرْهَبُوْنَ۔

پھر یہ پڑھے:

"اَطْفَأْتُ غَضَبَ كَذَا وَ كَذَا بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَجْلَبْتُ مَوَدَّتَهٗ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ"۔

غیروں کو اپنا بنانے کے لیے

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو اور اپنی کوئی حاجت اس سے پوری کروانی ہو تو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھیں اور اس کے بعد تسبیح وتہلیل اور درود شریف پڑھ کر اپنی ضرورت کے لیے دعا مانگیں اور پھر ان آیات کو بلا تعداد پڑھتے ہوئے اس کے پاس جائیں اور وہاں جانے کے بعد بھی بیٹھے بیٹھے پڑھتے رہے جب وہ ہمکلام ہو تو اس وقت پڑھنا چھوڑ دیں اور بیچ میں وقفہ ملتا رہے تو اس اثناء میں ان آیات کو پڑھتا ہی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مسخر ہو گا اور آپ کا کام پورا کرے گا۔ نہایت مجرب ہے۔ آیات یہ ہیں:

"وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَیْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَا كَانَ یُغْنِیْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰهَا اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ وَاللّٰهُ یَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَكٰذِبُوْنَ"۔

عمل برائے تسخیر

ترکیب:

بعد نماز عشاء تین تسبیح ''یا ودود یا روف یا رحیم'' اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد کے لیے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی، مجرب ہے۔ یہ عمل گیارہ یوم ہوگا۔ نوچندی جمعرات کو شروع کیا جائے گا۔

لوگوں کے دلوں میں جگہ بنانے کے لیے

جو شخص لوگوں کے دلوں میں اپنی محبت، عظمت وہیبت ڈالنا چاہے تو اس دعا کو پڑھے یہ دعا مولانا ابوالحسن شاذلی قدس سرہ سے منقول ہے ''یَا اَللّٰہُ'' ۳ ''یَا رَبُّ'' ۳ ''یَا رَحْمٰنُ'' ۳ ''یَا رَحِیْمُ'' ۳

لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْ حِفْظِ مَا مَلَّکْتَنِیْ لَمَّا اَنْتَ اَمْلَکُ بِہٖ مِنِّیْ وَامْدُدْنِیْ بِدَقَائِقِ اِسْمِکَ الْحَفِیْظِ الَّذِیْ حَفِظْتَ بِہٖ نِظَامَ الْمَوْجُوْدَاتِ وَاکْسِنِیْ بِدِرْعٍ مِنْ کِفَایَتِکَ وَقَلِّدْنِیْ نَصْرَکَ وَ حِمَایَتِکَ وَتَوِّجْنِیْ بِتَاجِ عِزِّکَ وَ کَرَمِکَ وَ رَدِّنِیْ بِرِدَآءٍ مِنْکَ وَرَکِّبْنِیْ مَرْکَبَ النَّجَاۃِ فِی الْمَحْیَا وَبَعْدَ الْمَمَاتِ بِحَقِّ فَجَشْ اَمِدَّنِیْ بِدَقَائِقِ اِسْمِکَ الْقَھَّارِ تَدْفَعُ بِہٖ عَنِّیْ مَنْ اَرَادَنِیْ سُوْءٌ مِّنْ جَمِیْعِ الْمُؤْذِیَاتِ وَ تَوَلَّنِیْ بِوِلَایَۃِ الْعِزِّ تَخْضَعُ لِیْ بِھَا کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَشَیْطَانٍ مَرِیْدٍ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ ۳ مرتبہ اَللّٰھُمَّ اَلْقِ مِنْ زِیْنَتِکَ وَ مِنْ مَحَبَّتِکَ وَکَرَامَتِکَ وَمِنْ نُعُوْتِ رَبُوْبِیَّتِکَ بِمَا بِتَھْوِیَۃِ الْقُلُوْبُ وَتَذِلُّ بِہِ النُّفُوْسُ وَتَخْضَعُ لَہُ الرِّقَابُ وَ تَرِقُّ بِہٖ الْاَبْصَارُ وَ تَحَیَّرُ لَہٗ

الْاَفْكَارُ وَ يَصْغَرُ لَهٗ كُلُّ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ وَ سَخِّرْ لَهٗ كُلَّ مَلِكٍ قَهَّارٌ يَا اَللّٰهُ
يَا مَالِكُ يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ (۳مرتبہ) يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا قَهَّارُ
اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ
السَّلَامُ وَلَيِّنْ الْقُلُوْبُ كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاِنَّهٗ لَا
يَنْطِقُوْنَ اِلَّا بِاِذْنِكَ نَوَاصِيْهِمْ فِيْ قَبْضَتِكَ وَ قُلُوْبُهُمْ فِيْ يَدِكَ وَ
تَصَرُّفُهُمْ فِيْ تَصَرُّفِكَ حَيْثُ شِئْتَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبَ يَا عَلَّامَ
الْغُيُوْبِ اَطْفَأَتُ غَضَبَ النَّاسِ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَجَلَبْتُ مُحَبَّتَهُمْ
بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا
رَاَيْنَهٗ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَا اِلَّا
مَلَكٌ كَرِيْمٌ"۔

نقش برائے تسخیر خلائق

یہ نقش مبارک تسخیر خلائق کے لیے اکسیر ہے۔ باوضو لکھ کر اور عطر لگا کر سیدھے بازو پر باندھیں۔

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

نقش برائے تالیفِ قلوب

یہ نقش تالیف قلوب اور کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے بے حد مجرب ہے۔ لکھ

کر بازو پر باندھیں:

۲۹۰۳	۲۹۰۶	۲۹۰۹	۲۸۹۵
۲۹۰۸	۲۸۹۶	۲۹۰۲	۲۹۰۷
۲۸۹۷	۲۹۱۱	۲۹۰۴	۲۹۰۱
۲۹۰۵	۲۹۰۰	۲۸۹۸	۲۹۱۰

حب

اگر کوئی مخالف ہو گیا ہو تو اس کو راہِ راست پر لانے اور اپنا محب بنانے کے لیے اس کا پڑھنا بے حد مفید ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ موافق ہو جائے گا۔ مطلوب کا تصور کر کے ایک سو اکتالیس مرتبہ بعد نماز عشاء ۴۱ دن تک پڑھیں۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔

"بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَا سَیِّدَ الْكَرِیْمِ بِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاءُ اِنَّا كَفَیْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِیْنَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَللّٰهُمَّ سَهِّلْ وَیَسِّرْ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ حَسْبِیْ عَنْ سُوْءَ لِیْ عِلْمَكَ بِحَالِیْ سُبْحَانَ الْقَاهِرِ الْقَادِرِ الْكَافِیْ"۔

مطلوب بے قرار ہو گا

"یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ"۔ (ترکیب) سات کنکریاں نمک لاہوری لے کر ہر کنکری پر یہ آیت سات بار پڑھیں۔ اسی طرح تین مرتبہ کر لیں جس کی مجموعی تعداد اکیس بار ہوئی۔ ساتوں کنکریاں آگ میں جلا دیں۔ اسی صورت سے روزانہ سات کنکریاں اکیس روز تک پوری کریں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ

گیارہ بار پڑھیں۔ خدا کے فضل و کرم سے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

میاں بیوی کے مابین محبت زیادہ ہو

عمل برائے محبت زوجین (میاں بیوی کی محبت میں) مجرب ہے۔ (ترکیب) نو چندی جمعرات کو یہ عمل لکھ کر تکیئے کے اندر رکھ دیں۔ اور وہ تکیہ مطلوب کے سر کے نیچے رہے۔ اگر اس تکیہ پر طالب کا سر بھی ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔ انشاء اللہ خاوند و زوجہ کے درمیان محبت زیادہ ہوگی۔ مجرب ہے۔

"وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا اِنْ يُّرِيْدَا اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا وَالصُّلْحُ خَيْرٌ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا يُصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ"۔

عمل برائے محبت زوجین

ترکیب:

عروج ماہ میں پیر یا جمعرات کے دن یہ عمل کریں۔ اور یہ خیال رکھیں کہ فلانہ کی جگہ محبّ کا نام اور فلاں کی جگہ مطلوب کا نام لکھیں اور بازو باندھیں یا گلے میں ڈالیں اور اگر کھلانا یا پلانا چاہیں تو مذکورہ ذیل چیزوں پر دم کرے مٹھائی یا چھوارے یا نمک پر پڑھ کر تعداد

اکیس بار گیارہ گیارہ بار اول وآخر درود شریف۔ مجرب ہے۔

"وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ اِذْ تَمْشِیْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰی مَنْ یَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ یَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ قَلِّبْ لِفُلَانَةٍ قلب فلاں بِالْخَیْرِ لاَداءِ الْحَقُوْقِ یَا وَدُوْدُ حَبِّبْ حَبِّبْ یَا وَدُوْدُ"۔

برائے حب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ عشاء کے بعد دو رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ کو سات سات بار پڑھے۔ دونوں رکعتیں ختم کرنے کے بعد ستر (۷۰) دفعہ یوں دعا کرے (اول وآخر گیارہ بار درود شریف پڑھے) کہ اے اللہ پاک فلانے کا دل فلانے کے واسطے نرم کر دے۔ جس طرح تو نے اپنی قدرت سے داؤد علیہ السلام کے واسطے لوہے کو نرم کیا تھا۔

محبت کے لیے ایک عجیب و غریب عمل

جس شخص کا کسی مکان مخصوص کے ساتھ کچھ تعلق ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا کسی سے محبت کرنا چاہے تو اس دعا کو عصر و مغرب کے درمیان پانچ سو مرتبہ پڑھے اور اول وآخر گیارہ گیارہ بار اس درود شریف کو پڑھے۔ "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَسَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ"۔ ختم ہو جانے کے بعد اسی جگہ بیٹھا رہے جب مغرب کی نماز تیار ہو اس وقت اس جگہ سے اٹھے اس دعا کے

پڑھتے وقت صدق نیت اور خدائے تعالیٰ کو ہر چیز پر قادر ہونے کا کامل یقین رکھے۔ پس اللہ تعالیٰ محبت پیدا کرے گا۔ یہ عمل عجیب وغریب ہے اور اس عمل میں اس شخص کے لیے عجیب اثر ہے۔ جو تفریق ہو جانے کے محبت کرنے کا ارادہ کرے اور اس شخص کے لیے جو علوم وفنون میں کمال حاصل کرنا چاہے۔ اس عمل کے کرنے سے جمیع احوال واقوال میں متمکن ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيْهِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ وَ اَجْمَعَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ كَذَا وَ كَذَا۔

یہ نقش محبت کے لیے اکسیر و مجرب ہے

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

الحب یا جبرائیل بحق آدم وحوا فلاں بنت فلاں را مبتلا گردد

وبحق یا بُدُّوحُ یا بُدُّوحُ یا بُدُّوحُ

نقش مجرب برائے حب

اس نقش کو لکھ کر وزنی پتھر کے نیچے دبا دئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبوب بے قرار ہو کر حاضر ہو گا۔

۷۸۶

۹۵۹	۹۶۲	۹۶۵	۹۵۱
۹۶۴	۹۵۲	۹۵۸	۹۶۳
۹۵۳	۹۶۷	۹۶۰	۹۵۷
۹۶۱	۹۵۶	۹۵۴	۹۶۶

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بحرمۃ ایں

نقش بیقرار شود۔ زود بیاید۔ زود بیاید۔ زود بیاید

مطلوب کا دل مطیع ہوگا (انشاء اللہ)

سِلْ یَا رَسُوْلُ اَحِیْرًا سُوْلُ بِحَقِّ اِشْرَاهِیًا مَالِكَ یَوْمِ الدِّیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

ترکیب:

اس کو صرف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پان پر مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کا دل مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ

محبت کے لیے ایک آزمودہ عمل

ترکیب:

اول آخر دس دس بار درود شریف پڑھیں اور درمیان اس کے اسم "یَا بُدُوْحُ" کو بیس تسبیح یعنی دو ہزار مرتبہ پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تابعدار ہو جائے گا۔ عمل آزمودہ اور مجرب ہے۔

یہ نقش برائے محبت، مجرب ہے

اس نقش کو لکھ کر جسے پلائیں گے وہ محبت کرے گا۔ایک روز چھوڑ کر پلایا جائے گا ہر روز پلانے سے تاثیر باطل ہو جائے گی۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

يَا بُدُّوْحُ تَبَدُّوْحَتَ مِنَ الْبُدُّوْحِ فِي الْبُدُّوْحِ بُدُّوْحِكَ

یابدوح الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

ناراض دوست یا عزیز کو منانے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی سے ناراض ہو تو اس عبارت کو جمعہ کے دن ساعت مشتری میں لکھ کر آگ میں جلائیں تو وہ کاغذ گرم نہ ہونے پائے گا کہ وہ شخص حاضر ہو گا۔ جو مراد ہو گی پوری ہو گی۔انشاءاللہ مجرب ہے۔

ترکیب:

اس کے تین پرچے لکھیں۔ایک اسی ساعت میں جلائے دوسرا دو بجے، تیسرا شام کو غروب آفتاب سے پہلے۔(نوٹ) آگ میں جلاتے وقت مطلوب کا تصور ہونا چاہیے غرض ہر جمعہ کو تین پرچے لکھے پورے چار جمعہ غسل کیا جائے گا وہ عبارت یہ ہے۔

ماموہ و مادو و لصد ما تیموا و ایلوا ومنا سلما عبداللہ بنلو اللہ دوسری

رحلت فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں سحب یلح بیع عشق

نقش برائے محبت زوجین

یہ نقش لکھیں اور طالب اپنے بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ میاں بیوی کے درمیان محبت پیدا ہوگی۔

۷۸۶

۴۴۶	۴۴۱	۴۴۸
۴۴۷	۴۴۵	۴۴۳
۴۴۲	۴۴۹	۴۴۴

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

سب لوگ مطیع ہوں گے (انشاءاللہ)

جو شخص اس نقش کو پگڑی یا ٹوپی میں موم جامہ کر کے اور عطر سے معطر کر کے اپنے پاس رکھے گا وہ عدالت یا اپنے افسر کے پاس جائے تو انشاءاللہ سب لوگ اس کے مطیع ہوں گے۔ وہ نقش یہ ہے:

هُوَ الْحَیُّ ۷۸۶ الْقَیُّوْمُ

۲۳	۳۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

یَا عَزِیْزُ بِعِزَّتِکَ یَا [illegible] یْزُ یَا عَزِیْزُ

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے والا ایک عمل

میاں بیوی میں محبت پیدا ہونے کے لیے اس آیت شریفہ کو سات سو سات دا
سات دن تک پڑھنا پھر جس کو اپنا کرنا مقصود ہو اسے پانی یا کسی اور چیز پر دم کر کے کھلا
پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیہ شریفہ یہ ہے:

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً"۔

اعتقاد اور خلوص نیت شرط ہے عمل نہایت مجرب ہے۔

برائے حب

یا آفتاب المسخر والورس بستم وسوختم دل و جان و عقل و هوش و فهم و هم وهفت اندام فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں اِسْرَعَ طَرْفَةَ الْعَيْنَ الواحا الساعة الساعة الساعة"۔

ح	و	د	ب
ب	د	و	ح
و	ح	ب	د
د	ب	ح	و

رحیم	رحمن	مغنی
محمود	الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاح	کریم
مجیب	محب	قادر

كَتَبَ هٰذَا التَّعْوِيْذَ الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں شَدِيْدَ الْحُبِّ لَا يَغْضَاءَ اَبَدًا بِحَقِّ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

برائے حب

یہ نقش مکرم اس آیہ شریفہ ہے یعنی ''یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ'' محبت والفت کے لیے مجرب ہے۔

۷۸۶

۳۷۳	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۲	۳۷۷
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۱
۳۷۵	۳۷۰	۳۶۸	۳۸۰

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

بیوی شوہر کی نگاہ میں عزیز ہو

ترکیب:

جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے گی۔شوہر کی نگاہ میں عزیز ہوگی اور جو اس کو دیکھے، اس کا احترام کرے گا۔وہ نقش مبارک یہ ہے:

۷۸۶

۲۰۰۹	۲۰۱۳	۲۱۰۲	۲۰۰۲
۲۰۱۵	۲۰۰۳	۲۰۰۸	۲۰۱۴
۲۰۰۴	۲۰۱۸	۲۰۱۱	۲۰۰۷
۲۰۱۲	۲۰۰۶	۲۰۰۵	۲۰۱۷


الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں





برائے حب


مطلوب کے کپڑے پر نقوش لکھ کر گھی کے چراغ میں جلائیں اور چراغ کے پاس گلاب کا پھول رکھیں۔ وہ نقوش یہ ہیں۔


٩ ٩ ٦ ٨ ٦ ١ ٨ ک ١١ ١١ وحط السلام ٥ ٨ ٨ ٥ ماہ





فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں





مطلوب کا دل بے قرار ہوگا (انشاءاللہ)

ترکیب:

بکری کا داہنا شانہ لے کر اس پر سورہ یٰسین جس قدر بھی لکھی جائے جمعہ کے بعد برہنہ ہو کر لکھیں اور طالب و مطلوب کا نام لکھیں۔ لیکن یہ عمل عروج ماہ میں کیا جائے۔ اس

شانہ کو ہانڈی میں رکھ کر چولھے میں دبا دے تا کہ وہ گرم اسے اس قدر آگ نہ ہو کہ وہ جل جائے کا دل بے قرار ہو جائے گا۔ اگر شانہ جلنے لگے تو مطلوب کا دل بھی جلنے لگا گا (الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں) طالب و مطلوب کے ناموں کے ساتھ۔

مطلوب مسخر ہو گا (انشاء اللہ)

ترکیب:

گڑ یا پان اور کسی کھانے کی چیز پر تین بار یہ دعا پڑھ کر دم کریں مطلوب مسخر ہو جائے گا، لیکن یہ بدکاری کے لیے یہ عمل نہ کیا جائے۔ وہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ لِقُلُوْبِهِمْ فِىْ لَيْلٍ وَّنَهَارٍ وَّفِىْ سَاعَةِ شَهْرٍ عَلٰى حُبِّهِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَلَوْ يَرَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا (الحب فلان بن فلان على حب فلان بن فلان)

میاں بیوی کی موافقت کے لیے

ترکیب:

یہ آیتیں لکھ کر میاں یا بیوی کسی ایک کے گلے میں بطور تعویذ باندھا جائے

يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَتْقَاكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ٥ تک وَ اَلِّفْ بَيْنَ فلان بن فلان و فلان بنت فلانه كَمَا اَلَّفْتَ بَيْنَ مُوْسٰى وَ صَفُوْرَا وَ مَثَلُ كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِى السَّمَاءِ تُؤْتِىْ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ تک انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

مطلوب بے قرار ہوگا (انشاءاللہ)


ترکیب

عروج ماہ کی نوچندی جمعرات کو شروع ہوگا۔ باوضو اپنے بستر پر پڑھ کر سو جائے خواہ بستر زمین پر ہو یا چارپائی پر، دونوں صورتوں میں پڑھا جا سکتا ہے۔ بستر پاک ہونا چاہیے۔ وہ آیت یہ ہے۔ "قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا" تعداد ایک سو ایک بار اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ پڑھتے وقت مطلوب کا تصور رکھے۔ انشاءاللہ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ گیارہ روز میں روزانہ اکیس روز میں انشاءاللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے

برائے حب

اس نقش کو لکھ کر جس کو پلائیں وہ محبت کرنے لگے مگر زوجین کے لیے زیادہ مفید ہے۔ ایک روز چھوڑ کر پلائیں۔ نقش اعظم یہ ہے۔

نقش لگائیں؟



مطلوب تابع فرمان ہو (انشاءاللہ)

اس نقش کو محبت کے لیے طالب و مطلوب کو لکھ کر پلائیں۔ انشاءاللہ محبوب تابع فرمان ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْ ءٍ قَدِیْرٌ

۱۲۳	۱۲۶	۱۲۹	۱۱۶
۱۲۸	۱۱۷	۱۲۱	۱۲۷
۱۱۸	۱۳۱	۱۲۴	۱۲۱
۱۲۵	۱۲۰	۱۱۹	۱۳۰

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَتٍ وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةٍ یَا قَدِیْمَ الْاِحْسَانِ

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے حب

حٰمٓعٓسٓقٓ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۷۸۶ بار پڑھیں

ترکیب:

نماز عشاء سے فراغت پا کر اس کو شروع کر کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر آخر میں اس کا نام لے کر پکاریں۔ الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں تصور کے ساتھ تین دفعہ پکاریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے کام میں کامیاب ہو جائیں گے۔ (اس عمل کو بھی عروج ماہ نو چندی جمعرات سے کیا جائے) مجرب ہے۔

برائے حب اعداء

ترکیب:

جب کوئی شخص حاکم، افسر کے غصہ سے ڈرتا ہو اور افسر اس پر بے جا ظلم کرتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر ٹوپی یا پگڑی میں رکھیں اور حاکم کے سامنے جائیں۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ شخص کامیاب ہوگا۔ مجرب ہے۔ اور وہ نقش یہ ہے:

۷۸٦

٦٦١	٦٥٤	٦٥٩
٦٥٦	٦٥٨	٦٦٠
٦٥٧	٦٦٢	٦٥٥

برائے حب

ترکیب:

جب کوئی شخص حاکم، افسر کے غصہ سے ڈرتا ہو اور حاکم اس پر بے جا ظلم کرتا ہو تو ان آیات کو لکھ کر ٹوپی یا پگڑی میں رکھیں اور حاکم کے پاس جائیں۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ شخص کامیاب ہوگا۔ یہ انتہائی آزمودہ عمل ہے۔ ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ''۔

مطلوب تابع ہوگا (انشاءاللہ)

ترکیب:

''فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ'' عروج ماہ میں شروع کریں عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں اور پڑھنے کے وقت مطلوب کا تصور رکھیں اور شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں (انشاءاللہ تعالیٰ) مطلوب تابع ہو جائے گا۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔

دشمنی جاتی رہے اور دوستی پکی ہو جائے

اگر عداوت کو لوٹانا منظور ہو تو اس مبارک آیت کو لکھ کر اور دھو کر پلائیں۔ آپس کی دشمنی جاتی رہے گی اور ایک دوسرے میں پختہ دوستی ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔ ''اِنَّمَا تُنْذِرُ

مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ"۔

باہمی اتفاق کے لیے

ترکیب:

اگر میاں بیوی یا دو بھائیوں یا آدمیوں میں باہم اتفاق و محبت نہ ہو تو ان آیات کو چین کی رکابی پر لکھیں اور اس رکابی میں شہد ڈال کر ملیں پھر شہد کو کسی کھانے کی چیز میں ملا کر کھلائیں۔ فضل الٰہی سے آپس میں اتفاق ہو جائے گا۔ نیز ان آیات کے شروع میں بسم اللہ کے عدد بھی لکھیں یعنی اس طرح۔"۷۸۶" اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ" (الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں)

۷۸۶ "اَللّٰهُمَّ احْفِظْنِيْ اَلْحَمْدُ وَلَدَهٗ حَيَاتٌ شَهِدَ الْمَوَدَّةَ سَلُوْتَيْ هُمْ اَذَا اخْوَنَ اِحْفِظْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَبِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ"۔

برائے اتفاق واتحاد

ترکیب: اگر کسی گروہ میں لڑائی جھگڑا ہو یا سخت جنگ رہتی ہو تو یہ آیہ شریفہ پڑھ کر اس گروہ کی طرف دم کریں اور اگر دم نہ کر سکیں تو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر سب کو پلائیں اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو ہر شخص جس نلکے، ٹیوبل، کنوئیں وغیرہ سے پانی پیتا ہو اس کو اس پانی میں دھو کر ڈال دیں۔ انشاء اللہ سب کے اندر خلوص و محبت پیدا ہو گی۔ آیت یہ ہے:

وَجَاءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ"۔

مطلوب بے قرار ہوگا (انشاء اللہ)

ترکیب: یہ نقش معظم مطلوب کے بے قرار کرنے کے لیے مجرب ہے اس کو باوضو لکھ کر کسی کوزہ (مٹی کی چھوٹی سی کلیا) میں رکھ کر تھوڑی سی شکر (بورا) ڈال کر اس کو آگ میں دفن کریں جوں جوں آگ کی گرمی اُسے پہنچے گی مطلوب بے قرار ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۷۳	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۲	۳۷۷
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۴	۶۸۱
۳۷۵	۳۷۰	۳۶۸	۳۸۰

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

وہ افسر مہربان ہوگا (انشاءاللہ)

ترکیب: اگر کوئی شخص کسی ظالم امیر کے سامنے جانا چاہے تو اس آیت معظم ۸۷۶ "وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلاً لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَتِهٖ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيْمُ" کو لکھ کر اور مثل تعویز کے موم جامہ میں لپیٹ کر زبان کے نیچے لیں اور اُس کے پاس جا کر گفتگو کریں بے شک وہ امیر اُس پر مہربان ہوگا۔

ترکیب دیگر: نیز اس آیت شریفہ کے عدد نکال کر نقش مربع پُر کرنا ہے۔ اس نقش کے نیچے مطلوب اور اُس کی ماں کا نام لکھ کر اور طالب اپنا اور اپنی ماں کا نام لکھے۔ اور اس نقش کو پانی میں گھول کر کر پلائیں۔ مطیع ہو جائے گا، اور اگر نقش مذکورہ کو لکھ کر بازو پر باندھیں تو ہر دلعزیز رہیں گے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۷۲۶	۷۲۹	۷۳۲	۷۱۹
۷۳۱	۷۲۰	۷۲۵	۷۳۰
۷۲۱	۷۳۴	۷۲۷	۷۳۴
۷۲۸	۷۲۳	۷۲۲	۷۳۳

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

برائے حُبّ

"فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝" نیچے دیئے ہوئے دونوں مربع و مثلث نقش اسی آیت کے نیچے ہیں جو شخص جابر و حاکم سے خائف ہو باوضو لکھ کر اپنے پاس رکھے، حاکم اُس پر مہربان ہو گا۔ مجرب ہیں۔ ان دونوں میں سے کسی کو لکھ کر کام میں لائے۔ وہ نقش یہ ہیں۔

۷۸۶

۱۹۹	۲۰۳	۲۰۶	۱۹۲
۲۰۵	۱۹۳	۱۹۸	۲۰۴
۱۹۴	۲۰۸	۲۰۱	۱۹۷
۲۰۲	۱۹۶	۱۹۵	۲۰۷

۷۸۶

۲۶۸	۲۶۶	۲۷۰
۲۶۹	۲۶۷	۲۶۴
۲۶۳	۲۷۱	۲۶۲

نقش مکرم برائے حُب

یہ نقش سورۂ اخلاص کا ہے۔ اخلاص و محبت کے واسطے اکسیر ہے۔

۷۸۶

۲۴۳	۲۴۳	۲۵۴	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۳
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

برائے حُبّ

اس عزیمت کو خوشبودار تیل میں تین دن تک برابر منگل، بدھ، جمعرات کو رات میں روشن کریں، جس کے لئے یہ عزیمت لکھیں اُس کے نیچے یہ عبادت لکھے۔

ع ع ع ع ع ع ع ع دددد ل ال ال

لا لا عحح عحح عحح الحب فلاں بنت فلاں

برائے حُب

ترکیب:

اس نقش کو جمعرات کے دن زوال کے وقت سیدھے بازو پر باندھیں۔ یہ نقش محبت

کے لئے بے حد مجرب ہے۔لیکن اس کو عروج ماہ میں لکھنا چاہیے۔

۷۸۶

یاودودفلاں بن فلاں	یاودودفلاں بن فلاں
یاودودفلاں بن فلاں	یاودودفلاں بن فلاں
یاودودفلاں بن فلاں	یاودودفلاں بن فلاں
یاودودفلاں بن فلاں	یاودودفلاں بن فلاں

برائے تسخیر و محبت

ترکیب:

اس عبادت کولکھ کر طالب اپنے بازو پر باندھے۔مجرب ہے۔"عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اَجب يَاجَبْرَئِيْلُ يَاكَردَائِيْلُ يَارَفْتَمَائِيْلُ يَاتَنْكَفِيْلُ بِحَقِّ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ يَاوَدُوْدُ يَاوَهَّابُ يَابُدُّوْحُ" الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔ بے حد مجرب ہے۔

مطلوب حاضر ہوگا (انشاءاللہ)

ترکیب:



عروج ماہ نوچندی جمعرات کو فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان ۲۱ مرتبہ گیارہ روز تک پڑھیں اوّل و آخر دس دس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پڑھتے وقت مطلوب کا تصور رکھیں۔ انشاءاللہ مطلوب حاضر ہوگا۔ "۷۸۶ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنَاكَ اِلٰى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ

عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنْ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنَاكَ مِنَ الْغَمِ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْ اَهْلِ مَدْیَنِ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوْسٰی وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ۔"

محبت اور جملہ امور کے لئے

ترکیب:

نقش قل ھو اللہ احد عددی (مراد نقش) ملفوظی ان نقشوں کے ہر قسم کے خواص موجود ہیں۔ اگر منہ سے یا شکم سے خون آتا ہو، تپ دق ہو یا کوئی دوسرا لاعلاج مرض ہو تو نقش ملفوظی ۴۰ دن تک نقش لکھ کر مریض کو پلائیں بے شک صحت حاصل ہوگی، بشرطیکہ باوضو نقش لکھیں۔ اگر ہرن کی جھلی پر نقشِ مذکور لکھ کر قیدی کے بازو پر باندھیں تو رہائی پائے گا۔ اگر کوئی شخص ایک مدت دراز سے گم ہو گیا ہو اور اُس کی خبر کچھ معلوم نہ ہو تو اس نقش کو مُشک و زعفران سے باوضو لکھیں اور سر کے نیچے جاتا ہو تو نقشِ مذکورہ کو لکھ کر اس کی کمر میں باندھیں فوراً خون و درد موقوف ہو جائے۔" اگر غائب شخص کو بُلانا ہو تو یہ نقش لکھ کر دو پتھروں کے درمیان رکھ دیں لیکن آتشدان (یعنی چولھا) کے متصل سایہ میں ہوں۔ بے شک وہ غائب حاضر ہوگا۔ محبت کے بارے میں یہ نقش تیر بہدف ہے۔ اور جس غرض کے لئے یہ نقش لکھا جائے گا وہ غرض پوری ہوگی۔ اگر کوئی شخص ان کی زکوٰۃ ادا کرے گا۔ وہ عامل ہو جائے گا کسی بارے میں یہ نقش خطا نہ کرے گا۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں نوچندی جمعرات سے بروز ۴۰ نقش باوضو لکھیں اور روزانہ آٹے کی گولی بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ چالیسویں دن فیرنی پکائیں اور فاتحہ دے کر دریا میں ڈالیں۔ عامل ہو جائیں گے اور اس کھیر میں سے آپ بھی کھالیں۔ نقش مبارک کو نہایت عزیز رکھنا چاہیے۔ کسی نااہل کو نہیں دینا چاہیے نقش عددیہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۴	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۳
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۳
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷



الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

یہ نقش عربی ہے

میکائیلؑ ۷۸۶ جبرائیلؑ

يَلِدْ	لَمْ	الصَّمَدُ	اَللّٰهُ	اَحَدٌ	اللّٰهُ	هُوَ	قُلْ
وَلَمْ	يَلِدْ	لَمْ	الصَّمَدُ	اَللّٰهُ	اَحَدٌ	اللّٰهُ	هُوَ
يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَلِدْ	لَمْ	الصَّمَدُ	اَللّٰهُ	اَحَدٌ	اللّٰهُ
وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَلِدْ	لَمْ	الصَّمَدُ	اَللّٰهُ	اَحَدٌ
يَكُنْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَلِدْ	لَمْ	الصَّمَدُ	اَللّٰهُ
لَهٗ	يَكُنْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَلِدْ	لَمْ	الصَّمَدُ
كُفُوًا	لَهٗ	يَكُنْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَلِدْ	لَمْ
اَحَدٌ	كُفُوًا	لَهٗ	يَكُنْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَلِدْ

اسرافیلؑ الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں عزرائیلؑ

برائے محبت و وجاہت

یہ آیتیں محبت اور وجاہت کے لئے مجرب و آزمودہ ہیں۔ ان کو مشک و زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں، سیدھے بازو پر باندھے۔ "وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ط إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ٥ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِي يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ لَا تَخَفْ إِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِينَ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ لَا تَخَفْ دَرَكًا وَلَا تَخْشٰى لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعْلٰى لَا تَخَافَا إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرٰى ط"

برائے تسخیر و محبت

یہ نقش معظم ان ہی آیتوں کا ہے محبت اور وجاہت کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے اس کو مشک اور زعفران سے لکھ کر گلے یا سیدھے بازو پر باندھیں۔

۷۸۶

۵۷۰۵	۵۷۰۹	۵۷۱۲	۵۶۹۸
۵۷۱۱	۵۶۹۹	۵۷۰۴	۵۷۱۰
۵۷۰۰	۵۷۱۴	۵۷۰۷	۵۷۰۳
۵۷۰۸	۵۷۰۲	۵۷۰۱	۵۷۱۳

برائے حُب

ترکیب:

عروج ماہ نوچندی جمعرات کو "زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّھَوٰتِ سے لے کر حُسْنُ الْمَاٰبِ o (سورہ آل عمران) تک پڑھ کر مطلوب کو کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ تعداد ۳۰۳۳ بار۔ اوّل آخر اکیس اکیس یا گیارہ گیارہ بار درود شریف صرف عمل ایک یوم کا ہے۔ اور مجرب ہے۔ حرام کے لئے نہ پڑھیں ورنہ نقصان ہو گا۔

مطلوب حیران و پریشان ہو کر حاضر ہو


ترکیب:

"اَلَمْ تَرَ کَیْفَ" بستم خواب وخور فلاں بن فلاں "فَعَلَ رَبُّکَ" سے لے کر کَیْدَھُمْ بستم خواب وخور فلاں بن فلاں فِیْ تَضْلِیْلٍ وَّاَرْسَلَ عَلَیْھِمْ سے لے کر آخر تک کہے پھر کہے بستم خواب وخور فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں" ۴۱ مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کریں۔ اس عمل کو صرف ۷ یوم کریں انشاء اللہ تعالیٰ معشوق فوراً حیران و پریشان ہو کر حاضر ہو گا۔ چینی لے کر اُس کی سات پڑیاں بنائیں۔ ایک پڑیا روزانہ پڑھ کر چیونٹیوں کو ڈالی جائیں۔

عملِ مجرب برائے حُبّ

ترکیب:

ایک سوایک عدد سیاہ مرچ لے کر ہر دانے پر ایک بار روزانہ پڑھیں۔ روزانہ اس عمل





کی کل میعاد اکیس یوم ہے۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ مجرب ہے۔
الہ کرفیس فلاں کو بیٹھ ندلیس سوتی کو سونے ندلیس جھ بن فلاں بن فلاں کو آرام ندلیس
"یا حَبِیْبُ یا حَبِیْبُ یا حَبِیْبُ"

برائے حُبّ

ترکیب:

یہ نقش تسخیر و محبت کے لئے عروج ماہ میں اتوار کو لکھیں ساعتِ شمس ہو۔ آگ میں چولھے کے اندر دبایا جائے۔ ایک ہفتہ تک روزانہ ایک لکھ کر دبا دیں۔ اس نقش کو بکری کے شانہ پر لکھا جائے۔ مجرب ہے۔

فَتَّاحُ ۷۸۶

		۱	
۲	۸	۱۰	
	۵	۹	۶
	۷		

قُدُّوْسُ

اَلْوَکِیْلُ


اَلْجَلِیْلُ

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب

برائے حب

ترکیب:

یہ نقش نسبت در نسبت کا ہے (یعنی ۲۰۰ کا نقش ہے) حُب کے لئے مفید ہے۔ تجربہ شرط ہے۔




برائے تسخیر و محبت

ترکیب:
جمعرات کے دن ساعتِ مشتری میں تین تعویذ لکھیں۔ لکھ کر پھر ایک ایک کر کے آگ میں تینوں کو اسی ساعت میں جلائیں۔ وہ عبارت یہ ہے۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں كَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ اٰدَمَ وَحَوَّا وَبَیْنَ اِبْرَاهِیْمَ وَسَارَةَ وَبَیْنَ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَخَدِیْجَةَ ابكُرٰی یَارَبَّ جِبْرَائِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَمِیْكَائِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وِاسْرَافِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَعِزْرَائِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَلِّفْ فِیْ قُلُوْبِهِمَا اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا"

فلاں بن فلاں کی جگہ طالب و مطلوب کا نام لکھنا چاہیے۔ انشاء اللہ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

ایسی محبت کہ لوگ حیران ہو جائیں

اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکایا جائے انشاء اللہ تھوڑے عرصہ میں میاں بیوی میں ایسی محبت ہو گی کہ لوگ تعجب کریں گے۔



برائے حاضری مطلوب

''یا قادِرُ'' فلاں بن فلاں کو کر حاضر۔ اس عمل کو دریا کے کنارے بیٹھ کر گیارہ روز تک گیارہ سو بار ہر روز پڑھیں اور ہر روز اپنے ہمراہ چاول اتولہ، شکر اتولہ، گھی اتولہ لے جایا کریں اور دریا میں ڈالیں اور پانی میں پھینکتے وقت یہ کہیں اے حضرت خضر علیہ السلام یہ آپ کی نذر پیش کی جا رہی ہے اِس کو قبول فرمایئے۔ یہ عمل نو چندی جمعرات کو شروع کرے اور درمیان میں جو جمعرات آئے اس روز کھانہ پکا کر کسی غریب محتاج کو کھلا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

برائے حب

تھوڑا سرمہ لے کر اِس پر ''سورۂ فاتحہ'' اکیس بار پڑھ کر دم کر کے اپنی آنکھوں میں لگا کر جس کے سامنے جائے وہ محبت کرنے لگے۔ مگر اس کے دونوں کے نام اور اپنا نام اور ماں کا نام بھی ہوں۔

وہ محبت کرنے لگے گا

ترکیب:

خوشبو کے سات عدد پھول لے کر ایک ایک پھول پر سات سات بار یہ آیت پڑھ کر دم کریں اور اس کے دونوں کا نام پھر اپنی ماں کا نام اور اپنا نام جس سے محبت کرنا چاہے اس کو وہ پھول دے تا کہ وہ اس کو سونگھے۔ اُسی وقت محبت کرنے لگے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

''وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ۔''

برائے حُب

اِس دُعا کو کھانے کے اُوپر ستر (۷۰) بار دم کر کے کھلائیں۔ جس کو کھلائیں گے وہ محبت کرنے لگے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔ ''یَا طَھُمُوْنَا''

سورۂ یٰسین شریف

مولانا ڈاکٹر سید محمود الحسن مرحوم سابق طبیب سرکار گورنمنٹ بھوپال (انڈیا) اپنی کتاب ''برقی تسخیر المعروف عملیاتِ غفرانی'' میں لکھتے ہیں کہ جو شخص روزانہ سورۂ یٰسین شریف کو اپنا اس طرح ورد بنا لے کہ ایک مرتبہ قبل نماز فجر اور پھر ایک بار بعد نماز فجر، اسی طرح ہر نماز سے قبل اور بعد ایک ایک بار، یہ دس بار ہوئے، گویا دس مرتبہ اُس نے روزانہ پڑھی۔ اگر نہ ہو سکے تو صبح کو سات بار اور شام کو تین بار پڑھیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مزاج میں استقلال پیدا ہوگا۔ روزانہ خرچ کا انتظام خود بخود ہوگا۔ اور یہ پریشانی نہ رہے گی کہ کل کیا ہوگا۔ حتیٰ کہ شادی بیاہ اور تمام ضرورتیں خود بخود پوری ہوتی چلی جائیں گی۔ افسران خوش رہیں گے۔ ہر بات اور ہر مشورہ کو مخلوق صحیح مانے گی اور اُس پر عمل درآمد کرے گی۔ کتنی قلیل معاش ہو۔ غیب سے سامان ہوتا رہے گا۔ اگر صاحب اولاد ہے سب اچھی حالت میں رہیں گے۔ اور ہمیشہ خواب میں اپنے مرحوم والدین کو اچھی حالت میں دیکھے گا۔ چہرہ پُر جلال رہے گا اور ہر شخص قدر و منزلت کرے گا۔ جس مریض پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا شفاء حاصل ہوگی۔ اللہ پاک نے عجیب و غریب صفات اس سورۂ میں مخفی رکھی ہیں۔ جس قدر اِس کی تعداد بڑھتی جائے گی اُسی قدر فائدہ قریب ہوتا چلا جائے گا۔ نہایت خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھتے جائیں۔ اس پاک سورۂ میں معجزانہ حد تک تسخیر پائی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ سورۂ یٰسین کے عامل کے مرنے کے بعد بھی اُس کی قبر پر لوگوں کا ہجوم رہتا ہے۔

فریفتگی محبت

"وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّی" یہ عمل سریع الاثر ہے۔اور بارہا اس کی آزمائش ہوتی۔غضب کا تیر بہدف ثابت ہوا۔طریقہ اس کے پڑھنے کا یہ ہے۔کہ طالب مطلوب کا نام معہ والدہ کے ملا کر پڑھنا چاہیے۔

مثال :

""وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّی" مریم بن خولہ علی حب محمد علی بن سعیدہ" اس طرح پڑھنا چاہیے۔اور روزانہ ایک وقت مقرر کرے پانچ سو مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔وقت کے خلاف نہ ہو۔اکیس دن تک پڑھنا چاہیے۔تین ہفتہ کے اندر (انشاءاللہ) مطلوب مسخر ہو جائے گا۔اور ایسا مسخر ہوگا کہ جان دے گا۔طالب کتنی ہی لاپرواہی برتے لیکن مطلوب اپنے طرز عمل کو نہ بدلے گا۔ناجائز ارتکاب نہ کریں، ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا۔اگر شادی کرنا منظور ہے جو خلاف ہو اُس کے لئے پڑھ لیں خود بخود رضامند ہو جائے گا۔بعد تکمیل عمل پھر پیام دیں کامیاب ہوں گے روزانہ بعد طلوع آفتاب ایک گھنٹہ پڑھنا چاہیے۔

مطلوب کا خود بخود قربان ہونا

اس عمل سے اہل ہنود کافی فائدہ اُٹھاتے رہتے ہیں۔آزمائش کردہ اور بڑا تیز جادو اثر عمل ہے۔جس روز تیلی مرے اُس کی فکر میں رہے اور ساتھ ساتھ جائے کہ فلاں جگہ آگ دی گئی ہے رات کو کسی وقت جا کر اُس جلتے ہوئے میں سے کوئلہ نکال کر اور جو ہانڈی آگ سے بھری لے آتے ہیں۔اس کو پھوڑ اکر اُسی کوئلہ سے وہیں بیٹھ کر طالب مطلوب کا

نام بمعہ والدہ لکھ کر اپنے ساتھ لے آئیں۔ اور اس کو چولہے کے اندر جہاں پکتی ہے دبا دیں۔ اُس پر آگ جلتی رہے۔ جب تک یہ ٹھکری گرم رہے گی مطلوب کی نیند حرام ہوگی۔ خود بُلا کر اپنا فریفتۂ محبت ہونا ظاہر کرے گا۔ عاقلاں را اشارہ کافیست۔ چھوڑنا چاہے ٹھکری نکال کر پھینک دے۔

تسخیر خلائق

"اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِنُصْرَۃِ الضُّعَفَاءِ وَالْخَلْقُ عَجِزُوْا عَنْ ذَالِکَ اَللّٰھُمَّ سُدَّلِسَانِ اَعْدَائِیْ۔ وَلَا تُشْمِتْ بِہِ الْاَعْدَاءَ وَاظْفُرْلِیْ جَمِیْعَ الْاَعْدَاءِ قَالَ مُوْسٰی مَاجِئْتُمْ بِہِ السِّحْرَ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰہُ بِکَلِمَاتِہٖ وَلَوْکَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o" اِس دعا کو روزانہ پانچ بار کسی وقت پڑھ لیا جائے۔ عام مخلوق اچھی نظر سے دیکھے گی۔ زبان بندی، فتح یابی گفتگو اور خیر کی بات زبان سے نکلے گی۔

ہزاروں کام کا جائز منتر

اس عمل کو مسمریزم سمجھنا چاہیے۔ ایک بنگالی جادوگر کا عطیہ ہے۔ ہر کام تیر بہدف چلتا ہے۔ زبان بندی، مقہوری اعداء، حفاظت خود اختیاری وغیرہ میں از بس مفید ہے۔

نظر بند کے بجر بند، شاہ علی کا بجر بند، کیدا بند، تلوار بند، سرکار کی زبان بند، سانپ بند، سانپ کی زبان بند، اَپر بند، اُپر کی زبان بند، اگاڑی بند، پچھاڑی بند، کھانے کی آئی بند، بہتر کوس کے جیو جنتر بند بحق کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ روانہ ۲۵ مرتبہ پڑھا کریں۔ اس کو عام لوگوں نے پڑھا اور فائدہ اٹھایا۔ انسان محفوظ رہتا ہے اور خوش رہتا ہے۔

عشق اول در دل معشوق پیدا میشود

اس قاعدہ کو پیش نظر رکھ کر ایسی تدبیر آسان پیدا کریں جس سے مطلوب فریفتہ محبت بن جائے سُنیئے! قلب کی تسخیر کے لئے نظر دُنیا میں کوئی چیز نہیں دوسرے اس سے اپنی محبت کا اظہار ایسے پیرایہ سے کرے جس سے یہ علم ہو کہ درحقیقت یہ مجھ سے خلوص رکھتا ہے اس کے بعد سلام کا درجہ ہے جب ملاقات ہو۔ چند روز نہ گزریں گے کہ باہمی الفت ہو جائے۔ تحفہ تحائف بھیجنا بھی ازدیادِ اُلفت میں کمال رکھتا ہے۔

تسخیر محبوب کا شرطیہ سفلی عمل

ہاتھ پساروں مکھ ملوں کاچی مچھلی کھاؤں

آٹھ پر چونسٹھ گھڑی جگت منہ کر جاؤں

ہولی یا دیوالی کی شب کو پانچ قسم کی مٹھائی اور نصف گز سُرخ کپڑا اور ایک پھریری عطر اور قدرے تیل اور پان چھالیہ۔ الائچی، لونگ تھوڑی تھوڑی رکھ کر لوبان کی دھونی سلگا کر ایک سو ایک بار ایک ایک پرچہ اوپر کا شعر لکھا جائے اور پھر پرچہ کی پشت پر طالب ومطلوب کا نام معہ والدین لکھا جائے۔ (بارہ بجے تنہائی میں بیٹھ کر رات کو لکھنا چاہیے اور ایک سو ایک بار بڑا طالب ومطلوب کے ناموں کے اس کو پڑھ لیا جائے۔ مطلب یہ ہے کہ اس شعر کو اچھی طرح بااطمینان پڑھ لیں۔ یہ عمل پورا ہوگیا (بارہ بجے شب کو لکھیں اور پھر پڑھیں) اب مٹھائی معہ دیگر سامان کپڑے میں باندھیں معہ عطر چھالیہ، لونگ وغیرہ وغیرہ بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں یا تالاب میں ڈالیں اور چلا آئے کوئی قید نہیں کہ اسی وقت ڈال آئے۔ موقع نہ ہو تو صبح ڈال آئے۔ اب یہ عمل ایک سال تک کام آئے گا۔

ترکیب:

طالب و مطلوب کا جو نام لکھا جائے اس میں خواہ جس پر فریفتہ ہو اس کا نام وغیرہ لکھا جائے۔ طالب مع والدہ مطلوب مع والدہ۔

اشارہ:

یا جس کا جی چاہے نام لکھ دیں۔ فلاں بنت فلاں محض تکمیل عمل کے لیے یہ کیا جاتا ہے۔ شک وشبہ میں نہ پڑیں۔

طریقہ:

عطر پر یا الائچی پر یا پان پر مٹھائی پر سات مرتبہ اس شعر کو معہ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں پڑھ کر کھلا دیں یا لگانے سے مسخر ہو جائے گا۔

مثال:

نکاح کرنا مقصود ہے اور شادی کے لیے اعزاء، اقرباء، رضا مند نہیں ہیں یا لڑکی کے والدین کرنا نہیں چاہتے یا آپ کے گھر والے رضا مند نہیں ہیں۔ اس وقت ان کے کپڑوں میں عطر لگائیں پھر تماشہ دیکھیں۔ کس طرح رضا مند ہوتے ہیں اور اگر مطلوبہ کو لگا دیا جائے تو جان چھڑانا مشکل ہوگا۔ سوچ سمجھ کر کام کرنا چاہیے۔ اس لیے کہ انسان عشق میں دیوانہ ہوتا ہے۔ کہیں بدنامی نہ ہو جائے۔ ہماری حالت خراب اعمال کی وجہ سے بدتر سے بدتر ہو رہی ہے اور عام شائقین کی نظریں قابو میں نہیں ہیں۔ اس عمل کا تماشہ نہ بنائیں۔

فائدہ:

ایک بڑے زبردست شخص اس کے عامل تھے۔ الائچی کا کھلانا اور مطلوب کا بندۂ محبت بن جانا، آنکھوں سے دیکھ کر رہ نہ گیا۔ قصہ طول ہے خدا خدا کر کے ظاہر کیا۔ سامنے

ان کے تجربہ بھی ہو گا۔ چونکہ اہل حضور صاحبان کا اصرار تھا۔ اس لیے بجل کو بالائے طاق رکھ کر استفادہ مناسب خیال کیا گیا۔ اس عمل سے مسلمان بھی پورا پورا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس میں ناجائز کلمات نہیں ہیں کہ جس سے ایمان زائل ہو جانے کا خوف ہو۔ ایک ضروری وضاحت! کام پورا ہو جانے پر فی سبیل اللہ ضرور کچھ نہ کچھ دے دیں اور رقم ایسے لوگوں میں تقسیم کریں جو فاقہ کش لوگ ہوں خود جا کر دے آئیں۔

بذریعہ جڑی مطلوب کو غلام اور مخلوق کو فرمانبردار بنانا

(سنکھاہولی کی جڑ) ہولی کے دن جب آگ لگانے کے لیے لوگ آتے ہیں گو گھی کا چراغ ساتھ لاتے ہیں یا تیل ڈال کر لاتے ہیں اور ہولی کی ارتی وغیرہ کر کے چراغ جلتا ہوا چھوڑ جاتے ہیں۔ یا دیوالی کے روز عام طور پر چراغ جلا کر روشن کرتے ہیں۔ اگر ہولی کے دن کا چراغ ہو تو ایسا کیجئے کہ جب سب لوگ چلے جائیں موقع پا کر اس چراغ کو گل کر کے اپنے ساتھ اس مقام پر لے جائیں۔ جس مقام پر یہ جڑی بوٹی موجود ہے۔ وہاں پہنچ کر اس چراغ کو دیا سلائی کی مدد سے روشن کریں اور پانچ منٹ جلتا رہنے دیں۔ اس کے بعد جڑ کو نوکدار لکڑی کی مدد سے کھودیں۔ اور پوری جڑ کو نکالیں۔ تقریباً پون بالشت کھودنے سے پوری نکل آتی ہے۔ اس کے بعد چراغ گل کر دیں اور جڑ کو اس چراغ میں رکھ کر گھر لے آئیں پھر اس کو پانی کے بغیر پتھر پر پیسیں اور تھوڑا تھوڑا تیل اور گھی جو اس چراغ میں ہو ڈال کر پیس کر رکھ لیں۔ یہ کاجل سارقیق ہو جائے گا اور جس پتھر پر پیسا ہے اس کو پانی سے خوب دھو ڈالیں۔

اگر دیوالی کا موقعہ ہے تو تیلی کے یہاں چراغ لائیں۔ تیلی کے مکان پر پہنچ کر موقعہ سے ایک چراغ گل کر دیں اور لے آئیں یہ خیال رہے کہ اگر تیلی نے ٹوک دیا یا کسی اور

نے ٹوک دیا کہ کیا کرتے ہو سمجھ لو کہ عمل پورا نہ ہوا۔ اس وقت اگر ایسی صورت پیش آئے تو فوراً واپس آئیں اور پھر نصف گھنٹے کے بعد جائیں نیز یہ خیال رکھیں کہ ایک چراغ لا سکتے ہیں۔ دوسرا چراغ نہیں لا سکتے۔

موافق قواعد مذکورہ بالا عمل کر کے ایک ڈبی میں محفوظ کر لیں۔ جس کو فرمانبردار بنانا منظور ہو اس پر ذرا انگلی لگا کر چھڑک دیں۔ ایک اشارہ کافی ہے، اس کو علم نہ ہو۔ بس وہ آپ کا عمر بھر فرمانبردار رہے گا۔ جب تک آپ چاہیں لیکن چھوڑے کے لیے بھی ساتھ ساتھ تیار کر لینا ورنہ بہت سے ایسے مواقع ہوتے ہیں کہ مصیبت میں جان ہو جاتی ہے اور کوئی خطرہ پیش آ جائے تو اس کام کو کر سکو اور کسی کو اس کا علم نہ ہو۔ ورنہ اس اظہار میں بہت سی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

اضافہ:

اس عمل کی بے شمار تصدیقات آئی ہیں، اور اس کی بدولت سینکڑوں لوگ روپیہ پیدا کر رہے ہیں۔

اس جڑی کا امتحان اس طرح کرو

سب سے پہلے دو (۲) بانس کی قمچیاں باریک کمانی دار چھیل کر رکھیں اور دو آدمی کھڑے کریں۔ ایک کے کولہے کے ایک طرف ایک سرا لگا دیں اور دوسرے سرے کو دوسرے آدمی کے کولھے کی طرف لگائیں۔ اب دوسری قمچی کو دوسری طرف دونوں کے لگائیں اور تازہ جڑی کی جڑ لے کر اس قمچی کے ایک سرے پر لگا دیں۔ دونوں قمچیاں آہستہ آہستہ دس منٹ کے اندر اندر جھکتی ہوئی آپس میں مل جائیں گی اور رگڑنے لگیں گی۔ اس سے آپ کو یقین کامل ہو جائے گا کہ درحقیقت یہ کامیاب جڑی ہے۔ ہر جگہ ملتی ہے کوڑی

کے مثل سفید پھول ہوتا ہے۔ زمین پر مفروش (پھیلی ہوئی) ہوتی ہے۔ پہلی زمین پر اس کی پیدائش ہے۔ صبح آٹھ بجے پھولی ہوئی ملتی ہے۔ عام طور پر مشہور ہے۔

واضح رہے کہ پرانی بانس کی لکڑی پر پرانی جڑی یا دو (۲) چار دن کی ہو جائے یہ عمل نہ ہوگا۔ یہ صرف تازہ جڑی میں ہے۔ ڈبی میں جب جڑی تیار کر کے بطریق مذکورہ بالا رکھ لیں تو یہ جڑی ایک سال تک کام دے گی۔ ایک بڑے زبردست ریاضت دان مہاتما کا یہ تحفہ ہے۔

علیحدہ کرنے کی ترکیب

جب چاہیں کہ یہ شخص ہم سے جدا ہو جائے۔ یہ ترکیب عمل میں لائیں کسی ہندو کا جنازہ جب مرگھٹ پر جائے تو اس کے بند جو ٹھڑی میں لگے ہوتے ہیں ایک دو جو وقت پر مل جائیں لے کر جلا کر اس کی خاک اپنے پاس رکھ لیں ذرا سی خاک علیحدہ وہ جڑی پسی ہوئی نکال کر اب اس خاک کو اس میں ملا کر اس پر چھڑک دیں، یا لگا دیں۔ بس وہ آپ کی محبت سے علیحدہ ہو جائے گا۔

فائدہ:

مطلوب کے واسطے اور عامہ خلائق میں سے جس کو اپنی محبت میں تڑپانا اور فرمانبردار بنانا منظور ہو کریں۔ تیر بہدف تجربہ شدہ ہے۔ جائز محبت میں کام کرے گا۔

سبحان اللہ کیا برقی طلسم ہے

جناب مولانا حسین احمد مہاجر مدنی ؒ آپ علامہ دہر اور ہندوستان کی ممتاز ہستیوں میں سے ایک تھے اور شیخ الہند میرے پیر مولانا محمود الحسن مرحوم خلد آشیاں کے جانشین تھے۔

آپ نے میری پریشانیوں اور مصیبت کے وقت ''احقر'' کو اپنے والد ماجد کا تحفہ عطا فرمایا تھا اور مجھے پڑھنے کی اجازت دی جس کو میں بطیب خاطر رفاہ عام درج کرتا ہوں۔ یہ ایسا تیر بہدف طلسم ہے کہ فوری کام ہوتا ہے کہ جس سے عقل حیران رہ جاتی ہے۔ کسی قسم کا کام ہو مثلاً ملازمت نہیں ملتی، تجارت نہیں چلتی، افسر رخصت نہیں دیتا یا اس جگہ سے تبادلہ نہیں کرتا، یا دشمن ہلاک کرنا چاہتا ہے یا کسی حملے کا خطرہ ہے، یا کسی مقدمہ میں سزا ہونے والی ہے یا کوئی شخص درپئے آزار ہے اور موقع کا منتظر ہے، الغرض کہ وقت پر طرح طرح کی صورتیں جو پیدا ہوں اور جائز ہوں۔ سب میں کام دے گا۔ انشاء اللہ، زبانی یاد کرلیں اور موقعہ پر اس کو پڑھیں اور فائدہ اٹھائیں۔ وہ عمل یہ ہے:

کہ جب کسی کو کوئی مشکل یا مسئلہ درپیش ہو تو اسے چاہیے کہ وہ قبرستان چلا جائے اور وہاں پر وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے۔ سورہ فاتحہ کے بعد ۳۳ مرتبہ آیت الکرسی شریف اور دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔ سلام کے بعد کسی سے بات چیت نہ کریں اور ہزار مرتبہ پڑھے ''اصبحت فی جوارک یا کریم یا رحیم'' ابھی گھر نہیں پہنچے گا کہ (باذن اللہ) اس کی مشکل حل ہوگی۔

تسخیر عام وخاص کی بابت ایک غضب کا عمل

اس عمل کی بدولت اطباء، ڈاکٹرز، وکلاء، دوکانداران، سوداگران، انجینئرز، کاریگر، عرائض نویس اور دیگر ہر قسم کے پیشے والے شرطیہ کامیاب ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر سمجھ لیں کہ اطباء اور ڈاکٹروں کے پاس مریضوں کا اس قدر ہجوم ہوتا ہے کہ وہ تنگ آجاتے ہیں، فیس خوب ملتی ہے دور دور کے لوگ آجاتے ہیں اور بلا کر لے جاتے ہیں۔ روپیہ کی ہم تعداد نہیں لکھ سکتے کہ کس قدر ملتا ہے۔ اخبارات اور رسالہ جات کے اشاعت بڑی کثرت سے

ہوتی ہے۔ اسی طرح تعویذ گنڈے لکھنے والوں کی آمدنی معقول ہوتی ہے۔ پیری مریدی کرنے والے خوب فائدہ اٹھاتے ہیں۔ لوگوں کا اس قدر ہجوم کہ خدا کی پناہ۔ وکلاء حضرات تنگ آ کر مقدمہ لینا چھوڑ دیتے ہیں کہ کہاں تک پیروی کریں۔ سوداگر، دوکاندار، صنعت و حرفت والے جیبوں میں روپے بھر کر لے جاتے ہیں اور دیگر ہر قسم کے پیشے والے لطف کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ شوقیہ یا بلاغرض عام طبقہ کے حضرات عمل کریں۔ ایک ہجوم ان کے گھر پر لگا رہے۔ ہم اس عمل کی تعریف اللہ و رسول ؐ گواہ ہے کر نہیں سکتے۔ بڑے زبردست کامل کا یہ عمل بہ اجازت ہے۔ خلوص دل سے آپ سب صاحبان کو اجازت دی جاتی ہے اور جملہ تراکیب جو قلمبند کی جاتی ہیں اس کے مطابق عمل کریں۔ اس عمل سے اہل اسلام فائدہ اٹھائیں گے۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے۔ اکثر حضرات اس کو پورا کر چکے ہیں جو عظیم اٹھا رہے ہیں۔



وہ خاص عمل یہ ہے

اگر آپ حافظ ہیں تو ماشاء اللہ نور علی نور۔ ورنہ سب سے پہلے سورہ رحمٰن شریف زبانی یاد کر لیں۔ جب خوب اچھی طرح یاد ہو جائے۔ روزانہ آفتاب جب نکلے اور ایک نیز بلند ہو جائے۔ تقریباً پانچ منٹ کے اندر ایک نیز بلند ہو جاتا ہے۔ جس کا اندازہ اس طرح کر لیں کہ آفتاب اپنی جگہ سے نکل کر آپ کے سامنے آ جائے اور کرنیں آفتاب کی پھیلی ہوئی ہوں۔ (اضافہ) جس ریڈیم دھات اپنا کام آفتاب پر بجلی کی طاقت کے شمول سے کرتی ہے۔ جس سے ریڈیو بنایا گیا ہے۔ اسی طرح سورہ رحمٰن اپنا عمل تسخیر کا بجالاتی ہے اور بادل کی صورت میں جب آفتاب نہیں نکلتا تو ریڈیو کی آواز کم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح چلہ کے درمیان اگر مطلع غبار آلود ہو گیا تو عمل کمزور ہو گیا۔ موسم گرما اس کے مناسب رہتا ہے۔ قید

کچھ نہیں ہے جب جی چاہے شروع کر دیں۔

اب سورج کے سامنے منہ کر کے سورہ رحمٰن پڑھنا شروع کریں۔ جب فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَان پر آئیں۔ داہنے ہاتھ کی حکم والی انگلی سے سورج پر ایک اشارہ کریں اسی طرح ''ہر مرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَان'' پر انگلی سے اشارہ کر دیا کریں یہاں تک کہ سورت ختم ہو جائے۔ یہ عمل روزانہ پانچ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے۔ ایک ہفتہ کے بعد آمدِ مخلوق شروع ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ زکوۃ ہے آپ التفات نہ کریں اور آنے والوں کو انتہائی خوش اخلاقی سے بٹھایا کریں اور خوش مزاجی سے پیش آئیں۔ بعد ختم چلہ صبح کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھتے رہیں یہ عمل چالیس یوم کا ہے۔ بڑی آسانی سے بعد نماز فجر پورا ہوتا ہے۔

ایک چلہ میں عام مخلوق کی آمد، دوسرے چلہ میں خاص خاص لوگوں کی آمد، تیسرے چلہ میں رئیسوں، جاگیرداروں اور نوجوانوں کی ملاقات، چوتھے چلہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ ان حضرات سے جو کچھ آپ کہیں گے وہ تعمیل ارشاد بجالائیں گے۔ اگر تجارتی کاروبار سب خریداری کریں گے۔ ہر شخص آپ کی دوکان پر خود بخود کھنچ کر آئے گا، عجیب وغریب متصف بہ صفات یہ عمل ہے۔ خاص طور پر مشورہ میں عمل کے کرنے کا دیا جاتا ہے۔ اگر آپ کو کسی حاکم کے سامنے جانا مقصود ہے یا کسی بڑے افسر کے پاس جانا ہو ایک بار سورہ رحمٰن پڑھ کر جائیں۔ اگر اس قدر موقعہ نہ ملے تو تین بار ''فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَان'' پڑھ لیں اور پھر سلام کریں افسر کمال اخلاق سے پیش آئے گا۔ (نوٹ) احباب اور آنے والی مخلوق عامل کی طرف کھینچے گی اور بعض اوقات کہہ بیٹھے گی کہ آپ نے کیا عمل کیا ہے کہ خود بخود ہم آپ کی طرف چلے آتے ہیں۔ خوش مزاجی سے کہہ دیجئے کہ آپ کی بندہ نوازی اور محبت ہے۔ ہم کس لائق ہیں۔ جو شخص جس قسم کا کاروبار کرتا ہو اس کو یہ عمل ضرور پڑھنا چاہیے۔ (اضافہ) ہزاروں دست غیب کے عمل سے یہ بہتر چیز ہے اب تو بفضلہٖ لا

تعداد اس کی تصدیقات آ چکی ہیں۔

بدمزاج عورت کو دوست کرنا

اگر زوجین میں نفاق رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی۔ اس وقت چاہیے کہ ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ صبح و شام سجدہ میں جا کر دعا مانگیں کہ اے پروردگار میری بیوی کو میرا مطیع و فرمانبردار بنا۔ ہفتہ عشرہ نہ گذرے گا کہ کمال محبت ہو جائے گی۔ وہ آیت پاک یہ ہے: ''اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتَابَ وَھُوَ یَتَوَلَّ الصَّالِحِیْنَ''۔

ہر کام خوش اسلوبی سے ہو جانا

''حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم''

تمام مہمات کے لیے کافی ہے۔ ہر کام احسن طریقہ سے انجام کو پہنچاتا ہے۔ مخلوق معاون اور مددگار ہوتی ہے جو دعا مانگے گا۔ خداوند عالم آسان طریقہ سے اس کا ذریعہ پیدا کر دے گا اور آپ کو معلوم بھی نہیں ہوگا کہ کس طرح کام ہو گیا بہترین عمل ہے۔ روزانہ ایک تسبیح صبح و شام پڑھ لیا کریں اس کے علاوہ جو فائدہ پہنچے گا۔ اس کا علم خود آپ کو ہو جائے گا۔ اگر چار بجے صبح آسمان کے نیچے برہنہ سر کھڑے ہو کر ایک تسبیح پڑھا کریں۔ بڑا زبردست توکل حاصل ہوگا اور دوسروں سے بے نیاز کر دے گا۔ تیر بہدف عمل ہے۔

زبان بندی

''لا الہ الا اللہ'' صد ہزار بار گرد بگرد من و رگرد دوستان من حصار باد محمد رسول اللہ بر من و بر دوستان من یار باد۔ بستم دست پا زبان چشم عقل و ہوش و گوش کسا ینکہ در ہیچ (۱۸) دہ ہزار


عالم آدمیان و خدائے ناترسان و ناحقان و ناشکران آدمیان و دیوان عقل و پریان ک نیکہ مارا دوستان مارا بدگویند و بدخواہند و بد بدانند و بداندیشند بحرمت ''لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَوْلًا وَّ فِعْلًا صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تعالىٰ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ''۔ روزانہ ایک بار صبح اور ایک بار شام کو پڑھ لیا کریں۔ تمام برائیوں سے انشاء اللہ محفوظ رہیں گے اور جب کوئی شخص برائی سے یاد کرنا چاہے گا۔ زبان بند ہو جائے گی۔ بڑا سریع الاثر عمل ہے۔

زبان بندی کے لیے ایک اور عمل

اس سے مختصر یہ دوسرا عمل ہے۔ اس کے پڑھنے سے بھی مخلوق کی زبان بندی ہو جاتی ہے۔ ''لا الہ الا اللہ'' بر جانش عصائے موسیٰ بر جگرش مہر سلیمان بن داود علیہم السلام ہر دہنش ''بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ'' اس کو سات مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھ پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں یا چاروں طرف پھونک دیا کریں۔ اس کی تعریف بھی قریب قریب ہر شخص کرتا ہے۔

امراء، حکام اور عوام کی نظر میں محبوب رہنا

پارہ اذا سمعوا پندرہواں رکوع ''وکذلک نری ابراہیم سے مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ تک بعد چھ کانچ کے برتن پر مسجد میں بیٹھ کر گلاب کے عرق میں زعفران حل کر کے لکھیں قلم پاک ہو پھر اس کو خالص شہد سے دھو کر اصفہانی سرمہ بقدر ضرورت اس میں ملا کر پیس کر شیشی محفوظ رکھیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔ ہر دلعزیز رہیں گے۔ زہرہ یا مشتری یا شرف قمر میں لکھنا چاہیے۔

بغض وعداوت اور نااتفاقی کے خاتمہ کے لیے

پارہ ''ولوانا'' رکوع ۱۲ ''وَ نَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ سے بِمَا كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ''

جن لوگوں میں آپس میں بغض عداوت اور جانی دشمنی، بول چال بند ہو، قربت داری کے جھگڑے کی وجہ سے مخالفت ہو، ان کو برفی پر جو مسلمان کے ہاتھ سے بنائی گئی ہو لکھ کر دونوں کو کھلائیں یا انجیر پر لکھیں ہر دو (۲) کو کھلائیں۔ آپس میں الفت ہو جائے گی۔

حُب کے لئے سورۂ اخلاص


اگر سورۂ اخلاص کو نقش کی صورت میں بعد نماز صبح قبل طلوع آفتاب سنیچر (ہفتہ) کے دن عروج ماہِ ثابت کے مہینے میں لکھیں اور خشک قلم سے نام دونوں فریق کا معہ اُن کی والدہ کے ناموں کے لکھے اور اُس کے بعد یہ کہے۔ ''الٰہی بہ برکت اس کلام پاک کے ان میں موافقت کر'' پھر اس کو دھو کر مطلوب کو شیرینی میں کھلا دیں۔ پاک، حلال، جگہ کے سوا دوسری جگہ ہرگز ہرگز نہ کریں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

دُشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

''سورۂ لایلاف'' پوری اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ، ایک سو ایک بار سورۂ روزانہ پڑھنا چاہیے، دشمن بال بیکا نہ کر سکے گا۔ اگر خدانخواستہ اتنا موقعہ نہ ملے تو ''یَا حَفِیْظُ'' پڑتے ہیں دشمن سے اگر مقابلہ ہو جائے اسی کو پڑھتے ہیں اور اگر مذکورہ بالا سورۂ کو معمول بنالیں تو کیا کہنا سبحان اللہ دعائے سیفی سے بہتر ہے۔

محبوب خلائق وفریفتۂ محبت

''سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۞'' اس کے اعداد ۸۳۷ میں روزانہ اوّل بہ نیت

زکوٰۃ اکیس دن پڑھیں پھر ایک ہزار بار پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے رکھ لیں۔ روزانہ لگایا کریں۔ منظور نظر رہیں گے۔ اور اگر ایک ہزار بار روزانہ یعنی طالب مطلوب کے نام معہ والدہ وغیرہ کے اسم کے ہر بار پڑھتا جائے اور لوبان برابر سلگاتا رہے۔ اکیس دن میں انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو کر حسب دلخواہ حکم بجالائے گا۔

تنبیھہ:

ناجائز کام میں کلام پاک کے اثرات نہیں ہوا کرتے۔ اگر ایسا خیال ہے تو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ جائز کام میں دیکھئے حکمیہ اثر رکھتا ہے۔

متکبر و مغرور شخص کو زیر کرنا

"یَا عَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ" موافق اسم کے اعداد نکال کر پڑھنے سے عزت بڑھتی ہے۔ اور خود اپنے دل میں عاجزی پیدا ہوتی جاتی ہے۔ اگر متکبر و مغرور کے سامنے پڑھیں اور پانی پانی ہو جاتا ہے۔

دشمن دوست بن جائے

"یَا حَافِظُ یَانَاصِرُ" تمام دُنیا کے خطرات سے حفاظت رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ غیب سے امداد فرماتا ہے۔ مثلاً دشمن نے آپ کو اس قدر تنگ کر دیا کہ آ راستہ بند کر دیا یا راستوں میں جا بجا آدمی مارنے کے لئے تعینات کر دیئے یا اتفاق سے آپ اِدھر سے جا رہے ہیں اور وہ اُدھر سے آ رہا ہے مقابلہ ہو گیا اپ کے دل پر دہشت طاری ہو گئی کہ دشمن نے مار لیا یا دشمن نے یہ خیال کیا کہ تو اب کسر نکال لیتے ہیں پس اپ کو چاہیے "یَا حَافِظُ، یَا نَاصِرُ یَا حَافِظُ، نَاصِرُ" پڑھنا شروع کریں اور برابر پڑھتے رہیں (بلا تعداد)

دشمن اندھا ہو جائے گا کچھ نہ کر سکے گا اللہ جانتا ہے جس دن آپ کا جی چاہے پڑھ کر ایسے مواقع پر دیکھ لیں۔ پھر جب موقعہ نکل جائے ہر دو اسم کو پڑھنا شروع کریں۔ چند روز بعد انشاء اللہ دشمن دوست بن جائے گا۔

رزق ملے، لوگ مسخر ہوں اور دشمن مغلوب ہو

اگر سورۃ طٰہٰ ایک بار روزانہ پڑھی جائے اللہ پاک نیا رزق عطا فرمائے گا، حاجات پوری کرے گا اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو لوگوں کے دل مسخر ہوں، عورتیں اگر پڑھیں مَردوں کے دل موم ہوں یعنی شوہر سختی سے پیش نہ آئے، عموماً عورتیں یہ چاہتی ہیں کہ میرا مرد مخلص شوہر بن کر رہے۔ ایسا ہی ہوگا۔ (انشاءاللہ)

ہر دلعزیز ہونا

"وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ" جو شخص اس آیت شریف کو موافق اسم کے اعداد نکال کر روزانہ پڑھ لیا کرے گا۔ انشاء اللہ ہر دلعزیز رہے، قساوت قلب دور ہو گی۔ مخلوق کی محبت دل میں پیدا ہو گی، باآسانی کام ہوں گے۔

غصہ کا ٹھنڈا کر دینا

اگر فریقین لڑ رہے ہوں فوراً "یَا رَؤُفُ یَا رَؤُفُ" اوّل وآخر تین تین بار درود شریف پڑھیں ایک تسبیح پوری نہ ہوئی ہو گی غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔"

عام مخلوق میں محبوب ہونا

روزانہ "سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝" (۸۸۰) مرتبہ پڑھیں۔ ایک ہفتہ کے بعد مخلوق کی محبت کا آغاز ہو گا۔ اور ہر شخص خوش خلقی، خوش مزاجی سے پیش آئے گا اور

چالیس دن کے بعد خود بخود ہر شخص محبت سے پیش آئے گا۔ اور عجیب وغریب طریقہ سے مخلوق کی محبت حاصل ہوگی۔

حاکم (افسر) کا مہربان ہو جانا

جس کسی شخص سے حاکم ناراض اور خفا ہوگا اس کو چاہیے کہ اس آیت شریف کو "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" سے لکھ کر بازو پر تعویذ بنا کر باندھ دو۔ انشاء اللہ وہ پانی پانی ہو جائے گا اور لطف و مہربانی سے پیش آئے گا۔ "فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝" اگر اتنا موقع مل جائے کہ پڑھ بھی سکے تو اس کے اعداد نکال کر روزانہ ہفتہ تک بعد نماز عشاء پڑھ ڈالے اور جب افسر یا حاکم کی عدالت کے سامنے جائے برابر اس کو پڑھتا رہے خدا کو منظور ہے تو مہربان ہو جائے گا۔

ہدایت:

بعض اشخاص اپنی بدباطنی کی وجہ سے اِدھر اُدھر مارے مارے پھرتے ہیں اللہ جل جلالہٗ کی درگاہ میں سربسجود نہیں ہوتے نہ اُس سے اپنا حال بیان کرتے ہیں۔ پریشان حال رہتے اور ناکام رہتے ہیں۔

مطلوب بے قرار ہوگا

نقش "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" کو لکھ کر کسی درخت سے لٹکائیں جب ہوا سے نقش ہلے گا مطلوب بے قرار ہوگا مجرب ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

برائے حُب

جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ وہ مطلوب کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ وہ دل وجان سے اُس پر فریفتہ ہوگا۔ نیز حاکم (افسر) کے لئے بھی یہ نقشِ مکرم کارآمد ہے۔

۷۸۶

یحبونهم	کحب	الله	والذین
کحب	الله	والذین	آمنوا
الله	والذین	آمنوا	اَشَدُّ حُبًّا

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

تعویذ محبت برائے میاں بیوی

اگر میاں بیوی میں نا چاقی رہتی ہو اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا ہوتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر دونوں میاں بیوی اپنے گلے میں باندھیں تو خدا کی مہربانی سے آئندہ کبھی نا چاقی نہ رہے گی۔

۴۱۷	۴۱۰	۴۰۷	۴۰۴
۴۰۹	۴۱۳	۴۱۸	۴۰۶
۴۰۴	۴۰۳	۴۱۴	۴۱۱
۴۱۰	۴۰۰	۴۰۸	۶۰۶

خاوند اور بیوی کے لئے ایک نایاب نقش

خاوند اور بیوی میں محبت بڑھانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر خاوند اپنے بائیں بازو اور بیوی اپنے دائیں بازو پر باندھے محبت خوب بڑھے گی۔

۵	۷	۲
۴	۲	۷
۱	۳	۴

زبان بندی کے لئے



زبان بندی کے لئے حیرت انگیز چیز ہے۔ اِس کو اپنے پاس رکھنے سے دشمنوں، حاسدوں کی زبان بند ہو جائے گی۔ ۶۹۰ ۔۹۱۱ ۱۵۷ اھ ط ۱۱۱۱۹۱ لخ

تعویذِ محبت

اس تعویذ کو لکھ کر جس طرح ممکن ہو سکے اپنے مطلوب کے گھر میں دفنا دیں۔ مطلوب پاگل ہو کر تعویذ دفنانے والے کے پیچھے پیچھے مارا مارا پھرے گا۔

۷۸۶

احد	اللہ	ہو	قل
یلد	لم	الصمد	اللہ
ولم	لد	یو	ولم
احد	کفواً	لہ	یکن

میاں بیوی میں محبت ہو

اگر کوئی مرد اس تعویذ کو لکھ کر اپنے بازو سے باندھے تو اُس کی بیوی اُس کی محبت میں دیوانی ہوگی اور کسی غیر مرد کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھے گی۔

۵	۳	۱
۱	۶	۸
۵	۲	۴

محبت کے لئے بادی تعویذ

یہ تعویذ دوست کو بے قرار کرنے کے لیے نہایت بے نظیر اور فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ اس کو کاغذ پر لکھ کر درخت سے لٹکائیں جس وقت یہ تعویذ ہوا سے ہلے گا تو دوست ملنے کی خواہش کرے گا اور خود بخود آپ کے پاس حاضرِ خدمت ہوگا۔

۲۱۱۲	۲۱۱۸۰	۲۱۹۲
۲۱۵۱	۲۱۹۱	۲۱۹۳
۱۹۸۸	۳۱۹۵	۲۱۱۸
۹۸۸	۹۸۴	۹۸۹
۶۸۳	۴۹۴	۹۸۶
۹۲۲	۴۱۰	۷۹۸۱

برائے محبت

محبوب خواہ کتنا ہی پتھر دل کیوں نہ ہو اور کسی طرح بھی چاہنے والے کے حال پر رحم نہ کرتا ہو تو درج ذیل تعویذ کا فتیلہ بنا کر تلوں کے تیل میں جلا دیں پھر قدرت کا کرشمہ دیکھیں

مطلوب کسی طرح آ کر آپ کو خوش کر دے گا۔

۵	۲	۱۵	۱۰
۱۹	۲	۹	۱۱
۸	۱۲	۱۸	۷

دشمن پر غالب آنے کا نقش

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے مین ڈالیں اور دشمن کو سامنے آنے دیں پھر قدرت کا تماشہ دیکھے۔ دشمن قدموں میں آ گرے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

۷۸۶

۱۰۷۲	۱۰۶۷	۱۰۷۵
۱۰۷۴	۱۰۷۱	۱۰۶۹
۱۰۶۸	۱۰۷۶	۱۰۷۰

تعز من تشاء و تذل من تشاء

عطر تسخیر

اعلیٰ کوالٹی کا عطر لیں اور عروج ماہ میں نو چندی جمعرات کو اس طرح دم کریں کہ سورہ مزمل کا پہلا رکوع اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر عطر پر دم کریں اور دوسرا رکوع گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں عطر تیار ہے۔ اس کو محفوظ کر لیں جب بھی کسی بڑے آدمی، آفیسر سے کام ہو چہرے اور کپڑوں پر تھوڑا سا تل لیں، انشاءاللہ مبہوت ہو جائے گا اور کام فوراً کرے گا۔

نقش اعظم برائے حب

یہ نقش اعظم برائے حب (محبت) کے لیے بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ ہزاروں افراد اس نقش سے فیض اٹھا چکے ہیں۔

طریقہ تحریر:

باوضو جائے نماز پر بیٹھ کر اگر بتی جلائیں پھر صاف کاغذ لے کر اس کے اوپر زعفران اور گلاب کے پانی سے بعد نماز صبح تحریر کریں۔ طالب اور مطلوب کے نام دونوں پر تحریر کرنا چاہیے پھر موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ اثر عظیم پائے گا اپنی حیثیت کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

طالب کا نام			الحب		مطلوب کا نام	
ھو	الذی	خلقکم	من	طین	ثم	قضی
الذی	خلقکم	من	طین	ثم	قضی	اجلاً
خلقکم	من	طین	ثم	قضی	اجلاً	واجل
من	طین	ثم	قضی	اجلاً	واجل	مسمی
طین	ثم	قضی	اجلا	واجل	مسمی	عندہٗ
ثم	قضی	اجلا	واجل	مسمیٰ	عندہٗ	ثم
قضی	اجلا	واجل	مسمیٰ	عندہٗ	ثم	انتم
اجلا	واجل	مسمیٰ	عندہٗ	ثم	انتم	تمترون

عمل برائے حب

آخری بدھ کو وضو کر کے پاکیزہ خوشبوئیں جلا کر کسی کھانے کی چیز پر ایک ہزار مرتبہ آیت شریف ''حسبنا اللہ ونعم الوکیل'' پڑھیں اور مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ فوراً تابع ہوگا۔

عمل حب

اس نقش کو ساعتِ سعید میں کوری ٹھیکری پر لکھ کر آگ میں ڈالیں اسی طرح چند دن تک کریں۔ محبوب بے قرار ہوگا۔ نقش یہ ہے: ۸۶۱۱۱ء ۵۱۱۹۹۱ء

عمل برائے تسخیر و محبت

مطلوب کے داہنے پاؤں اور طالب کے بائیں پاؤں کے نیچے کی مٹی لے کر اس پر سات مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر دم کریں اور آگ میں ڈالیں۔


مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا (انشاءاللہ)

سب سے پہلے پاک صاف ہو کر وضو کر کے ایک سو ایک بار درود شریف پڑھیں اور مطلوب کے کمر بند پر دم کریں اور کمر بند میں گرہ لگائیں اور اسی کو پتھر کے نیچے دبا دیں، مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

عزت و تسخیر کے لیے

یہ نقش معظم ''بسم اللہ شریف'' کا ہے۔ جس کے پاس یہ نقش ہوگا اس کو دنیا میں عزت و تسخیر حاصل ہوگی۔

۲۶۵	۲۵۸	۲۶۳
۲۶۰	۲۶۲	۲۶۴
۲۶۱	۲۶۶	۲۵۹





تسخیر بے نظیر

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے، حاکم کو اپنے اوپر مہربان کرنے اور لوگوں میں باعزت اور سرخرو ہونے کے لیے، شوہر کی ناراضگی اور غصہ ختم کرنے کے لیے، یا بدمزاج بیوی کو رام کرنے کے لیے وضو کر کے رات کو سونے سے پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ "بِسْمِ اللّٰهِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ" پڑھ کر مقصود الیہ کا تصور کر کے پھونک ماردیں اور دعا کر کے سو جائیں عمل کی مدت چالیس روز اور زیادہ سے زیادہ نوے دن ہے۔ خواتین ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کرلیں۔

اگر کسی ظالم یا سخت حاکم کے دل میں نرمی اور محبت پیدا کرنا ہو تو "کٓھٰیٰعٓصٓ" (کاف ھا یا عین صاد) اس طرح پڑھیں "ک" پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کرلیں، "ھ" پڑھ کر برابر والی انگلی بند کرلیں "ی" پڑھ کر بڑی انگلی بند کرلیں، "ع" پڑھ کر انگشت شہادت بند کرلیں اور "ص" پڑھ کر انگوٹھا انگشت شہادت کے آخری تیسرے پورے پر رکھ کر مٹھی بند کرلیں اور جب حاکم کے سامنے پیش ہو کھول دیں یہ ضروری نہیں کہ ہاتھ تو حاکم کے سامنے کھولا جائے۔

بہن بھائیوں کا جھگڑا ختم کرنا

جب ایسی صورت واقع ہو جائے کہ بڑے بھائی بہن بھائیوں سے شفقت سے پیش نہ آئیں اور چھوٹے بڑوں کی نافرمانی کریں تو "اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا" سو مرتبہ پڑھ کر تکیوں پر چالیس روز تک دم کیا جائے۔ لیکن یہ احتیاط لازمی ہے کہ ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے۔

دشمن کی زبان بندی کے لیے

غروب ماہ کے دوران سنیچر کی رات سے آئندہ سنیچر کی رات تک سورہ رحمٰن تین بار مندرجہ ذیل طریقہ سے پڑھیں۔ انشاء اللہ بدخواہ اور بدگو کی زبان بند ہوگی۔ بلا بسم اللہ سورہ رحمٰن کامل تنہائی اور اندھیرے میں پڑھیں ''فبای الاء ربکما تکذبان'' کے بعد کہیں بستم زبان فلاں بن فلاں اگر کوئی دشمن زیادہ ہی ستاتا ہے تو بستم زبان و گوش ہوش جملہ اعضائے بدن فلاں بن فلاں کہیں (انشاء اللہ) ایک ہفتہ میں دشمن کی زبان بند ہو جائے یا سخت بیمار ہو جائے گا۔ دشمن کا تصور کامل رکھا جائے۔ گوشت بدبودار اشیاء اور گھر داری سے پرہیز کریں۔

حب کے لیے سورہ یوسفؑ کا ایک بے نظیر عمل

سورہ یوسف کو مشک و زعفران سے لکھ کر میاں بیوی دونوں پی لیں یا انہیں پلا دیں۔ انشاء اللہ دونوں ایک دوسرے کے فریفتہ ہو جائیں گے۔ یہ عمل ہمارا آزمایا ہوا ہے اور کبھی خالی نہیں جاتا۔

حسبِ خواہش شادی کے لیے

تعویذ لکھنے کا طریقہ! مندرجہ ذیل نقش کے لیے باریک کاغذ رکھ کر خانے بنا لیں اور کاغذ کو الگ کر کے اوپر بسم اللہ شریف لکھیں اور خانہ پری اس طرح کریں کہ پہلے وہ چار خانے لکھیں جس پر نمبر 1 ڈالا گیا ہے۔ پھر نمبر 2 کی خانہ پری کریں اسی طرح ترتیب سے آٹھوں خانے لکھ لیں۔ اس کے نیچے محب (یعنی جو شادی کرنا چاہتا ہے) کا نام اور اس نام کے بعد الحب لکھ کر مطلب یعنی جس سے شادی کرنا مقصود ہے) کا نام لکھیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۳	ولم	یولد	ولم	یکن
۵	ھو	اللہ	احد	اللہ
۷	یولد	ولم	یکن	لہ
۱	یولد	ولم	یکن	لہ
۱	قل	ھو	اللہ	احد
۶	الصمد	لم	یلد	ولم
۴	لہ	کفوا	احد	قل
۲	اللہ	الصمد	لم	یلد
۸		کفوا	احد	

الحب

تسخیر و محبت کے لیے

سات دانہ مغز بادام لے کر ہر ایک دانہ پر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں دیوانہ ہو کر طالب سے ملے گا۔

محبت کے لیے

چینی یا مصری پر سات سات سورہ یٰسین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاءاللہ وہ طالب سے محبت کرے گا

حاکم مہربان ہو

اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ یٰسین پچیس مرتبہ پڑھیں اور اپنے

اوپر حصار لگائیں اپنے مُنہ پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے اپنے منہ پر مل کر جائے حاکم مہربان ہوگا۔

مطلوب کے دل میں محبت ہوگی

اکتالیس دانہ گندم لے کر ہر ایک دانہ پر سورۂ یٰسین ایک ایک مرتبہ پڑھیں اور مطلوب کے بدن کا میلا کپڑا بغیر دھلا ہوا لے کر گیہوں پڑھے ہوئے اُس میں باندھ کر اپنے مکان میں جہاں اندھیرا ہو دفن کریں۔انشاءاللہ مطلوب کے دل میں محبت ہوگی۔

زبان بندی کے لئے

ایک ڈورا سوت کا نابالغ لڑکی سے کتوا کر اُس پر سورۂ یٰسین تین بار پڑھیں اور ہر مبین پر گرہ دیں۔اور گرہ دیتے وقت اپنی زبان دانتوں میں دبالیا کریں اس کے بعد ڈورا چوکھٹ،دروازے میں دبادیں زبان بند ہوگی۔

حُب کے لیے انتہائی مؤثر عمل

سفید مرچ اکتالیس عدد منقیٰ چالیس عدد لے کر اس کے اندر سفید مرچ رکھ کر ایک ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور آخر میں چاروں نام لیں۔اس میں سے ایک مرچ مذکورہ بالا علی الصباح ہر روز جلادیں اگر مطلوب سو کوس پر ہی ہوگا۔اس عرصہ میں حاضر ہوگا۔(ان شاءاللہ)

مطلوب دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

لوہے کے چار یا سات عدد کیل لے کر ہر ایک پر ایک ایک بار سورۂ یٰسین پڑھنے کے بعد یہ الفاظ کہیں سوختم دل و جان فلاں بن فلاں'' ان کو چولہے میں گاڑ دیں اور آگ جلائیں

جب کیل ختم ہوں گے مطلوب دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔ (ان شاء اللہ)

مطلوب طالب ہو جائے

نئی روئی لے کر اس پر سورۂ یٰسین تیس بار پڑھ کر دم کریں اور اُس کی بتی بنا کر تلوں کے تیل میں کورے چراغ میں رکھ کر جلا دیں۔ اور چراغ کا مُنہ مطلوب کے گھر کی طرف کریں مگر پڑھنے کے بعد چاروں نام ضرور لیں (ان شاء اللہ) مطلوب خود طالب ہوگا۔

محبت کے لئے

جس شخص کے لئے کرنا ہو اُس کے نام کے عدد نکال لیں اور پہلے "یَا وَدُوْدُ" اور اس کے نام کے مطابق اتنی بار پڑھیں یا ودود پھر اُس کا نام۔ بعد نماز عشاء آگ جلا کر اس کا تصور کر کے پڑھیں اگر آگ کا موقعہ نہ ہو تو چراغ کی لو پر تصور کریں۔ تصور ضروری ہے اول گیارہ روز ورنہ اکیس روز تک کرنا ہوگا۔ ہر شخص آ سکتا ہے۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر زمانہ دشمن ہو، کوئی خلاف ہو تو صبح کو دروازہ سے باہر نکل کر آواز بلند کر دو سوا تین۔ تین بار کہہ کر گھر میں آجائیں دشمن کا کوئی وار نہ چلے گا۔

تسخیر و محبت کے لئے

مغز بادام جو آپس میں جڑ وال ہو لے کر ان کا ایک ٹکڑا اپنے نام کا تصور کریں اور دوسرا مطوب کا تصور کریں اور دونوں ٹکڑوں پر سورۂ یٰسین گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف دم کریں اور دل لگا کر ذرا خداوند عالم سے دعا کریں۔ کہ اے خدا جس طرح سے یہ بادام آپس میں ملے ہوئے ہیں مطلوب کا نام لے کر کہے کہ مجھے بھی اس

طرح ملا دے پھر اس کو ریشم سے خوب مضبوط باندھیں پھر بطور تعویذ درخت امرود میں لٹکائیں اور اس کے نیچے بیٹھ کر ایک بار سورۂ یٰسین پڑھے اور کہے یا اللہ ''آں شخص از من راضی شود'' حاضر ہوگا۔

مطلوب فوراً حاضر ہوگا

سورۂ کوثر ایک طرف پیپل کے پتے پر لکھ کر اور دوسری طرف اس نقش کو لکھ کر کنوئیں میں ڈال دیں۔ مطلوب فوراً حاضر ہوگا۔

۷۸٦

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	٦	۳	۱٦
۴	۱۵	۱۰	۵

برائے محبت

بسم اللہ شریف کے دو نقوش لکھیں ایک نقش مبارک بازو پر باندھیں اور دوسرا پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے۔

۷۸٦

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

تسخیر کے لئے ایک کامیاب عمل

"یَا مُسْتَطِیْعُ یَا مُحْسِنُ یَا مُعْطِیْ یَا مُعِیْدُ یَا مُحِیْطُ" حسب بالا اسماءِ مبارکہ کی ایک تسبیح (اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ) صبح کو پڑھیں گیارہ روز تک اس عمل کو کریں حیرت انگیز طور پر کامیابی ہوگی۔ (انشاءاللہ)

عمل تسخیر

"یَا اَللّٰہُ، یَا لَطِیْفُ، یَا فَتَّاحُ، یَاوَھَّابُ، یَابَاسِطُ، یَارَزَّاقُ، یَاغَنِیُّ یَا مُغْنِیُ" نماز تہجد کے بعد پانچ تسبیح اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔ "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی حَبِیْبِیْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّم" تسخیر کے لئے بے مثل ہے۔

تسخیر و محبت کے لئے ایک لاجواب عمل

سورۂ یٰسین بعد نماز تہجد پڑھیں تو بہتر ہے۔ اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ، سورۂ یٰسین سات مرتبہ روزانہ اکتالیس روز مکمل کریں چلہ کے بعد دو مرتبہ کسی وقت پڑھیں، مجرب ہے۔

تسخیر کے لئے ایک کامیاب عمل

سب سے پہلے سات بزرگوں کی قبروں کے سرہانے کی مٹی تھوڑی لے کر ایک ڈبیہ میں رکھ دیں اور اُس پر دم کرتے رہیں سات لاکھ پورا کرنا ہے۔ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اللّٰہُ الصَّمَدُ" پڑھتے رہیں جب ختم کرنا ہو تو اللہ الصمد کے ساتھ ساتھ "لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ" پڑھ کر ختم کریں اسی طرح اگلی شب پڑھتے رہیں یعنی بعد نماز مغرب شروع کریں تعداد پہلے روز مقرر

کرلیں۔ بیس ہزار یا اس سے زیادہ یا کم اسی تعداد سے پڑھتے رہیں۔ جب پورے سات لاکھ ہو جائیں تو پاک پانی سے اس مٹی کو خمیر کریں اور ایک ٹکیہ بنالیں اور خشک کرلیں اور اپنے پاس حفاظت سے رکھیں۔ بوقت ضرورت نکال کر پاس رکھیں اور اس پر ایک پاک مٹی کی ٹھکری رکھ کر سو بار بطریق اول ''اللہ الصمد'' پڑھیں اور دائیں پاؤں کے انگوٹھے سے دبائیں اور پھونک ماریں۔ رُخ اُس مکان کی طرف ہونا ضروری ہے۔ تصور بھی ہو۔ جب ضرورت ہو اور جس کے لئے ضرورت ہو ہر وقت کرسکتے ہیں۔ (مجرب ہے)

نسخہ تسخیر

بعد نماز عشاء اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ نمل تین مرتبہ پڑھیں۔ گیارہ روز تک فیض جاری ہو جائے گا۔ (ان شاءاللہ)

عمل برائے حُب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے جس کو چاہیں پلائیں محبت ہوگی۔

محبت کے لئے ایک معجزنما عمل

(۱) یہ عمل پورے گیارہ روز کرنا ہے خواہ وہ شخص پانچویں روز میں آجائے لیکن عمل پورا کریں ورنہ عمل اُلٹ ہو جائے گا۔

(۲) مکان صاف اور پاک ہو گلاب چھڑک کر استعمال کیا جائے۔

(۳) ایک انگیٹھی میں کوئلہ سلگائیں لوبان، صندل سفید، عود زعفران کی دھونی دیں اور جب تک عمل جاری رہے برابر صندل اور لوبان استعمال کرتے رہیں۔ گیارہ گیارہ بار کلام ذیل پڑھ کر ہر ایک سرخ مرچ پر دم کریں اور مرچ سرخ، گیارہ عدد ہوں، بعد عشاء شروع کریں کلام یہ ہے۔ ''لا الہ الا انت اسرافیل اثر کر سُبْحَانَكَ میکائیل مار اِنِّی کُنْتُ



عزرائیل" عاجز کر من الظالمین جبرائیل جبر کر" فلاں بن فلاں کو مار کوٹ کر حاضر کر بحق" یا بُدَّوُحُ" پڑھ کر سرخ مرچ پر گیارہ مرتبہ دم کرنا ہے۔ اسی صورت سے گیارہ گیارہ مرتبہ فی سرخ مرچ پر پڑھ کر دم کریں اور آگ میں ڈالتے جائیں گیارہ روز تک اس طرح عمل کریں۔ (پرہیز) بڑا گوشت لہسن پیاز کچا نہ کھائیں۔

حُب کے لئے ایک مؤثر ترین عمل

بوقت دو بجے شب عمل اس طرح شروع کریں (نمبر ایک) دو رکعت نفل برائے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی روح اقدس کو ہدیہ کریں۔ (نمبر دو) دو رکعت اولیاء (نمبر تین) دو رکعت نفل جناب معین الدین اجمیریؒ کی روح کو ثواب پہنچائیں۔ اس کے بعد قطب ستارہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں۔ اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور مطلوب کا تصور کریں۔ ایسی ہی صورت سے ادا کریں مگر اس رات کو شروع کریں کہ جس روز جیٹھ اتوار ہو یعنی پیر کی رات ہو۔ انشاء اللہ گیارہ روز تک مقصد پورا ہو گا۔ لیکن جائز کام کے لئے کریں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اور مطلوب کا تصور رکھیں۔

عمل برائے حب

صبح کی نماز سے شروع کیا جائے گیارہ عدد سفید مرچ ہر ایک پر ایک ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں اسی طرح گیارہ عدد مرچ سفید لے کر ظہر کی نماز میں، پھر مغرب اور پھر عشاء کی نماز میں غرضیکہ ہر نماز میں گیارہ کے حساب، کُل پچپن سفید مرچ ہوئی، ایک انگیٹھی میں آگ ڈال کر جلائیں اور وہ گیارہ مرچ نکال کر دوسری ڈبیہ میں رکھیں جب وہ آ جائیں فوراً وہ سفید مرچ پسی ہوئی شہد میں ملا کر کھلا دیں۔ مقصد پورا ہو گا۔

پاؤں کی مٹی والا عمل

پہلی اچھی تاریخوں میں مطلوب کے دونوں پاؤں کی مٹی اُنگلی سے ایڑی تک لے کر گھر جا کر مٹی کے گیارہ حصہ کرلیں پھر ایک حصہ کے گیارہ حصہ کرلیں۔ اسی طرح ہر حصہ کے گیارہ گیارہ حصہ بنالیں۔ ہر حصہ میں ایک ایک سیاہ مرچ ڈال دیں۔ اور مطلوب کے سر کے بال رکھ کر جلائیں۔ اس طرح سے آگ سُلگا کر پاس رکھ لیں۔

نوٹ: خاک کے گیارہ حصے ہوں اور ہر ایک حصہ کے گیارہ گیارہ حصہ کرلیں۔ ہر حصہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ کوثر پھونک کر معہ کالی مرچ آگ میں ڈالیں۔ تصور اور مکان کی طرف رُخ کا ہونا لازمی ہے ساتھ ساتھ فلاں بنت فلاں کہہ کر ھُوَ الْاَبْتَرُ کہہ کر پھونک مار کر مٹی آگ میں ڈال دیں۔ یہ حُب کے لئے ایک انتہائی مؤثر عمل ہے۔

نقش برائے تسخیر و محبت

درج ذیل نقش عبارت انار کی لکڑی سے تحریر کریں مُشک و زعفران سے لکھا جائے گا۔ اور عور، لوبان، اگربتی کی دھونی دیں، عمدہ عطر لگائیں اور چھوٹی لاچئی مُنہ میں رکھیں۔

والقیت ۱ منی ۱	علیک ۱۴ محبت	محبت علیک ۱۱	۸ منی والقیت ۱۳
کھیعص والقیت ۶	۷ ۳ ۴ ۹ علیک	۱ ۲ ۵ ۷ ۹ ۲ ۱۶ محبت	کھیعص منی ۳
۱۵	۴	کھیعص ۵	۱۰

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب

برائے شادی و محبت

اکیس تسبیح درود شریف بعد تہجد اور صبح، عشاء پڑھیں تہجد میں پڑھیں تو بہت جلد کامیابی ہوگی۔ نیز اکتالیس تسبیح آیہ کریمہ تہجد میں پڑھیں۔ ہر مشکل ایک کو آسان کرے گی بلکہ قیدی کی رہائی کے لئے انتہائی اکسیر عمل ہے۔ دولت، عزت میں اضافہ ہوگا، دشمن کے شر سے مکمل طور پر حفاظت ملے گی، سجدہ میں ایک منٹ کے لئے گڑگڑا کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ ہر مقصد پورا ہوگا۔

برائے حُب



"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o" يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ" اس آیت کو ایک لاکھ مرتبہ پورا کیا جائے۔ اِس کے بعد بائیس تسبیح کا ورد رکھیں۔ جس مٹھائی پر پڑھ کر دم کریں اور کھلائیں کھانے والا گرویدہ ہوگا۔ (انشاءاللہ) مجرب ہے۔

مطلوب دیوانہ وار حاضر ہو

خاک زیر پائے مطلوب اور اپنے بائیں پاؤں کی خاک لے کر ملا دیں اور اِس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ اور ایک کپڑے میں لپیٹ کر طالب اپنے پاؤں سے دبا دے۔ انشاءاللہ مطلوب دیوانہ وار حاضر ہو۔ آیت شریف یہ ہے۔ "هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ" فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

محبت کے لئے انتہائی اثر انگیز ایک عمل

سات کیل لوہے کے لے لیں۔ ہر ایک پر ایک ایک مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر پھونکیں اور اپنے سرہانے میں رکھ لیں۔ مطلوب عشق میں دیوانہ ہوگا۔

عملِ ہُد ہُد برائے حُب

جناب شیخ بوعلی سینا لکھتے ہیں کہ! جو شخص ہُد ہُد کی زبان اپنے پاس رکھے گا وہ دشمنوں، حاسدوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ نیز اگر ہُد ہُد کی ہڈی جلا کر اس کی راکھ کو کھانے میں ملا کر بچے کو کھلائیں تو وہ بچہ جو کچھ پڑھے گا، یاد ہو جائے گا۔

نافرمان بچے کو فرمانبردار بنانا

اگر کسی کا لڑکا نافرمان ہو اور اپنے والدین کی اطاعت نہ کرتا ہو تو سورۂ کہف تین مرتبہ پڑھ کر اُس بچے پر دم کریں اور اس کا نقش لکھ کر تین دن روزانہ پلائیں۔ انشاءاللہ فرمانبردار ہوگا۔

تسخیر و محبت کے لئے

اتوار کے دن طلوعِ آفتاب کے وقت چالیس روز تک تین ہزار اکتالیس مرتبہ ہر روز پڑھیں۔ اور تسخیر مطلوب کے لئے بدھ کے دن غسل کر کے عود سُلگائیں ایک سو اکیس مرتبہ کھانے کی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَكَ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَیْ ٍٔ وَرَزِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ يَاسُبْحَانُ"

دل و جان سے فریفتہ ہو

جو شخص اس نقشِ مبارک کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے وہ مطلوب کے سامنے آئے۔ انشاءاللہ وہ دل و جان سے اُس پر فریفتہ ہو گا نیز حاکم (افسر) کے لئے بھی یہ نقشِ معظم انتہائی فائدہ مند ہے۔

۷۸۶

یحبونھم	کحب	اللہ	والذین
کحب	اللہ	والذین	آمنوا
اللہ	والذین	آمنوا	اشد حُبًّا

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں




رزق، حُب، دشمنوں سے حفاظت کے لئے ایک مجرب عمل

یہ عمل انتہائی مجرب اور آزمودہ ہے۔ مطلوبہ مقاصد پورے ہوں گے۔ اور بے تحاشا دولت ہاتھ آئے گی۔ سب سے پہلے بعد نماز مغرب تمام کاموں سے فراغت پا کر عشاء کے وقت سے پہلے گلاب پاش میں گلاب لیں اور اگربتی دان میں اگربتی لگائیں۔ عمدہ کپڑے اور عمدہ عطر شیشی میں تیار رکھیں جو اس کے لئے علیحدہ ہوں وہ بھی جمع کرلیں۔ ٹھیک عشاء کے وقت سے پندرہ منٹ پہلے غسل کر کے کپڑے بدل لیں، عطر لگائیں، اگربتی سلگائیں، اور گلاب چھڑکیں اب نماز عشاء شروع کریں نماز ادا کرنے کے بعد عمل یوں شروع کیا جائے۔ اوّل دو رکعت نماز واسطہ اللہ جو سورۃ چاہیں پڑھیں۔ اس کے بعد دس مرتبہ سورہ ''قل ھو اللہ احد'' پوری پڑھ کر کمرے کے دائیں کونہ کی طرف زور سے پھونک ماریں غرضیکہ اس طرح ہر کونہ پر زور سے پھونک ماریں جب چاروں کونہ مکان مکمل ہو جائیں تو پھر یَا جِبْرَائِیْلُ، یَا مِکَائِیل، یا اِسْرَافِیْلُ یَا عِزْرَائِیْلُ، کہیں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور قرآن مجید کو کھول کر اُس کی ہر سطر پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر انگلی پھیرتے رہیں اور بعد میں دو رکعت نفل پڑھیں یہ عمل دس روز کا ہے مگر تین روز میں آثار شروع ہو جاتے ہیں۔ پرہیز مکمل کرنا ہوگا۔

حُب کا ایک خاص عمل

مطلوب، ودود، طالب، اِن تینوں اسماء کے عدد نکال کر جمع کرلیں۔ پھر جمع شدہ رقم سے تیس عدد منہا کر دیں باقی کو چار پر تقسیم کر کے جو حاصل قسمت آئے اس سے نقش پُر کریں۔ اگر کسر ایک آئے تو خانہ تیرہ میں ایک بڑھا دیں۔ اگر کسر دو آئے تو خانہ نو میں ایک بڑھا دیں۔ اگر کسر تین آئے تو خانہ پانچ میں ایک بڑھا دیں جب نقش تیار ہو جائے تو

مطلوب، ودود، طالب، پہلے آخری حرف سے شروع کریں۔

م ط ل و ب ودود ط ا ل ب

ب م ل ل ا و ط ب ودود

د ب و م و ل د ل ب ا ط و

اس طرح سے کرتے رہیں جب پہلی سطر ہو جائے تو ختم کر دیں۔ اور ان کو چاروں طرف لکھتے چلے جائیں اس کے بعد یہ آیت لکھیں۔ "اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ" یہ آیت ایک مرتبہ اور صرف یاودود بیس مرتبہ چاروں طرف لکھ کر بند کر دیں۔ اور کسی چیز میں نقش گھول کر پلائیں۔ مجرب ہے۔

خلقت جوق در جوق آئے

یہ ایک ایسا عمل ہے کہ جس سے خلقت جوق در جوق آئے، اور ہر ایک کا کام بن جائے، اور جس کو جو کہہ دیں وہی اس کا کام ہو جائے، اور جس کام میں ہاتھ ڈالیں پورا ہو جائے، تیرہ روز تک دس ہزار مرتبہ پڑھتے رہیں۔ تیرہ روز میں ایک لاکھ تیس ہزار ہو جائے گا۔ اوّل و آخر ایک ایک تسبیح درود شریف درمیان میں اسم ذیل دس ہزار مرتبہ پڑھیں۔ "یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ" ایک لوٹا پانی کا بھر کر رکھیں اور کہیں فلاں کام میں کامیابی ہو جائے اور اگر گرمی محسوس ہو تو گریبان کھول کر دم کریں کوئی اندیشہ نہ رہے گا۔

عملِ حُب

"یَـــا وَدُوْدُ" ۳۳۳۳ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں گیارہ دنوں تک عمل کریں رُخ

مطلوب کے مکان کی طرف ہو۔ خواہ کسی طرف ہو رُخ لازمی ہے، تجربہ شدہ ہے۔

برائے تسخیر و محبت

"یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ" گیارہ دن گیارہ سیاہ مرچ لے کر ہر ایک دانہ پر ایک ایک تسبیح پڑھ کر دم کریں اور سیاہ مرچ آگ میں ڈالتے رہیں اور تصور مطلوب کا خوب باندھیں۔ کامیابی ہوگی۔ (انشاءاللہ)

برائے حُب

"یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰه تا آخر "شَدِیْدُ الْعَذَاب" پڑھیں جلے دل و جان معہ تین سو ساٹھ رگ و ہفت اندام فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں گیارہ دانہ مرچ سیاہ لے کر ہر دانہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور آگ میں جلادیں۔ نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء شروع کریں۔ گیارہ روز تک "اَلَمْ تَرَ کَیْفَ" پوری سورہ ۱۴۱ مرتبہ مٹھائی پر دم کر کے کھلائیں مقصد ہوگا۔ (انشاءاللہ)



مطلوب گرویدہ ہوگا

سورۂ اخلاص اکیس مرتبہ چھوٹی الائچی پر پڑھ کر کھلائیں۔ کھانے والا گرویدہ ہوگا۔

(انشاءاللہ)

محبت بڑھے اور کدورت دور ہو

مطلوب کے سر کے بال لے کر تین مرتبہ قل یاایھا الکافرون اور سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں۔ اور بوقت شب ان بالوں کو اپنے تکیہ کے نیچے سو جائیں (انشاءاللہ) طالب کی محبت مطلوب میں ضرور اثر کرے گی۔ متواتر سات دن اِس عمل کو کریں۔ مطلوب اور اُس کی ماں کا ذکر کرتے رہیں یہ عمل حُب کے لیے مفید ہے اور دافعِ کدورت ہے۔ مجرب ہے۔

حُب کے لئے سورۂ لہب کا ایک عمل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ مَآ اَغْنٰی عَنْہُ وَمَا کَسَبَ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ" (والحب فلاں بن فلاں علٰی حب بن فلاں حَتّٰی لَایَکُوْنَ لَہٗ قَرَارٌ وَّلَا سُکُوْنٌ وَّلَا شَرَابٌ وَّلَا نَوْمٌ بِغَیْرِ مُحَبَّتِیْ)"وَامْرَاَتُہٗ حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ فِیْ جِیْدِ ھَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ" تمام کاموں سے فراغت حاصل کر کے بھٹہ کی کوری اینٹ کے سات ٹکڑے کر لئے جائیں ہر ایک پر سات سات بار اُو پر والی سورہ پڑھنی ہے۔ جیسے لکھا ہوا ہے۔ پرہیز ضروری ہے اگر وہ آپ کے گھر آ جائے تو عمل جاری رکھیں۔ بارہ دنوں سے پہلے بات نہ کی جائے ورنہ عمل ادھورا رہ جائے گا۔

برائے حُب

اِس طلسم کو لکھ کر فلیتہ بنائیں۔ کورے برتن میں تلوں کے تیل میں ڈال کر پاک جگہ میں روشن کریں۔ اور چراغ کا مُنہ مطلوب کے مکان کی طرف ہو۔ اور نقش کے نیچے فلاں بن فلاا علٰی حب فلاں لکھ دیں جب چراغ گُل ہو جائے تو شیرینی پر فاتحہ حضرت محبوب سبحانی، شاہ عبدالواحد اور شاہ عبدالصمد کی دے کر تقسیم کر دیں۔ مگر اس کو حرام کے لئے نہ کریں ورنہ تاثیر نہ دکھائے گا۔

۷۸۶

۱۱	۸	۸	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

عملِ نادِ علی علیہ السلام برائے حُب

دعائے نادِ علی علیہ السلام سات بار پڑھ کر (طالب و مطلوب بمہ نام والدہ) کھلائیں انشاء اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔

تسخیر و محبت کے لئے

(اوّل و آخر درود شریف حسبِ منشاء) اس کے بعد اکتالیس مرتبہ نادِ علی علیہ السلام کبیر پڑھیں۔ یہی حب ہے یہی تسخیر ہے۔ پہلے ہی کام شروع ہو جائے گا۔ اکتالیس روز کا چلہ ہے پورا کریں۔

ایک فائدہ مند نقش

یہ نقش ایسا ہے کہ! خواہ کسی کے پاس جائیں مدد کرے گا۔ اور سر جھکا کر گرویدہ ہو جائے گا۔ خواہ دشمن ہو یا حاکم ہو یا مطلوب ہو یا ایسا شخص ہو جس سے کام لینا ہو۔

۷۸۶

یا اللہ	یا محمدؐ	یا علیؑ	یا فاطمہؑ
یا حسنؑ	یا حسینؑ	یا علیؑ	یا علیؑ
یا علیؑ	یا علیؑ	یا علیؑ	یا علیؑ
اللہ اکبر	اللہ اکبر	اللہ اکبر	اللہ اکبر

برائے عزت و سر بلندی

اِس نقش کو لکھ کر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھیں اور جس کے سامنے جائیں وہ موم ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ) انتہائی پُر تاثیر نقش ہے۔

۷۸۶

۶۶۱	۶۵۴	۶۵۹
۶۵۶	۶۵۸	۶۶۰
۶۵۷	۶۶۲	۶۵۵

تسخیر کے لئے

اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بعد نماز عشاء تین سو تیرہ مرتبہ آیۂ کریمہ پڑھیں۔

محبت کے لئے ایک مجرب ترین عمل

بعد نماز صبح گیارہ مرتبہ سورہ یٰسین پڑھیں مٹھائی پر دم کریں اسی صورت سے گیارہ روز پڑھیں اور اِس مٹھائی کو اس میں شامل کر دیں کہ پڑھتے وقت تصور پرہیز شرط ہے۔اور بھی ضروری ہے کہ خود اور جگہ پاک و پاکیزہ اور معطر ہو۔

حُبّ و تسخیر اور حلِ مُشکلات کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ٥ "اَصْبَحْتُ فِیْ جَوارِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتِ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ" صبح وشام تین تسبیح یا پانچ تسبیح پڑھیں۔اِس کے بعد روزانہ پڑھنے سے انشاءاللہ روزی بھی ملے اور غیبی امداد بھی اور کوئی شخص راز بتائے جیسے حب و تسخیر کا عمل اور کیمیا گری کا مجرب نسخہ و عمل حلال مشکلات بھی ہے۔

حُبّ و تسخیر

جس شخص کے لئے کرنا ہو تو اس کے نام کے عدد نکال لیں۔اس کے نام کے عدد اسم

یاودود بمعہ نام مطلوب کے بعد نماز عشاء آگ جلا کر اُس کا تصور کر کے پڑھیں۔ اگر آگ کا موقعہ نہ ہو تو چراغ کی لو پر اس کا تصور رکھنا ضروری ہے۔ یہ عمل گیارہ روز کا ورنہ اکیس روز تک کرنا ہو گا۔ ہر شخص آ سکتا ہے درست ہے۔

تسخیر کے لئے گیارہ روزہ عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يَامَنَّانُ اللّٰهُ الصَّمَدُ يَامَنَّانُ لَمْ يَلِدْ يَا كَرِيْمُ وَلَمْ يُوْلَدْ يَارَحِيْمُ وَ لَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَد يَارَحْمٰنُ" دوسو مرتبہ پڑھیں (اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف) بعداز نماز فجر پرہیز افضل ہے۔

نقشِ محبت

اس نقش کو اپنے بازو پر باندھیں حاکم (افسر) جب آپ کی صورت دیکھے گا۔ تو جتنا بھی سنگدل ہو گا موم ہو جائے گا۔

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

سورہ یٰسین کے چند اعمال

جو قرآن شریف کا دل ہے اگر کوئی شخص مبین اول ہی کا عامل ہو جائے تو سلطنت عالم اُس کی نظر میں ہیچ ہے۔ اس سورہ کے مؤکل رحم دِل اور وفادار ہیں۔ ان اعمال کی تعریف سے زبان قاصر ہے۔ سب سے پہلے زکوٰۃ ادا کریں۔ سورہ مذکورہ کو صحیح یاد کر لیں پھر

رجب، شعبان یا محرم الحرام کے مہینے میں علی الصبح دریا پر جا کر غسل کریں اور اور پھر کنارے پر بیٹھ کر تنہا سورہ مذکورہ کی عزیمت کو ایک ہزار بار پڑھیں۔ عزیمت یہ ہے: "عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يٰسِين وَاجِبْرَائِيلُ وَمِيكَائِيلُ فَإِنَّهُ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِخَاتَمِ سُلَيْمَانَ ابْنِ داؤد علیه السلام اَلَّذِيْ سَخَّرَ كُلَّ شَيْءٍ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ سِرًّا وَّجَهْرًا سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ" عزیمت ختم کر کے درود شریف پڑھے اور دریا میں ناف تک پانی میں چلا جائے اور کپڑے الگ کر کے اور چالیس مرتبہ سورہ مذکورہ کی تلاوت کرے۔ کسی قسم کا خوف نہ کرے بلکہ حصار کرے اور دورانِ وظیفہ مکمل سکون رکھیں اور چالیس روز تک اس پر عمل کرے۔ دوران عمل (چلہ) جلالی پرہیز کرے یعنی انڈا، گوشت، لہسن، پیاز، گھی، دودھ کا استعمال قطعاً نہ کریں۔ چلہ ختم ہونے پر اسرار ظاہر ہوں گے اکتالیسویں روز جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور چاروں موکلوں جبرائیلؑ، مکائیلؑ، واسرافیلؑ و عزرائیلؑ کی نیاز دے کر تقسیم کریں۔

برائے حب و تسخیر

دشمن کو مطیع بنانا ہے تو یہ آیہ شریفہ کسی شرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاءاللہ ضرور فائدہ حاصل ہوگا۔ "وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ"

برائے تسخیر و محبت

مندرجہ ذیل آیت کو پاک پانی سے دھو کر پلائیں۔ انشاءاللہ خاطر خواہ نتیجہ نکلے گا اور محبت کے سلسلے میں کامیابی ہوگی۔ (ان شاءاللہ) "اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ٥"

صلح و اتفاق کے لئے

اگر دو ناراض شخصوں کے مابین صلح کرانی ہو تو مندرجہ ذیل آیت ،ان لوگوں پر دم کریں یا دھو کر پلائیں یا کاغذ پر لکھ کر اس پانی کے برتن میں ڈالیں جہاں وہ سب پانی پیتے ہوں آیت یہ ہے۔ "وَجَاءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ سے وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ" تک)۔مجرب ہے۔

حُب کے لئے سورہ الم نشرح کا ایک عمل

پہلے اس سورہ مبارکہ کی زکوٰۃ اس طرح ادا کریں کہ آغاز ماہ میں جمعرات کو عصر کے وقت غسل کر کے اکتالیس بار سورۂ کو ایک ہی مجلس میں پڑھیں اور سات مرتبہ اس کے مؤکل کے نام پڑھیں۔

جو حسب ذیل ہیں۔ ابرما، صبرما، صارصا، صورصا اتنا پڑھ کر ختم کر دیں اور چالیس روز اسی طرح پڑھتے ہیں اور ہر جمعرات کو ایک چھٹانک میدہ گھی ،شکر لا کر حلوہ بنائیں اور پاک برتن میں رکھ کر مولا مشکل حضرت علی مرتضٰی علیہ السلام کی نیاز دے کر خود کھالیں دوسرے کو نہ دیں۔ چلہ ختم ہونے پر زکوۃ ہوگئی۔ اس کے بعد چالیس بار روزانہ جس وقت چاہیں پڑھتے رہیں۔ جب تسخیر مطلوب ہو تو باغ میں جا کر دو یا تین موسمی پھول کی کلیوں پر چالیس مرتبہ سورہ مذکورہ بمعہ اسماء موکل پڑھ کر دم کریں ۔اسی طرح تین دن عمل کریں۔ اب یہ کلیاں پھول کی شکل اختیار کریں گی چوتھے روز ان کو توڑ کر پھر اسی قدر پڑھ کر ان پھولوں پر دم کریں اور مطلوب تک پہنچادیں۔ جب سونگھے گا حاضر ہوگا۔

حب کے لیے ایک بے خطا عمل

زوال آفتاب کے وقت پورے یقین کے ساتھ مندرجہ ذیل دعا بائیس (۲۲) مرتبہ

تین روز تک پڑھیں۔ مطلوب مطیع ہوگا (انشاءاللہ)

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَاَنَا الْمَقْدُوْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَقْدُوْرَ اِلَّا الْقَادِرُ یَا رَبِّ یَا رَبِّ"۔

برائے تسخیر

آیت ذیل کوخوشبو دار تیل پر دار مرتبہ دم کر کے اپنے منہ پر مل کر جس کے سامنے جائیں مہربانی اور عزت سے پیش آئے گا۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ فلاں بن فلاں مِنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ"۔

محبت کے لیے

شام کے وقت سات مرتبہ سورہ الم نشرح نمک کی ڈالی پر پڑھ کر آگ میں ڈالیں مطلوب محبت کرنے لگے گا۔ مجرب ہے۔

برائے حب

آغاز ماہ میں پہلی تاریخ کو غسل کر کے تنہائی میں بیٹھ کر اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر کالی مرچ ۱۴۱ عدد لے کر ایک ایک دانہ پر بطریق ذیل کلمہ طیبہ پڑھیں اور ایک ایک دانہ پر پڑھ کر جلایا جائے۔ ایک ہفتہ کافی ہے مگر عمل پورا چلہ کرنا ہے۔

"لَآ اِلٰهَ الیاس اِلَّا اللّٰهُ ملاس مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" فلاں بن فلاں کو چین نہ دلیں" مجرب ہے۔

عمل برائے تسخیر لاثانی

اگر کسی کو مہربان کرنا مقصود ہو تو آیہ ذیل کا تعویذ بنا کر اوپر سیاہی لگا دیں اور پھر موم

جامہ چاروں طرف لگا کر منہ میں زبان کے نیچے رکھیں اور جس کو تسخیر کرنا ہو اس کے سامنے جائیں مہربان ہو جائے گا۔ یا اس کے اعداد نکال کر نقش مربع پر کریں اور مطلوب کو پلائیں تو وہ مطیع ہوگا۔ ایک نقش اپنے پاس رکھیں لوگوں میں محبوب ہوگا۔ آیت نقش یہ ہے:

"وَتَمَّتْ كَلِمَاتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ"۔

۷۸۶

۷۲۶	۷۲۹	۷۳۲	۷۱۹
۷۳۱	۷۲۰	۷۲۵	۷۳۰
۷۲۱	۷۳۴	۲۷۲	۷۲۴
۷۲۸	۷۲۳	۷۲۲	۷۳۳

افسر مہربان ہو جائے

کسی حاکم (افسر) کو مہربان کرنے کے لیے جمعرات کو خوشبودار تیل لے کر آیت مندرجہ ذیل کو اس پر چالیس مرتبہ دم کریں۔ آئندہ جمعرات تک جب کہیں جانا ہو تو تھوڑا سا تیل منہ پر مل کر چلا جائے حاکم عزت سے پیش آئے گا اور مہربان ہوگا۔ مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا وَدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُنِيْرًا وَّبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا وَلَا تُطِعِ الْكَافِرُوْنَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَدَعْ اَذَاهُمْ وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا۔

برائے دوستی

آیت ذیل کو معہ اسماء چالیس روز تک ایک ہزار بار روزانہ پڑھیں اور چلہ ختم کر کے یہ آیت پھولوں پر دم کر کے سنگھائیں یا مٹھائی پر دم کر کے کھلائیں، دوستی ہو جائے گی۔آیت یہ ہے:

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ يَا رَفِيْقُ يَا رَفِيْقُ يَا شَفِيْقُ نَجِّنِىْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ۔

عمل سورہ فاتحہ

شروع ماہ میں نوچند اتوار کے جمعرات کو غسل کر کے صاف لباس پہنیں، خوشبویات، بخورات حسب توفیق مہیا کریں اور آدھی رات کو دوروغنی روٹی خود پکائیں اور ان کے اوپر دو لڈو رکھیں، پھولوں کا ہار اور عطر بھی رکھیں اور سب کو لے کر دریا کے کنارے اسی جگہ پر جائیں جہاں انسان کی آواز مخل نہ ہو پھر سورہ یٰسین شریف اور آیت الکرسی پڑھ کر اپنے چاروں طرف حصار کھینچ لے اور حصار کے اندر سب سامان رکھ کر بیٹھ جائیں، بخور جلائیں اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ فاتح ترکیب مذکورہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اگر کوئی صورت نظر آئے تو خوف نہ کھائیں اگر مانگے تو بغیر بولے یا وظیفہ چھوڑے کچھ دے دیں۔ انشاء اللہ آٹھویں روز چار حسین و جمیل عورتیں آ کر راز و نیاز کی باتیں کریں گی، لیکن تاختم وظیفہ کوئی گفتگو نہ کریں۔ عمل پڑھ کر بات چیت کریں اور جو مقصود ہو ان سے کہے زندگی بھر اس کو وہ پہنچاتی رہیں گی۔ اگر ایک ہفتہ نہ آئیں دوسرے ہفتہ ظاہر ہوں گی، اگر ظاہر نہ ہوں تو چودہ، اکیس چالیس روز میں کسی وقت ضرور آئیں گی۔ ترکِ حیوانات ولذات ضروری ہیں۔ سورہ الحمد یوں پڑھیں: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَؤُوْفُ يَا عَطُوْفُ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنَ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ اول و آخر




درود شریف 11/11 مرتبہ ایک ہزار مرتبہ ہر روز پڑھیں۔ مجرب ہے۔

مطلوب طالب ہو جائے

بنولے کے اکیس (۲۱) دانے لا کر ہر دانے پر ایک بار ''قل اعوذ برب الناس'' مکمل پڑھ کر دم کریں اور ایک ایک کر کے آگ میں جلا دیں اور مطلوب کا نام لیتے جائیں اور دوران عمل دل میں مطلوب کا خیال رکھیں۔ یہ عمل جمعہ کے روز آفتاب نکلنے سے پہلے غسل بھی ضرور کر لینا چاہیے۔ اسی روز مطلوب طالب ہو جائے گا۔

محبت کے لیے

''یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ'' دو ہزار بار ہر روز پڑھا کریں، مقبول خلائق ہو گا۔ (انشاءاللہ)

مطلوب زنجیریں توڑ کر بھی حاضر ہو

اس نقش کو لکھ کر جلتے ہوئے تنور میں ڈال دیں تو مطلوب خود بخود حاضر ہو گا لیکن نیت حرام کی نہ کریں۔ اس نقش کی زکوۃ یہ ہے کہ اکتالیس دن تک ۴۱ نقش لکھ کر آگ میں جلا دیں اور راکھ دریا میں ڈال دیا کریں یہ اکثر بزرگوں کی قلمی کتب میں پایا گیا ہے۔ اگر دو ہزار کوس پر مطلوب زنجیروں میں جکڑا ہوا ہو تو وہ دیوانہ ہو کر زنجیر توڑ کر لکھنے والے کے پاس آئے گا۔

۷۸۶

م	ح	ب	ط	ا	ل
ب	ش	و	و	ر	ح
ق	ی	ا	ع	ز	ی
ذ	ب	ح	ق	ی	ل
ط	ی	ف	فلاں بن فلاں	علی حب فلاں	بن فلاں
	×	×	×	×	×

مطلوب بے چین ہو کر حاضر ہو

یہ نقش ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھیں مطلوب حاضر ہو گا۔ کیا کمال کا نقش ہے۔ (سبحان اللہ)


۷۸۶

۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱

حاکم مہربان ہو

اس نقش کو اپنے پاس رکھیں اگر حاکم کے پاس جائیں تو حاکم مہربانی کرے گا۔

نقش بنائیں



عمل حب

شب جمعہ عروج ماہ سے شروع کریں، ہر روز چالیس مرتبہ چار روز تک درج ذیل کلام

پڑھیں تصور مضبوط ہو، گوشت نہ کھائیں، انتہائی اثر انگیز عمل ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحرمت جبرائیلؑ ومیکائیلؑ واسرافیلؑ وتورات موسیٰؑ وزبور داؤدؑ وانجیل موسیٰؑ وفرقان محمدﷺ۔

مطلوب کی فوری حاضری کے لیے ایک زود اثر عمل

کوئی شخص چالیس روز بعد نماز پنج گانہ سورۃ اللیل کو ایک دانہ فلفل سفید پر پڑھ کر جلا دے۔ مطلوب جہاں کہیں بھی ہوگا۔ اپنے طالب کے پاس پہنچے گا۔ (انشاءاللہ)

نقش محبت

جب میں روحانی علوم کا متلاشی تھا یعنی زمانہ طالب علمی میں میری ملاقات ایک بزرگ سے ہوئی، سفید ریش والے بابا جی، بہت مسکراتا، شفیق چہرہ اپنے اندر ایک خاص جاذبیت رکھتا تھا۔ ان کا نام ''بابا محمد حسین'' تھا آپ نے مجھے چند آزمودہ نقوش اور عملیات بتائے۔ ان میں سے ایک نقش (جو کہ محبت کے لیے بیحد مفید ہے) یہ بھی ہے۔ بابا جی نے کہا تھا کہ اس نقش کو لکھ کر مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر کورے چراغ میں جلا دیں۔ سات روز کے اندر اندر مطلوب حاضر ہوگا۔ (انشاءاللہ) نقش یہ ہے:

طو	طو	طو	طو	طو	طو	طو
طو	طو	طو	طو	طو	طو	طو
طو	طو	طو	طو	طو	طو	طو
طو	طو	طو	طو	طو	طو	طو

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل العجل العجل

العجل العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ

الساعۃ الزمان الزمان الزماں

جانی دشمن جانی دوست بن جائے

سورہ زلزال کو بنولہ پر اکیس مرتبہ اس طرح دم کریں کہ! ایک دانہ پر ایک بار دم کریں۔ ہر بار سورۂ ختم کر کے دم کرنے کے ساتھ کہیں فلاں بن فلاں میری محبت میں جلاہ ہو اور ہر بار بمعہ بسم اللہ کے تلاوت کریں۔ ایک ایک بنولے کو جبکہ اس پر دم کر کے آگ میں ڈال دیں۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے اکیس دن کے اندر اندر روزانہ اسی طرح کرنے پر دشمن جانی بھی محب جانی بن جائے گا اور حاضر ہو کر عاجزی کرے گا۔ یہ نقش اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶

۱۶	۲۲	۳۲	ب
۳۰	د	۱۴	۲۱
د	۳۶	۱	۱۲
۲۰	۱۰	ح	۳۴

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے تسخیر و محبت

یہ نقش بھی بابا محمد حسین صاحب کا عطا کردہ ہے۔ اس کو مشک زعفران سے لکھ کر پانی یا شربت میں ملا کر مطلوب کو پلائیں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

۷۸۶

م	م	م
م	م	م
م	ع وھ	م
م	م	م
م	م	م

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

میاں بیوی کی ناراضگی ختم کرنے کے لیے

جو شخص اپنی بیوی سے ناراض ہو گیا ہو یا بیوی خاوند کو ملنے سے راضی نہ ہو تو چاہیے کہ جب شوہر اپنی بیوی کے سامنے جائے تو وہ "یَـا وَلِیُ" کو پڑھتا جائے پھر امید ہے کہ بیوی زیادہ محبت کرے گی اور کسی قسم کی ناراضگی کا اظہار نہ کرے گی۔ اسی طرح بیوی اپنے شوہر کے لیے کر سکتی ہے۔

خلق خدا کو مسخر کرنے کے اعمال و وظائف

"مجموعہ مجرب عملیات" میں لکھا ہے کہ ادائے زکوۃ کے خیال سے کسی تنہا مکان میں پاک وصاف ہو کر مخصوص لباس پہنے ہوئے اول وآخر درود شریف کی ایک تسبیح کے ساتھ ہر روز چھ ہزار تین سو دفعہ "اللہ الصمد" بیس دن تک یہی عمل جاری رکھیں۔ اس کے بعد ایک سو اکسٹھ دفعہ روزانہ ورد کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ جس طرف نظر اٹھا کر دیکھیں گے۔ وہ مطیع ہو جائے گا اور جو کچھ اس سے چاہو گے وہ بخوشی قبول کرے گا۔




ہر شخص مطیع و منقاد ہو

ادائے زکوٰۃ کے طور پر حیوانات جلالی و جمالی کو ترک کریں۔ پھر چالیس دن میں اسم مبارک ''اللہ الصمد'' اول و آخر درود شریف کے ساتھ سوا لاکھ دفعہ پڑھیں اور محض حصول رضائے الٰہی کے لیے اس کا ثواب تمام انبیائے کرام علیہم السلام کی نذر کر دیں۔ پھر اگلے چالیس روز میں سوا لاکھ پڑھ کر اس کا ثواب حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح اقدس کو بخش دیں۔ اس کے بعد اگلے چالیس روز میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر سپرد خدا کر دیں۔ پھر جتنی توفیق ہو۔ چند محتاجوں کو کھانا کھلائیں۔ اس کے بعد ہر روز جس وقت چاہیں، بلاناغہ ایک سو اکسٹھ دفعہ ورد کرتے رہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ جس کی طرف آنکھ اٹھائیں گے وہ تابع ہو جائے گا اور چوں و چرا کے بغیر آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا۔

نوٹ: دنوں کی تعداد سے گھبرانا نہیں چاہیے عامل کو اجازت ہے کہ وہ تین دن سے لے کر چالیس دن کی معیاد کے اندر اندر جتنے دنوں میں چاہے سوا چھ لاکھ کی تعداد میں پورا کر دے۔ اور حسب ہدایت مذکور ثواب بخشا جائے۔ مطلب زکوٰۃ پوری کرنے سے خواہ کتنے دنوں میں پوری کی جائے۔

رجال الغیب کی زیارت نصیب ہو

اگر کوئی شخص رجال الغیب سے ملاقات کر کے ان سے امداد طلب کرنے کا آرزومند ہو تو اسے چاہیے کہ پاک و صاف ہو کر ملاقات رجال الغیب کا خیال کرتے ہوئے ہر روز ایک سو اکسٹھ دفعہ ''اللہ الصمد'' کا ورد کرے اور عمل کرتے وقت لوہے کی چھری سامنے گاڑ دے۔ بفضلہٖ تعالیٰ چالیس دن کے اندر ہی اسے رجال الغیب کی ملاقات نصیب ہو گی۔ اور حسب منشاء امداد آئے گی۔ اگر ایک سو اکسٹھ دفعہ کی بجائے چھ سو دفعہ ہر روز ورد کریں گے تو

بہت جلد اثر ہوگا اور کامیاب ہو جائیں گے۔ عقیدت کی شرط لازم ہے۔

بندگان خدا مسخر ہوں

ادائے زکوۃ کے لیے حیوانات جلالی و جمالی ترک کریں اور اسم مبارک ''یا مؤخر'' کا ورد چالیس دن میں سوا لاکھ مرتبہ ختم کر چکیں۔ چمڑے کے ڈول کا پانی نہ پیئیں کسی دوسرے سے اپنا کام نہ کروائیں، جوں تک نہ ماریں، چلہ ختم کر چکیں تو ہر روز ایک تسبیح کر لیا کریں۔ خدا کے فضل سے بندگان الہٰی مسخر ہو جائیں گے۔

تمام مخلوق مطیع و فرمانبردار ہوں

ہر روز چالیس دفعہ (اول و آخر) جتنی دفعہ چاہیں درود شریف کے ساتھ حسب ذیل آیت پڑھیں اور عمل ہمیشہ جاری رکھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ لوگ تابع فرمان ہوں گے اور نہ صرف لوگ ہی بلکہ پرندے چرندے تک مطیع و فرمانبردار ہو جائیں گے۔ آیت ''قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ''۔ (آل عمران رکوع ۴)

لوگ مطیع ہوں گے

اگر کوئی شخص ساعت سعید میں حسب ذیل نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو بندگان خدا اس کے مطیع ہوں گے۔ رزق کی فراخی نصیب ہوگی، تمام حاجتیں پوری ہو جائیں گی، کسی کام میں رکاوٹ نہیں ہوگی۔ نقش یہ ہے: یا عمشا العظمۃ للہ یا سلطان یا اللہ معصھا یا الباس سا باسطر۔

تمام مخلوقات تابع ہو

پہلے تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ" پھر سورہ یٰسین پڑھنا شروع کردیں۔ جب پہلے "مبین" پر پہنچیں تو سورت کو پھر ابتداء سے شروع کریں۔ جب دوسرے مبین پر پہنچیں تو پھر سورت کو شروع سے تلاوت کریں۔ اسی طرح جب ساتویں مبین پر پہنچے تو پھر سورت کو آغاز سے تلاوت کر کے ختم کردیں۔ اس کے بعد تین دفعہ مذکورہ بالا درود شریف پڑھیں اور گیارہ روز کے اندر ہی اثر ظاہر ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص اس عمل کو اپنا روزانہ کا معمول بنالے تو انسان، حیوان، جن غرضیکہ ساری مخلوقات تابع فرمان ہو جائے گی اور وہ اس سے جو چاہے کام کر سکتا ہے۔

مؤکل حاضر ہو کر فرمانبرداری کریں گے

زکوۃ ادا کرنے کے ارادے سے اول ترک حیوانات جمالی وجلالی کریں۔ پھر کسی تنہا مکان میں معینہ وقت پر خاص رسمی لباس میں چار لاکھ اسی ہزار دفعہ یہ عمل پڑھیں "اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ" مدت کی کوئی قید نہیں جتنے دنوں میں تعداد پوری ہو سکے کرلیں۔ لیکن جتنی دفعہ پہلے روز کی مقدار سے کم ہرگز نہیں پڑھنا چاہیے۔ زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ زکوۃ پوری ہو چکے تو ہر روز چھ سو تین دفعہ بلا ناغہ پڑھیں۔ بفضلہ تعالیٰ مؤکل حاضر ہو کر فرمانبرداری کریں گے۔ مگر یہ امر ذہن نشین رہے بلکہ تسخیر کے تمام وظائف و اعمال میں مؤکلوں سے کوئی ناجائز کام لینے کو ہرگز نہ کہا جائے ورنہ فائدے کی بجائے الٹا نقصان ہوگا۔ بلکہ ہلاکت کے خوف اور دوزخ کے داخلہ کا خطرہ یقینی ہے۔

وہ بحر و بر کو بھی تسخیر کرے گا

اگر کوئی شخص مندرجہ بالا طریق پر زکوۃ ادا کرنے کے بعد ستر دفعہ "اللہ الصمد" مٹی کے خشک ڈھیلے پر پڑھ کر اسے دریا میں پھینک دے گا تو دریا سوکھ جائے گا۔ اگر یہ اسم

مبارک اکیس دفعہ پڑھ کر بند دریا پر دم کیا جائے تو وہ جاری ہو جائے گا۔ اگر زمین پر ایک دائرہ بنالیا جائے اور سو دفعہ پڑھ کر اس پر دم کیا جائے تو عامل کے لیے زمین بہت چھوٹی ہو جائے گی اور جس جگہ جانا چاہے گا آن کی آن میں پہنچ جائے گا۔ خواہ وہ وہاں سے ہزار میل دور ہو۔ اگر کوئی شخص مذکورہ بالا طریق پر زکوۃ ادا کرنے کے بعد اس نقش کو لکھ کر اپنی ران پر باندھ لے تو چشم زدن میں ہزاروں کوس دور جا پہنچے گا اور بالکل نہیں تھکے گا۔ وہ بحر و بر کو تسخیر کرے گا اور زمین اور سمندروں سے جو کام چاہے گا لے سکے گا، وہ نقش مبارک یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۱	۱۸	۱
۱۹	۲	۷	۱۳
۳	۱۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	مطلب

یَا بُدُّوْحُ کا نقش و عمل خاص

عروج ماہ میں جس وقت قمر برج شرف میں ہو۔ اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھنا شروع کر دیں۔ پیر یا بدھ کا دن ہونا چاہیے۔ ہر روز اکیس نقش لکھ کر کسی دریا میں ڈال دیں نہ لوٹتے وقت پیچھے مڑ کر دیکھیں نہ جاتے ہوئے کسی سے بات کریں۔ نقش لکھنے سے پہلے تین دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھ لیں اور حسب معمول اپنے کام میں مشغول ہو جائیں۔ چالیس روز تک یہی عمل کریں۔ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ پھر جس مطلب کے لیے یہ تعویذ لکھ کر دیں گے پورا ہوگا۔ آزمودہ ہے۔ زکوۃ ادا کر چکنے کے بعد ہرن کے داہنے شانے کی جھلی پر تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ صرف ناپاکی کے وقت جسم سے علیحدہ کریں۔ ہمیشہ صاف و پاکیزہ رہیں۔

یا بُدُّوحُ　　۷۸۶　　یا بُدُّوحُ

ب	د	و	ح
۹	۶	۳	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

یا بُدُّوحُ　　یا بُدُّوحُ

حاکم وقت مسخر و منقاد ہو

اگر کسی خاص شخص مثلاً حاکم وغیرہ کو مطیع و مسخر کرنا چاہیں تو گیہوں کے ہزار دانے لے کر دھو ڈالیں اور کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ پھر عروج ماہ میں کسی روز صبح اٹھ کر نہائیں اور وہی دانے لے کر بیٹھ جائیں۔ پھر خلوص قلب سے مطلوبہ شخص کی شکل تصور میں کر کے ایک دفعہ "یَارَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَرَاحِمَہٗ یَارَحْمٰنُ" پڑھ کر ایک دانے پر دم کر کے جائیں حتیٰ کہ تمام دانے ختم ہو جائیں پھر یہ دانے نہایت احتیاط سے کسی محفوظ مقام پر رکھ دیں۔ دوسرے روز پھر اسی طرح نہا دھو کر بیٹھ جائیں اور دانوں پر دم کریں۔ تیسرے دن بھی یہی عمل کریں۔ تصور لازم ہے۔ ورد مذکورہ کے پہلے اور بعد میں کوئی سا درود شریف بھی پڑھیں۔ تین روز کے بعد وہ سب دانے لے کر مٹی کے کسی کورے اور پاک برتن میں بند کر دیں اور پاک پانی ڈال دیں۔ پھر وہ برتن میں بند کریں اور پاک پانی ڈال کر جوش دیں۔ پھر وہ برتن مع دانوں اور سرپوش کے بند کا بند بے آباد کنویں میں پھینک دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ حاکم مسخر و منقاد ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔

افسر مہربان ہو جائے

اگر کسی ظالم و جابر افسر کے پاس جانے کی ضرورت پیش آئے اور اسے مہربان کرنا چاہو تو اس کے روبرو جاتے وقت حروف تہجی کو بالترتیب دل میں پڑھ کر افسر کی طرف دم کر دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ آپ پر مہربانی کرے گا۔

سب لوگ محبت سے پیش آئیں

اگر آپ کی خواہش ہو کہ ساری مخلوقات آپ کی تعظیم و تکریم کرے اور مروت سے پیش آئے تو گیارہ مرتبہ روزانہ حسب ذیل عمل کسی معینہ وقت میں پاک وصاف ہو کر خلوص دل سے پڑھ لیا کریں۔ پہلے تین دفعہ کوئی سا درود شریف پھر تین دفعہ "قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۝ بعدازاں لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پھر پانچ دفعہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَ بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ"۔ اسی ترتیب سے فجر، عصر یا عشاء میں سے کسی نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ کل مخلوقات مطیع و منقاد ہو جائے گا اور جو حکم دیں گے۔ اس کی تعمیل کریں گے۔

حاکم یا مطلوب مسخر ہوگا۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ فلاں (اپنا اپنا نام لو) وَبَيْنَ الَّذِيْنَ (یہاں کل مخلوقات کو پیش نظر رکھیں) عَادَيْتُمْ فلاں یہاں اگر کسی خاص آدمی کو مسخر کرنا ہو تو اس کا نام لو مِنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۝ یہ عمل مبارک دو طریق پر کیا جاتا ہے۔

پہلے اس کی زکوۃ ادا کریں۔ایک چلہ میں کسی مقررہ وقت پر بیٹھ کر اول وآ خر درود شریف کے ساتھ مذکورہ بالا آیات خلوص قلب سے ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھیں۔ پھر جب حسب استطاعت نیاز و چلہ کے بعد کم سے کم اکیس دفعہ ہر روز پڑھ لیا کریں۔عمل پر پورا پورا قابو ہو جائے گا۔اب اگر کسی خاص آدمی کو مسخر کرنا چاہو تو یہ آیت کسی عطر یا خوشبو دار تیل پر ایک دفعہ پڑھ کر دم کریں اور وہ عطر یا تیل اپنے چہرے پر مل کر افسر یا مطلوب کے سامنے چلے جائیں۔دم کرنے کے دوران میں مذکورہ ہدایت کے مطابق ضرورت کے مقام پر اس کا اپنا نام لیں۔حاکم یا مطلوب مسخر ہو جائے گا۔اور نہایت اچھا سلوک کرے گا۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ! عروج ماہ میں کسی مقررہ وقت پر خلوص قلب سے مطلوبہ شخص کا تصور کرتے ہوئے ہر روز بلا ناغہ اول وآ خر درود شریف کی ایک بار تسبیح کے ساتھ مذکورہ آیت کی تلاوت کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر مطلوب قابو میں آ جائے گا۔لیکن اس ترکیب سے اس کے مطیع ہو جانے کے بعد اگر کسی شخص کو مسخر کرنا منظور ہوگا پھر اسے ایک ہفتہ کرنا پڑے گا۔ کیونکہ عمل کی زکوۃ روزانہ ہونے کی وجہ سے عمل پر قابو نہیں رہتا اور ہر مرتبہ نئے سرے سے محنت کرنی پڑتی ہے۔لہٰذا پہلا ہی طریقہ اچھا ہے کہ ایک بار محنت کر لی اور ہمیشہ کے لیے اس سے فائدہ حاصل کرتے رہیں۔

حب کے لیے ایک نقش اور عمل خاص

ساعتِ مشتری میں وضو کریں پھر اپنے اور اپنی والدہ کے ناموں کے عدد بہ طریق ابجد نکال کر سب جمع کریں۔اس کے بعد "سَلَامٌ قَوْلاً مِّن رَّبِّ رَّحِیْم" کے اعداد نکال کر سب کو جمع کریں بعد ازاں اعداد کا پہلا اور دوسرا مجموعہ جمع کر لیں اور حسبِ ذیل طریقہ پر نقش مربع پر کریں۔بعض ضرورت کے مطابق حاصل شدہ اعداد اس نقش کے برابر پر اس

ترکیب سے بڑھائیں کہ کل اعداد ختم ہو جائیں۔ پھر یہ نقش کسی سونے کی تختی پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھیں۔

۷۸۶

۲۰۴	۲۰۷	۲۱۰	۱۹۷
۲۰۹	۱۹۸	۲۰۳	۲۰۸
۱۹۹	۲۱۲	۲۰۵	۲۰۲
۲۰۶	۲۰۱	۲۰۰	۲۱۱

تسخیر کے لیے ایک خاص انگوٹھی

آفتاب کے برج شرف میں ہونے کی حالت میں کوئی ساعت سعید دیکھ کر (بہترین ساعت شمس ہی ہے) اتوار کو سورج چڑھنے کے ساتھ ہی حسب ذیل طلسمی حروف کو شیر، ہرن کی کھال پر تحریر کر کے انگوٹھی میں نگینے کے نیچے رکھیں اور انگوٹھی ہاتھ میں پہن لیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ جس شخص کی نظر انگوٹھی پر پڑے گی وہ مطیع و مسخر ہو جائے گا اور آپ کے ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔ طلسمی حروف ''ا ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ لا''۔

نقش تسخیر

جب قمر زائد النور اور شمس و قمر دونوں برج شرف میں ہوں۔ نیز زہرہ و مشتری کی نظر تثلیث ہو تو پوری طرح پاک و صاف ہو کر حسب ذیل نقش جو یہ آ کریمہ ''اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ'' کا سونے کی مربع تختی پر لکھیں اور اس کی پشت پر اپنا نام، اپنی والدہ کا، مطلوبہ شخص کا نام کندہ کریں اور تختی کو حفاظت سے اپنے پاس رکھیں۔ یاد رکھو کہ! نقش کندہ کرتے وقت نہ کوئی چیز منہ میں رکھنی چاہیے اور نہ کسی سے بات ہی کرنی چاہیے۔

۷۸۶

۲۲۲	۲۳۶	۲۳۳	۲۲۹
۲۳۴	۲۲۸	۲۲۳	۲۳۵
۲۲۷	۲۳۱	۲۳۸	۲۲۴
۲۳۷	۲۲۵	۲۲۶	۲۳۲

ظالم و جابر افسر کو مسخر کرنا

اگر کسی سنگدل، ظالم اور جابر افسر کے سامنے جانا ہو یا اسے مطیع و مسخر کرنا ہو تو اس کے رو برو جانے سے پہلے حسب ذیل اسمائے شریف سات مرتبہ پڑھ کر سات ہی دفعہ اپنے اوپر دم کریں۔ پھر اس کے سامنے چلے جائیں وہ مسخر ہو کر مہربانی کا برتاؤ کرے گا۔ ''اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یَا اِلٰهَ الْاَوَّلِیْنَ'' ہر کہ مابد گوید زبانش بند شود وَ ضَرَبْتُ عَلَیْهِمْ عصائے موسیٰ علیہ السلام بر جگر او وآرہ حضرت زکریا علیہ السلام بر تن او۔ و کرم حضرت ایوب علیہ السلام در دہن او۔ و مہر حضرت سلیمان علیہ السلام بر زبان او۔ و رجال الغیب بر جان او و قہر خدا بر آن مقہور بحق ''یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ''۔

مخلوقات مسخر ہو

عروج ماہ میں جمعرات کے روز جب قمر برج شرف میں ہو۔ ایک چاندی کی تختی پر حسب ذیل آیت کے اعداد بطریق ابجد نکال کر ۱۶ پر تقسیم کریں اور مندرجہ ذیل نقش میں وہ اعداد ملا دیں وہ آیت یہ ہے: ''سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ'' پھر وہ تختی اپنے داہنے بازو پر باندھیں۔ مخلوقات مسخر ہو گی۔ جس کے سامنے جائیں گے وہ نہایت عزت اور تعظیم سے پیش آ کر

حسب دل خواہ آپ کا کام کر دے گا۔ یہ عمل ذہن نشین رہے کہ عمل کے دوران میں کوئی خوشبودار چیز سلگانا ضروری ہے۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۲۰۶	۳۲۰۹	۳۲۱۲	۳۱۹۹
۳۲۱۱	۳۲۰۰	۳۲۰۵	۳۲۱۰
۳۲۰۱	۳۲۱۴	۲۳۰۷	۳۲۰۴
۳۲۰۸	۳۲۰۳	۳۲۰۲	۳۲۱۳

کوئی درندہ بھی نظر اٹھا کر نہ دیکھ سکے

پہلے ترک حیوانات جلالی و جمالی کریں۔ پھر کسی مہینے کے شروع میں پیر کے دن سے ادائے زکوۃ کی نیت کرتے ہوئے مقرر جگہ، مقررہ وقت میں مخصوص لباس پہن کر آیۂ کریمہ ''سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ٥ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ٥ (سورہ یٰسین ۵۸) تک سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں اور پورے اکتالیس دن میں چلہ ختم کریں۔ ادائے زکوۃ کا عمل پورا ہو جائے گا۔ اس کے بعد ہر روز ایک تسبیح پڑھ لیا کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ کل مخلوقات مسخر ہو جائے گی۔

اگر سات دفعہ پڑھ کر کسی سنگدل یا جابر افسر یا شخص کی طرف دم کریں گے تو وہ تابع فرمان ہو جائے گا اور آپ کی خواہش کے مطابق کام کرے گا۔ اگر آپ اس عمل کے بعد کسی ایسے جنگل میں سے جہاں شیر اور دوسرے درندے بکثرت ہوں، غیر مسلح گزریں گے تو کوئی درندہ آپ کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا۔ بلکہ حتی الوسع وہ آپ کی امداد کریں گے۔

تسخیر خلائق میسر آئے گی

عروج ماہ میں جمعرات کے روز روزہ رکھیں اور کھیر پکائیں۔شام کو نہا دھو کر پاک و صاف ہو کر، سفید کپڑے پہنیں اور خوشبو لگا کر روزہ کھولیں پھر کسی تنہا مکان میں بخور اور وہ خوشبو جو کسی کے جلانے سے نکلے، جلائیں اور تین رکابیوں میں کھیر ڈال کر اپنے آگے رکھیں۔ پہلی رکابی عمل کے مؤکل کے نام کی۔ دوسری حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک کی۔ تیسری جناب سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کے نام کی مقرر کریں پھر ان رکابیوں پر "یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا عَلِیُّ یَا وَلِیُّ یَا غَنِیُّ" بارہ سو دفعہ پڑھ کر دم کریں اور پہلی دو رکابیاں مسجد میں بھیج دیں۔ تیسری رکابی جو حضرت فاطمۃ الزاہر علیہا السلام کے نام کی ہے۔ وہ بچیوں کو کھلا دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ ایک ہی رات میں مقصد حل ہو جائے گا۔ اگر قیدی کے لیے عمل کیا جائے تو وہ رہا کر دیا جائے گا۔ اگر آپ کسی مقدمہ میں الجھے ہوئے ہیں تو بری کر دیئے جائیں گے۔ ظالم یا جابر افسر مہربانی سے پیش آ کر آپ کا قصور معاف کر دے گا، نئے سرے سے روزگار مل جائے گا، کھوئی ہوئی ملازمت بحال ہو جائے گی۔ مطلوبہ شخص مطیع و منقاد ہو کر آپ کی مرضی کے مطابق کام کرے گا، غرض افسروں کو مسخر اور عوام کی حاجت پوری کرنے کے لیے یہ عمل بہترین ہے۔

اگر بالفرض پہلے روز مقصد حاصل نہ ہو تو دوسرے روز بھی یہی عمل کریں۔ مگر کھیر دودھ کے بغیر پکائیں اور روزہ رکھیں ۔ اگر دوسرے روز بھی کام نہ بنے تو تیسرے روز بدستور عمل کریں۔ لیکن نہ روزہ رکھیں نہ ہی کھیر پکائیں۔ اگر خدانخواستہ پھر مراد بر نہ آئے تو کھیر پکانے اور روزہ رکھنے کے بغیر بارہ روز تک یہی عمل جاری رکھیں ۔ بفضلہٖ تعالیٰ آپ کا مدعا پورا ہو گا بلکہ آپ عامل بن جائیں گے اور تسخیر خلائق میسر آئے گی۔ ادائے زکوۃ کے بعد تیرھویں روز استطاعت کے مطابق کچھ نیاز دے

دیں اور ہر روز مذکورہ اسمائے مبارکہ کی ایک تسبیح کرتے رہیں۔ عمل پر قابو حاصل ہو جائے گا۔ پھر اسے ایک دفعہ پڑھ کر جس کی طرف دم کریں گے وہ مسخر ہو جائے گا۔ ترک حیوانات لازم ہے۔

ہر شخص آپ کی تعظیم کرے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ ساری مخلوقات کو تسخیر کر لیں اور ہر شخص آپ کی تعظیم وتکریم کرے تو پوری طرح پاک وصاف ہو کر ساعت سعید میں حسب ذیل نقش پر کریں اور لوبان کی دھونی دے کر بازو پر باندھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یاجرائیل ۷۸۶ یامیکائیل

یاحنان	۶۲۹۶	۶۲۹۱	۲۱۹۸
یامنان	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یادیان	۶۲۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۴
یادیان	علیقا	علیقا	ملیقا

عزرائیل یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ اسرافیل

مخلوقات مسخر ہو

اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پُر کر کے پاس رکھے گا، تو مخلوقات مسخر ہو جائے گی (انشاءاللہ) مجرب ہے۔

۷۸۶

۴۰۳	۴۰۸	۴۱۱	۳۹۶
۴۱۰	۳۹۷	۴۰۲	۴۰۹
۳۹۸	۴۱۳	۴۰۲	۴۰۱
۴۰۷	۴۰۰	۳۹۹	۴۱۲

تمام مخلوقات عزت و محبت کی نظر سے دیکھے گی

"سَلَامٌ قَوْلاً مِنْ رَّبٍ رَّحِیْمٍ o" "سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ o" "سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهَارُوْنَ o" "سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ o" "سَلَامٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجر سَلَامٌ عَلَیکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِیْنَ o" جو شخص اوّل و آخر گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ ایک سو ایک دفعہ مذکورہ بالا آیتوں کا ہمیشہ وِرد رکھے گا اُسے تمام مخلوقات عزت و محبت کی نظروں سے دیکھے گی۔ ہر چیز اُس کے تابع فرمان ہو گی اور تسخیر کی پوری قوت حاصل ہو جائے گی۔

قوت تسخیر حاصل ہو

پہلے گیارہ دفعہ کوئی سا درود شریف پڑھیں۔ پھر سورۂ مزمل شروع کریں جب "اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا" پر پہنچیں تو ایک سو اٹھائیس دفعہ یہ وظیفہ پڑھیں "قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدْ، یَاحَنَّانُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ یَامَنَّانُ لَمْ یَلِدْ یَاکَرِیْمُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَارَحِیْمُ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُواً اَحَد یَاعَزِیْزُ" پھر سورت کو ختم کریں اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں۔ جو شخص روزانہ یہ عمل جاری رکھے گا اُسے قوتِ تسخیر کامل طور پر حاصل ہو جائے گی اور ہر مخلوق

اُس کے حسبِ منشاء حکم کی تعمیل کرے گی۔

تمام مخلوقات مطیع و مسُخر ہو

جب زُہرہ حالتِ شرف میں ہو تو حسبِ ذیل نقش مخمس یا تانبے کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ اس دوران میں بخورات ضرور استعمال کریں۔ تختی کی دوسری طرف یا خوطائیلُ یا مُوکیائیلُ لکھیں۔ تمام مخلوقات مطیع و مسخر ہو جائے گی۔



۷۸۶

۱۷۹	۲۰۴	۱۹۸	۱۹۲	۱۸۵
۱۹۳	۱۸۶	۱۸۰	۲۰۰	۱۹۹
۲۰۱	۱۹۵	۱۹۴	۱۸۷	۱۸۱
۱۸۸	۱۸۲	۲۰۲	۱۹۶	۱۹۰
۱۹۷	۱۹۱	۱۸۴	۱۸۳	۲۰۳

محبت کے عملیات

مندرجہ ذیل عملیات بھی ہم نے ''مجموعہ مجرب عملیات'' سے لئے ہیں یہ کتاب بہت ہی پُرانی اور نایاب کتاب ہے یہ کتاب سرزمین ہند دہلی کی شائع شدہ ہے کتاب کا پہلا صفحہ نہ ہونے کی وجہ اس عظیم الشان کتاب کے جلیل القدر مصنف کا نام نامی معلوم نہ ہو سکا۔ ہماری دعا ہے کہ خداوند کریم اِس مرحوم بزرگ کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور اُن کے درجات بلند فرمائے۔ (مؤلف)

مرحوم مصنف نے لکھا ہے کہ! واضح ہو کہ حسبِ ذیل عملیات میں سے کوئی بھی ناجائز کے لئے ہرگز نہ کیا جائے ورنہ عامل کی عاقبت خراب ہو جانے کے علاوہ دُنیا میں بھی ضرور

گزند پہنچے گا۔ ہاں جائز محبت کے لئے بے شک کر سکتے ہیں۔

مطلوب طالب بن جائے

عروجِ ماہ میں دو گریوں والا بادام لیں اور گیارہ دفعہ سورۂ یٰسین پڑھ کر اس پر دم کریں پھر اُس بادام کو ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر میٹھے انار کی شاخ سے باندھ دیں اور تین روز تک لگاتار اسی شاخ کے نیچے سورۂ یٰسین پڑھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ مطلوب طالب بن جائے گا۔ ہر وقت مطلوب کا تصور کئے رکھیں۔

میاں بیوی ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے

اگر دو آدمیوں یا میاں بیوی یا طالب و مطلوب میں محبت کرانا ہو تو نماز فجر سے فارغ ہو کر چند پھولوں پر "سورہ ایلاف" اکیس دفعہ دم کریں اور وہ پھول عاشق و معشوق کے پاس بھیج دیں تا کہ وہ انہیں سونگھیں بفضلہٖ تعالیٰ پھولوں کی خوشبو لیتے ہی وہ ایک دوسرے محبت کرنے لگیں گے۔

وہ محبت میں بے تاب ہو گا

اتوار، منگل یا جمعرات کو صبح کے وقت حسب ذیل نقش پُر کر کے خوشبودار تیل میں ڈال کر جلائیں اور چراغ کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کر دیں محبوب مسخر ہو جائے گا۔ اور محبت میں بے تاب ہو کر آپ کے پاس چلا آئے گا۔

۷۸۶

مسلح	ہو	مسلح	مسجد
ہو	مسلح	ملاع	سمع
طملس	مسلح	مسلح	اسلح

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

ط ۹۱۱۱۷۹۱۵۱۱۹۱

ط ۱۹۸۱۹۲۳۱۷۱۱۱۹۱

ط ۱۱ مو ۷۱۹۱۷ ۵

آتشِ محبت سے بے تاب ہو کر

حسبِ ذیل محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر تحریر کریں اور بتی بنا کر چراغ میں جلائیں چراغ کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کریں۔ محبوب مطیع ہو جائے گا۔ اور آتش محبت سے بے تاب ہو کر آپ کے پاس کھنچا چلا آئے گا۔

بغہ ۹۱۱۱۱۳۱۶۱۱۱ م ح و ع ع

مطلوب مسخر ہو کر فرمانبرداری کرے

عروج ماہ میں جمعہ کی رات کو نصف شب کے وقت حسب ذیل عمل شروع کریں اور چالیس دن تک لگاتار پڑھتے رہیں۔ دورانِ عمل محبوب کا تصور کئے رکھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ چالیس روز کے اندر اندر ہی محبوب مسخر ہو کر فرمانبرداری کرے گا۔

محبت کے لئے ایک نایاب عمل

اوّل وآخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ یہ وظیفہ تین دفعہ پڑھیں "فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِیْ" (اپنا اور اپنی والدہ کا نام لیں مطلوب اور اُس کی والدہ کا نام لیں) "اَعْطِفْ قَلْبَہٗ اَوْ قَلْبَھَا عَلَیَّ وَذَلِّلْہُ وَذَلِّلْھَا اِلَیَّ" اگر مطلوب کی والدہ کا نام یاد نہ ہو تو مطلوب کا نام لے کر بنتِ حوا کا لفظ کہہ دیں۔ کیونکہ اکثر عالموں کا یہ دستور ہے۔

محبوب چلا آئے

پیر کو عمل کی ابتداء کریں۔گیارہ راتیں شمال کی طرف منہ کر کے پہلے اور بعد میں گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ پُر کر کے کسی بوجھ کے نیچے دبا دیں۔محبوب بلا تاخیر آپ کے پاس چلا آئے گا۔آزمودہ ہے۔ لکھنے اور پڑھنے کا عمل یہ ہے۔اسے ایک تسبیح ہر روز بشرائط مذکورہ پڑھیں۔اور گیارہویں رات کو عمل کرنے کے بعد اسے دبا دیں۔ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○" "یُحِبُّوْنَھُمْ یَا جِبْرَائِیْلُ جَزَاکَ کَحُبِّ اللّٰہِ یَا مِیْکَائِیْلُ تَبَارَکَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِسْرَافِیْلُ اثر کر اَشَدُّ لِلّٰہِ یَاجِبْرَائِیْلُ " فلاں بن فلاں حاضر کر حاضر کر

وہ مطیع و منقاد ہو گا

اگر کوئی شخص حسبِ ذیل اسم مبارک کو دینی، مصری یا کسی اور میٹھی چیز پر دم کر کے محبوب کو کھلائے گا تو وہ مطیع و منقاد ہو جائے گا۔ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○" "یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ"

مطلوب طالب پر جان نچھاور کرنے لگے

جو شخص عروج ماہ میں حسبِ ذیل نقش پُر کر کے کھانے پینے کی چیز میں ملا کر مطلوب کو کھلائے تو وہ اُس پر اپنی جان قربان کرنے لگے۔

۷۸۶

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

محبوب کو بے تاب کرنا

اگر کوئی شخص حسبِ ذیل نقش کو کسی برتن پر تحریر کر کے دھو کر محبوب کو پلائے گا تو محبوب بے تاب ہو جائے گا۔

۷۸۶

۸	۰۰۷	۰۰۳	۰۰۹	۶
۵	۰۰۸	۰۰۶	۰۰۳	۷
۲	۰۰۳	۰۰۱۰	۰۰۵۳	۲

محبوب کا تابع فرمان ہونا

جو شخص عروجِ ماہ میں اس نقش مبارک کو پیر یا جمعہ کے روز تحریر کر کے بازو پر باندھے گا۔ محبوب اُس کا تابع فرمان ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۲	۱	ط	۲	۱	او	۶	ح
۱	ی	ب	ی	ح	۲۱	دح	م

مطلوب کو بے چین کرنا

اگر کوئی شخص عروج ماہ میں حسبِ ذیل نقش تحریر کر کے کسی میٹھے انار یا امرود کے درخت سے باندھے تو جوں جوں ہوا سے نقش ہلے گا محبوب بے تاب ہوتا جائے گا۔ اور حاضر ہونے کے سوا اور کوئی تدبیر اُسے سُلجھائی نہیں دے گی۔

الا الا الا الا له له له له له له

الحب فلاں بن فلاں

محبوب کو بے قرار کرنا

جو شخص حسبِ ذیل نقش تحریر کر کے آگ میں جلائے گا۔ اُس کا محب آتشِ محبت سے بے قرار ہو کر اُس کے پاس چلا آئے گا۔

۱۱ ۱۹۱ ۱۱۱۹ ۱ء ۱۱ ی

مطلوب تابعِ فرمان ہو

اگر کوئی مرد عروج ماہ بروز اتوار حسبِ ذیل آیت تحریر کر کے دائیں اور عورت بائیں بازو پر باندھے۔ تو محبوب تابع فرمان ہو جائے گا۔ (انشاءاللہ)

"یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ٥ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ٥"

محبت کے لئے ایک لاجواب نقش

جو شخص پیتل کی ایک طرف حسبِ ذیل نقش پُر کر کے کنویں میں ڈالے گا۔ اُس کا محبوب بے قرار ہو جائے گا۔ (انشاءاللہ)

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

محبوب کی آمد ہے

اگر کوئی شخص حسبِ ذیل طلسم گائے کے مثانے پر لکھ کر آگ میں ڈالے گا تو اُس کا محبوب فوراً اُس کے پاس چلا آئے گا۔ ۱۱۶ : ۹۱۰۱ط ۲۱۱ھ ۹۰ء

محبوب حاضرِ خدمت ہو

محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے کے سات ٹکڑے لیں۔ اور اُن پر حسبِ ذیل نقش لکھ کر ہفتہ کے دن اُنہیں جلانا شروع کریں۔ ایک ہفتے کے اندر محبوب حاضر ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶

٥٥جھم الالا	حماد	علح
دعود عدد	۱۲ولالالاع لالا	لالالالاله٥٥٥٥

مقناطیس سے بڑھ کر کشش رکھنے والا ایک نقش


عروج ماہ میں جمعرات کے دن حسبِ ذیل نقش تحریر کر کے مسجد یا کسی بے آباد جگہ میں دبا دیں۔ محبوب آتشِ عشق سے بے تاب ہو کر آپ کے پاس کھنچا چلا آئے گا۔ آزمودہ ہے۔



فلاں بن فلاں بستم خواب فلاں بن فلاں حُب بستہ گردد

مطلوب حاضر ہو


حسب ذیل نقش محبوب کے پُرانے کپڑے پر تحریر کریں۔ اور نئے چراغ میں تلوں کا تیل ڈال کر اسے جلائیں۔ جلانے کے دوران میں محبوب کا تصور کریں سات دن تک یہ عمل جاری رکھیں اس اثناء میں محبوب حاضر ہو جائے گا۔ اگر محبوب سات دن کے اندر ہی آ جائے تو بھی نقش بدستور چلاتے جائیں اور سات دن کی میعاد پوری کریں۔ اگر عمل ترک کر دیں گے تو محبوب ہاتھ سے نکل جائے گا اور پھر کوئی تدبیر کارگر نہ ہو سکے گی۔ وہ نقش یہ ہے



مطلوب حاضر ہو کر معافی مانگے

عروج ماہ میں بروز اتوار ایک چڑا پکڑ کر حلال کریں۔ اور اُس کے لہو سے حسب ذیل نقش پُر کریں۔ پھر اُسی وقت نقش کو سُرخ ریشمی کپڑے میں باندھ کر کسی درخت سے لٹکا دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ محبوب بہت جلد حاضر ہو گا۔ اور عجز و نیاز کا اظہار کر کے معذرت طلب کرے گا۔

نقش



محبت کے لئے ایک سریع التاثیر نقش

اگر کوئی شخص عروج ماہ بروز اتوار حسب ذیل نقش روٹی کے ٹکڑے پر تحریر کر کے کالے کتے کو کھلائے تو گیارہ دن کے اندر محبوب تابع ہو جائے گا۔ محبوب کے مرد ہونے کی صورت میں کالے کتے اور عورت ہونے کی صورت میں کالی کتیا کو کھلانا۔ اگر اس کے بجائے اس نقش کی زکوٰۃ ادا کی جائے تو بے حد مؤثر و سریع التاثیر ہوگا۔ ادائے زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز ۱۲۵ نقش پُر کر کے کسی دریا یا کنویں میں اکتالیس روز تک ڈالتے جائیں۔ اس کے بعد پانچ تعویذ روزانہ لکھ کر رکھ لیا کریں اور جب بھی وقت ملے دریا میں ڈال کر آنا چاہیے۔

۱۱	لا	۱۶	٦
۴	۱۸	۹	۲
۱۰	۰	۷	۱۷
۱۹		۲	۸

لاع بدع لاع

آتشِ محبت بھڑک اُٹھے

عروج ماہ میں ساعت مشتری میں اتوار یا جمعرات کو حسب ذیل نقش زعفران سے ایک کاغذ پر تحریر کریں۔ اور اسے چھوٹی سی کوری ہدھنی میں ڈال کر اُوپر تھوڑی سی شکر ڈال دیں۔ پھر آگ میں اس طرح دبائیں کہ حرارت پہنچتی رہے۔ جوں جوں حرارت پہنچے گی محبوب آتش محبت سے بے تاب ہوگا۔ جب محبوب سے علیحدگی چاہو تو بدھنی کو آگ میں سے نکال کر کسی ٹھنڈی جگہ دبا دیں۔ محبت سرد پڑ جائے گی۔

۷۸۶

۳۷۲	۳۷۵	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۱	۳۷۶
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۳	۳۷۰
۳۷۴	۳۶۹	۳۶۸	۳۸۰

محبوب زندگی بھر جدا نہ ہو

عروج ماہ ساعتِ مُشتری میں بروز جمعرات حسب ذیل نقش کاغذ پر لکھیں۔کاغذ پر عطر اور شہد میں پھر پاک اور نئی روئی کی بتی بنا کر نقش کو اس میں رکھ دیں۔نئے چراغ میں میٹھا ڈال کر اسے جلائیں چراغ میں اس نقش کی بتی ڈالیں۔جو لکھ کر اور شہد میں مل مل کر تیار کیا گیا ہو۔چراغ کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کریں چراغ جلنے تک وہیں بیٹھے بلا حساب وشمار یاودود کا وظیفہ کرتے رہیں۔سات دن یہ عمل کرنے سے محبوب کا جو حال ہوگا وہ آپ کو آکر بتائے گا۔حاجت بیان نہیں۔یہ نقش نہایت سریع التاثیر ہے اور اکسیر ہے۔آزمودہ ہے۔محبوب کیسا ہی ضدی اور برگشتہ کیوں نہ ہو جونہی نقش کو حرارت پہنچے گی محبوب بے تاب ہو کر عاشق کے پاس چلا آئے گا۔اور زندگی بھر جدا نہ ہوگا۔

دوسری ترکیب: کوری پیالی میں یہ نقش تحریر کے اسے چولھے یا تنور میں آگ کے نیچے دبا دیں۔پھر دیکھیں گے کہ مطلوب کس طرح طالب بن کر آتے ہیں۔

تیسری ترکیب: اگر محبوب مرد ہو تو یہ نقش بکرے کے دائیں شانے پر اور اگر عورت ہو تو بکری کے بائیں شانے پر لکھ کر شہد مل دیں اور آگ میں دبا دیں تا کہ برابر گرمی پہنچتی رہے۔محبوب بلا توقف نہایت بے قرار ہو کر اپنے چاہنے والے کے پاس پہنچ جائے گا۔

۱

۷۸۶

۱۱ ۱۸ ۱۸ ھ ۱۸ ۱۱ ۸
ک ۱۱ ۹ ء ۱۸ ۱۱
۱۱۱ ۱۱۹ ء ۱۹۱ء ۱۱۱ ھ ۱
۱۱ ۲۱ ۱۱ لاء ءٌ ۱۱۸ ء ۱۱
ھ ۹۱ لاءھ ۹۱ ۲ر ۱
۱۸ لا ء ۱۱ ء ۸۸۱
ھ ۴ السلعۃ
فلاں بن فلاں علٰی حب فلاں بن فلاں

محبوب محب بن جائے

اگر محبوب سخت بیداد و ظالم ہو یا خفا ہو گیا ہو یا کوئی آدمی کسی پر فریفتہ ہو اور محبوب تک نہ پہنچ سکے۔ یا اگر پہنچ بھی جائے تو ناکامی کا سامنا ہو، یا محبوب ناواقف ہو تو حسبِ ذیل عمل کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ کامیاب ہوں گے لیکن جائز کام کے لئے کرنا چاہیے ورنہ ضرور گزند پہنچے گا۔ اور اس کا وبال عامل پر پڑے گا۔

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو زہرہ یا مشتری کی ساعت میں عمل شروع کرنا چاہیے۔ آغاز عمل سے پیشتر ابجد کے حساب سے "یَا وَدُوْدُ" کے عدد نکالیں۔ پھر محبّ اور اُس کی والدہ دونوں کے نام کے عدد نکال کر جمع کریں۔ پھر محبوب اور اُس کی والدہ کے نام کے عدد نکال کر سب کو جمع کریں۔ اور نقش مُربع پُر کر کے تیار کریں۔ ایک کورا مٹی کا دیا اور میٹھا تیل لائیں پھر ساعت مشتری میں تیار کر لے نقش مربع کو پاک کاغذ پر زعفران سے لکھیں اور خود چراغ کے رُوبرو بیٹھ کر محبوب کا تصور کرتے ہوئے اعداد اسم الٰہی کے مطابق مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ مدعا سے ہم آغوش ہو گئے۔ "اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ فلاں

بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ اَجِبْ یَا جَبْرَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا نَقْمَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ سَامِعًا بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ" عدد نکال کر حسب ذیل طریقوں پر نقش مربع پُر کریں جہاں را ہے وہاں پہلا ہندسہ ۳ میں دوسرا اس طرح حسبِ وَقِسْ عَلیٰ ھٰذَا۔ یہ عمل آزمودہ اور تیر بہدف ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

محبوب جلد مُسخر ہو

اسم "اَلْحَکِیْمُ" کی زکوٰۃ حسبِ ذیل طریقہ پر ادا کریں۔ پھر تین دن تک مندرجہ ذیل طریقہ پر عمل کریں محبوب فوراً تابع فرمان ہو جائے گا۔ ادائے زکوٰۃ کا طریقہ، عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو عمل شروع کریں۔ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر اوّل و آخر گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ ۴۰۰ ادفعہ اسم "اَلْحَلِیْمُ" کا ورد کریں پھر اسی طرح شام کو بھی نماز کے بعد پڑھیں چالیس روز تک متواتر یہی عمل جاری رکھیں۔ سوالاکھ کی تعداد پوری ہو کر کچھ بڑھ بھی جائے گی۔ بس زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ اس کے بعد کچھ نیاز تقسیم کریں۔ بس آپ عامل بن گئے ہر روز کسی وقت ایک دفعہ پڑھ لیا کریں تا کہ عمل پر قابو رہے۔ اگر ادائے زکوٰۃ کے بعد محبوب کو تابع کرنے کے لئے طریق مذکور پر ۱۰۰ دفعہ اور ۱۰۱ دفعہ شام پڑھیں گے۔ اور اثنائے وظیفہ کے دوران میں محبوب کا تصور کئے رکھیں گے تو محبوب بہت جلد مسخر ہو جائے گا۔ مگر

ادائے زکوٰۃ یا اس کے بعد وظیفہ کے دوران میں کسی کا خیال نہ رکھیں۔

وہ فریفتہ ہو جائے

"وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ يَا رَفِيْقُ يَا شَفِيْقُ نَجِّنِيْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ" پہلے اور بعد میں گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف کے ساتھ آیت مذکورہ ہزار دفعہ پڑھ کر پھولوں پر دم کریں۔ اور پھول تحفے کے طور پر محبوب کو ارسال کر دیں۔ اِدھر محبوب ان پھولوں کی خوشبو سونگھے گا اُدھر آپ پر فریفتہ ہو جائے گا۔ پھر اُسے آپ کے بغیر آرام نصیب نہ ہو گا۔ آزمودہ ہے۔

قدرت کے عجائبات ملاحظہ کریں

محبت و محبوب یا میاں بیوی میں صلح کرانے یا کسی برگشتہ ظالم محبوب کو مطیع کرنے کے لئے۔ عاشق و معشوق یا جن دو آدمیوں میں ملاپ کرانا مقصود ہو اُن کے ماں کے نام کے اعداد جمع کر کے نقش پُر کریں اور جسے تابع کرنا منظور ہو اُسے پلا دیں، اور قدرت کے عجائبات ملاحظہ کریں کہ محبوب کیونکر مسخر ہوتا ہے۔ نقش یہ ہے۔ اِس میں محبت و محبوب اور اُن کی ماں کے نام کے اعداد جمع کریں۔ یہ نقش نہایت سریع التاثیر اور اکسیر ہے۔

۷۸۶

۱۰۱۲	۱۰۱۷	۱۰۱۴
۱۰۱۳	۱۰۱۱	۱۰۱۹
۱۰۱۸	۱۰۱۵	۱۰۱۰

وہ ملاپ محبت کی صورت اختیار کرے گا

اگر میاں بیوی کی باہمی ناچاقی دور کرنی ہو یا دو آدمیوں میں صلح مقصود ہو جو ایک دوسرے کے مخالف ہوں یا محبوب تابع کرنا ہو تو بہترین تدبیر یہ ہے کہ حسب ذیل آیت ایک کاغذ پر تحریر کریں اور اسے پانی میں دھو کر انہیں پلا دیں لیکن اگر ایسا نہ کر سکیں تو یہ آیت تحریر کر کے اس کنویں یا ٹینکی میں ڈال دیں جہاں سے وہ پانی پیتے ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ اُن میں ملاپ ہو جائے گا، اور وہ ملاپ محبت کی صورت اختیار کرے گا۔ آیت شریف

وَجَآءَ مِنۡ اَقۡصَا الۡمَدِیۡنَةِ رَجُلٌ یَّسۡعٰی قَالَ یٰقَوۡمِ اتَّبِعُوا الۡمُرۡسَلِیۡنَ ۔ اتَّبِعُوۡا مَنۡ لَّا یَسۡـَٔلُكُمۡ اَجۡرًا وَّهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ۔

وہ زندگی بھر تابع رہے گا

عروج ماہ بروز اتوار نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہنیں۔ اور عصر کی نماز سے فارغ ہو کر باوضو اکتالیس دفعہ سورۂ الم نشرح کی تلاوت کریں۔ پہلے اور بعد میں جتنی دفعہ ممکن ہو درود شریف پڑھیں۔ سورۂ کی تلاوت کر چکیں تو سات دفعہ اس سورۂ کے مؤکلوں کے نام لیں ابر صا صبر سا صار صا صور صا، ہر جمعرات کو ایک چھٹانک سوجی شکر اور گھی خود لا کر اپنے ہاتھ سے حلوہ بنائیں اور حضرت علیؓ کے نام کی نیاز دے کر کھائیں۔ چالیس روز کے بعد زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ پھر جب کسی کو مطیع کرنا ہو تو اتوار کو صبح سویرے اُٹھ کر باغ میں جائیں اور کسی پھول دار درخت کی دو تین کلیاں اچھی طرح پہچان لیں۔ اس کے بعد چالیس دفعہ سورۂ مذکورہ مع اسمائے مؤکلین پڑھ کر ان کلیوں پر دم کریں اور آخر میں محب و محبوب اور اُن کی والدہ کے نام بھی۔ دوسرے اور تیسرے روز بھی یہی عمل کریں۔ تیسرے روز جب وہ کلیاں کھل کر پھول بن جائیں تو مذکورہ طریق پر عمل ختم کر کے وہ پھول توڑ لیں اور ان میں دوسرے پھول ملا کر ہار بنانے کے بعد اُسے محبوب تک پہنچا دیں۔ جونہی محبوب

پھولوں کی خوشبو لے گا محبت کے عشق میں دیوانہ وار بے قرار ہو جائے گا۔ اور زندگی بھر اُس کے تابع رہے گا۔ ادائے زکوٰۃ کے بعد کسی وقت چالیس دفعہ سورۂ مذکورہ اور مؤکلین کے نام کی تلاوت کرتے رہیں ورنہ عمل قابو نہیں رہے گا۔

محبوب مسخر ہو

عروج ماہ میں جب قمر زائد النور اور قمر و آفتاب دونوں بُرج شرف میں اتوار، پیر، بدھ، جمعرات یا جمعہ کو زہرہ یا مشتری کی ساعت میں وہ بُرج شرف میں ہو حسب ذیل نقش زعفران کے ساتھ پُر کریں۔ تحریر کرتے وقت اپنا منہ محبوب کے گھر کی طرف کرتے ہوئے اُس کی فرمانبرداری کا تصور کریں اور مُنہ میں کوئی میٹھی چیز رکھ لیں، نقش پُر کرتے وقت بخورات جلائیں اور تحریر کے بعد خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ محبوب مسخر ہو جائے گا۔ اور آپ کا ہر حکم بجالائے گا۔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶

طالب کا نام	۱۶	۱۴۷	۴۰۴	طالب کی ماں کا نام
۴۰۵	۱۳۶	۱۱۱	۱۲	۱۴۸
۱۳	۴۴	۴۰۶	۱۳۷	۱۱۲
۱۳۸	۱۳	۱۴	۱۴۵	۴۰۳
مطلوب کا نام	۴۰۳	۱۳۴	۱۱۴	مطلوب کی ماں کانام

مطلوب طالب پر جان فدا کرنے لگے

اگر مطلوب سخت بے درد اور وفا نا آشنا ہو اور مہربان و وفا شعار بنانا ہو تو حسب ذیل دو نقش پُر کر کے نمبر ا سنبھال کر پاس رکھیں اور نمبر ۲ گھول کر مطلوب کو پلائیں۔ مطلوب طالب

پر جان فدا کرنے لگے گا۔

۷۸۶

۱۵	۲۱	۲۷	۱
۲۵	۳	۱۳	۲۳
۵	۳۱	۱۷	۱۱
۱۹	۹	۷	۲۹

۷۸۶

۱۶	۲۲	۲۸	۲
۱۶	۴	۱۴	۲۴
۲۶	۴	۱۸	۱۲
۲۰	۱۰	۸	۳۰

محبوب بے قرار ہو

اگر کوئی شخص سورۂ "لایلاف" گیارہ مرتبہ مصری پر پڑھ کر اپنے مطلوب کو کھلائے۔ خواہ کیسا ہی سنگدل کیوں نہ ہو بفضلہٖ تعالیٰ آتشِ محبت سے بے قرار ہو جائے گا۔

بہت جلد مطلوب طالب کو مل جائے گا

پہلے اور بعد میں ۳۳ دفعہ درود شریف کے ساتھ ایک سو تین مرتبہ حسب ذیل آیت پڑھیں اور نمک پر دم کر کے اسے گھول کر (پانی میں) یا کسی کھانے کی چیز میں ملا کر کسی طریقے سے معشوق کو کھلا دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں بعد معشوق عاشق کو

مل جائے گا۔ آیت "عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَوَدَّةً وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ"

وہ بے تاب ہو کر ملاقات کرے گا۔

کسی بدھ کو تین دفعہ سورہ یٰسین اس طرح پڑھیں کہ جب لفظ مبین آئے تو اسے اکتالیس دفعہ دہرائیں اس طرح پر سات مبین کو پڑھیں اور گویا میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں بفضلہٖ تعالیٰ وہ بے تاب ہو کر ملاقات کی آرزو کرے گا۔

محبت کے لئے

اگر کوئی شخص حسب ذیل آیت کے تین تعویذ تحریر کر کے تین روز تک متواتر معشوق کو کھلائے گا وہ تابع فرمان ہو جائے گا۔ آیت "يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ"

مطلوب بے تاب ہو کر چلا آئے گا

اگر کوئی شخص مغرب کی نماز کے بعد تین سو دفعہ قد شغفھا حبا یا ودود پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کرنے کے بعد مطلوب کو کھلائے تو بفضلہٖ تعالیٰ مطلوب اس کے کھاتے ہی بیتاب ہو کر چلا آئے گا۔

مطلوب بے چین ہو جائے گا

اگر کوئی شخص مطلوب کا تصور کر کے پہلے اور بعد میں درود شریف پڑھ کر بسم اللہ کے ساتھ اکتالیس دفعہ قل ھو اللہ کا ورد کر کے کسی شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے گا۔ بفضلہٖ تعالیٰ مطلوب بے تاب ہو جائے گا۔

تسخیر کے لئے

اگر کسی کو اپنی جانب متوجہ یا اپنی محبت میں اسیر یا تابع فرمان کرنا منظور ہو تو حسب ذیل نقش پُر کر کے نیچے اپنا مقصد تحریر کریں اور نقش کو کسی سنگ گراں (بھاری پتھر) کے نیچے رکھیں۔ نقش پُر کرنے کے دوران کسی سے کلام نہ کریں۔

"یَابُدُّوْحُ تَبدُوحْتَ مِنَ الْبُدُّوْحِ فِی البدُوْحِ بَدُوْحِلَکَ "یَابُدُّوْحُ

۷۸۶

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

اگر کوئی شخص اس نقش کو پگڑی کے اندر یا ٹوپی کے نیچے رکھ کر کسی کے سامنے جائے گا تو وہ شخص اس کا تابع فرمان ہو جائے گا۔ جب نقش پُر کر چکو تو اس پر اوپر والی عبارت یابدوح میں دفعہ پڑھ کر دم کریں۔

رجوعات کے لئے

اگر کوئی شخص حسب ذیل اسم ہر روز ایک سو اکتالیس دفعہ یا سات سو مرتبہ پڑھے گا تو سب مخلوقات اُس کی طرف رجوع کرے گی۔

"یَابُدُّوْحُ تَبدُوحْتَ مِنَ الْبُدُّوْحِ فِی البدُوْحِ بَدُوْحِلَکَ "یَابُدُّوْحُ

محبت کے لئے

پہلے اپنے ناخن اُتار کر جلا دیں پھر اس راکھ پر ستر دفعہ حسب ذیل آیت پڑھیں اور کسی

طرح وہ راکھ مطلوب کو کھلا دیں بفضلہٖ تعالیٰ محبوب آتش محبت سے بے تاب ہو جائے گا۔ "اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ۝"

میاں بیوی میں اتفاق پیدا کرنے کے لئے

اگر میاں بیوی مین نا اتفاقی رہتی ہو تو حسب ذیل نقش پُر کر کے دونوں کو پلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ اُن میں محبت اور اتفاق پیدا ہو جائے گا۔

۷۸۶

۶۱۶۵۳	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۵
۶۱۶۵۴	۶۱۶۵۲	۶۱۶۵۰
۶۱۶۴۹	۶۱۶۵۶	۶۱۶۵۱

حب کے لیے ایک زود اثر عمل

عروجِ ماہ میں شب جمعہ کو حسب ذیل عمل شروع کریں۔ روزانہ چالیس بار چار دن تک پڑھیں اور شروع سے آخر تک مطلوب کا تصور کیے رہیں۔ گویا وہ سامنے بیٹھا ہے۔ معشوق خود آپ پر عاشق ہو کر دیوانہ وار بے قرار ہو جائے گا اور آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ حب کے لیے یہ عمل نہایت زود اثر ہے۔ نیت کا ہونا اور گوشت وغیرہ سے پرہیز لازمی ہے۔ (عمل) "الٰہی بحرمت جبرائیلؑ و میکائیلؑ و اسرافیلؑ و توریت موسیٰؑ و انجیل عیسیٰؑ و فرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"۔

وہ تابع فرمان ہو جائے

اگر کوئی شخص شب جمعہ کو چودہ دفعہ حسب ذیل آیت پڑھ کر کسی مٹھائی یا پھل پر دم

کر کے مطلوب کو کھلائے تو بفضلہٖ تعالیٰ وہ تابع فرمان ہو جائے گا۔ "یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ"

مطلوب قدموں پر گر پڑے گا

اگر کوئی شخص حسب ذیل نقش پر کر کے مطلوب کے گھر میں دبا دے تو وہ بے تاب ہو کر طالب کے قدموں پر گر پڑے گا۔

۷۸۶

۱۳	۱۰	۳	۱۷
۵	۱۶	۱۹	۱۸
۱۱	۶	۱۹	۹
۱۸	۱۳	۱۸	۷

زبان بندی کے لیے

اگر کوئی شخص ہزار دفعہ حسبِ ذیل آیت شریف کا ورد کرے گا تو بفضلہٖ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔ آیت شریف: "اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ"۔

دشمن کی زبان بند ہو جائے گی

اگر کوئی شخص حسبِ ذیل آیت شریف لکھ کر سنگ گراں (بھاری پتھر) کے نیچے دبا دے تو بفضلہٖ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی "فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۳۳۳ و ۳ ب ۳۳ ح ۳ ط ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ

(آخر تک) صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ"

محبت کے لیے

اگر کوئی شخص حسب ذیل کلام ۲۵ دفعہ پڑھ کر کسی مٹھائی پر دم کر کے محبوب کو کھلائے تو وہ آتش محبت سے بے تاب ہو جائے گا۔ کلام: "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ"۔

محبت کے لئے سورۃ اخلاص کا آزمودہ نقش

اگر کوئی شخص سورہ اخلاص کا نقش پُر کر کے انار کے درخت سے باندھ دے تو محبوب بے تاب ہو کر چلا آئے گا۔ اگر رات کو سوتے وقت یہ نقش تکیے کے نیچے رکھ لیں تو بھی محبوب تلملا اٹھے گا۔ سورۃ اخلاص کا نقش مبارک کتاب کے ابتدائی صفحات پر درج کر چکے ہیں۔

مطلوب کھنچا چلا آئے گا

حسب ذیل آیت کو روزانہ وقت بے وقت بے شمار بار پڑھتے رہیں، نیز اس کا تعویذ بنائیں اور اس پر عاشق و معشوق اور انکے والد کا نام تحریر کر کے انار کے درخت سے باندھیں بفضلہ تعالیٰ مطلوب کھنچا چلا آئے گا۔

"قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ"۔

میاں بیوی میں موافقت کے لیے

اگر میاں بیوی میں کشیدگی ہو جائے تو حسب ذیل دو نقشوں میں سے ایک نقش وقت سعد گلاب اور زعفران سے مع چار نام کے پُر کریں اور نقش کی پچھلی طرف یہ کلام تحریر کریں:۔

"يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ" بیوی کو چاہیے کہ نقش اپنے پاس رکھیں بفضلہ تعالیٰ کشیدگی رفع ہو کر باہم اتفاق اور محبت پیدا ہو جائے گی۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

۷۸۶

۸	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

عزت وجلال

اگر کوئی شخص کثرت سے بسم اللہ شریف کا وظیفہ کرے گا تو عالم بالا میں اس کی عزت اور توقیر بڑھ جاتی ہے۔ جو شخص اسے چھ سو دفعہ تحریر کر کے اسے اپنے پاس رکھے گا۔ لوگ اس سے مرغوب ہو جاتے ہیں۔ ایک بزرگ کا ارشاد ہے کہ جو شخص بسم اللہ شریف کو سوا چھ سو دفعہ تحریر کر کے اپنے پاس رکھتا ہے۔ خداوند تعالیٰ اسے عزت وجلال کے شرف سے بہرہ اندوز کرتا ہے اور بفضلہ تعالیٰ اسے کوئی شخص ایذا نہیں دے سکتا۔ اسی بزرگ کا قول ہے کہ ا میں نے اس کا تجربہ کیا ہے اور خدا کا شکر ہے کہ اسے بالکل درست پایا۔

خلقت کو مسخر کرنے کے لیے

جمعرات کے دن روزہ رکھیں اور کشمش یا چھوہارے سے کھولیں۔ نماز مغرب سے فارغ ہو کر ایک سو اکیس دفعہ بسم اللہ شریف پڑھیں۔ پھر عشاء کی نماز پڑھ کر بستر پر لیٹ جائیں اور حساب و کتاب کے لیے بغیر بسم اللہ پڑھتے جائیں یہاں تک کہ نیند آ جائے۔ جمعہ کی صبح کو فجر کی نماز ادا کر کے ایک سو اکیس دفعہ بسم اللہ کا وظیفہ کرنے کے بعد اسے حروف مقطعات کی شکل میں کاغذ پر تحریر کریں "یعنی ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م" اور وہ کاغذ اپنے پاس رکھیں۔ جس کام، جس غرض اور جس مطلب کے لیے جانا چاہیں۔ جاؤ بفضلہٖ تعالیٰ کامیابی نصیب ہو گی، صاحب عمل بزرگوں کا ارشاد ہے کہ! وحدہ لاشریک کی قسم جو شخص یہ عمل کرے گا وہ خلق خدا کی آنکھ کا تارا بن جائے گا۔ ہر شخص اسے عزت و توقیر کی نگاہ سے دیکھے گا۔ اس کا وقار تسلیم کرے گا" اس کی ہر بات مانے گا۔ افسر اس کے ساتھ ادب سے پیش آئیں گے۔ عام لوگ اسے سر آنکھوں پر جگہ دیں گے۔

افسر کو مسخر کرنا

اگر کوئی شخص سات دفعہ سورۂ یٰسین پڑھ کر کسی حاکم یا اور بڑے آدمی کے پاس کام کے لیے جائے تو بفضلہٖ تعالیٰ وہ افسر ادب احترام سے پیش آئے گا۔ اور اس کی مرضی کے مطابق کام کرے گا۔

ظالم افسر سے محفوظ رہنے کے لیے ایک عمل

حضرت ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ! اگر کسی شخص کو کسی متشدد و جابر افسر سے ڈر لگتا ہو تو وہ سورہ یٰسین کی تلاوت کر کے یہ کلمات پڑھے "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ "(فلاں بن فلاں) یہاں اس جابر افسر اور اس کی والدہ کا نام لینا چاہیے بعد ازاں بے دھڑک اس کے پاس چلا جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ افسر اسے کوئی نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہوگا۔

زندہ یا مُردہ مطلوب کو خواب میں دیکھنا

پاکیزہ کپڑے پہن کر کسی تنہا مکان میں دو نفل پڑھیں۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف سورہ الشمس اور دوسری رکعت میں سات مرتبہ سورۃ واللیل پڑھیں پھر جتنی دفعہ ہو سکے درود شریف پڑھ کر حسب ذیل نقش سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ خواب میں مطلوب کا دیدار ہوگا۔

وہ نقش یہ ہے:

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

محبت اور تسخیر کے لیے چند اور عملیات

"مجموعہ مجرب عملیات" کے مصنف تحریر کرتے ہیں کہ! عامل کو یہ امر ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ عملیات تسخیر کو صرف ایسے امور کے لیے استعمال کر لیا جائے جن پر اسلامی و اخلاقی

اعتبار سے کسی قسم کا اعتراض لاگو نہ ہو سکے مثلاً ایسے جائز کاموں کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں کہ دو مخلص دوستوں کے درمیان کسی وجہ سے کشیدگی ہو جائے اور ان میں صلح کرانا مقصود ہو یا میاں بیوی میں کسی وجہ سے نااتفاقی پیدا ہو جائے اور ان میں اتفاق کرانا منظور ہو لیکن اگر کوئی مرد کسی غیر عورت یا عورت کسی غیر مرد کو یا مرد کسی خوبصورت لڑکے کو پنجے میں پھنسانے کے لیے خواہشات نفسانی کی تکمیل کے واسطے کوئی عمل کرے گا تو وہ اسلام اور اخلاق دونوں کی رو سے سخت مجرم ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسے دونوں جہاں میں مبتلائے عذاب شدید کر کے خائب و خاسر رکھے گا۔

تسخیر مجرب

1 اگر کسی طرح کی مٹھائی پر حسب ذیل آیت اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور محبوب کو کھلا دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ چند ہی روز تک یہ عمل کرنے سے محبوب تابع فرمان ہو جائے گا۔

2 یہی اکتالیس دفعہ کالی مرچ کے دانوں پر پڑھ کر پھونکیں اور انہیں پیس کر محبوب کے لیے پکائے ہوئے سالن میں ڈال دیں۔ تھوڑے ہی دنوں میں محبوب مسخر ہو جائے گا۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

دو اشخاص میں اتفاق کرانا

جمعہ کو آدھی رات کے وقت حسب ذیل آیت کاغذ پر تحریر کریں اور اسے تیس دفعہ پڑھیں ہر دفعہ کہیں ''اللھم اعطف قلب (یہاں مطلب اور اس کی والدہ کا نام لیں) علی (یہاں طالب اور اس کی والدہ کا نام لیں) پھر وہ کاغذ بطور تعویذ اس شخص داہنے بازو پر باندھ دیں جس کے لیے عمل کیا گیا ہو۔ بفضلہٖ تعالیٰ ان دونوں میں اتفاق ہو جائے گا۔

افتراق انگیز دشمن محروم مدعا رہیں گے۔آیت:

"قُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ"۔

میل میلاپ کے لیے

اگر کوئی شخص حسب ذیل آیت خشک قلم سے حلوے پر تحریر کر کے جن لوگوں میں پھوٹ پڑی ہو انہیں کھلائے تو بفضلہٖ تعالیٰ سب میں ملاپ ہو جائے گا۔آیت:

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھِمُ الْاَنْھٰرُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدٰنَا اللّٰہُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَ نُوْدُوْا اَنْ تِلْکُمُ الْجَنَّۃُ اُوْرِثْتُمُوْھَا بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔

مطلوب کو مسخر کرنے کے لیے

جمعرات کی رات کے دوسرے آدھے حصے میں دو رکعت نماز ادا کر کے تین مرتبہ "وَلَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ (آخر تک) آخر سورۂ توبہ پڑھیں پھر سو دفعہ کوئی درود شریف پڑھ کر یہ دعا مانگیں "اَللّٰھُمَّ حَبِب اِلٰی (یہاں مطلوب اور اس کی ماں کا نام لینا چاہیے) حَتّٰی یَاْتِیَ اِلَیَّ خَاضِعًا ذَلِیْلًا مِنْ غَیْرِ مُھْلَۃٍ وَّاشْغِلْہُ مُحَبَّتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" بفضلہٖ تعالیٰ محبوب آتش محبت سے بے قرار ہو کر خود بخود کھنچا چلا آئے گا۔

کسی کو اپنے اوپر مائل کرنا

بیس ہزار مرتبہ "یَا ھَادِیْ" کا ورد کریں اور ہر تسبیح پر یہ دعا مانگیں "یَا ھَادِیْ اِھْدِنِیْ

وَاهْدِ قَلْبَ (یہاں مطلوب کا نام لیں) وَعَطِّفْهُ عَلَيَّ حَتّٰى تَقْضِيَ حَاجَتْ وَهِيَ كَذَا عَلٰى مُرَادِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" بفضلہٖ تعالیٰ محبوب کا دل آپ کی طرف مائل ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔

مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنے کے لیے

سات سو چھیاسی دفعہ بسم اللہ شریف کا وظیفہ کر کے پانی کے پیالے میں پھونک دیں اور مطلوب کو پلا دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ مطلوب آپ پر شیفتہ ہو جائے گا۔

غم محبت دور کرنے کے لیے

اتوار کو سورج نکلنے سے پہلے کسی پاکیزہ برتن میں "وَكَاَيِّنْ مِنْ نَبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ" (آخر تک) (پارہ ۴ سورہ آل عمران) تحریر کر کے برف کے پانی سے دھو ڈالیں۔ اور جو شخص غم محبت میں مبتلا ہو۔ اس پر مسلسل تین روز تک چھڑکیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ غم دور ہو جائے گا۔

کسی کو مسخر کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص ہزار دفعہ حسب ذیل آیت کو چنبیلی کے تیل پر پھونک مار کر سر میں ڈالے اور جسم و چہرے پر مل کر کسی کے سامنے جائے وہ تابع فرمان ہو جائے گا۔ آیت: "وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ"۔

زبان بندی اور محبوب کو مائل کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص حسب ذیل آیات کسی کاغذ پر تحریر کر کے محبوب کی چوکھٹ میں دبا دے تو بفضلہٖ تعالیٰ اس کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ٥ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ یہ عمل زبان بندی کے لیے مفید ہے۔

محبوب کو مسخر کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص حسب ذیل دعا محبوب کے مکان کی طرف رخ کر کے ہزار دفعہ۔ ہر روز پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ اکیس دن کے اندر محبوب آتش محبت سے بے تاب ہو کر خود بخود چلا آئے گا۔ دعا: یَا عُطُوْفَ لَفُوْفَ اللِّسَانِ اَعْطِفْ قَلْبَ (یہاں مطلوب کا نام مع ولدیت کہیں) علی حب (یہاں طالب کا نام معہ ولدیت تحریر کریں) بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

معشوق کو اپنا عاشق بنانا

اگر کوئی شخص معشوق کا تصور کرتے ہوئے گیارہ سو مرتبہ حسب ذیل کلام پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ معشوق خود بخود عاشق ہو جائے گا۔ کلام: "يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ"۔ (یہاں مطلوب کا نام مع ولدیت لیں) عَلٰى حُبِّ (یہاں طالب کا نام مع ولدیت لیں)

میاں بیوی میں صلح کرانا

اگر کوئی شخص حسب ذیل کلام کسی کاغذ پر تحریر کر کے تعویذ بنائے اور میاں بیوی کو جو بھی صلح کے لیے آمادہ ہو۔ اس غرض سے دے کہ! وہ اپنے پاس رکھے تو بفضلہٖ تعالیٰ ان دونوں میں صلح ہو جائے گی۔ کلام:

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا

اِنْ یُّرِیْدَآ اِصْلَاحًا یُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَیْنَهُمَا یُصْلِحْ اَعْمَالَكُمْ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَآ اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَهُمَا صُلْحًا وَالصُّلْحُ خَیْرٌ عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً۔

جوشِ محبت سرد کرنے کے لیے

حق تعالیٰ کے وہ نام جن میں یائے تحتانی موجود ہے۔ مثلاً علی، علیم، کریم وغیرہ کسی پاکیزہ برتن میں تحریر کر کے پانی میں دھوڈالیں اور صبح سویرے کوئی چیز کھانے پینے پہلے وہ پانی پی لیں۔ سات دن یہی عمل کرنے سے محبت کا زور کم ہو جائے گا۔ یہ عمل اسی صورت میں کرنا چاہیے کہ جب کوئی شخص محبوب کے دام محبت میں گرفتار ہو جائے۔ لیکن شریعت اس سے ملنے جلنے کی اجازت نہ دیتی ہو اور عاشق محبت کے باعث ارتکاب گناہ سے خائف ہو۔

ناقابل حصول عورت سے محبت توڑنے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی ایسی عورت پر فریفتہ ہو جائے جس سے شادی نہ ہو سکے اور وہ اس سے رشتہ محبت توڑنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ! حسب ذیل حروف اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر تحریر کر کے صبح سویرے کچھ کھانے پینے سے پہلے چاٹ لے، حروف ''اب ق ال ہ ول درک م ہ''۔ بعد ازاں اس آیت کی تلاوت کرے۔ ''وَقِیْلَ الْیَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا وَ نَسِیَ مَا قَدَّمَتْ یَدَاهُ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا كَذٰلِكَ یَبْلِیْ'' (یہاں عاشق اور اس کی ماں کا نام لے کر بعد میں معشوقہ اور اس کی ماں کا نام لیں) بفضلہٖ تعالیٰ عاشق کا دل سکون پذیر ہو جائے گا۔

تسخیر خلق کے لیے

اگر کوئی شخص حسب ذیل آیات کا وظیفہ کرے اور کثرت سے پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ خلقت اس کی تابع فرمان ہو جائے گی۔ افسر اسے عزت واحترام کی نظروں سے دیکھیں گے اور اس شخص کو اس کی بات ٹالنے کی جرأت نہ ہو گی۔ آیات

یَاۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا۔ (پارہ ۲۲ سورہ احزاب رکوع ۹)

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ وَالْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۔ (پ ۴ العمران رکوع ۱۴)

فَلَمَّا رَاَیْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ۔ (پارہ ۱۲ سورہ یوسف ۳۶)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا۔

بچھڑے ہوئے دوست سے ملاقات کے لیے

اگر کوئی شخص پاکیزہ مقصد کے لیے نیک نیتی سے حسب ذیل بکثرت پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ اس کا بچھڑا ہوا دوست مل جائے گا۔ دیدار وطن کی حسرت پوری ہو جائے گی اور مطلوبہ علم و ہنر حاصل ہو جائے گا۔ دعا: اَللّٰهُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ ''(یہاں دوست، مقام یا چیز کا نام لیں)۔

افسروں اور جابر فرمانرواں کے خوف سے نجات

اگر کسی تلخ طبیعت افسر کا غصہ دور کر کے اس سے اپنا کام نکالنا مقصود ہو تو اس کے روبرو جاتے ہوئے یہ پڑھیں۔ "اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ لَنَا اَعْمَالُنَا وَاَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ اللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ۔ اَطْفَأْتُ غَضَبَكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَجْلَبْتُ رِضَاءَكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَقْضَيْتُ حَوَائِجِيْ مِنْكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ"۔

بادشاہ کی آتش غضب فرو کرنے کے لیے

اگر بادشاہ کی آتش غضب فرو کرنا چاہو تو اس کے پاس جاتے وقت یہ کلام پڑھیں:

"وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ"۔

افسر یا جج کے جابرانہ فیصلے کا احتمال

اگر یہ اندیشہ ہو کہ افسر یا جج کوئی ظالمانہ فیصلہ نہ کر دے تو عدالت میں حاضر ہوتے وقت سات دفعہ یہ کلام پڑھیں۔ "سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ○ وَهُوَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ اس کے بعد یہ پڑھیں اَللّٰهُ غَالِبٌ وَاللّٰهُ غَالِبٌ اَللّٰهُ غَالِبٌ"۔

بادشاہ یا افسر کا خوف دور کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص حسب ذیل دعا پڑھے تو وہ بادشاہ کے خوف سے نجات پائے گا۔

روایت ہے کہ! کسی افسر نے ایک شخص کو قید کر دیا اس نے یہ دعا پڑھنی شروع کر دی۔ افسر نے اسے معاً رہا کر دیا۔ علقمہ بن یزید کی روایت کے مطابق حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مخصوص دوستوں کو اس دعا کے پڑھنے کی تلقین کیا کرتے تھے۔ دعا: اَللّٰھُمَّ اِلٰہَ جِبْرِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَاِلٰہَ اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْمَاعِیْلَ وَاِسْحَاقَ عَافِنِیْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِنْ خَلْقِکَ عَلٰی شَیْءٍ لَا طَاقَۃَ لِیْ بِہٖ"۔

علقمہ بن ہزیہ کی روایت کے مطابق حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مخصوص دوستوں کو اِس دعا کے پڑھنے کی تلقین کیا کرتے تھے یہ دعا: "اَللّٰھُمَّ اِلٰہَ جِبْرِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَاِلٰہَ اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْمَاعِیْلَ وَاِسْحَاقَ عَافِنِیْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًامِنْ خَلْقِکَ عَلٰی شَیْءٍ لَاطَاقَۃَ لِیْ بِہٖ"

جابر امیر کی ہیبت سے نجات

حسب ذیل دعا پڑھنے سے بفضلہٖ تعالیٰ جابر امیر کے خوف سے نجات مل جاتی ہے۔ لاحق ابن لامیہ بھی اِس کی تائید کرتے تھے دعا: "رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا وَبِالْقُرْاٰنِ حُکْمًا وَاِمَامًا"

سُلطان کا ڈر زائل کرنے کے لئے

جو شخص سلطان کے حضور میں جانے سے ڈرتا ہو تو اُسے چاہیے کہ اس موقعہ پر "کٓھٰیٰعٓصٓ کَفَیْتُ حٰمٓعٓسٓقٓ حَمَیْتُ" اس طریقے سے پڑھے کہ پہلے ہر حرف ادا کرنے کے ساتھ دائیں ہاتھ کی اُنگلیاں اور دوسرا کلمہ ادا کرتے وقت بائیں ہاتھ کی اُنگلی بند کر کے پھر دونوں مٹھیاں بند کرتے ہوئے دفتر میں چلا جائے اور سلطان کے روبرو جا کر دونوں مٹھیاں کھول دے۔ جانے والے دل میں سے ڈر زائل اور سُلطان پر رُعب طاری ہو جائے گا۔

ظالم افسر یا ہولناک جانور کے ڈر سے نجات

اگر کسی شخص کو غضبناک افسر یا جنگل میں ہولناک جانور سے واسطہ پڑنے کا ڈر ہو تو! گھر سے باہر قدم رکھتے وقت "الحمد شریف" "آیۃ الکرسی" "سورہ قدر" سورۂ قریش" "سورۂ خلق" اور سورۃ الناس کی تلاوت کرتا جائے۔ نیز یادِ الٰہی میں مصروف رہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ تمام آفات سے امن میں رہے گا اور کامیابی سے واپس آئے گا۔

ظالم بادشاہ کا خوف دور کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص حسب ذیل کلام پڑھ کر کسی ظالم بادشاہ کے حضور میں حاضر ہوگا تو بفضلہٖ تعالیٰ اُس کے دل میں بادشاہ کی ہیبت بالکل دور ہو جائے گی۔ آزمودہ ہے۔ (کلام)

"اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ الَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل فَانْقَلَبُوْا مِنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ وَاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُوْفَضْلٍ عَظِيْمٌ"

اسلحہ کو بے اثر بنانے کے لئے

کسی کاغذ پر "سورۂ ہود" تحریر کر کے جس کے تمام حروف روشن ہوں اپنے پاس رکھیں بفضلہٖ تعالیٰ دشمن کے تمام اسلحہ بے کار و بے اثر ہو جائیں گے۔ آپ اُس پر قابو پالیں گے اور وہ منہ کی کھا کر بھاگ جائے گا۔

دشمن کو شکست دینا

اگر کوئی شخص مُٹھی بھر مٹی لے کر اُس پر "سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ" پڑھے اور اج ہ ز ط کہہ کر مخالف کے منہ کی طرف پھینک دے، تو وہ ہزیمت سے دو چار ہوگا۔

زبان بندی

اگر کسی شخص کے فتنہ اور مفسدہ پردازی سے خوف محسوس ہوتا ہو تو اُس کے سامنے یا قریب جاتے وقت حسبِ ذیل کلام پڑھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ اُس کی زبان بند ہو جائے گی اور اُس کے ظلم سے محفوظ ہوں گے۔

کلام: "اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰی اَفْوَاھِھِمْ وَلَا یُؤْذَنُ لَھُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ ○ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ○"

ظالموں کو سبق سکھانے کے لئے ایک عمل

منگل کی رات کی آخری تہائی میں خداوند عالم کی طرف دھیان لگا کر ہزار دفعہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ پڑھیں۔ پھر جس جابر و ظالم کی طرف متوجہ ہوں گے۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ بہت جلد مبتلائے مصیبت ہوگا۔ یہ عمل بعض اکابر اسلام کا آزمودہ ہے۔

جابر افسر کی معزولی

جمعرات کو نماز عشاء سے فارغ ہو کر پاکیزگی کی حالت میں کسی تنہا جگہ بیٹھیں اور ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ" ہر تسبیح کے بعد کہیں "یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اَسْتَجِیْرُکَ مِنْ ظُلْمِ (یہاں اُس جابر اور اُس کی ماں کا نام لیں) فَخُذْ لِیْ حَقِّیْ مِنْہُ" بفضلہٖ تعالیٰ وہ افسر اپنے عہدے سے برطرف ہو جائے گا۔

تسخیرات وفتوحات کے لئے

حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے بتائے ہوئے عملیات

محبت کا تعویذ


حسبِ ذیل نقش کو زعفران اور خالص کستوری سے روزانہ اکتالیس دفعہ پُر کریں اور آٹے کی گولی میں لپیٹ کر دریا میں ڈالیں۔ چالیس دن تک یہ عمل کرنے سے اُس پر قابو حاصل ہو جائے گا۔ مطلوب سے نکاح یا میاں بیوی میں اتفاق کرانے کے لئے یہ نقش دودھ میں گھولیں اور اسی دودھ سے تین کلیاں کر کے اسی میں ڈال دیں پھر وہ دودھ اسے پلا دیں۔ جس پر اثر ڈالنا ہو۔ وہ نقش یہ ہے۔

ااا ۵ ااا ۵ ھ لہ ے

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

حُب کا تعویذ

اگر کوئی شخص حسب ذیل آبی نقش کسی پُرزہ کاغذ پر چالیس دفعہ روزانہ تحریر کر کے بلا ناغہ آٹے کی گولیوں میں لپیٹ کر دریا میں ڈال دے گا اور چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھے گا تو محبوب آتشِ محبت بے قرار ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ! ناجائز کاموں کے لئے یہ عمل نہیں کرنا چاہیے ورنہ سخت گناہ ہوگا۔ نقش کے نیچے محب اور محبوب کا نام تحریر کریں۔




۷۸۶

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

فلاں محب اور محبوب

تعویذ فتوحات

روزانہ حسب ذیل چالیس تعویذ بادی کاغذ پر لکھیں اور ہوا کے رُخ کھڑے ہو کر سب کے سب تعویذ اُڑا کر دریا میں ڈال دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ فتوحات پر فتوحات ہوتی جائیں گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

خلقت کو مسخر کرنے کے لئے

ترکِ حیوانات جلالی و جمالی کر کے چالیس یا کم از کم اکیس دنّ میں سوالاکھ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی ٹوپی نہ رکھیں۔ حسب ذیل تعویذ روزانہ ۱۴۵ دفعہ لکھیں اور آٹے میں گولی بنا بن کر چلتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ سات دن تک یہ عمل کریں اور اشراق کے بعد بارہ سو دفعہ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' ہر روز بلا ناغہ پڑھیں اور اسے اپنا معمول بنا لیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ یہ عمل خلقت کی تسخیر اور ہر بیماری کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۰۳	۱۹۲	۲۰۳

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

تسخیر مطلوب اور رقتِ قلب کے لئے

یہ عمل حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا بتایا ہوا ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ!

1 کاغذ پر یہ اسمِ مبارک تحریر کر کے اُس کے نیچے محبّ و محبوب دونوں کی ماؤں کے نام لکھنے کے بعد پانی میں گھول کر مطلوب کو پلائیں۔ وہ مسخر ہو جائے گا۔

2 روزانہ سو دفعہ یہ اسم مبارک پڑھنے سے قلب میں رقت و شفقت پیدا ہو جاتی ہے۔ ”اَلْمَلِكُ“

درود تسخیر

”صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ“

جناب ماسٹر شفیع الدین نظامی اپنی کتاب ''بیاض نظامی'' میں لکھتے ہیں کہ! بدر یعنی پورے چاند کا تصور کر کے کامل تنہائی میں گیارہ سو بار روزانہ اکیس روز تک مسلسل پڑھنے والے کو تسخیر کی عظیم طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔ اکیس روز کامل پرہیز کے ساتھ پڑھیں۔ اس تصور سے سات سو بار روزانہ بطور ورد پڑھا کریں۔ محبوب خاص و عام ہو جائیں گے۔ عام و خاص تمہارے حکم کی تعمیل فخر سمجھیں گے۔ دین و دنیا کی مشکلات سے بچے رہیں گے۔ دعائیں مقبول ہونے لگیں گی۔ یاد رکھیئے ذہن میں سوائے خیر کے کچھ نہ رہے۔

تسخیر عام کا مجرب عمل

''بیاض نظامی'' میں لکھا ہے کہ یہ عمل کرنے سے پہلے کم از کم ایک ہفتہ متبادل طرز تنفس کی اتنی مشق کر لیں کہ ایک سانس میں گیارہ بار سورۂ اخلاص معہ بسم اللہ شریف پڑھ جائیں۔ باپرہیز جلالی و جمالی علیحدہ و مصفی کمرے میں بوقت شب نئے سفید مصلے پر دو سفید احرام زیب تن کر کے زیرو پاور بلب کی روشنی (افضل اندھیرا ہے) میں چارزانو پُرسکون ہو کر بیٹھ جائیں۔ گردن اور کمر سیدھی رکھیں۔ آنکھیں بند کر کے گیارہ بار یہ درود شریف پڑھیں۔

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِاۃَ اَلْفِ اَلْفٍ"

فوراً متبادل طرز تنفس کی پوزیشن اختیار کر لیں یعنی دائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے ناک کا دایاں نتھنا بند کر کے ناک کے بائیں نتھنے سے آہستہ آہستہ سانس اندر کھینچیں۔ پیٹ اور سینہ سانس سے بھر جائیں تو بائیں نتھنے کو سب سے چھوٹی اُنگلی کے ساتھ اُنگلی (شمس) سے بند کر کے دائیں نتھنے کو انگوٹھے سے آزاد کر کے گیارہ بار سورہ اخلاص بمعہ بسم اللہ شریف بآواز خفی (بلا آواز صرف ہونٹ ہیں) پڑھیں۔ اور سانس آہستہ آہستہ دائیں نتھنے سے خرج کر دیں۔

تھوڑا وقفہ کر کے دائیں نتھنے سے حسبِ سابق اندر کھینچیں۔ پیٹ اور سینہ ہوا سے بھر جائیں تو دائیں نتھنے کو انگوٹھے سے دبالیں۔ اور بائیں نتھنے کو اُنگلی سے آزاد کر کے گیارہ بار سورہ اخلاص معہ بسم اللہ شریف پڑھیں پھر اس نتھنے سے آہستہ آہستہ سانس خارج کر دیں۔ یہ ایک چکر ہوا اور بائیس بار سورہ اخلاص پڑھی گئی۔ اسی طرح 50 چکروں میں گیارہ سو بار روزانہ پڑھیں۔ اکیس روز میں زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ کامل تنہائی میں عمل کریں۔ تین یا پانچ چکر کا ورد رکھیں۔ وہ قوت تسخیر حاصل ہوگی کہ صرف دنیا ہی حیران نہیں ہوگی آپ بھی حیران ہو جائیں گے۔ مجربہ و مصدقہ عمل ہے۔

ایک نشست کا مجرب عمل

کمرہ الگ، پُرسکون ماحول ہو۔ دو روز پہلے گوشت اور مقاربت سے پرہیز کریں۔ نوچندی جمعرات یا جمعہ ہو تو بہتر ہے۔ ورنہ عروج ماہ کا کوئی بھی جمعہ یا جمعرات ہو۔ عصر کی اذان سے پہلے خلوت گاہ میں جانے کی تیار کرلیں۔ اذان ہوتے ہی کمرہ میں داخل ہو جائیں۔ سفید نئے مصلے پر چار رکعت نماز فرض عصر کے پڑھیں پھر تین فرض مغرب کے پڑھیں پھر چار فرض اور دو وتر عشاء کے پڑھیں۔ سامنے کوئی میٹھی چیز رکھیں، تین بار کوئی درود شریف پڑھیں۔ اور سورۂ اخلاص معہ بسم اللہ پڑھنا شروع کر دیں ایک سو بار پڑھ کر مٹھائی پر دم کرتے جائیں۔ اسی طرح ایک سو ستائیس بار دم کریں پھر پچپن بار سورۂ اخلاص اور تین بار درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ جب موقع ملے مطلوب کو ذرا کھلا دیں۔

نوٹ: دورانِ عمل کسی قسم کی حاجت ہو تو لباس تبدیل کر کے جائیں۔ بہتر یہ ہے کہ! دو احرام ہوں نیز تا اختتام سوائے پانی کے کوئی چیز استعمال نہ کریں۔ خوشبو جسم سے لباس سے لگالیں۔ اگر بتی کے چکر میں نہ پڑیں تصور مطلوب کامل رکھیں۔

یاد رکھیں تعداد میں کمی بیشی نہ ہو۔ سو دانوں کی تسبیح ہو اور ایک سو ستائیس کنکریاں ہوں۔ ایک تسبیح پڑھیں اور دم کر کے ایک کنکری الگ رکھ دی۔ اسی طرح ایک سو ستائیس بار تو یہ دم کیا اور آخر میں پچپن بار سورۂ اخلاص اور تین بار درود شریف پڑھ کر دم کرنا پڑا۔ یہ ایک سو اٹھائیس بار دم ہوا۔ المختصر بارہ ہزار سات سو پچپن بار سورۂ اخلاص معہ بسم اللہ شریف کامل تصور مطلوب کے ساتھ پڑھ کر مٹھائی پر دم کرنا ہے۔ یہ عمل جناب شفیع نظامی کا ذاتی طور پر آزمایا ہوا ہے۔

اکسیرِ حُب

اگر مطلوب تک رسائی ناممکن ہے۔ تو یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ کامیاب ہوں گے۔ نوچندی جمعرات کو سورج نکلتے ہی سفید کاغذ پر گلاب و زعفران سے تنہائی میں بیٹھ کر سورۂ اخلاص اس طرح لکھیں۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد يَا وَدُوْدُ يَا بُدُّوْحُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَللّٰهُ الصَّمَدْ يَا وَدُوْدُ يَا بُدُّوْحُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ٥ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُواً اَحَد يَا وَدُوْدُ يَا بُدُّوْحُ٥"

آخر میں نئی سطر میں الحب فلاں بن فلاں علیٰ فلاں بن فلاں۔ بے قرار شد حاضر شود اس کاغذ کو تہہ کر کے زرد رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر زرد رنگ کے دھاگے سے لپیٹیں۔ پھر اس پر سرخ رنگ کا کپڑا چڑھا کر سرخ دھاگہ لپیٹ دیں اور اس جنگل میں راستے میں سے ہٹ کر ایسی جگہ دبائیں کہ پیروں کے نیچے نہ آئے۔ تصورِ محبوب قائم کر کے اکیس بار سورۂ اخلاص اس طرح پڑھیں جیسے لکھی ہوتی ہے۔ الحب وغیرہ نہ پڑھیں اور جہاں تعویذ دبایا ہے کھڑے کھڑے ہی دم کر کے واپس آ جائیں۔ متواتر اکیس روز وقتِ مقررہ پر تعویذ

والی جگہ کھڑے ہو کر اکیس بار سورہ اخلاص پڑھ کر پھونک دیا کریں۔ انشاء اللہ محبوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

نوٹ: تعویذ لکھنا شروع کرنے سے دبا کر گھر آنے تک کسی سے بات نہ کریں۔ اور روزانہ جانے اور آنے کے دوران بھی کسی سے بات نہ کریں۔ ناجائز کام سے پرہیز کیجئے۔

عاملِ تسخیر بننے کا طریقہ

کامل چاند گرہن یا سورج گرہن کا صحیح وقت کسی جنتری سے معلوم کر کے کم از کم گیارہ روز پہلے باپرہیز جلالی و جمالی سورۂ اخلاص معہ بسم اللہ شریف پانچ سو بار روزانہ پڑھنا شروع کر دیں۔ گرہن والے دن دریا یا نہر پر چلے جائیں۔ جب گرہن کا چوتھائی وقت ختم ہو جائے تو چادر باندھ کر دریا میں اُتر جائیں۔ تین بار درود شریف پڑھ کر ایک سو ایک بار سورہ اخلاص پڑھیں تین بار درود شریف پڑھ کر باہر نکل آئیں۔ کپڑے پہن لیں اور وہیں دریا کنارے بیٹھے ہوئے تا اختتام گرہن سورۂ اخلاص بلا تعداد پڑھتے رہیں۔ آپ حُب کے عامل ہو گئے۔ کھانے کی چیز پر دم کر کے دیں۔ سورۂ اخلاص زعفران سے لکھ کر نیچے الحب فلاں بن فلاں لکھ کر تعویذ باندھنے کو دیں۔ انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔ پانی ناف سے نیچے ہو۔

ناراض شوہر کو راضی کرنے کا طریقہ

جس عورت کا شوہر ہر وقت جھگڑتا رہتا ہو۔ وہ عورت وقتِ فرصت طاہر پانی یا کسی کھانے کی چیز پر ستر بار سورۂ فاتحہ دم کر کے کھلائے۔ انشاء اللہ بہت جلد اُس کا جہ

جڑ اپنی ختم ہو جائے گا۔

باوضو، ظاہر جسم ولباس کے ساتھ کامل تنہائی میں کامل توجہ سے پڑھیں۔ سات بار درود شریف پڑھ کر سورۂ فاتحہ شروع کریں۔ معہ بسم اللہ شریف ایک سانس میں پوری سورت پڑھ کر پانی یا چیز پر دم کرتے جائیں۔ اسی طرح ستر بار کریں۔ آخر میں سات بار درود شریف پڑھ کر دم کریں اور کھلائیں۔

جائز محبت کے لئے تصور مطلوب بدر کامل میں قائم کر کے ایک ہزار بار کامل تنہائی میں سورۂ کوثر کو پڑھا جائے۔ گوشت، بدبودار اشیا اور مقاربت سے پرہیز کیا جائے۔ انشاء اللہ سات، چودہ یا اکیس دن میں مطلوب تابع ہو گا۔ یاد رکھیئے بدرِ کامل میں مطلوب کی صورت کا تصور کرنا ہے۔

آفیسر کی خوشنودی حاصل کرنا

نقشِ ملفوظی میں ناراض آفیسر کا نام لکھ دیں۔ سات روز آفیسر کے نام پر نظر قائم کر کے ''آیت الکرسی'' الحی القیوم تک تکرار کے ساتھ ستر بار پڑھیں۔ نہ صرف آفیسر کی ناراضگی رفع ہو گی بلکہ ترقی بھی مل جائے گی۔

اکسیر حُب مجرب

''آیت الکرسی'' کے نقش ملفوظی کے درمیانی دائرہ میں اسم مطلوب معہ اسم والدہ لکھیے اور نظر قائم کر کے ستر بار بسم اللہ شریف و درود شریف روزانہ پڑھیے۔ انشاء اللہ سات روز میں حاضر ہو گا۔ ناجائز کرنے والا خود ذمہ دار ہو گا۔ یہ آیت الکرسی کا ملفوظی نقش یہ ہے۔

العظیم	وھو العلی	حفظھما	ولا یؤدہ	السموات والارض	وسع کرسیہ	الا بما شاء	بشئ من علمہ	ولا یحیطون	العظیم
ولا یحیطون	وما خلفھم	ما بین ایدیھم	یعلم	الا باذنہ	یشفع عندہ	من ذا الذی	والارض	وما خلفھم	وھو العلی
شئ من علمہ	والارض	ما فی السموات	لہٗ	سنۃ ولا نوم	لا تاخذہ	القیوم	ما فی السموات	ما بین ایدیھم	حفظھما
الا بما شاء	من ذا الذی	القیوم	الحیُّ	الا ھو	لا الہ	الحی	لہ	یعلم	ولا یؤدہ
وسع کرسیہ	یشفع عندہ	لا تاخذہ	لا الہ	اللہ	اللہ	الا ھو	سنۃ ولا نوم	الا باذنہ	السموات والارض
السموات والارض	الا باذنہ	سنۃ ولا نوم	الا ھو	اللہ	اللہ	لا الہ	لا تاخذہ	یشفع عندہ	وسع کرسیہ
ولا یؤدہ	یعلم	لہ	الحیُّ	لا الہ	الا ھو	الحیُّ	القیوم	من ذا الذی	الا بما شاء
حفظھما	ما بین ایدیھم	فی السموات	القیوم	لا تاخذہ	سنۃ ولا نوم	لہٗ	ما فی السموات	والارض	شئ من علمہ
وھو العلی	وما خلفھم	والارض	من ذا الذی	یشفع عندہ	الا باذنہ	یعلم	ما بین ایدیھم	وما خلفھم	ولا یحیطون
العظیم	ولا یحیطون	شئ من علمہ	الا بما شاء	وسع کرسیہ	السموات والارض	ولا یؤدہ	حفظھما	وھو العلی	العظیم

اللہ

محبوب تک رسائی نہ ہو تو

دو ہزار پانچ بار بسم اللہ شریف مندرجہ ذیل طریق پر خلوت میں کامل تصور کے ساتھ پڑھیں۔ مطلوب بے چین ہو کر حاضر ہوگا۔ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بَحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o"

تسخیر عام و خواص

دو رکعت نماز نفل پہلی رکعت میں تین بار اور دوسری رکعت میں دو بار سورۂ اخلاص پڑھیں بعد از سلام ڈھائی ہزار بار بسم اللہ شریف پڑھیں۔ ہر سو کے بعد مندرجہ ذیل دعا گیارہ بار پڑھیں۔ پرہیز جلالی اور جمالی خلوت میں تا اختتام چلہ دوسرا شخص نہ جائے۔

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَالِبُ وَاَنَا الْمَغْلُوْبُ مَمَّنْ یَّدْعُ الْمَغْلُوْبُ اِلَّا الْغَالِبُ یَارَبِّ اَغْلِبْنِیْ بِحَقِّ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ o"

تسخیر کا ایک مجرب عمل

کامل پرہیز جلالی کمرہ علیحدہ ہو۔ لباس دوران عمل سفید ہو۔ کمرہ کو عمل شروع کرنے سے پہلے مہکالیں۔ دو رکعت نماز قضائے حاجت (برائے تسخیر عام وخواص) پڑھیں۔ چار زانو بیٹھ جائیں یقین پختہ اور توجہ کاملہ سے گیارہ سو بار بسم اللہ اس طرح پڑھیں۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝"

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔

اندھیرا ہو تو فوراً بعد مراقبہ کریں۔ کمر اور گردن سیدھی رکھیں۔ اکڑاؤ نہ ہو اپنے اُمّ الدماغ (تالو) میں نظر باطن سے تصور کریں کہ زرد رنگ کے ایک بڑے پھول پر سفید چوکی ہے جس پر آپ بیٹھے ہیں اور عورتوں اور مردوں کا ایک جم غفیر آپ کی تعظیم کے لئے اپنا سر خم کئے ہوئے ہے یہ تصور جتنا جلد قائم اور پختہ ہوگا اتنا ہی جلد کامیاب ہوں گے۔ دورانِ عمل کم خوردن، کم گفتن، کم خفتن پر عمل کریں، موقعہ ملے اور پُر سکون ماحول ہو تو صبح کی نماز کے بعد بھی یہ مراقبہ کرلیا کریں۔ پڑھنا صرف رات کو ہے۔ انجانے لوگ سلام کریں گے۔ کاروبار میں بڑی خیر و برکت ہوگی۔ جو سوچیں گے وہ ہونے لگ جائے گا۔ یاد رکھیے! ایذاء رسانی کا اقدام نہ کریں۔ اس قوت سے مخالف کو بھی مسخر کرلیں۔ ناجائز کام میں اس قوت کو استعمال کرنا تباہی کا سبب بن جائے گا۔ اپنے آپ کو تماشا بھی نہ بنائیں۔ نہ ہی تکبر کریں۔ عاجزی وانکساری کو شعار بنالیں۔

سخت گیر شوہر نرم ہو گیا

ماسٹر محمد شفیع نظامی اپنی کتاب ''بیاضِ نظامی'' لکھتے ہیں کہ میں نے ایک عورت کو یہ آیت ''اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَھْدِیْنَ'' تین سو تیرہ بار پڑھنا بتائی۔ اُس کا سخت گیر شوہر نرم

مزاج ہو گیا۔ اپنے بیوی بچوں سے ٹوٹ کر محبت کرنے لگا اور بچوں کی تعلیم و تربیت ایک شفیق باپ بن کر کرنے لگا۔

تسخیر عام و خاص

(6x4) کے سفید موٹے کاغذ پر نیک ساعت میں کالی پاک سیاہی سے آیہ کریمہ کا یہ مربع نقش تیار کریں۔ نوچندی جمعرات کی شب سے عمل شروع کریں۔ دو رکعت نماز نفل برائے تسخیر رکعت اوّل میں آیہ کریمہ پچیس بار اور رکعت دو میں پچاس بار (بعد فاتحہ) پڑھ کر دیوار پر آویزاں نقش کے سامنے بیٹھ جائیں درمیانی سیاہ دائرہ پر نظر قائم کر کے تین سو تیرہ بار آیہ کریمہ مع اوّل و آخر درود شریف گیار بار توجہ کاملہ سے پڑھیں۔ درمیانی سیاہ دائرہ پر نظر قائم کر کے تین سو تیرہ بار آیہ کریمہ مع اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار توجہ کاملہ سے پڑھیں۔ درمیانی دائرہ کے گرد سفید روشنی گھومنا شروع ہو گئی اسے دائرہ کے درمیان میں ٹھہرانا ہے۔ پہلے ہی دن کامیاب نہیں ہوں گے۔ بتدریج کوشش کریں، حتیٰ کہ درمیانی دائرہ پورا روشن ہو جائے۔ بعد ختم پُر سکون ہو کر اندھیرا کر لیں۔ اور آنکھیں بند کر کے سیدھے بیٹھ جائیں اور نظر باطن سے اپنے اُم الدماغ (اندر تالو) کو دیکھیں زرد رنگ کے بڑے پھولوں پر سفید چوکی ہے۔ جس پر آپ بیٹھے ہیں اور یک جم غفیر جس میں عورت مرد بچے سب ہیں۔ آپ کے سامنے جھکے ہوئے ہیں۔ یہ تصور جتنا جلد پختہ ہوگا۔ اتنی جلد تسخیر شروع ہو جائے گی۔

پرہیز: مقاربت، گوشتِ ہر قسم، بدبودار اشیاء اور کسی کا چھوٹا کھانا، یہ مراقبہ پانچ منٹ سے شروع کریں اور تدریجاً تیس منٹ تک پہنچ جائیں۔ اس قدر تسخیر ہو گی کہ آپ پریشان ہو جائیں گے۔

۷۸۶

۵۹۳	۵۹۶	۵۹۹	۵۸۶
۵۹۸	۵۸۰	۵۹۲	۵۹۷
۵۸۸	۶۰۱	۵۹۳	۵۹۱
۵۹۵	۵۹۰	۵۸۹	۶۰۰

گلہائے عشق و محبت

عروجِ ماہ کی نوچندی جمعرات کو ایک ہزار گل ہائے چنبیلی لے کر قبرستان چلے جائیں۔ اور ایک شیشی۔ ایک پھول پر معہ بسم اللہ شریف سورۂ کوثر پڑھیں اور قبر کے سینے پر رکھ کر ذراسی مٹی اُٹھا کر شیشی میں ڈال لیں۔ اسی طرح ہزار قبروں پر سورۂ کوثر پڑھیں۔ پھول رکھیں اور سب قبروں کی چاول دو چاول جتنی مٹی اٹھا لیں اور مطلوب کے گھر ڈال دیں۔ انشاءاللہ مطلوب دستِ بستہ حاضر ہوگا۔

نوٹ: ہزار قبروں پر ایک ایک پھول سورہ کوثر پڑھ کر رکھنا ہے اور ذراسی مٹی اُٹھانا ہے زیادہ اٹھائی تو لفافہ یا تھیلہ بھر جائے گا۔ نیز ناجائز کرنے والا خمیازہ بھگتے گا۔

تسخیر کا مجرب عمل

یہ عمل ہم نے تسخیر ہمزاد کے لئے متواتر اکیس روز پڑھا تھا ہمزاد تو تسخیر نہ ہوا مگر تسخیر عام سے اس قدر ہو گئی تھی کہ وبال جان بن گئی۔ مجبوراً ورد چھوڑ دیا۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کا روزہ رکھیں اور صبح سورج طلوع ہونے سے پہلے کھلے میدان میں پہنچ جائیں۔ اُبھرتے ہوئے سورج پر نظر قائم کر کے پانچ سو مرتبہ مندرجہ ذیل عمل معہ

اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار توجہ کاملہ سے پڑھیں۔" اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ " پہلے چند دن آنکھوں سے پانی بہے گا پھر عادت ہو جائے گی روزہ صرف پہلے دن رکھنا ہے۔ روزانہ رکھو تو زیادہ افضل ہے۔ دوران عمل مقاربت، گوشت وغیرہ سے پرہیز کریں۔ کم خوردن، کم گفتن، کم خفتن پر عمل کریں۔ ممکن ہے کہ! دو یا تین چلوں میں ہمزاد حاضر ہو جائے ورنہ آپ کی آنکھوں میں وہ مقناطیسی طاقت پیدا ہو جائے گی کہ آپ حیران ہو جائیں گے۔

الرحمٰن کی زکوٰۃ کا آسان طریقہ

عروج ماہ کی شب اول سے کامل پرہیز جلالی سے تنہائی میں تیرہ ہزار بار یَا رَحْمٰنُ پڑھے اول وآخر درود شریف 11/11 بار متواتر اکیس روز پڑھے دوران عمل لباس علیحدہ ہو۔ عجیب و غیرب اسرار ظاہر ہوں گے۔ عزت وآبرو میں اضافہ اور کاروبار میں کشادگی ہوگی۔

حب کا بہترین اور مصدقہ عمل

گندم کے گیارہ سودانوں پر ایک ایک بار عزیمت ذیل پڑھیں "یَا رَحْمٰنُ بِرَحْمَتِكَ" (دل فلاں بن فلاں درمحبت فلاں بن فلاں) یادرمحبت من گرم کن سوا کلو پانی تیز گرم کرے اس میں یہ دانے ڈال دیں اور برتن کو الگ رکھیں دیں صبح کی نماز کے بعد یہ دانے معہ پانی سمندر یا مچھلیوں کے تالاب میں ڈال آئیں۔ انشاء اللہ گیارہ روز میں کامیاب ہوں گے۔

نوٹ: جس شخص نے "یَارَحْمٰنُ" کی زکوٰۃ نکالی ہو اور ورد میں ہو وہ صرف گیارہ دانوں پر ایک ایک عزیمت پڑھے اور ایک پاؤ گرم پانی میں ڈالے صبح مچھلیوں کو ڈالے۔

انشاءاللہ بامراد ہوگا۔

تسخیر عام کا نادرِ روزگار عمل

چاند کی پہلی شب جمعہ کے بعد از عشاء تنہائی میں ایک سو اکیس بار سورۂ اخلاص معہ بسم اللہ شریف متواتر بلا پرہیز وقت مقررہ پر پڑھا کریں۔ کوئی پرہیز نہیں۔ دوسرا چاند نظر آنے سے دو تین روز پہلے پرہیز جلالی شروع کر دیں اور ان دو تین روز میں اچھے دھان لا کر خود اپنے ناخنوں سے چھیل کر اتنے سالم چاول تیار کر لیں جن کو گال یا کلے میں پانی کی طرح دبا کر سو سکیں۔ چاند دیکھیں عشاء کی نماز کے فوراً بعد حسب سابق ایک سو اکیس بار سورۂ اخلاص معہ بسم اللہ شریف پڑھیں۔ رات علیحدہ کمرے میں سوئیں اور چاول گال میں دبا کر سو جائیں (12 بجے سے پہلے نہ سوئیں) صبح پہلی بار آنکھ کھلے تو کسی چینی یا مٹی کی غیر مستعمل پلیٹ میں نکال کر رکھ دیں۔ بعد نماز اپنا کاروبار کریں۔ رات 12 بجے کے بعد ان چاولوں پر ایک ہزار ایک بار سورۂ اخلاص معہ بسم اللہ شریف دم کریں۔ یاد رکھیے ہر بار پھونک مارنا ہے۔ متواتر اکیس روز کریں۔ اب یہ اکسیر تیار ہو گئی۔ سفوف بنا کر رکھیں۔ اگر خود کسی کو تابع کرنا ہے تو ایک چٹکی پر گیارہ بار سورۂ اخلاص پھونک دیں اور ہر بار کہیں الٰہی فلاں بن فلاں کو تابع فرما اور اُس کو کھلا دیں۔ اگر کسی دوسرے کے لئے ہے تو ہر بار الٰہی فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بے قرار شود یا فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کی محبت میں بے قرار فرما۔

"یَا بُدُّوْحُ" کا عملِ محبت

نوچندی جمعرات کا روزہ رکھیں۔ ہو سکے تو جمعرات کو ساعت اول میں ورنہ ساعتِ مشتری میں گلاب و زعفران سے مندرجہ ذیل نقش تیار کریں۔

٧٨٦

٣	١٦	١
١٥		٥
٢	٤	١٤

اسم مطلوب مع اسم مادرش

يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ قَطَعْتُ النَّوْمَ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

رات نماز وغیرہ سے فارغ ہو کر یہ نقش سامنے رکھیں اور بیس بار نقش کے نیچے لکھی ہوئی آیت (سورۂ رحمٰن میں ہے) مع عزیمت پڑھیں اور نقش کو سرہانے کے اندر ٹھیک سر کے نیچے رکھیں نیز ہر نماز کے بعد دو ہزار بار اسم "یَا بُدُّوْحُ" پڑھیں۔ تیرھویں دن سے ہر نماز کے بعد ایک ہزار بار اسم "یَا بُدُّوْحُ" پڑھیں۔ سترہ روز میں اسم بدوح کی زکوٰۃ بھی ادا ہو جائے گی اور مطلوب بھی دست بستہ حاضر ہو جائے گا۔

نوٹ: خود پڑھیں تو علیٰ سے آگے حُبی کا لفظ پڑھیں۔ دوسرا زکوٰۃ ادا نہ کر سکے تو اکیس روز نقش کو سامنے رکھ کر 20 بار عزیمت پڑھے۔

حب کا ایک عجیب عمل

یہ عمل بتانے کے لئے مثال ابتدا میں ہی پیش کی جاتی ہے۔ فرض کیجئے:

اعداد اسم طالب و اعداد اسم مادرش=٥٥٥

اعداد اسم مطلوب و اعداد مادرش=١٢٥

ہر دو کا عاد اعظم=٥

۵۵۵
۵۰۰
۵۵

۱۲۵
۱۱۰
۱۰۵

۵۵
۴۵
۱۰

۱۵
۱۰
۵

طالب اور مطلوب کے اعداد کا مجموعہ = ۵۵۵x۱۲۵ = ۶۸۰

= ۶۸۰ - (۵x۳۰)

= ۶۸۰ - ۱۵۰ = ۵۳۰

= ۵۳۰ / ۴ = ۱۳۲-۲

۷۸۶

۱۶۷	۱۸۲	۱۹۹	۱۳۲
۱۶۴	۱۳۷	۱۶۲	۱۸۷
۱۹۲	۲۰۹	۱۷۲	۱۵۷
۱۷۷	۱۵۲	۱۴۷	۲۰۴

اس تعویذ کا فلیتہ بنائیں۔ روئی پاک میں ملفوف کر کے چراغ میں چنبلی کے تیل سے روشن کریں۔ کُل اعداد 680 بار مندرجہ ذیل عمل فلیتہ کی لو پر نظر قائم کر کے کامل تصورِ محبوب سے پڑھیں۔ ''خواجہ کی تسبیح کل عالم ظہور بھیجو موکل ۷ آیتیں حضور فلاں بن فلاں آتا ہے تو آوے ورنہ کردو چکنا چور''

چراغ میں تیل ہوتا ہے عمل ختم ہو جائے اور فلیتہ باقی ہو تو کسی چیز سے پکڑ کر جلا دیں۔ چراغ کسی مٹی کے بڑے کونڈے میں رکھا جائے تا کہ فلیتہ کی راکھ کونڈے میں گرتی رہے۔ گیارہ روز میں مطلوب دست بستہ حاضر ہو گا۔ چراغ اور فلیتوں کی خاک معہ کونڈا دریا بُرد کر دیں۔

نوٹ: آخری عمل میں جو چار سے تقسیم کیا جاتا ہے اس میں جو باقی بچے وہ اور عاد اعظم نقش کے خانہ نمبر 13 میں اضافہ کریں۔ بقیہ خانوں میں صرف عاد اعظم اضافہ کریں۔



عملِ حب

عروج ماہ کے روز جمعہ کو ساعت سعید میں نقشِ ھذا تیار کریں۔ درمیانی دائرہ میں اسمِ مطلوب معہ اسم مادر لکھیں۔ اعداد مطلوب معہ مادر میں کونوں والے الفاظ کے اعداد (سات سو اناسی) جمع کریں۔ نقش ھذا کو فلیتہ بنا کر ہلکی روئی لپیٹ دیں۔ تلوں کا تیل چنبیلی کا تیل کورے چراغ میں ڈال کر فلیتہ روشن کریں۔ چراغ کی لَو پر نظر قائم کر کے آیت کا یہ ٹکڑا (اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ) x779 اعداد مطلوب معہ مادر کے مجموعہ کے مطابق پڑھیں۔

سات روز ایسے ہی کریں۔ روزانہ نیا فلیتہ تیار کریں۔

۷۸۶

عَلٰی	۳۳۶	۲۰۰	اِنّہٗ
۲۷۶	۵۷	۱۰۹	۳۳۷
۵۸	۲۷۹	۳۳۴	۱۰۸
لَقَادِرٌ	۱۰۷	۵۹	رَجْعِہٖ

بسم اللہ شریف کا انوکھا اور زود اثر عمل

نوچندی جمعرات کا روزہ رکھیں۔ اور جمعرات کو ہی نیک ساعت میں ایسے نو عدد نقش زعفران اور گلاب سے تیار کریں۔

۷۸۶

۷۸۷	۷۸۸	۷۸۳
۷۸۲	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	۷۹۰
۷۸۹	۷۸۴	۷۸۵

شب جمعہ کو ایک نقش پاک اور سفید ململ کی دھجی میں لپیٹ کر سر سے باندھ لیں۔ اور دو رکعت نماز نفلی قضائے حاجت پڑھیں۔ بمعہ سلام چار زانو بیٹھ کر مندرجہ ذیل عمل سات سو بیاسی بار پڑھیں۔

"صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِحَقِّ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ٥"

تعویذ سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ صبح ہو تو سر سے باندھا ہوا نقش کھول کر محفوظ کر دیں۔ دوسرے روز دوسرا تعویذ سر سے باندھ کر سات سو تراسی بار عمل ھذا پڑھیں۔ تعویذ سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ صبح اُٹھ کر اس تعویذ کو کھول کر پہلے تعویذ کے ساتھ محفوظ کر دیں۔ اسی طرح روزانہ ایک عدد کا اضافہ کرتے ہوئے نو دن تک پڑھیں۔ 782-783-784-785-786-787-788-789-790 نویں دن ان نو تعویذوں کو 9 چھٹانک آٹے کے گولوں میں لپیٹ کر دریا یا نہر یا سمندر یا مچھلیوں کے تالاب میں ڈال آئیں۔ عمل اندھیرا اور تنہا کمرے میں بعد عشاء کیا جائے۔ یہ عمل کشادگی

کاروبار کشائش رزق اور تسخیر عام کے لئے بے عدیل ہے۔ اس عمل کو کم از کم اکتالیس بار روزانہ وردرکھیں اور شب جمعہ کو سات سو چھیاسی بار پڑھیں۔ اگر روزانہ سات سو چھاسی بار پڑھیں تو عجیب اور قوی اثرات جلد ملاحظہ کریں گے۔

محبت کا عجیب وغریب اورزود اثر عمل

مطلوب معہ مادر کے اعداد نکال کر 2240 کے ساتھ بذریعہ علم حساب عاداعظم حاصل کریں۔ عداعظم حاصلہ کو 30 سے ضرب دے دیں۔ ان اعداد کو مطلوب معہ مادر اور 2240 کے مجموعے میں سے تفریق کردیں حاصل تفریق کو چار سے تقسیم کردیں۔ حاصل تقسیم آتشی مربع کی چال ہے۔ خانہ دوم سے عاداعظم کا اضافہ کرتے ہوئے مربع آتشی پُر کریں۔ اگر چار سے تقسیم کرنے میں کچھ باقی بچا ہو تو اسے خانہ نمبر 13 میں اضافہ کردیں۔

مطلوب ملوگان بنت جمیلہ

1۔ اعداد: 235

2۔ اعداد عمل: 2240

3۔ عاداعظم: 5

4۔ 2240 + 235 = 2475

5۔ 2x30 = = 150

6۔ 2475 = 150 = 2325

7۔ 2325 / 4 = 581^{-1}

٧٨٦

٦١٦	٦٣١	٦٤٧	٥٨١
٦٤٢	٥٨٦	٦١١	٦٣٦
٥٩١	٦٥٧	٦٢١	٦٠٦
٦٢٦	٦٠١	٥٩٦	٦٥٢

ملوکان بنت جمیلہ بے قرار شدز ور حاضر آید


ایسے سات فلیتے بنائیں کامل تنہائی میں کورے چراغ میں تلوں کا تیل ڈال کر فلیتہ روشن کریں اور اس کی لو پر نظر قائم کر کے اعداد مطلوب کے مطابق (۲۳۵) مندرجہ ذیل آیت پڑھی جائے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا۔ (سورہ مریم ع۸)

اگر مطلوب سات روز سے پہلے آ جائے تو آئندہ فلیتہ نہ جلائیں۔ روزانہ جلنے والے فلیتوں کی راکھ بقیہ فلیتے اور چراغ دریا میں ڈالیں۔ اگر نزدیک نہ ہو تو پاک جگہ دفن کر دیں۔

حب کا زود اثر عمل

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کی رات کامل تنہائی میں نمک سانبھر کی سات عدد کنکریاں لے کر قبلہ رخ بیٹھ جائیں۔ ہر کنکری پر سات بار مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر پھونک ماریں اور رات کو ہی کوئلوں کی انگیٹھی میں جلا دیں۔ "اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ "۔ اسی طرح سات روز تک عمل کریں۔ پڑھتے اور آگ میں ڈالتے ہوئے تصور مطلوب کامل رکھیں۔ ناجائز کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔

جائز محبت کے لیے ایک آسان ترکیب

عروج ماہ کی شب جمعہ نمک کی سات کنکریاں چنے جتنی مقدار کی لے کر تنہا کمرے میں مصلے پر بیٹھ کر خوشبو جلائیں۔ ہر کنکری پر سات بارہ ''سورہ الم نشرح'' معہ بسم اللہ شریف پڑھ کر پھونک ماریں اور ہر بار کہیں ''سوختم دل فلاں بن فلاں در محبت خود''۔ بعد ختم ساتوں کنکریاں کوئلوں کی تیز آگ میں ایک ایک کر کے جلائیں، وقفہ پانچ منٹ کا ہو۔

حب کا ایک کامیاب عمل

نوچندے سینچر کی رات کامل تنہائی میں ایک عدد لونگ سالم (معہ گل) پر سات سو بار سورہ ''الم نشرح'' معہ بسم اللہ شریف دم کریں اور محبوب کو دوسرے دن کھلائیں اگر اس سے پہلے چاند (مہینے) میں گوشت اور مقاربت سے پرہیز کر کے ستر بار روزانہ اکیس روز یہی سورۂ متواتر پڑھی جائے اور نئے چاند کے پہلے سینچر تک اکیس (۲۱) بار روزانہ کا ورد رکھا جائے تو ہزار گنا تیزی آ جاتی ہے۔ ناجائز کرنے والا ایک بار کامیاب تو ہو جائے گا مگر جلد ہی عذاب الٰہی میں بھی ایسا گرفتار ہو کہ دنیا عبرت حاصل کرے گی۔

اسمائے پاک میں کامیابی کیسے؟

کتاب ''کنز الحسین'' کے مصنف سید شبیر حسین شاہ لکھتے ہیں کہ ہم نے تین اعمال اسماء الٰہی درج کیے ہیں جو نہایت آسان زبان میں بمعہ اعداد اسماء و مؤکلات کے نکال کر دکھائیں ہیں۔ ان اعمال میں ہر صورت میں کامیاب ہونے کے لیے نام طالب مع والدہ، اسم، مؤکل آپس میں جمع کر کے جیسے ساعت آگے درج ہو اسی ساعت میں نقش کو مربع میں بھر جائے اور فلیتہ بنا کر مٹی کے کورے چراغ میں مشرق کی طرف رخ کر کے جلایا جائے۔

اگر محبوب کے گھر یا اس کے رہنے والی جگہ کا پتہ ہو تو مشرق کی طرف رخ کرنا ضروری نہیں ہے۔ پھر صرف محبوب کے گھر کی طرف اس کا منہ کیا جائے اور خود اپنی پشت مشرق کی طرف کریں، اگر محبوب کی طرف رخ ہو تو اس کے سامنے بیٹھ کر اسماء الٰہی جتنی تعداد میں آگے لکھ کر پڑھنے کو کہا گیا ہے۔ پڑھا جائے خصوصاً اگر آتے محبت یا کسی سے دوستی کے معاملے میں یہ چیز درج نہ ہو یہاں اس چیز کو ضرور یاد رکھنا ہوگا کہ! اسم الٰہی کو محبت کے معاملے میں اول وآخر گیارہ مرتبہ اس عزیمت کو ضرور پڑھا جائے۔ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ قلب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں بحق ایں اسماء موکلات بحق یا غفور یا جامع یا ودود یا لطیف یا بدوح اجب یا جرائیل اسرافیل میکائیل عزرائیل سراکتائیل حروزائیل طاطائیل رویائیل حولائیل ھمواکیل لومائیل سرھاکیل اھجمائیل عطرائیل احواکیل ھمرائیل مھکائیل اھرائیل عطکائیل تورائیل لوخائیل"۔ اس عزیمت کو اگر کسی اور کام کے لیے اسماء الٰہی سے پہلے اور اس سے پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراھیمی پڑھا جائے اور پھر اسے گیارہ مرتبہ پڑھا جائے اور درمیان میں متعلقہ اسم الٰہی کو پڑھا جائے تو نورانی روحانی مؤکلات اس کام میں مدد کرتے ہیں اور اس کی دعا کو اللہ کے حضور پیش کرتے ہیں۔ حب کے علاوہ صرف مؤکلات کے ناموں سے عزیمت کو پڑھا جائے۔

دوستی و محبت کے لیے چار اسماء الٰہیہ

یہ ایسے چار اسماء الٰہی ہیں جو پیار و محبت میں رکاوٹوں کو دور کرنے، محبوب کے دل میں اپنی محبت کو زیادہ کرنے، محبت میں ناجائز رکاوٹوں کو روکنے، من پسند جگہ پر شادی کرنے، شادی کی رکاوٹوں کے خاتمے، دور گئے محبوب کو اپنے پاس لانے، شادی شدہ افراد کی زندگی میں سکون پیدا ہونے اور ان کے درمیان ناجائز طور پر نفرت پیدا کرنے والے عناصر کے

خاتمے کے لیے کوئی بھی ان مقاصد کی خاطر ان اسماء کو اس تعداد (۱۵۴۹) کے مطابق مصری سے حلوا تیار کرے اور اس پر اس تعداد کے مطابق پڑھ کر دم کرے اور کھلا دے اللہ تعالیٰ کے حکم سے طالب و مطلوب ایک دوسرے کے بغیر ہرگز نہیں رہ سکیں گے۔ اگر کوئی باہر کے ملک ہو یا کہیں دور رہتا ہو تو اسماء کے نقش سے کام لینا ہو تو ان اسماء کے اعداد جو کہ ساتھ لکھے ہیں۔ ان کے اعداد اور ان کے موکلات کے اعداد اور صاحب عمل یا جس کسی کو نقش لکھ کر دینا ہو اس کے نام کے اعداد کو آپس میں جمع کر کے مربع نقش چوتھے خانے سے پر کیا جائے اور نقش کو قمر کی ساعت میں لکھا جائے۔ پھر ان چار اسماء کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد یا کسی ایک مخصوص وقت میں رات کو علیحدہ علیحدہ جگہ خوشبو جلا کر اوپر لکھی تعداد کے مطابق پڑھا جائے اور نقش کو اپنے گلے یا بازو پر باندھ جائے۔ اگر اس عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنا ہو تو روزانہ چار نقش لکھ کر آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالی جائیں، اثرات برآمد ہوں گے۔

یَا وَدُوْدُ	یَا غَفُوْرُ	یَا جَامِعُ	یَا لَطِیْفُ
۲۰	۱۲۸۶	۱۱۴	۱۲۹
رفتمائیل	لوخائیل	طاطائیل	طاطائیل
۷۶۱	٦٧٧	٦٠	٦٠

آٹھ اسماء پاک کے اثر سے ہر کوئی زیر ہو جائے

ہر کسی دشمن، عزیز، رشتہ دار، دوست، مطلوب، مخالف فریق، جدائی ڈالوانے والے افراد، دو دولوں میں نفرت بھرنے والے افراد، دو افراد کو آپس میں جدا کرنے والے افراد، نحوست زائل، دوستی میں وفاداری نبھانے، دوستی پکی اور اس میں جدائی

کے لفظ کو مٹانے کے لیے، اگر کوئی روزانہ ان اسماء کو (۲۱۷۹) اس تعداد کے مطابق ورد کرے تو اللہ کے حکم سے جو کچھ اوپر بیان کیا ہے وہ بالکل بیچ ایک ایسی حقیقت کے ساتھ نمودار ہوگا کہ یقین نہیں آئے گا اور اگر صرف پڑھنے سے کوئی افاقہ محسوس نہ ہو تو ان اسماء کو عمل کی شکل میں اس طریقے سے کیا جائے کہ! اسماء کے نقش سے کام لینا ہو تو ان اسماء کے جو اعداد جو کہ ساتھ لکھے ہیں، انکے اعداد اور ان کے مؤکلات کے اعداد اور صاحب عمل یا جس کسی کو نقش لکھ کر دینا ہو اس کے نام کے اعداد کو آپس میں جمع کر کے مربع نقش پہلے خانے سے پر کیا جائے اور نقش کو زہرہ کی ساعت میں لکھا جائے پھر ان سات اسماء کو روزانہ ہر فرض نماز کے بعد یا کسی ایک مخصوص وقت میں رات کو علیحدہ جگہ خوشبو جلا کر اوپر لکھی گئی تعداد کے مطابق پڑھا جائے اور نقش کو اپنے گلے یا بازو پر باندھا جائے۔ اگر اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنا ہو تو روزانہ سات نقش لکھ کر آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالی جائیں۔ مطلوب اپنی مراد کو ضرور پہنچے گا اور اس عمل کی بدولت وہی کچھ نمودار ہوگا جو کچھ اوپر بیان کیا ہے۔ اس عمل کو کئی مرتبہ آزمایا گیا ہے اور ناکامی کبھی نہیں ہوئی۔

یَا رَحْمٰنُ	یَا رَحِیْمُ	یَا حَلِیْمُ	یَا حَفِیْظُ	یَا حَیُّ	یَا قَیُّوْمُ	یَا رَافِعُ	یَا هَادِیْ
۲۹۸	۲۸۵	۸۸	۹۹۸	۱۰	۱۵۶	۳۵۱	۲۰
امواکیل	امواکیل	تنکافیل	تنکافیل	تنکافیل	عطرائیل	امواکیل	رفتمائیل
۱۰۸	۱۰۸	۵۹۱	۵۹۱	۵۹۱	۳۲۰	۱۰۸	۷۶۱

حب کے لیے ایک مجرب عمل

اگر کوئی شخص کسی پر عاشق ہو اور ملاقات میسر نہ ہو تو اس اسم کو وقت صبح اور وقت

شام جمعرات کے روز بعد نماز ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور مطلوب کو دل میں ایسا تصور کر کے کہ گویا روبرو کھڑا ہے اور اپنی آنکھوں کو بند رکھے جب ورد ختم ہو تو خیال میں مطلوب کی طرف دم کرے ایک ہفتہ کے عرصہ میں معشوق اس کی طرف رجوع کرے گا۔ مناسب یہی ہے کہ حرام نہ کرے اور اگر سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر زکوۃ دے تو اسم کا عامل بن جائے گا۔ پھر جب بھی کسی کے لیے بعد زکوۃ کے تین روز مذکورہ بالا طریقے پر پڑھے تو مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ اپنے مقصد کے حصول کے لیے عامل بننا ضروری ہے۔

یَا وَدُوْدُ کا ایک عمل مجرب

یہ اسم مطلوب کی تسخیر کے لیے جو کہ آزردہ خاطر ہو اور رجوع نہ کرتا ہو تو پوری پاکیزگی کے ساتھ ایک پیالہ شربت کا تیار کیا جائے اور اس میں گلاب و کیوڑہ ڈالا جائے اور لازم ہے جمعرات کا دن ہو۔ پس عصر کے وقت کعبہ رو بیٹھ کر اور آنکھیں بند کر کے مطلوب کا تصور کریں اور ایک ہزار چار سو مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھیں اور جب تعداد ختم ہو جائے تو شربت کے پیالے پر جو تیار کیا ہوا پاس موجود ہے۔ اسم موصوف کے موکلوں کی نیاز کر کے دم کریں اور خود پی لیں۔ انشاء اللہ پڑھنے کے دوران اسی دن مطلوب حاضر ہو گا۔ اگر مطلوب حاضر ہو تو اس سے مخاطب نہ ہوا جائے۔ اور نہ ہی کلام کی جائے۔ جب تک عمل ختم نہ ہو اسی طرح کل تین دن کیا جائے۔ تین دنوں کے بعد محبوب سے ملاقات اور بات کی جا سکتی ہے۔ عمل کی کل مدت سات دن ہے تا کہ محبوب مکمل تسخیر میں آ جائے۔

عمل حب

عروج ماہ جمعرات کے دن کاغذ کے پرزہ پر پہلے بسم اللہ کے عدد لکھیں بعد طالب د


مطلوب اوران کی ماؤں کے نام کے اعداد اور اسم "یاودود" کے عدد لکھیں اور اس طرح لکھیں کہ پہلے لکڑی کی تختی یا کاغذ پر طالب کا نام لکھا جائے بعد اسم ودود اور اس کے بعد اسم مطلوب یہاں مثال دیکھیے۔

ناہیدہ سلطان	یاغفور	سیدغیاث الدین
۲۲۵	۱۲۹۷	۱۶۸۰

(۳۰۲۲) ان اعداد کا فلیتہ بنایا جائے اور ایک طرف سیاہی لگائی جائے پھر ایک عدد مٹی کا چراغ جس میں پانی نہ لگا ہو روغن، خوشبو دار ڈال کر فلیتہ پر عطر ملیں، نیز شہد خالص ملا کر پاک روئی لپیٹیں اور چراغ میں رکھیں۔ چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف رکھا جائے اور چراغ کو پاک تنکے سے روشن کیا جائے اور آپ خود پاک کپڑے پہن کر چراغ کے روبرو کھڑے ہو کر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف اول و آخر درود شریف ملا کر اسم یاغفور کو پڑھیں جب ختم ہو جائے تو اگر مطلوب کی محبت مقصود ہو تو عرض کرے۔ اگر کسی کو قید سے رہائی دلوانی ہو تو پہلے قیدی کا نام لکھا جائے اور کوئی اسم جمالی مقصد کے لحاظ سے ملتا ہوا لکھا جائے اور اسی طریقے سے اعداد بنا کر فلیتے والا عمل کیا جائے عمل خواہ کسی بھی مقصد کے لیے کیا جائے جب تک عمل پورا نہ ہو تب تک عمل کو ترک نہ کیا جائے۔ صرف ہر قسم کے گوشت سے پرہیز کیا جائے۔ دودھ، دہی اور ہر قسم کی شے کو کھایا، پیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کو ہر مقصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اسم الٰہی اور مطلب کا صحیح معلوم ہونا چاہیے۔ اگر اس عمل پر قابو پالیا جائے تو کسی کے بھی فوراً کام آیا جا سکتا ہے۔

تسخیر اور خلقت میں معظم بننا

ایک عدد صندل کی چوکور لکڑی لے کر اس پر کسی نوکیلی شے سے (عھیت السید انظر) لکھے اور اسے آگ میں اس طریقے سے جلائے کہ اس کی راکھ ضائع نہ ہو۔ لکڑی مکمل جل جانے کے بعد وہیں پر اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھیں اور نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے چاندی کی انگشتری کے نیچے رکھوا کر اپنے سیدھے ہاتھ کی انگلی میں پہنیں اور اس راکھ کی کھرل میں سفوف بنا کر اس میں قدرے سرمہ ملا کر اپنی آنکھوں میں لگا کر جہاں کہیں بھی جائیں گے اس کی عزت و احترام ہر دیکھنے والا کرے گا اور خصوصاً تسخیر خلقت ہوگی۔ جس کسی سے جو بات کہی جائے گی وہ انکار نہیں کر سکے گا۔



یٰسین شریف غربی

کتاب ''کنز الحسین'' کے مصنف عامل کامل ''سید شبیر حسین شاہ مرحوم'' لکھتے ہیں

کہ یٰسین شریف غربی کی شرح قدیم راویوں کے مطابق اس طرح ہے کہ! اگر کوئی چاہے کہ اس کا عمل خلاف نہ ہو اور خطا نہ جائے تو جیسے نسخہ اس کا لکھا ہے۔ اس کو سات مرتبہ اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے جس کسی کو بھی کھلا دے گا وہ ساری زندگی کے لیے اس کے حق میں مطیع و فرمانبردار ہوگا۔ اس کا اثر اٹل اور یقینی ہے۔ اگر کوئی سفر پر گیا ہو اور واپس نہ آیا ہو تو اس کا تصور باندھ کر سات مرتبہ پڑھ کر اس کو تصور میں رکھ کر اس کی طرف پھونک مارے جہاں بھی ہوگا، وہاں سے ایک قدم بھی آگے نہیں جا سکے گا اور واپس آ کر رہے گا۔ میاں بیوی کے باہمی سلوک و اتفاق کی غرض سے اس عمل کو اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھیں اور پاس بادام و مصری رکھے جب تمام عمل ختم ہو جائے تو ان باداموں و مصری کو کسی ایسی میٹھی شے میں پاک رکھلا دے جو وہ شوق سے کھاتے ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے جو ایک مرتبہ چکھ بھی لے گا۔ تو وہ اس عمل پڑھنے والے کے حق میں ہوگا۔ بچوں کو ضرور اس عمل کے ذریعے دم کی ہوئی اشیاء کھلانا چاہیے۔ اس سے بچے بڑوں سے بدتمیزی نہیں کرتے اور جس کام کا بڑے کہتے ہیں وہ ان کو مناتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں۔ دو خاندانوں میں صلح و اتفاق قائم کرنے، دو جدا افراد کو ملانے کے لیے، کسی کی دلی رنجش اور انہیں اصلاح کی جانب مائل کرنے کے لیے اس عمل کو بالکل اسی طریقے سے کیا جائے اور کسی بھی میٹھی شے پر دم کر کے کھلایا جائے۔ اثر ہر حال میں اٹل ہے اور جس بھی مقصد کے لیے اس عمل کو پڑھا جائے گا وہ ضرور پورا ہوگا اور اس میں جو رکاوٹیں آڑے آتی ہوں گے ان کا خاتمہ ہوگا۔ ہر مقصد میں ضرور استعمال کریں اور اس کی آزمائش کر لیں۔

عمل سورہ یٰسین شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰسین یٰسین یٰسین یٰسین یٰسین یٰسین

يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّا اُنْذِرَ اٰبَاؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ وَسَوَاۗءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ۔

(سورہ والشّمس کو پڑھا جائے) اور اپنے مقصد کا ارادہ اور ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی کو اندر موڑ لیں اور جتنی مرتبہ لکھا ہے ایسے ہی کہیں

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پھر جیسے مرتبہ لکھا ہے۔ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِيْرُ ذُوالْحَاجَةِ اَنَا

الْفَقِیْرُ ذُو الْحَاجَةِ اَنَا الْفَقِیْرُ ذُو الْحَاجَةِ

(اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِیْ) فلاں بن فلاں اس کا اور اس کے باپ کا نام لیں یہ تب کیا جائے جب حب کے متعلق عمل کیا جائے۔ ورنہ اسے چھوڑ دیں۔" كَمَا سَخَّرْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ وَلَیِّنْ قَلْبَهٗ كَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَا یَخْلُقُ اِلَّا بِاِذْنِكَ حَیٰوتُهٗ وَنَاصِیَتُهٗ فِیْ قَبْضَتِكَ وَفِیْ یَدِكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ اَجْذِبْ قَلْبَ فلاں بن فلاں كما یَجْذِبُ الْحَدِیْدَ الْمِقْنَاطِیْسَ وَ جَذِّبْ رُوْحَهٗ وَجَسَدَهٗ وَ جَمِیْعَ اَعْضَائِهٖ بِحَقِّ اَنْبِیَائِكَ الْمُرْسَلِیْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَبِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ وَ بِحَقِّ آلم ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَیْبَ فِیْهِ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ وَ بِحَقِّ آلم اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آلم تَنْزِیْلُ الْكِتَابِ لَا رَیْبَ فِیْهِ هُدًی مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ بِحَقِّ كٓهٰیٰعٓصٓ وَ حٰمٓعٓسٓقٓ ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِیَّا اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِیًّا قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّ بِحَقِّ طٰهٰ مَا اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰی وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ كَذٰلِكَ یُوْحِیْ اِلَیْكَ وَ بِحَقِّ طٰهٰ وَالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ وَّ بِحَقِّ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ وَ بِحَقِّ جَمِیْعِ سُوَرِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَبِحَقِّ اَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی الْمُقَدَّسَةِ الْمُنَوَّرَةِ الْمُطَهَّرَةِ وَ بِحَقِّ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَبِحُرْمَةِ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْهِنَّ وَالْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ وَالْكَوَاكِبِ السَّیَّارَةِ

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ وَشَاهِدًا وَالْمَشْهُوْدِ وَ بِحَقِّ
وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ وَالنَّجْمِ الثَّاقِبِ وَاِنْ كُلُّ لِّمَا عَلَيْهِ حَافِظٌ وَ بِحَقِّ
وَالْفَجْرِ وَلَيَالٍ عَشْرٍ وَالشَّفْعِ وَالْوِتْرِ وَاللَّيْلِ اِذَا يَسْرِ وَبِحَقِّ وَالتِّيْنِ
وَالزَّيْتُوْنِ وَ طُوْرِ سِيْنِيْنَ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ وَ بِحُرْمَةِ الْبَيْتِ الْحَرَامِ
وَبَيْتِ الْمُقَدَّسِ وَبِحُرْمَةِ اَنْبِيَائِكَ وَاَوْلِيَاءِ كَ وَاَصْفِيَائِكَ وَعِبَادِكَ
الصَّالِحِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَ يَاخَيْرَ النَّاصِرِيْنَ وَيَا قَاضِيَ حَوَائِجَ
الطَّالِبِيْنَ وَ يَا مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ وَيَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ وَيَا وَلِيَّ
الْحَسَنَاتِ وَ يَا دَافِعَ السَّيِّئَاتِ اِقْضِ حَاجَتِيْ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّبِحُرْمَةِ
اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

حب و تسخیر

پرسیاؤ شان بوٹی کو کھرل میں کوٹ کر اُس کا عرق حاصل کر کے اُس میں لا جونتی پیسیں۔ اِن دونوں عرقوں کو شیشی میں حفاظت سے رکھا جائے اُس میں اصفہانی سُرمہ بقدرے وزن عرقیات کھرل میں ڈال کر سب کو پیس پیس کر ایک ہی شکل میں سُرمہ بنائیں۔ جو کوئی بھی اِس سرمے کو لگا کر مطلوب کے روبرو جائے گا۔ وہ دیکھتے ہی فریفتہ ہو گا۔ یا جس محفل میں کوئی یہ سُرمہ لگا کر جائے گا تو تمام محفل اُس کی گرویدہ ہو گی۔

حُبّ کا چٹکلہ

''جناب حکیم غلام سرور شباب'' اپنی کتاب ''فیضان القرآن'' میں لکھتے ہیں کہ! چھیاسٹھ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ ایک گھونٹ خود پی لیں اور دوسرا

گھونٹ پانی میں گرادیں۔ یہ پانی جس کو پلائیں گے وہ آپ کی مخالفت چھوڑ دے گا۔ اور محبت سے پیش آئے گا۔

تسخیر خلائق اور فتوحات کا لاثانی عمل

بسم اللہ شریف کا یہ عمل تسخیر خلائق اور فتوحات کا لاثانی عمل ہے۔ ایسے اعمال عاملین و کاملین کی برسوں خدمت کرنے کے بعد بھی نہیں ملتے۔ اس عمل کا عامل عوام الناس کی آنکھوں کا تارا بنا رہتا ہے۔ ہر خاص و عام عامل کی عزت و توقیر کرتے ہیں۔ اور لوگوں کے ہجوم میں عامل گھرا رہتا ہے۔ اور لوگ تابع دار بنے رہتے ہیں۔ کوئی حکم عدولی کرنے کی جسارت نہیں کرتا۔ مال و دولت کی فراوانی ہوتی ہے۔ اور عامل کو مالی و معاشی مسائل کی فکر نہیں رہتی۔ ہر کام میں آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ ہر ایک مقدمہ میں فتح یابی ہوتی ہے۔ اگرچہ خون کا ہی مقدمہ کیوں نہ ہو۔ اس عمل کا عامل جو جائز دعا کرے قبول ہوتی ہے۔ اگر کوئی مفلس و غریب اس عمل کو کرے تو بحکم اللہ تعالیٰ صاحب دولت ہو جائے۔ بسم اللہ میں اسم اعظم مخفی ہے۔ اور بسم اللہ کی برکت سے یہ سب عین ممکن ہے شرط ہے کامل یقین و اعتقاد کی۔

عمل کی ترکیب اس طرح ہے کہ عامل نماز فجر کے بعد آبادی سے دور کسی ویرانے یا جنگل میں چلا جائے وہاں کسی تنہا جگہ پر دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ بعد از سلام ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ پھر دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے۔ پھر دو نفل پڑھے اور ایک بعد ایک مرتبہ بسم اللہ شریف اس طریقہ سے روزانہ بارہ ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھا کرے۔ واضح رہے کہ روزانہ ایک ہی نشست میں نوافل ادا کرتے ہوئے بارہ ہزار کی تعداد پوری کرنی ہوگی۔ اس طریقہ سے

ایک سو پینتیس روز یعنی چار ماہ پندرہ دن بلا ناغہ عمل کرنا ہوگا۔ عمل مکمل ہونے کے فوراً بعد حسبِ توفیق کھانا پکا کر غریبوں اور مسکینوں کو کھلا دے۔ جو کوئی خوش نصیب یہ عمل کرے گا بفضلہٖ تعالیٰ ہر عمل سے بے نیاز ہو جائے گا۔ عین ممکن ہے کہ! اس عمل کے عامل کو کوئی بہت بڑی سرداری مل جائے اور اپنی قوم کا سردار اور حاکم بن جائے۔ ہزاروں لوگوں کے دلوں پر اس عمل کا عامل حکمرانی کرے گا۔ اس عمل کے عامل کے لئے اشد ضروری ہے کہ کسی کے بارے میں ہرگز ہرگز بُرا نہ سوچے کبھی بھولے سے بھی جھوٹ نہ بولے اور روزانہ جب تک زندہ رہے پانچ سو مرتبہ کم از کم بسم اللہ شریف کا ورد رکھے۔ اور درود پاک بکثرت پڑھا کرے۔ کسی نہ کسی روحانی منصب پر فائز ہو جائے گا۔

محبت کے لئے

جس شخص کو بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں وہ دوست بن جائے گا۔

حاکم، افسر مہربان ہو

اگر کسی حاکم، افسر سے اپنی ضرورت کی تکمیل درکار ہو تو یہ باشرائط طہارت و دلجمعی، نیک نیتی و ریاضت سے جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور سے افطار کر کے بعد نماز مغرب ایک ہزار گیارہ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں اور پھر سوتے وقت لیٹے لیٹے مسلسل پڑھتے رہیں۔ یہاں تک کہ نیند آ جائے۔ دوسرے دن بعد نماز فجر سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر عنبر خام کی دھونی دے کر سفید کاغذ پر ایک مرتبہ بسم اللہ شریف تحریر کر کے اپنی ٹوپی وغیرہ میں رکھ لیں اور حاکم، افسر سے ملاقات کریں۔ انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔ مجرب ہے۔

حاضریٔ مطلوب

صاحب شمس المعارف الکبریٰ الحکیم الشہید شیخ ابوعباس احمد بن علی بونی اپنی کتاب ''منبع الحکمہ'' میں لکھتے ہیں کہ! قمر وزہرہ کی سعد نظرات کے وقت بسم اللہ کا مندرجہ ذیل نقش معہ عزیمت زعفران ورصاص اور قلفل کے سفوف سے تیار کردہ روشنائی سے تحریر کریں۔ پھر اس نقش پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات سو چھیاسی مرتبہ اور عزیمت ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مطلوب کا تصور پختہ کر کے اس پر بھی دم کریں۔ تصور ایسا کہ! مطلوب آپ کی بند آنکھوں میں مجسم حاضر ہو۔ پھر نقش کو اپنے پاس رکھیں۔ اگر اس عمل کو مسلسل سات یوم تک بجالائیں تو اس کی روحانی قوت وتاثیر مطلوب خواہ کوسوں دور ہوگا۔ عامل کے پاس محبت میں دیوانہ وار حاضر ہوگا۔ نقش اور عزیمت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
الرحمٰن	الرحمٰن	الرحمٰن	الرحمٰن	الرحمٰن	الرحمٰن	الرحمٰن
الرحیم	الرحیم	الرحیم	الرحیم	الرحیم	الرحیم	الرحیم

لَیِّنَ اَللّٰھُمَّ قَلْبَ کَذَا وَکَذَا عَلٰی کَذَا وَکَذَا وَاجْعَلْ عِنْدَہُ الرَّأْفَۃَ وَالرَّحْمَۃَ وَالْحَنَّانَ وَالْعُطْفَ وَالْیَقُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰھِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَۃً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْھُنَّ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ مِّنْھُمْ جُزْءً ا ثُمَّ ادْعُھُنَّ یَاْتِیْنَکَ کَذَابِکَ فلان الفلانی خَاضِعًا ذَلِیْلًا اِلٰی کَذَا وَکَذَا فَکَشَفْنَا عَنْکَ عطاوکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ۔

ارسال ہاتف

''شیخ ابوالعباس احمد علی بونیؒ'' نے ارسال ہاتف کے اس عمل کی اپنی کتاب ''منبع اصول الحکمہ'' میں بڑی تعریف کی ہے۔ موصوف نے اس عمل کے لیے کوئی شرط نہیں لگائی مگر ابن عباد طالقانی کتاب ''العجائبات والغرائب'' ارسال ہاتف کے اس عمل کی ریاضت کی عملیاتی شرائط یہ تحریر فرماتے ہیں کہ! عامل کے لیے ضروری ہے کہ عمل کرنے سے قبل ایک ہفتہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کی پابندی کے ساتھ روزے رکھے۔ پھر اس عمل کو بجالانے کا قصد کرے۔ اگر حب و تسخیر اور حاضری مطلوب کے لیے عمل کرنا مقصود ہو تو کسی نوچندی جمعرات یا جمعہ کے دن کرے۔ اگر عداوت اور بغض و سرگردانی دشمنان کرنا ہو تو زوال ماہ میں ہفتہ یا منگل یا چٹیل میدان میں چلا جائے۔ اور وہاں پہنچ کر پہلے اپنا حصار کرے۔ پھر عمل شروع کرے ارسال ہاتف کا یہ عمل اس علم و فن کے عاملین وکاملین کے مجربات سے ہے۔

یہ عمل تسخیر خاص و رجوع مطلوب اور دیگر تمام حاجات دینی اور دنیوی کے لیے نہایت مفیداور مستند ہے۔ طریقہ ہے کہ! عروج ماہ میں ایک وقت مقرر کر کے مع اول وآخر درود شریف کے ''الحمد شریف'' کو پڑھنا شروع کریں۔ جب ساٹھ دفعہ پڑھ چکیں تو اب چالیس دفعہ ''سورہ الحمد شریف'' اس طرح پڑھیں کہ! جب آیہ ''ایاک نعبد وایاک نستعین'' پر پہنچیں تو اس آیت کو چالیس بار تکرار کریں تاکہ سورت کی تعداد سب ملا کر سو دفعہ ہو جائے اب سورہ کے تمام ہو جانے کے بعد چار رکعت نماز نفل قضائے حاجت کی نیت سے ایک سلام سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد قل هو الله شریف پچاس بار ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ'' پچاس بار ''اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّىْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ''۔ پچاس باراور درود شریف پچاس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مطلب کی دعا مانگیں اگر تسخیر و رجوع مطلوب کی نیت سے پڑھیں تو اثنائے عمل میں مطلوب کی صورت کا خیال رکھیں۔ انشاء بہت جلد مراد پوری ہوگی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو یہ عمل بلاناغہ روزانہ پڑھتا رہے۔

برائے حب وتسخیر

کسی شخص یا مطلوب کے مسخر و مطیع کرنے کے لیے سورہ الحمد شریف کی عزیمت اور نقش مندرجہ ذیل ساعت مشتری میں مشک وزعفران وگلاب سے لکھ کر طالب اپنے گلے میں ڈالے اور ایک سو اکسٹھ بار مع اول وآخر درود شریف کے اس عزیمت کو شیرنی یا میوۂ شریں (پھل) پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائے۔ انشاءاللہ مطلوب مسخر و مطیع ہوگا۔ عزیمت معہ نقش کے یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ تَوَکَّلْ یَا جِبْرَائِیْلُ اَنْتَ وَخُدَّامُكَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ الْکَرِیْمِ التَّوَّابِ الْقَهَّارِ اَسْئَلُكَ یَا جِبْرَائِیْلُ اَنْ تَلْقِ مُحِبَّةً فلاں بن فلاں بِحَقِّ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا جَوَّادُ یَا جَلِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ سَامِعًا مُطِیْعًا وَاَلْقِ مُحِبَّةً فلاں بن فلاں فِیْ قَلْبِ فلاں بِحَقِّ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ بِحَقِّ اللّٰهُ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ تَوَکَّلْ یَا اِسْرَافِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ وَاَلْقِ مَحِبَّةً فلاں بن فلاں بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ وَ بِحَقِّ الْمَلِكُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدَّمُ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ تَوَکَّلْ یَا رَقْبَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ وَاَلْقِ مَحِبَّةً فلاں فی قلب فلاں بِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ وَ بِحَقِّ الْفَرْدِ الْوِتْرِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الصَّمَدُ تَوَکَّلْ یَا شَمْسَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ وَاَلْقِ مُحَبَّةً فلاں بن فلاں فی قلب فلاں بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ وَ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْعَلِیْمِ الْجَوَادِ الْکَرِیْمِ تَوَکَّلْ یَا عِزْرَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ سَامِعًا مُطِیْعًا وَاَلْقِ مُحِبَّةً فلاں بن فلاں فِیْ قَلْبِ فلاں بن فلاں غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّالِّیْنَ وَ بِحَقِّ الْقَاهِرِ الْعَزِیْزِ الْجَلِیْلِ الْکَبِیْرِ تَوَکَّلْ یَا کَصْفَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ سَامِعًا مُطِیْعًا اَلْقِ مُحَبَّةً فلاں بن فلاں بِحَقِّ یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَا اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ"۔


۷۸۶

۴۰۰	۴۰۳	۴۰۶	۳۹۳
۴۰۵	۳۹۴	۳۹۹	۴۰۴
۳۹۵	۴۰۸	۴۰۱	۳۹۸
۴۰۲	۳۹۷	۳۹۶	۴۰۷

رجوعات و تسخیر عام و فتوحات

''سورہ فاتحہ'' باموکل جو اوپر تحریر کی گئی ہے۔ اس میں اور اس میں قدرے فرق ہے۔ یہ طریقہ رجوعات و تسخیر عام و فتوحات اور حصول جاہ و حشمت کے لیے تریاق مجرب ہے۔ میں یہاں پر اس کے اسناد تحریر نہیں کرنا چاہتا صرف اتنا ہی کافی ہے کہ جو شخص روزانہ اس ترتیب سے ایک دفعہ ''سورہ فاتحہ شریف'' کو پڑھتا رہے گا تو وہ شخص اپنی کسی حاجت میں درماندہ نہ ہوگا اور ہر شخص اس سے محبت اور عزیمت سے پیش آئے گا اور تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ وہ ترتیب یہ ہے اور جب اس کو شروع کر دیں تو اتوار کے دن سے شروع کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَجِبْ يَارُقْبَائِيْلُ سَخِّرْلِيْ قُلُوْبَ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّاتِ مِنَ الْعَلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ حَيِّ الْقَيُّوْمُ وَ بِحَقِّ الْمُلْكِ اَبْجَدِ الْمُؤَكَّلِ بِالْقَوَائِمِ الْعَرْشِيَّةِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا رَؤُفُ يَا عَطُوْفُ اَجِبْ يَا جِبْرَائِيْلُ سَخِّرْلِيْ قُلُوْبَ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّتِ مِنَ




الْعَلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَبِحَقِّ الرَّؤُفِ الْمَعْطُوْفِ وَبِحَقِّ الْمَلِكِ هَوْزَخ الْمُوَكَّلِ
بِالْقَوَائِمِ الْعَرْشِيَةِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ يَا عَلَّامَ الْغُيُّوْبِ وَالسَّرَائِرِ
وَ مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اَجِبْ يَا شَمْسَائِيْلُ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ
جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّاتِ مِنَ الْعَلْوِيَّاتِ
وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا وَّبِحَقِّ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنَ وَ بِحَقِّ عَلَّامُ
الْغُيُوْبِ وَالسَّرَائِرِ وَ مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَبِحَقِّ الْمَلِكِ
طَيْكَلِ الْمُوَكَّلِ بِالْقَوَائِمِ الْعَرْشِيَّةِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنَ يَا
سَرِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَامَعْبُوْدِ يَا مَسْتَعَانُ اَجِبْ يَا مِيْكَائِيْلُ سَخِّرْلِیْ
قُلُوْبَ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّتِ مِنَ الْعَلْوِيَّاتِ
وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُوَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَ
بِحَقِّ السَّرِيْعُ الْقَرِيْبِ الْمَعْبُوْدِ الْمَسْتَعَانِ وَبِحَقِّ الْمَلَكِ الْمَنْعَ
الْمُوَكَّلِ بِالْقَوَائِمِ الْعَرْشِيَّةِ اِهْدِنَا الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمَ يَا قَادِرُ يَا
مُقْتَدِرُ اَجِبْ يَا صَرْفَائِيْلُ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ
جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّتِ مِنَ الْعَلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا
وَّبِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ وَبِحَقِّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ وَ
بِحَقِّ الْمَلِكَ فصقر الْمُوَكَّلِ بِالْقَوَائمِ الْعَرْشِيَّةِ صِرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ وَ بِحَقِّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ وَ يَا حَكِيْمُ اَجِبْ يَا عَنَائِيْلُ
سَخِّرْلِیْ قُلُوْبِ جَمِيْعَ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّاتِ مِنَ
الْعَلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامْعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَبِحَقِّ اللّٰهِ الْحَكِيْمَ الْعَلِيْمَ وَ بِحَقِّ الْمَلَكِ شَيْخِ
الْمُؤَكَّلِ بِالْقَوَائِمِ الْعَرْشِيَّةِ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمَ وَلَا الضَّآلِيْنَ
يَا قَاهِرُ يَا عَزِيْزُ اَجِبْ يَا عِزْرَائِيْلَ سَخِّرْ لِيْ قُلُوْبَ جَمِيْعِ
الْمَخْلُوْقَاتِ وَ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّتِ مِنَ الْعُلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّات
سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِيْنَ وَ بِحَقِّ
الْقَاهِرِ الْعَزِيْزِ وَبِحَقِّ الْمَلَكِ زَصْطَغِ الْمُؤَكَّلِ بِالْقَوَائِمِ الْعَرْشِيَّةِ
اَللّٰهُمَّ اِنَّ لَيْسَ فِي السَّمَاءِ دَوْرَاتٌ وَلَا فِي الْاَرْضِ غَمْرَاتٌ وَلَا
فِي الْبِحَارِ قَصْرَاتٌ وَلَا فِي الْجِبَالِ مَدَرَاتٌ وَلَا فِي الْاَشْجَارِ
وَرْقَاتٌ وَلَا فِي الْاَجْسَامِ حَرْكَاتٌ وَلَا فِي الْعُيُوْنِ نَظْرَاتٌ وَلَا
فِي الْقُلُوْبِ خَطْرَاتٌ اِلَّا وَهِيَ بَاتَ عَارِفَاتِ وَلَكَ شَاهِدَاتٌ وَّ
عَلَيْكَ دَلَّاتٌ وَفِيْ مَلَكِ مُسَخَّرَاتٌ فَبِقُدْ رَبُّكَ الَّتِيْ سَخَّرْتَ بِهٖ
الْاَرْضِيْنَ وَالسَّمٰوَاتِ سَخِّرْ لِيْ قُلُوْبَ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ
جَمِيْعِ الرُّوْحَانِيَّاتِ مِنَ الْعُلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا
كَمَا سَخَّرْتَ الرِّيْحِ سُلِيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى
اَعْدَائِيْ وَعَلٰى مِنْ ظَلَمْنِيْ بِسُوْءٍ وَانْصُرْنِيْ نَصْرًا عَزِيْزًا وَافْتَحْ
لِيْ فَتْحًا مُبِيْنًا اَللّٰهُمَّ ذَلِّيْل وَلَيِّنْ قُلُوْبَ اَعْدَائِيْ كَمَا ذَلَّلْتَ
فِرْعُوْنَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ اَعِزْنِيْ فِيْ قُلُوْبِ جَمِيْعَ
بَنِيْ اٰدَمَ وَ بَنَاتِ حَوَّا كَبِيْرًا وَّ صَغِيْرًا وَ ذَكْرًا وَّ اُنْثٰى وَ حُرًّا وَّ
عَبْدًا وَ خَاصًّا وَعَافًّا سُلْطَانًا وَ اُوْلِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ
اَدْخِلْنِيْ فِيْ جُزْرِكَ وَ حِفْظِكَ وَ كَيْفَكَ وَ مَنِّكَ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَءَ وَ بَرَاءَ وَمِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ وَ ظَالِمٍ وَ جَابِرٍ وَيَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاَقْضِ حَاجَتِیْ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَ سَخِّرْ لِیْ قُلُوْبَ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَجَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّاتِ مِنَ الْعَلْوِيَّاتِ وَالسُّفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ قِلْتِیْ كَثِيْرًا كَثِيْرًا اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّحِمِيْنَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ"۔

اگر قاری مذکورہ ترتیب کے مطابق پڑھنے سے قبل سات مرتبہ سورہ الحمد شریف پڑھ کر پھر مندرجہ بالا ترتیب کو پڑھے تو بہت بہتر ہے۔ ترتیب مندرجہ بالا اور ترتیب ھذا میں فرق یہ ہے کہ! اول میں سلاطین سبعہ کے نام آتے ہیں اور اس میں ان کے نام نہیں آتے۔ اگر اس میں اسماء ملاک سبعہ بھی داخل کرنا چاہیں تو اس طریقہ پر کر سکتے ہیں۔ **مثلاً:**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ اَجِبْ يَا رَقْبَائِيْلُ سَخِّرْ لِیْ قُلُوْبَ جَمِيْعَ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ جَمِيْعِ الرُّوحَانِيَاتِ مِنَ الْعَلْوِيَّاتِ وَالسَفْلِيَّاتِ سَامِعًا مُطِيْعًا اِنَّكَ وَ خُدَّامَكَ مَذْهَبَ بِحَقِّ الْحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَبِحَقِّ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ بِحَقِّ اَلْمَلِكِ الْاَبْجَدِ الْمُوَكَّلِ بِالْقَوَائِمَ الْعَرْشِيَةِ الخ۔ (وَاللّٰهُ اَعْلَمُ)

برائے حاجت ضروریہ اور حب اکسیر اعظم ہے

کتاب ''اعمال مجربہ'' کے مصنف ''علامہ محمد عبداللہ خان دہلویؒ'' لکھتے ہیں کہ!

اول جب سورہ یٰسین شریف کرے تو درود شریف اکتالیس بار پڑھے اور لفظ یٰسین کے ساتھ تو صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین بار کہے اور جب لفظ امام مبین پر پہنچے تو ''لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہِ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہَ لَا مَطْلُوْبَ اِلَّا اللّٰہِ'' کہے اور تین بار ''اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ'' پھر سے سورہ یٰسین شریف شروع کریں۔ اس دفعہ درود شریف اور صلی علیہ وآلہ وسلم نہ پڑھے۔ جب دوسری مبین پر پہنچے تو بدستور ''لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہِ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ لَا مَطْلُوْبَ اِلَّا اللّٰــــہ'' پڑھ کر سورہ یٰسین پھر سے شروع کریں۔ اسی طرح ساتوں مبین پر یونہی پڑھے اور ''سَلَامٌ قَـوْلًا مِنْ رَبِّ رَّحِیْمْ'' پر پہنچا کرے تو اس آیت کو بھی تین بار یونہی پڑھے۔ اس ترکیب سے سات بارہ سورہٗ یٰسین ختم کرلیا کرے۔ لیکن دوسری شرطیں قابل توجہ ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ! پڑھتے وقت زیادہ پڑھائی کی وجہ سے گھبرا نہ جائے۔ اطمینان قلب کے ساتھ تعداد پوری کرے اور ہر آدمی پہلے ہی اپنی طبیعت کا اندازہ کرلے کہ اس بوجھ کو میں اٹھا بھی سکتا ہوں یا نہیں۔ اگر اپنے اندر اس قدر مستعدی دیکھے تو پڑھے۔ انشاء اللہ چند چلوں میں اپنے اندر وہ کیفیت دیکھے گا جو بیان سے باہر ہے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ جو مطلب اس کا ہو خواہ حاجت یا حب اس کا تصور تا اختتام تعداد قائم رکھے۔

پڑھنے کے دوران اس بات کا یہ خیال نہ جم جائے کہ اب کتنا قدر باقی رہا، اگر یہ خیال کیا تو محنت فضول ہے۔ مفت کی پریشانی سے کیا حاصل ہے۔ بقول شاعر:

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے
گئے دونوں جہاں کے کام سے
ہم نہ ادھر کے نہ ادھر کے رہے

اگر خیال بدستور قائم رہا تو انشاء اللہ تعالیٰ چلہ کے اندر ہی اپنے مطلب کو پہنچے گا۔اس درمیان میں ترک حیوانات ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز اور بے پروا ہے۔ اس کی مصلحت کو سوائے اس کے کوئی نہیں جانتا۔

مصلحت خداوندی کے اندر حاجت روائی میں دیر ہے تو مطلب روا نہیں ہوتا پھر دوسرا چلہ شروع کریں۔ اگر اس میں مطلب پورا ہو گیا تو بہتر ورنہ تین چلہ تک کریں۔ اللہ تعالیٰ ضرور اس کی دعا قبول فرمائے گا۔ بزرگ عالمین نے تین چلہ کرانے کو احتیاطاً کہا ہے۔ ورنہ ایک ہی چلہ میں بھی مطلب براری نہ ہو تو مرضی خداوند تعالیٰ پر ہے پھر آئندہ نہ پڑھے۔ اگر محض خدائے تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے یہ عمل پڑھا جائے اور دنیا کا کوئی لگاؤ نہ ہو اور ایک سال تک برابر پڑھتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ درجہ ابدالیت پر پہنچ جائے گا۔ یہ ایک خاص تجربہ ہے جو ایک عامل خاص سے سینہ بسینہ پہنچا ہے جو بغرض اجر آخرت لکھ دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی مسلمان بھائی کو توفیق دے اور وہ اپنے دلی مقصد کو پہنچے۔ اگر کوئی آدمی بعد نماز تہجد یا عشاء کے صرف ایک بار سورہ یٰسین کے ہر مبین پر ''لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہِ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ لَا مَطْلُوْبَ اِلَّا اللّٰہ'' اور تین بار ''اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ'' پڑھے اور مبین در مبین تک پڑھیں اور دل کو خدا کی طرف متوجہ رکھیں۔ انشاء اللہ اس میں ایک حال پیدا ہو جائے گا اور حالت خواب میں مشاہدہ ہوتا رہے گا۔

سنگدل اور ظالم افسر کو موم کرنا

ایک بار سورہ یٰسین پڑھ کر ایک بار یہ دعا پڑھیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ فلاں بن فلاں، پڑھ کر سامنے جائے بفضلہٖ تعالیٰ مہربان ہوگا۔

برائے تسخیر

سورہ یٰسین مشک و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ سب کی آنکھوں میں مکرم ہوگا اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

کسی حاکم یا امیر سے کوئی حاجت ہو

اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور سورہ یٰسین شریف پچیس مرتبہ پڑھیں اور اپنے اوپر خصوصاً اپنے ہاتھوں پر پڑھ کر اپنے منہ پر پھیریں اور نیز پانی پر دم کر کے اپنے منہ پر ملیں بفضلہٖ تعالیٰ حاکم اور امیر مہربان ہوگا۔ اس کی حاجت روائی کرے گا۔

برائے حب

اکتالیس گیہوں کے دانے لے کر ایک دانے پر ایک ایک بار سورہ یٰسین شریف پڑھے اور مطلوب کا استعمال کیا ہوا کپڑا بغیر دھلا ہو لے کر یہ گیہوں پڑھے ہوئے اس میں

باندھ کر اپنے مکان میں جہاں اندھیرا ہو دفن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔

مطلوب بے قرار ہو جائے گا

سات دانہ مغز بادام شیریں لے کر ان پر ایک ایک سورہ یٰسین شریف دم کریں اور آخر چاروں کا کام یعنی طالب اور اس کی اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیں اور یہ بادام کی گری مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ مطلوب دیوانہ ہو کر طالب سے ملے گا۔

برائے محبت

آٹھ کیل لے کر ہر کیل پر ایک بار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کر کے آگ میں ڈال لیں۔ چاروں نام لے اور اگر چاہیں میوہ پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ ضرور محبت ہوگی۔

جو عورت نکاح کرنے پر راضی نہ ہو

طالب کو چاہیے کہ مٹھائی یا میوہ پر سات روز تک ہر روز "سورہ یٰسین" سات بار اور "سورہ والشمس" ۲۱ بار اور "عمّ یتساءلون" سات بار پڑھ کر معہ چار ناموں کر کے اس عورت کو کھلائیں۔ انشاء اللہ وہ عورت نکاح پر راضی ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

برائے محبت

رات کو یا دن کو بیس رکعت نماز ادا کریں۔ بعد نماز ایک مثقال عنبر پر سات بار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کر کے اور معہ چاروں ناموں کے آگ میں جلائیں۔ دم کرتے وقت الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں ضروری کہیں۔ انشاء اللہ محبت ہوگی۔

محبت پیدا ہوگی (انشاءاللہ)

کنواری لڑکی سے سات دھاگے کتوا کر ان پر ''سورہ یٰسین'' گیارہ بار پڑھ کر دم کر کے ہر دفعہ گرہ لگائیں پھر اس کو گھر میں تاریک جگہ میں دفن کر دیں۔ چاروں نام لے کر بفضلہٖ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔

مطلوب بے چین ہو کر محبت کرے

ایک مٹھی کنکریاں لے کر اس پر سورہ یٰسین سات بار پڑھ کر دم کر کے اور کورے پیالے میں بند کر کے آتش دان کے نزدیک دفن کریں۔ جس وقت گرمی پہنچے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب بے قرار ہو کر آئے گا۔

محبت ہوگی (انشاءاللہ)

بروز اتوار بعد نماز صبح پچاس مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر نمک پر دم کریں اور ساتھ ہی ہر دفعہ یوں کہتا جائے کہ فلاں ابن فلاں کا دل میرے عشق میں بے قرار ہو ''اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ'' پھر کسی خشک کنوئیں میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔

برائے محبت


ساعت زہرہ یا مشتری میں عود یا صندل کی لکڑی یا عنبر پر سات بار سورہ یٰسین شریف دم کر کے الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں ضروری کہیں اور کوئلہ کی آگ میں ضرور جلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔

برائے تسخیر ہر شخص و ہر آبادی کے جس کو چاہے

ماہِ ثابت میں بعد نماز صبح خلوت میں ''سورہ یٰسین شریف'' ہفت گردان سات بار روزانہ چالیس دن تک پڑھیں ۔ پڑھنے سے پہلے جس ے استعمال ہوں وہ دریا سے تین مرتبہ پاک شدہ ہوں اور دریا ہی کا پانی استعمال میں ر شروع سے پہلے دن اور ختم کے چالیسویں دن ایک ایک بار ''سورہٗ روم'' پڑھیں روزار اوّل و آخر ۱۷۔۱۷ بار درود شریف اور صحیح پڑھیں ۔ عروج ماہ پیر کے روز سے شروع کری جمعہ جملہ عیوب شرعی سے بچیں ۔ انڈا، گوشت، مچھلی، تیل اور ہر ایک بدبودار غذا کا پر ہے ۔ چالیس روز کے بعد بوقت ضرورت قصبہ یا گاؤں میں جانے کا اتفاق ہو تو ایک مرتبہ ''سورہ یٰسین'' پڑھ کر چاروں طرف پھونک دیں ۔ انشاء اللہ سب گاؤں کے باشندے مطیع ہو کر اس کے پاس آئیں گے ۔

برائے حب

رات کو بارہ بجے اپنی جائے نشست یا بستر سے ایسا اٹھیں کہ دوسرے آدمی کو خبر نہ ہو ۔ وضو کریں اور کسی بزرگ مسلمان کی قبر یا پائنتی کھڑے ہو کر ایک بار ''سورہ یٰسین'' پڑھیں اور مطلوب کے مکان کے طرف دم کر کے دعا کریں اور بزرگ سے یہ کہیں کہ آپ بھی میرے لیے دعا کریں ۔ اسی طرح سے سات روز تک اسی طرح کریں مگر ان سات دنوں میں ایک کنکر جو باجرہ کے برابر ہو اس پر دم کریں ۔ کنکر حفاظت سے رکھیں ہر روز ایک کنکر پر دم کر لیا کریں ۔ جب سات دن مکمل ہو جائیں تو ان ساتوں کنکریوں کو مطلوب کے پیچھے سے اس کے سر پر سامنے کی طرف پھینک دیں کہ مطلوب کو خبر نہ ہو اگر خود نہیں پھینک سکتے تو کسی دوسرے سے پھنکوا دیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب فریفتہ ہو گا ۔ ہاں آتے جاتے عمل

مذکورہ کے وقت کوئی واقف نہ ہو اگر کوئی دیکھ لے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

عمل برائے حب و فتوحات

عروج ماہ میں بدھ یا جمعرات یا جمعہ سے شروع کریں۔ ایک وقت معین کر کے محفوظ جگہ میں اطمینان قلب اور طہارت کامل کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں ''سورہ الحمد'' کے بعد ''سورہ مزمل شریف'' کو بیس بار اور دوسری رکعت میں پانچ بار پڑھیں بعد سلام کے اپنی حاجت کے لیے دعا کریں۔ اگر محبت کے لیے پڑھتا رہے تو اثنائے عمل میں مطلوب کی صورت کا خیال رکھیں۔ اگر فتوحات کی نیت سے پڑھیں تو اس کا خیال رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں جو حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

مطلوب کو حاضر کرنے کا عمل

پہلے سورہ مزمل شریف کی کسی طریقہ سے زکوۃ ادا کریں۔ پھر ضرورت کے وقت ایک ایسی جگہ کا انتظام کر کے جہاں تلاوت کے وقت کتے کی آواز نہ آئے تین پتلی لکڑیاں لائیں۔ جس میں ایک لکڑی انجیر کی ہو۔ دوسری انار شیریں کی، تیسری شہتوت شریں کی۔ ان تینوں لکڑیوں کو آپس میں باندھ کر ایک تپائی بنائیں۔ اب ایک کورا مٹی کا چراغ لا کر اس میں تپائی رکھے اور سرسوں کا تیل اس میں ڈال کا مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کی بتی بنا کر اس میں ڈال کر روشن کریں اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کریں، انشاء اللہ طالب سے بے تحاشہ محبت کرے گا

زن و شوہر کی محبت کے لیے ایک عمل

اس عمل میں سب سے پہلے ''سورہ مزمل شریف'' کی زکوۃ ضروری ہے۔ جب زکوۃ

کی ادائیگی کر چکیں تو بروقت ضرورت قدرے شیرینی پر تین بار سورہ مزمل معہ چاروں ناموں کے یعنی الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں پڑھ کر اس پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

عمل برائے تسخیر ورجوع خلائق

جو شخص تسخیر ورجوعات خلائق کا متمنی ہو تو اس کو چاہیے کہ اس عمل پر ایک وقت معین کر کے مداومت کرے۔ انشاء اللہ چند روز کے بعد وہ اپنے مدعا میں کامیاب ہونا شروع ہو جائے گا۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ (اول وآخر درود شریف) روزانہ گیارہ مرتبہ "سورہ مزمل شریف" کی تلاوت کرے مگر ہر بار جب لفظ "اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا" پر پہنچے تو ایک سو اٹھائیس بار سورہ اخلاص اس طریقے سے پڑھے "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا حَنَّانُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا مَنَّانُ لَمْ یَلِدْ یَا کَرِیْمُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا رَحِیْمُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا عَزِیْزُ"۔ اس کے بعد سورہ مزمل کو مکمل کریں۔

عمل برائے تسخیر حاکم

اول وآخر درود شریف کے ساتھ "سورہ مزمل شریف" کا پہلا رکوع اکیس ۲۱ بار اور دوسرا رکوع گیارہ بار پڑھ کر پانی یا شربت پر دم کر کے اس میں سے قدرے اپنے منہ اور سر پر لگائیں اور پانی کو پی کر حاکم کے سامنے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

جنات، دیوی اور پری کی تسخیر کے لیے ایک عمل

ایک تنہا مکان میں جہاں دوسرا آدمی نہ ہو اور دروازہ بند کر کے عود وصندل کا بخور روشن کر کے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں اپنے مطلب کے تصور

کے ساتھ دو سوایک بار ''سورہ مزمل شریف'' کی تلاوت کریں۔ بلا ناغہ روزانہ پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مقصد بہت جلد پورا ہو جائے گا مگر جب اس کا کام ہو جائے تو کسی سے ظاہر نہ کرے ورنہ ظاہر کرنے کی صورت میں وہ اطاعت سے باہر ہو جائے گا۔

جنات کو مسخر کرنے کے لیے

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان ''سورہ مزمل شریف'' ایک سو مرتبہ ہر روز چالیس روز تک پڑھا کریں۔ جس جن کو مسخر کرنا منظور ہو پڑھتے وقت اس کا تصور کامل رکھے۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ مطیع ہو گا۔

برائے تسخیر ارواح اولیاء

اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ درمیان میں تین سو ساٹھ بار ''سورہ مزمل شریف'' ہر روز چالیس روز تک تصور کامل کے ساتھ پڑھا کریں اور اس بزرگ کا تصور جب تک پڑھتا رہے، قائم رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چلہ کے اندر معاون ہو کر روحانی امداد دیں گے۔

بادشاہ جنات بمعہ لاؤ لشکر حاضر ہو

بروز جمعرات غسل کریں پاک لباس پہنیں اور خوشبو وغیرہ لگا کر کسی باغ میں چلے جائیں اور اس کے ایک گوشہ میں بیٹھ کر ایک سو آٹھ بار ''سورہ مزمل شریف'' اور سات مرتبہ ''سورہ جن'' پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ انشاء اللہ تعالیٰ، بادشاہ جنات بمعہ لاؤ لشکر حاضر ہو گا۔ اس وقت جو چاہے اس سے دریافت کریں۔ وہ جواب دے گا اور جو مطلب رکھتا ہو اس سے بیان کرے وہ تعمیل کرے گا۔ اگر کسی شخص کو بلانا ہے کہے فلاں بن فلاں کو حاضر کرو اس وقت بفرمان خدا حاضر کرے گا۔

میاں بیوی کے مابین اتفاق پیدا کرنا

یوم جمعہ کو میوہ یا شیرینی پر سات مرتبہ ''سورہ مزمل شریف'' پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ محبت پیدا ہو گی۔

بادشاہِ دیوان کو مطیع کرنے کا ایک عمل

دو سو مرتبہ ''سورہ مزمل شریف'' چالیس روز تک مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پڑھتے وقت نیت حاضری بادشاہ کا تصور کامل رکھیں۔ انشاء اللہ بادشاہ معہ لشکر حاضر ہو کر فرمانبرداری قبول کرے گا۔

برائے حاضری موکل ہفت کواکب

شب منگل کو ۴۴ بار ''سورہ مزمل شریف'' معہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر ہر روز ۴۴ روز تک متواتر پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ موکل ہفت کواکب حاضر ہوں گے اور فرمانبرداری کریں گے۔

موکل آفتاب و ماہتاب کو مسخر کرنے کا عمل

بدھ کی رات کو چار سو ''سورہ مزمل شریف'' پڑھیں پھر ہر روز اتنا ہی چالیس دن تک پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ موکل مسخر ہوں گے۔

پریوں کو مسخر کرنا

ماش پر بہتر مرتبہ ''سورہ مزمل شریف'' دم کر کے چاروں طرف پھینک دیں۔ اس وقت پریاں حاضر ہوں گی''۔

محبت کے لیے

جناب حاجی میر مصاحب علی " آف بمبئی لکھتے ہیں کہ! اگر کسی کو اپنے اوپر مائل کرنا چاہیں تو چنبیلی کے پھول پر سات مرتبہ خوشبو لگا کر اس پر آیۂ ذیل پڑھ کر مطلوب کو دے دیں۔ مگر پڑھتے وقت مطلوب اور اس کی ماں کا نام لیتا رہے۔ انشاء اللہ محبت اور قلبی الفت ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ وہ آیۂ شریف یہ ہے: "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ "۔

دوستی کے لیے

اگر کوئی اس نقش کو لکھ کر دوستی کے لیے اس کو جلا کر راکھ کرے اور اس راکھ کو لے کر کھانے میں ملا کر کھلائیں۔ دوستی پیدا ہوگی۔ (انشاء اللہ)

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ہر دلعزیز ہونے کے لیے

یہ تعویذ جو کوئی شخص اپنے پاس رکھے گا تو اس شخص سے تمام عالم محبت کرے گا۔ مجرب ہے۔

والارض	السموات	نور	اللہ
۲۵۵	۶۷	۱۰۳۵	۵۳۹
۶۵	۲۵۵	۵۳۶	۵۳۴
۵۳۱	۱۰۳۵	۶۹	۲۵۷

برائے محبت

اگر کسی کو مائل کرنا چاہے تو اس کے بائیں پاؤں کی مٹی لا کر اس پر سات بار پڑھ کر دم کر کے اتوار کے روز آگ میں ڈال دے۔ مطلوب مائل و فریفتہ ہو گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ ''اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَ حَمَلَةَ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِیْ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اِنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا وَاَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ'' فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔

برائے محبت زوجین

یہ نقش میاں بیوی کے درمیان محبت پیدا کرنے کے لیے بے حد مجرب ہے۔ مرد اور عورت کا نام بمعہ ماں کے نام کے۔ لکھ کر مٹی میں گولا بنا کر اور اس گولے میں یہ تعویذ رکھ کر آگ میں ڈال دے تو محبت زیادہ ہو گی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

۲	۱	۹
۷	۵	۳
۶	۹	۶

سادھنی موہنی کے لیے

یہ سادھنی موہنی کی ہے۔ رات کے وقت پیپل کے درخت کے نیچے بتی جلا کر یہ سادھن گیارہ ہزار بار پڑھیں۔ موہنی آئے گی۔ اس کے بعد اس چراغ کا تیل منہ پر لگا کر مطلوب کے سامنے جائیں۔ وہ مسخر ہو گا۔ سادھنی یہ ہے۔'' چندن چھوری۔ چندن بیل من

موہنی ناگ بیل من موچڑے ڈانڈا دشمن پاؤں پڑے"۔

زبان بندی کے لیے

اگر اس طلسم کو لکھ کر اپنی زبان کے نیچے رکھے گا تو بد بولنے والوں کی زبان بند ہوگی۔

طحح طحح طحح

دشمن پر غالب رہنے کے لیے

جو کوئی شخص اس دعا کو تعویذ کر کے اپنے بازو پر باندھے تو کوئی شخص بھی اس پر غلبہ حاصل نہیں کر سکے گا۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" o اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا مِنْ كُلِّ عَدُوٍّ صَغِيْرٍ وَكَبِيْرٍ قَرِيْبٍ وَبَعِيْدٍ ذَكَرٍ وَاُنْثٰى حُرٍ وَعَبْدٍ شَاهِدٍ وَغَائِبٍ وَضِيْعٍ وَشَرِيْفٍ كَافِرٍ وَّمُسْلِمٍ وَلَا تُسَلِطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمْنَا وَلَا تَخفٰى عَلَيْكَ مَنْ تَخْفٰى عَلٰى غَيْرِكَ"۔

برائے تسخیر و محبت

اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہے تو اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

انشاءاللہ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

یَا جَامِعُ	یَا وَهَّابُ	یَا وَهَّابُ	یَا سَلَامُ
یا اللہ	یا رحیم	یا جامع	یا مجیب
یا محی	یا باعث	یا واسع	یا حمید
یا مجیب	یا مجیب	یا مجیب	یامجیب

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

جج یا حاکم وقت کو موم کرنا

کسی جج یا حاکم وقت یا افسران بالا کے سامنے جاتے وقت یہ کلام دو مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ بلکہ اپنی پیشانی پر لکھ کر سامنے جائے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ لکھائی نظر آئے ”بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا تَخَافُ دَرْکًا وَّلَا تَخْشَا“

سب دشمن مطیع وفرمانبردار ہوں

درج ذیل آیات پاک روزانہ ایک بار صدق دل سے پڑھیں۔ لاکھوں دشمن بھی آپ کا بال بیگانہ کر سکیں گے۔ اگر ان کو مستقل طور پر شامل ورد کیا جائے تو سب دشمن مقہور، مطیع وفرمانبردار ہوں گے۔ نیز جمیع حاجات ومرادات کے لیے ہر روز تین مرتبہ تلاوت کی جائے۔ انشاءاللہ مراد برآئے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَائِفَةً مِنْکُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّهٗ لِلّٰهِ یُخْفُوْنَ فِیْ اَنْفُسِهِمْ مَا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ“۔

اپنی بیوی سے محبت ہونے کے لیے

اگر کسی شخص کو اپنی عورت سے محبت نہ ہو تو اس نقش کو جمعرات یا جمعہ کے روز لکھ کر اپنی عورت کے گلے میں باندھے محبت زیادہ ہوگی۔ انشاءاللہ

عححح عححح عححح عححح عححح عححح

برائے تسخیر خلائق

اس نقش مبارک کو اگر کوئی شخص اپنے بازو پر باندھے تو وہ خلق میں عزیز ہوگا۔ نقش یہ ہے:

مسعح مسعح مسعح مسعح

رزق میں خیر و برکت اور دلعزیز ہونے کے لیے

یہ نقش کشائش رزق اور خلائق میں عزیز ہونے کے لئے ہے۔ مگر نقش لکھنے کی ترکیب یہ ہے کہ بروز جمعرات طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر چاندی کے تعویذ میں ڈالیں لیکن تعویذ لکھتے وقت دوزانو بیٹھ کر نقش بھریں۔ اور جس کو تعویذ دیں تو اس کا اور اس کی ماں کا نام بھی لکھیں۔ بہت مجرب و آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۳۱۲۳	۳۳۳۱۶۶	۳۳۳۱۶۹	۳۳۳۱۵۶
۳۳۳۱۵۸	۳۳۳۱۵۷	۳۳۳۱۶۲	۳۳۳۱۶۷
۳۳۳۱۵۸	۳۳۳۱۷۱	۳۳۳۱۶۴	۳۳۳۱۶۱
۳۳۳۱۶۵	۳۳۳۱۶۰	۳۳۳۱۵۹	۳۳۳۱۷۰

رشتہ کے حصول کے لئے

اگر کوئی شخص کسی ایک لڑکی کو چاہے اور اُسے وہ لڑکی نہ دیں تو اس نقش کو لکھ کر اس کے راہ گزر پر دفن کریں اور مشک و زعفران سے چینی کے برتن پر لکھ کر اور حلوے میں مکس کر کے اُس کے خویش و اقارب جو راضی نہیں ہوتے اُنہیں کھلائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

لحح لحح لحح لحح لحح لحح لحح لحح لحح

ایاک ایاک ایاک ایاک ایاک ایاک ایاک ایاک و و و و و و و و و و و

ایام ایام ایام ایام ایام ایام ایام ایام ایام فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

محبوب بے چین ہو کر حاضر ہو

یہ اسم مبارک محبت کی بابت لکھا گیا ہے۔ بہت مجرب ہے۔ مگر اکتالیس ۴۱ دفعہ پڑھ کر کالی مرچ کے ایک ایک دانے پر دم کر کے آگ میں ڈالیں اور ہر ایک مرچ پر ایک ایک دفعہ پڑھ کر پھونکیں اور کہیں۔ موکلان ھذا حروف فلاں بن فلان کو جلدی حاضر کرو لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ بزرگ جبار لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ غفور غفار لَآ اِلٰـہ اِلَّا اللّٰہ کریم ستار لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہُ میں چاہتا ہوں فلانے کی دوستی "لَآ اِلٰـہ اِلَّا اللّٰہُ" مہربان ہو فلاں بن فلاں مجھ پر "لَآ اِلٰہ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ"

عزت و آبرو کے لئے

اس نقش مبارک کو لکھ کر ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔ اُس کی طرف ذلت رخ نہ کرے

گی، انشاء اللہ وہ ہر وقت خوش وخرم رہے گا، اس کی عزت ومقبولیت میں اضافہ ہوگا، اور اس کے تمام دشمن ذلیل وخوار ہوں بلکہ اس کو دیکھ کر سیسے کی طرح پگھل جائیں گے اور تمام لوگ اس سے محبت کریں گے جس طرح ماں باپ اپنی اولاد سے کرتے ہیں۔

عزمت علیکم یا معشر الجن والذین

بسم ۱۰۲	اللّٰہ ۶۶	الرّحمٰن ۳۳۰	الرّحیم ۲۸۹
الرّحمٰن ۳۳۰	الرّحیم ۲۸۹	بسم ۱۰۲	اللّٰہ ۶۶
الرّحیم ۲۸۹	الرّحمٰن ۳۰ ع	اللّٰہ ۶۶	بسمْ ۱۰۲
اللّٰہ ۶۶	بسمْ ۱۰۲	الرّحیم ۲۸۹	الرّحمٰن ۳۰

والشیاطین والارواح ان تجعلوا حامل کتاب ھذا

نمازِ تسخیر

ایک لوہے کی میخ جو اوپر سے چوڑی ہو لے کر اُس پر چار سو مرتبہ ''سورہ فاتحہ'' اور چار سو دفعہ ''سورۃ النصر'' پڑھیں، مگر پہلے چار رکعت نماز پڑھیں اور ہر رکعت میں ''سورۂ فاتحہ'' کے بعد اس آیت کو پڑھیں۔ ''فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ'' پچیس بار پڑھیں اور نماز کی نیت یہ ہے ''نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّی لِلّٰہِ اَرْبَعَ رَکْعَاتٍ لِلتَّسْخِیْرِ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں مُتَوَجِّھًا اِلَی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ''۔

برائے محبت

شب جمعہ میں آدھی رات کو یہ آیت "فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ" تین بار پڑھیں اور اس کے بعد "اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِیْ مِنْ فلاں بن فلانہ یا فلانہ بنت فلاں اَعْطِفْ قَلْبَہٗ یَا قَلْبَھَا عَلَیَّ وَ ذَلِّلْہُ یَا ذَلِّلْھَا اِلَیَّ" فلاں بن فلانہ کی جگہ پر اپنا اور اپنی ماں کا نام اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ وہ شخص اس پر مہربان ہو جائے گا اور اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو بن حوا یا بنت حوا کہہ دیں۔ عاملوں کا یہ بھی طریقہ ہے۔

محبت کے لیے ایک اور عمل

"اللہ اکبر" ۵۰۰ بار "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" ۱۰ بار، "آیۃ الکرسی"، "اخلاص"، "سورہ فلق"، "سورہ والناس" ایک کاغذ پر لکھیں "اَللّٰھُمَّ اَعْطِفْ قَلْبِ، فلاں بن فلاں یا فلاں بنت فلانہ لکھیں اور اپنے داہنے بازو پر باندھ لیں۔ مقصد پورا ہوگا۔ (انشاء اللہ)

پیار و محبت میں اضافہ ہو

ایک حلوے کے ٹکڑے پر لفظ "یَا بُدُّوْحُ" کو لکھ کر جسے کھلائیں وہ اس شخص کو بہت چاہنے لگے گا اور اس سے بہت محبت کرے گا۔

شادی بیاہ کے لیے

اگر کسی عورت سے بیاہ کرنا منظور ہو یا کسی سے کام لینا مقصود ہو تو اس آیت شریف "قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ" کو لکھ کر تعویذ

بنا کر بازو پر باندھیں۔ (انشاءاللہ)

ملازموں کو مطیع کرنے کے لیے

اسم مبارک "یَـا رَقِیْبُ" کو لکھ کر روٹی میں ملازمین کو کھلائیں وہ ہمیشہ اپنے مالک کے پاس رہیں اور کبھی راہ فرار اختیار نہ کریں۔

بھیڑیئے اور بکری میں باہمی محبت کے لیے

کتاب "الواح الجواھر" میں لکھا ہے کہ! اس عمل سے بھیڑیئے اور بکری میں موافقت ہوسکتی ہے۔ تکسیر یوں کرے "ذ ی ب م ح ب ت غ ن م" اور اس کو مربع عشاریئے میں بطریق تکسیر سیسے کی تختی پر ہفتہ کے روز کھودیں اور بکریوں کے بندھنے کی جگہ دفن کریں۔ بھیڑیئے اور بکریوں میں محبت ہوجائے گی۔ (انشاءاللہ)

برائے حب

دو نقش لکھیں ایک پانی میں گھول کر مطلوب کو پلائیں دوسرا نقش اپنے پاس رکھیں۔ انشاءاللہ مطلوب فریفتہ ہوگا۔

یا جبروت یا حی یا قیوم

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	یا باسط	۲

بحرمت علی اسداللہ

زبان بندی کا عمل

قاری خادم حسین صاحب اپنی کتاب ''سورہ حشر سے مشکلات کا حل'' میں لکھتے ہیں کہ! زبان بندی کے لیے سورۃ الحشر کا نقش بنا کر اپنے بازو پر باندھیں۔ نیچے دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ بازو پر باندھنے سے پہلے اس پر ''سورۃ الحشر'' کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔

حکام سے مطلب براری کے لیے

اس مقصد کے لیے اس حاکم کے پاس جانے سے پہلے ایک مرتبہ ''سورۃ الحشر'' مع درود تاج ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے باوضو حالت میں اس حاکم کے پاس چلا جائے۔ وہ حاکم کمال مہربانی سے پیش آئے گا اور کام بھی کر دے گا۔

خاوند کی محبت پانا

اگر کسی عورت کا مرد بیوی کی طرف توجہ نہ دیتا ہو، درشتگی سے پیش آتا ہو اور اسے رام کرنے کا ہر حربہ ناکام ہو جائے تو ایسی حالت میں اس عورت پر لازم ہے کہ! عروج ماہ قمری میں پاک صاف ہو کر فجر کی نماز ادا کرے اور بعد از نماز فجر ''سورۃ الحشر'' اس قدر پڑھے، جس قدر اس کے اس کی والدہ کے اس کے خاوند اور اس کی ماں کے نام کے کل اعداد ہوں اور بعد از تلاوت ''سورۃ الحشر'' ہر بار دعا مانگے۔ (انشاء اللہ) تین دن کے اس عمل سے خاوند شیریں زبان ہو جائے گا۔

میاں بیوی میں محبت کے لیے

جن میاں بیوی کے درمیان اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور ہر وقت ناچاقی برپا رہتی ہو یا

خاوند بیوی کو پسند نہ کرتا ہو اور بے توجہی اور غصے سے بھرپور رہتا ہو، اسی طرح بیوی مرد کو ناپسند کرتی ہو، بلاوجہ ہر وقت لڑتی جھگڑتی رہتی ہو تو ایسی صورت میں ''سورۃ الحشر'' مع اول و آخر درود پاک تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور یہ نقش موم جامہ کر کے انہیں دیں۔ اگر مرد کی ناراضگی دور کرنا ہو اور محبت کی خوشی حاصل کرنا ہو تو عورت اس نقش کو اپنے سر کی چوٹی میں باندھے۔ پاکی و پلیدی کو خاص خیال رکھیں اور مخصوص ایام میں اس کو اتار کر سنبھال لیں۔ پاک ہونے کے بعد اس کو اپنے سر کی چوٹی میں باندھ لیں۔ انشاء مرد کے دل میں عورت کی محبت و یگانگت دائمی پیدا ہو گی۔ اور بیوی کی الفت کے بغیر نہ رہ سکے گا۔ اگر عورت کی درشتگی اور بدنفسی کو دور کرنا ہو تو مرد اس کو اپنے دائیں بازو پر باندھے اور برے خیالات سے پرہیز کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کی بدنفسی ختم ہو جائے گی اور اس کی نفرت شدید الفت میں بدل جائے گی اور وہ مرد کے بغیر نہ رہ سکے گی۔ نقش کو استعمال کرنے سے پہلے فقراء میں اکیس روپیہ ہدیہ لازماً تقسیم کریں۔

عورت فرمانبردار ہو جائے

اگر کسی کی عورت نافرمان ہو، اپنے خاوند کو ناپسند کرتی ہو، ہر وقت لڑائی جھگڑا کرتی ہو اور خاوند کی نافرمانی کرتی ہو تو ایسے میں خاوند کے لیے ذیل کا عمل کارآمد ہے۔ اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو بیٹھ کر ''سورۃ الحشر'' ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر یا کسی میٹھی شے پر دم کر کے اپنی بیوی کو کسی طرح کھلائیں یا پلائیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت بیوی کے دل میں خاوند کی شدید محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ اس کے ہر فرمان کی تابعداری کرے گی اور کبھی بھی اس سے بغاوت نہ کرے گی۔ یہ عمل اکیس یوم تک ہر روز بلاناغہ کرے۔

عمل برائے حب

اس مقصد کے لیے، ایک وقتِ مقررہ پر ہر روز گھر کے افراد اور ماں کے نام کے اعداد کی کل تعداد کے مطابق ''سورہ الحشر'' مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر گھر کے سارے افراد کا تصور کر کے پھونک ماریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اکیس یوم کے بلاناغہ عمل سے گھر میں اتفاق ہو محبت کی فضا پیدا ہو جائے گی اور ایک دوسرے کے لیے سب کے درمیان الفت پیدا ہو جائے گی اور کبھی بھی تفرقہ نہیں پڑے گا۔

حسب خواہش جگہ پر شادی کے لیے

اگر کسی شخص کی حسب منشاء جگہ شادی میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پڑ جائے یا کسی کے والدین یا عزیزوں میں سے کوئی ایک راضی نہ ہو تو ایسی حالت میں اس رکاوٹ کی دوری کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے طلوع آفتاب کے بعد ہر روز ایک گھنٹہ تک ''سورۃ الحشر'' اکیس مرتبہ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے عمل سے مقصد حل ہو جائے گا اور ہر قسم کی رکاوٹ دور ہو کر حسبِ منشاء جگہ شادی ہو جائے گی۔

افسر کا غضب ختم کرنا

اگر کسی کا افسر اعلیٰ ہر وقت غیظ و غضب کا مظاہرہ کرتا ہو تو ایسے میں اس کا غضب ختم کرنے کے لیے ذیل کا عمل نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے اس افسر کا سامنا کرنے سے پہلے ''سورۃ الحشر'' پچیس مرتبہ پڑھ کر اس افسر اعلیٰ کا تصور کر کے پھونک لگائیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے اس کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا اور اگر یہ عمل اکیس یوم تک مسلسل بلاناغہ کیا جائے تو

اس افسر کا غضب ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔

چشم خلائق میں مقبولیت پانا

جو شخص چشم خلائق میں مقبول ہونا چاہیے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے مشتری میں باوضو حالت میں چاندی کی انگشتری پر نقش ''سورۃ الحشر'' کندہ کروائے اور اس کے بعد اس پر گیارہ مرتبہ ''سورۃ الحشر'' اور اسم الٰہی ''یَا مُنْعِمُ '' کا ورد گیارہ ہزار مرتبہ کرے۔ اول و آخر درود شریف تسخیر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور انگوٹھی کو اپنی دائیں انگشت میں پہن لے۔ انشاء اللہ العزیز اس سے مقبول خلائق ہو جائے گا۔

عمل حب خاص

جو کوئی کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ یہ عمل کرے۔ مگر ناجائز نہ کرے۔ نماز جمعہ کے بعد باوضو حالت میں اکہتر مرتبہ ''سورۃ الحشر'' کی آٹھویں آیت ''لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا وَّ يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ '' پڑھ کر آب رواں یا کسی شیرینی پر دم کر کے پڑھیں اور مطلوب کو کھلائیں۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں اس کی محبت اس قدر پیدا ہو جائے گی کہ وہ اس کو دیکھے بغیر نہ رہے گا۔ اس مقصد کے لیے مطلوب کو سات جمعہ تک دم کی ہوئی چیزیں کھلائیں یا پلائیں تو مطلوبہ مقصد کامیابی کا اثر صاف دکھائی دے گا۔

محبت میں کامیابی پانا

سات عدد میٹھی چیزیں مثلاً چینی، شہد، کھجور، کشمش، بادام، ناریل اور دودھ تمام

چیزیں ہم وزن لے کر ان پر باری باری سات مرتبہ مندرجہ بالا آیہ مبارکہ پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد تمام چیزوں کو یکجا کر کے پکائیں اور یہ پکوان مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ مطلوب کے دل میں عمل کرنے والے کی خوب محبت پیدا ہو جائے گی۔

سوکنوں کی ناچاقی دور کرنا

اگر کسی گھر میں سوکنیں رہتی ہوں اور ہر وقت آپس میں لڑتی رہتی ہوں۔ لڑائی کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتی ہوں جس کی وجہ سے گھر میں ہر وقت کشیدگی رہتی ہو تو ان کی باہمی محبت کے لیے یہ عمل کریں۔ ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے سورۃ الحشر کی آٹھویں آیت کو لکھیں اور صاف پانی میں گھول کر اس پانی سے مکئی کا آٹا گوندھیں۔ اس میں شکر ملائیں اور اس کی روٹی پکا کر دونوں سوکنوں کو کھلائیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ ان کے دلوں میں ایک دوسرے کے ساتھ اتفاق سے رہنے کی امنگ پیدا ہو گی۔

من پسند جگہ پر شادی کے لیے

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ ''سورۃ الحشر'' کی آٹھویں آیت کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اس مقصد کے لیے دعا مانگا کریں اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رشتے طے پا لیں گے اور جلد ہی شادی بھی ہو جائے گی۔ جب تک شادی نہ ہو اس وقت تک ہر روز ہر نماز کے بعد اسی طرح پڑھیں، مایوس ہرگز نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی عطا فرمائے گا۔

لوگوں میں مقبول ہونا

ہر روز صبح گھر سے نکلنے سے پیشتر باوضو حالت میں تیرہ مرتبہ ''سورۃ الحشر'' کی

آٹھویں آیت کو پڑھ لیا کریں اور پڑھتے وقت اپنے مقصد کا تصور ذہن میں رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جہاں بھی جائیں گے لوگ عزت واحترام سے پیش آئیں گے۔

دشمن کی زبان بندی

جو کوئی شخص دشمن کی بدزبانی سے تنگ آچکا ہو اور دشمن بدزبانی سے کسی طرح بھی باز نہ آتا ہو۔ وہ یہ عمل کریں۔ منگل کے دن نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں سترہ مرتبہ "سورۃ الحشر" کی آٹھویں آیت کو پڑھ کر دشمن کی قیام گاہ کی طرف دم کریں۔ مگر دل میں یہ تصور ضرور کریں کہ دشمن بولنے کی کوشش کرتا ہے لیکن بول نہیں سکتا۔ اس کے بعد پھر سترہ مرتبہ مندرجہ بالا آیہ مبارکہ کو پڑھیں اور اس طرح دم کریں اور دشمن کی زبان بندی کا تصور رکھیں۔ تیسری مرتبہ پھر دشمن کی زبان بندی کا تصور رکھتے ہوئے سترہ مرتبہ اس آیہ مبارکہ کو پڑھ کر دم کریں۔ بفضلہ تعالیٰ دشمن ان کے خلاف بولنے پر قادر نہیں ہو سکے گا۔ اور جب بھی اس کے خلاف بدزبانی کی کوشش کرے گا ایک بھی لفظ منہ سے نہ نکال سکے گا۔

بلند مرتبہ حاصل کرنا

ہر جمعہ یا سوموار کے دن دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ! ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ الحشر کی ۹ ویں آیت "وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ" گیارہ بار پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی ملے گی۔ دولت و مرتبہ حاصل ہوگا۔

خلقت میں عزت ملے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں معزز ہو جائے، ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و اخلاق سے پیش آئے اور تابعداری کرے تو وہ یہ عمل کرے۔ نماز عصر کے بعد تین مرتبہ مندرجہ بالا آیت کو پڑھنے کا معمول بنالے۔ چالیس یوم کے بعد اس عمل کی برکت سے یہ اثر ہوگا کہ جس پر بھی اس کی نظر پڑے گی۔ وہ مطیع ہو جائے گا۔ لوگوں کی نظر میں معزز ہوگا اور شہرت حاصل ہوگی۔

عمل برائے زبان بندی

گیارہ تار کا سوت لے کر اس کی ایک ڈوری بنائیں۔ اس دھاگہ پر ایک سو گیارہ مرتبہ آیت مذکورہ پڑھ کر دم کریں اور ہر مرتبہ آیہ مذکورہ پڑھنے پر دھاگہ میں ایک گرہ لگائیں اور گرہ لگاتے وقت دشمن کی زبان بندی کا تصور اپنے دل میں رکھیں۔ جب اس دھاگہ پر ایک سو گیارہ گرہیں مکمل ہو جائیں تو یہ دھاگہ دشمن کے گھر اور چوکھٹ کے اوپر کسی محفوظ جگہ پر دبا دیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔ وہ کسی قسم کی بدگوئی نہ کرے گا۔

حاکم مہربان ہو جائے

جو کوئی حاکم کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو اور خوف زدہ ہو کہ کہیں حاکم اس پر ناراض نہ ہو جائے تو وہ حاکم کے سامنے جانے سے قبل یہ عمل کرے۔ باوضو حالت میں ٦٦ مرتبہ آیہ مذکورہ اس طرح پڑھے کہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد حاکم کے سامنے جائے تو بفضلہٖ تعالیٰ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

عمل برائے زبان بندی

حاسد کی زبان بندی کے لیے ہر روز نماز فجر کے بعد تیرہ مرتبہ آیہ مذکورہ پڑھ لینے سے سارا دن دشمن کی بدزبانی سے بچا رہے گا۔ اس کی ہر روز مداومت کرنے سے انشاء اللہ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔

عمل برائے حب

''سورہ حشر'' کی ۲۰ آیت ''لَا یَسْتَوِیْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ اَصْحٰبُ الْجَنَّۃِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ''مع درود شریف گیارہ سو گیارہ مرتبہ اول وآخر اپنے نام اور اپنی ماں کے نام اور مطلوب کے اور اس کی ماں کے نام کے عدد نکال کر اسی تعداد سے مطلوب کے گھر کی طرف منہ کرے صبح کے وقت گیارہ روز تک پڑھیں۔ بہت جلد اثر ظاہر نہ ہو تو چالیس روز تک پڑھیں۔

مطلوب حاضر ہو جائے

شروع ماہ میں شب جمعہ یا شب سوموار نماز عشاء کے فرض کے بعد اپنی اور اپنی مطلوب اور اس کی ماں کے نام کے اعداد کے مطابق آیہ مذکورہ پڑھے مطلوب کا تصور اول سے آخر تک پڑھے اور پڑھنے کے بعد اس کا تصور باندھ کر جانب قلب دم کرکے اور اس کے مکان کی طرف پھونک مارے منہ مطلوب کے مکان کی طرف ہو۔

محبت میں کامیابی پانا

شروع ماہ میں شب جمعہ یا شب سوموار بعد نماز عشاء اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف جو یاد ہو پڑھیں۔ پھر آیہ مذکورہ ایک سو نو بار مطلوب کا تصور باندھ کر پڑھیں اور دعا

مانگے۔ منہ مطلوب کے مکان کی طرف ہو۔ اس عمل کو علی الصبح بھی کیا جا سکتا ہے مگر دو بجے رات اس کا پڑھنا اس کے لیے بہت موثر ہے۔ کپڑوں کو عطر ضرور لگائیں۔

حب کا خاص عمل

صبح کے وقت گیارہ دن تک مطلوب کے مکان کی طرف منہ کر کے ۷۷ مرتبہ آیۂ مذکورہ پڑھیں اور مطلوب کا تصور کر کے اس کے سینہ پر دم کر دیا کریں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔ کیسا ہی بے پرواہ محبوب کیوں نہ ہو۔ اس کے دل میں شدید محبت پیدا ہو جائے گی۔

ایک اور عمل حب

جو کوئی اپنے اور اپنی والدہ کا نام مطلوب اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد کو اور آیۂ مذکورہ کے اعداد جمع کر کے کل اعداد کے مطابق تین روز تک بعد نماز فجر پڑھے گا اور روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر میں ڈال کر مطلوب کے سامنے جائے تو وہ محبت سے پیش آئے گا۔

مخالف کو مہربان کرنا

آیۂ مذکورہ کو رجب کی چار تاریخ کے بعد نماز صبح جس قدر چاہے لکھیں اور اپنے بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال کر بادشاہ یا حاکم یا کسی اور ناراض شخص کے پاس لے جائیں تو کامیاب ہوں گے اور وہ اس پر مہربان ہوگا۔ اگر اس کو کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے تو بے شمار فوائد ہوں گے۔

برائے تسخیر حاکم

آیت مذکورہ لکھ کر موم جامہ کر کے ٹوپی میں ٹانک لیں اور پھر عمامہ کے بیچ میں رکھیں۔ بہر حال تعویذ پیشانی کی جانب رہے اس طرح حاکم کے روبرو جائے۔ انشاءاللہ وہ مہربان ہوگا۔

عمل برائے حب

کسی دوسرے کو محبت میں فریفتہ کرنا ہو تو سورۂ حشر کی ۲۴ ویں آیت هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ کے اعداد تحریر کر کے ایک کوزے میں ڈال دیں اور اوپر کسی قدر شکر ڈال کر کوزہ میں رکھ کر آگ کے قریب رکھیں کہ کوزہ کو آگ کی گرمی پہنچتی رہے۔ انشاءاللہ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ یاد رہے کہ محبت پیدا کرنے کے تمام عمل صرف جائز اور حلال کام کے لیے ہوتے ہیں۔ ناجائز اور حرام کاموں پر کرنے سے الٹا نقصان ہوگا اور گناہ بھی ہوگا۔

عمل عجیب

اگر کسی ظالم یا افسر یا کسی اور جگہ کام کے لیے جائیں تو اپنی پیشانی پر پانچ مرتبہ انگلی شہادت سے آیۂ مذکورہ تحریر کریں جب آپ کو بلایا جائے تو آیۂ مبارکہ پڑھتے ہوئے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کریں اور مٹھی بند کر کے آگے بڑھیں۔ اس دوران آیۂ مذکورہ کا کھلا ورد کریں جب افسر کے سامنے پہنچیں تو مٹھی کھول دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حسب منشاء کام ہوگا۔

عمل برائے نکاح

سب کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو سونے سے پہلے (اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف) تین مرتبہ ''سورہ حشر'' کی ۲۴ ویں آیت اور اکتالیس بار ''سورہ اخلاص'' پڑھیں اور صرف شادی کے لیے دعا کریں۔ عمل کی مدت نوے دن ہے۔ اس عرصہ میں اگر منگنی یا شادی ہو بھی جائے تو نوے دن پورے کرنے ضروری ہیں۔

شوہر کی توجہ حاصل کرنا

شوہر کے ناروا سلوک سے نجات پانے کے لیے عشاء کی نماز کے بعد بیوی اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ تین مرتبہ آیۂ مذکورہ اور ایک تسبیح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی کرنے کے بعد دعا کرے۔ اگر ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ شوہر طلاق دینے پر آمادہ ہو جائے یا اس کے اندر بیوی کو علیحدہ کرنے کی ضد پیدا ہو جائے یا بیوی کو گھر سے نکال دے اور انتقاماً اسے گھر نہ بلائے تو بیوی کو چاہیے کہ رات کو سونے سے پہلے باوضو مصلے پر بیٹھ کر تین بار سورہ فاتحہ اور اکتالیس بار آیۂ مذکورہ پڑھ کر بات کیے بغیر بستر پر چلی جائے اور لیٹ کر آنکھیں بند کر لے اور اپنے شوہر کا تصور کرتے سو جائے۔ اس عمل کی مدت نوے دن ہے۔ نیز اگر بیوی نافرمان ہو تو یہی عمل شوہر بھی کر سکتا ہے۔

ناچاقی زوجین کا علاج

پہلے تین سو مرتبہ ''سورہ حشر'' کی ۲۴ ویں آیت کا ورد کریں اور پھر چند روز ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ ''سورہ کوثر'' پڑھیں اور ایک گھونٹ پانی پر دم کر کے پئیں۔

من پسند جگہ پر شادی کے لیے

لڑکیوں کے رشتے نہ آتے ہوں یا کوئی لڑکی یا لڑکا من پسند جگہ پر شادی کرنے کے متمنی ہوں تو لڑکی یا لڑکے کے والدہ یا خود وہ ایک بار ''سورہ یٰسین'' پڑھے پھر آیہ مذکورہ گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی تین گھونٹ میں لڑکی کو پلا دیا جائے یا لڑکی خود عمل کر کے پی لے یا عمل کی مدت چالیس روز ہے۔ انشاء اللہ اچھی جگہ پر رشتہ ہو جائے گا۔

چہل کاف کی مستند اور صحیح ترین عبارت

''کَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكًا فُهَا كَكَمِيْنَ كَانَ مِنْ لَّكَكِ تَكِرًّا كَرًّا كَكَرِّا الْكَرِ فِيْ كَبَر تُحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكِ لَكِكِ كَفَاكَ مَالِيْ كَفَاكَ الْكَافِ كَرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكِ''۔

شادی ہو جائے

ابو لحافظ محمد علی ارسلان قادری لکھتے ہیں کہ! اگر کسی کی شادی میں کوئی ایسی رکاوٹ پیدا ہوگئی ہو جو دور نہ ہوتی ہو اور شادی مسلسل التوا میں پڑتی رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے روزانہ بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ ''سورۃ اخلاص'' اور ایک سو ایک مرتبہ ''کلمہ تمجید'' پڑھ کر ''چہل کاف'' ساٹھ مرتبہ انشاء اللہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے اندر اندر مقصد حل ہو جائے گا۔ ہمراہ کلمات ذیل کا ورد ایک سو بار کریں۔

"وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ كَفِيْلًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ"۔

ساس یا بہو کو تابع کرنا

ساس اور بہو میں جو بھی ایک دوسرے کو تابع فرمان کرنا چاہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد چہل کاف اور کلمات ذیل پڑھ کر مطلوب کے اوپر دم تصور میں کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی مانگیں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم بلا ناغہ عمل سے مقصود حاصل ہوگا۔ کلمات یہ ہیں: "رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ"

پسند کی شادی

پسند کی جگہ پر شادی کروانے اور ان کو راضی کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے بعد نماز عشاء چہل کاف اکتالیس مرتبہ اور کلمہ تمجید پانچ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ اکتالیس یوم کے اندر اندر بفضلہٖ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا۔

شوہر کو مہربان کرنا

جس عورت کا مرد تند مزاج ہو اور ہر وقت غصے کی حالت میں رہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے تھوڑی سی شیرینی لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۹۹ بار چہل کاف اور کلمات ذیل پڑھ کر دم کریں اور اس کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تین دن کے عمل سے اس عورت کا خاوند نرم اور مہربان ہو جائے گا۔ کلمات یہ ہیں: "یَا وَدُوْدُ یَا عَزِیْزُ"۔

عمل برائے حب

حب کے لیے بالخصوص زوجین کے درمیان نفرت و ناچاقی دور کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک سو ایک دانے کالی مرچ کے لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ ورد کے شروع اور آخر میں درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اکیس یوم کے عمل سے ایک دوسرے کے لیے کشش بے انتہا بڑھ جائے گی اور دونوں کے درمیان لازوال محبت پیدا ہو جائے گی۔ کالی مرچ کے ان دانوں کو جلا دینا ہے۔ عمل جس قدر یکسوئی اور دھیان سے کسی ایک مقررہ وقت میں کریں۔ انتہائی نافع اور سریع الاثر ثابت ہوگا۔

برائے حب

اس مقصد کے لیے چہل کاف اور عبارت ذیل کو باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے لکھ کر اس پر کلمہ تمجید اکیاون مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو طالب اپنے سیدھے بازو پر موم جامہ کر کے باندھ لے۔ مطلوب کے دل میں بے حد محبت پیدا ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔ عبارت یہ ہے:

"وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اَجِبْ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا دَرْدَائِيْلُ يَا رَفْتَمَائِيْلُ يَا تَنْكَفِيْلُ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ يَا وَدُوْدُ يَا وَهَّابُ يَا بُدُّوْحِ الحب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں (طالب اور مطلوب اور ان کی ماں کا نام لکھیں)"۔

افسر کی ناراضگی دور کرنا

جس کسی کا افسر اس سے ناراض ہو گیا اور وہ کسی طرح راضی نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے

ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس عمل کی بدولت اس آفیسر کی ناراضگی دور ہو جائے گی اور وہ پھر سے مہربان ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لیے ملاقات سے پہلے وہ چہل کاف کا کثرت سے دل میں ورد جاری رکھیں۔

تسخیر محبوب کے لیے ایک پرتاثیر عمل


تسخیر محبوب کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے بوقت تہجد اٹھ کر پاک صاف ہو کر تازہ غسل اور تازہ وضو کے بعد نماز تہجد ادا کریں اور پھر خشوع وخضوع سے اپنے محبوب کا تصور کر کے سو (۱۰۰) مرتبہ: ''وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ''۔ سو مرتبہ کلمہ تمجید، تیس بار چہل کاف اور چار سو مرتبہ ''یَا وَدُوْدُ'' اول و آخر ''درود ابراھیمی'' گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مطلوب کے سینے پر تصور میں پھونک لگائیں۔ انشاء اللہ اکیس یوم بلا ناغہ عمل سے مقصود حاصل ہو گا۔

برائے محبت

کسی دوسرے کو محبت میں فریفتہ کرنا ہو تو ذیل کا نقش تحریر کر کے ایک کوزے میں ڈال دیں اور اوپر کسی قدر شکر ڈال کر کوزہ آگ میں دفن کر دیں کہ آگ کی گرمی کوزہ کو پہنچتی رہے۔ انشاء اللہ محبوب بے قرار ہو کر حاضر ہو گا۔

٣٧٢	٣٧٥	٣٧٩	٣٦٥
٣٧٨	٣٦٦	٣٧١	٣٧٦
٣٦٨	٣٨١	٣٧٣	٣٧٠
٣٧٤	٣٦٩	٣٦٨	٣٨٠

یاد رہے کہ! محبت کے تمام عمل صرف جائز اور حلال کام کے لیے ہوتے ہیں۔ ناجائز اور حرام کاموں پر کرنے سے الٹا نقصان ہو گا اور گناہ بھی ہو گا۔

نقش اعظم

ایک روایت ہے کہ! جس کے پاس یہ نقش مکرم ہوگا چھ سو بیس فرشتے ہر وقت اس کی حفاظت کے لیے اس کے ساتھ رہیں گے۔ روزی فراخ ہوتی ہے۔ ایمان محفوظ رہتا ہے۔ شیطان اس پر قابو نہیں پا سکتا۔ اگر بازو یا گلے میں باندھ کر دشمن کے مقابلے کے لیے جائے تو فتح پائے گا۔ اگر میاں بیوی کے درمیان نا اتفاقی ہو تو دونوں میں سے کوئی ایک اس کو اپنے پاس رکھے اور عرق گلاب اور چینی میں مکس کر کے پلائے اور دستور کے مطابق پشت پر طالب و مطلوب کا نام مع ان کے ماں کے نام لکھیں۔ خدا کے حکم سے محبت پیدا ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے:

جبرائیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میکائیل

یا کافی یا کافی الحاجات یا کفیل

لا الٰہ	الا	اللہ
الٰہ	الا اللہ	محمدؐ
الا اللہ	محمد	رسول
اللہ	محمد	رسول اللہ
اسرافیلؑ		عزرائیلؑ

یہ نقش ہر بیماری اور ہر کام میں مجرب ہے۔ اس پر روزانہ "حَسْبُنَا اللّٰہَ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ" ۴۵۰ بار پڑھ کر دم کیا کریں۔

ایک عجیب و غریب عمل

اگر کسی ظالم افسر یا کسی اور جگہ کام کے لیے جائیں تو اپنی پیشانی پر پانچ مرتبہ انگلی

شہادت سے چہل کاف اور یہ آیت پاک تحریر کریں: "فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم" جب بلانے کے لیے آواز آئے تو "سورہ قریش" باتسمیہ، تین بار پڑھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر دم کریں اور مٹھی بند کر کے آگے بڑھیں۔ اس دوران "حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ" کا کھلا ورد کریں۔ جب افسر کے سامنے پہنچیں تو مٹھی کھول دیں۔ انشاءاللہ کام حسب منشاء ہوگا۔

تسخیر دشمن

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے، حاکم کو اپنے اوپر مہربان کرنے، لوگوں میں باعزت اور سرخرو ہونے کے لیے، شوہر کی ناراضگی اور غصہ ختم کرنے کے لیے یا بدمزاج بیوی کو رام کرنے کے لیے وضو کر کے رات کو سونے سے پہلے سو مرتبہ چہل کاف اور "بسم اللہ الواسع جل جلالہ" پڑھ کر مقصود الیہ کا تصور کر کے پھونک ماریں اور دعا کر کے سو جائیں۔ عمل کی مدت چالیس روز ہے۔ خواتین ناغے کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کرلیں۔

تسخیر جن

اس عمل کو کرنے سے پہلے سوچ لیں کہ! یہ عمل میں کر سکتا ہوں یا نہیں۔ کیونکہ اس عمل میں خوف بہت آتا ہے۔ کمزور دل لوگ اس عمل کو نہ کریں تو بہتر ہے ورنہ پچھتاوے کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ اس عمل میں عموماً ایسا ہوتا ہے کہ ایک سانپ آ کر ڈرانے لگتا ہے اور کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ لوگوں کو قتل کیا جا رہا ہوتا ہے۔ آگ میں ڈالا جا رہا ہے اور آپ کو ایسا لگے گا کہ ہر طرف آگ اور شعلے جل رہے ہیں مگر آپ نے ڈرنا نہیں۔ کیونکہ حصار کے اندر کوئی چیز داخل نہیں ہو سکتی۔ یہ سب آپ کو ڈرانے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے

انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اس لیے ان چیزوں سے ڈرنا نہیں۔ دل میں یہی سوچیں کہ یہ سب بکواس ہے۔ کیونکہ اگر آپ ڈر گئے تو پھر لینے کے دینے پڑ جائیں گے اور پھر رجعت کے لیے بھی تیار رہیں۔ بس آپ عمل کرنے سے پہلی اچھی طرح سوچ لیں کہ یہ عمل میں کرسکتا ہوں یا نہیں۔ پھر اس عمل کو ہاتھ لگائیں جو بھی اس عمل کو کرے وہ اس بندہ ناچیز کے لیے دعا ضرور کرے۔ عمل اس طرح ہے کہ! سورہ جن کی پہلی چار آیات ہیں پہلے ۱۰۱ بار چہل کاف پڑھیں۔ پھر صرف ایک مرتبہ شروع میں "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھیں پھر آیات شروع کریں۔ "قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَهْدِیْ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ"۔

لوازمات عمل

(۱) عروج ماہ نوچندی جمعرات کو یا اتوار کو بعد نماز عشاء شروع کریں اور پہلے چودہ دن قمر در عقرب نہ ہو۔

(۲) اپنا لباس دوران عمل صرف سفید ہونا چاہیے جب عمل کریں پھر اتار کر رکھ دیں۔

(۳) لوگوں سے میل جول بہت کم ہو تاکہ دل ہر برائی سے پاک ہو۔



(۴) پڑھائی کے دوران اگر بتیاں جلائیں۔

(۵) ہر روز اپنا منہ مشرق کی طرف رکھیں۔

(۶) اپنے گرد مضبوط حصار کر کے عمل کریں اور اپنے پاس کھلا چاقو اور ایک لوٹا پانی کا رکھیں۔

(۷) دوران عمل ترک حیوانات و بدبودار اشیاء سے پرہیز کریں۔

(۸) بہتر ہے کہ! عمل شروع کرنے سے پہلے تین چار دن قبل ایک دن درود پاک اپنے نام

معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ اعداد کے موافق اتنی مرتبہ "سورہ اخلاص" پڑھیں۔ تیسرے دن اتنی تعداد میں استغفار پڑھیں۔ اب عمل پڑھنے سے ایک دن قبل حسب توفیق سات رنگ کی مٹھائی غرباء میں تقسیم کریں۔

- دوران عمل جو مشاہدات ہوں اس کا ذکر کسی سے نہ کریں سوائے اس شخص کے جس کی اجازت اور نگرانی میں آپ عمل کر رہے ہیں۔
- اس عمل کو روزانہ ۱۰۰ بار پڑھیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔
- اس عمل کو چالیس دن کریں۔ ہر روز عامل کو لازم ہے کہ وہ غسل یا تازہ وضو کرے۔
- خلاف شرعی امور میں وہ مدد نہ دے گا۔
- آخری دن جا کر حاضری مکمل ہوگی تو پورے ہوش و حواس میں رہ کر عہد و پیمان لیں۔
- جتنی مدت آپ اپنے پاس رکھنا چاہیں اور جسے رکھنا چاہیں وہ بھی اسی وقت طے کریں۔
- مسخر ہونے کی کوئی نشانی نہیں۔ حاضری کا طریقہ پوچھ لیں کوئی ایسا طریقہ طے نہ کریں کہ بعد میں پریشانی کا باعث ہو۔
- چالیسویں دن ایک جن حاضر ہوگا جب تک اپنی پڑھائی مکمل نہ کرلیں۔ اس سے بات نہ کرنی ہے۔ پھر جب اپنے لیے یا دوسروں کے کام میں مدد کے لیے عمل کریں تو تنہائی میں کریں۔ اس سے عمل میں قوت اور تحفظ رہتا ہے۔

کن کے لیے عمل ممنوع ہے

- ایسے لوگ جن کے دل کمزور ہوں اور بزدل ہوں۔ وہ یہ عمل ہرگز نہ کریں کیونکہ دوران عمل بہت زیادہ خوف آتا ہے۔ لہٰذا اس کو وہی لوگ کریں جو مضبوط قوت

ارادی اور بہت بڑے دل کے مالک ہوں۔

2 ایسے لوگ جو کسی قسم کی بیماری میں مبتلا ہوں جیسے مرگی، سکتہ، بواسیر وغیرہ، عمل نہ کریں۔

3 فعل خاص کے عادی لوگ بھی اس عمل کو نہ کریں کیونکہ عمل میں چالیس روز تک مکمل پرہیز کرنا ہوگا۔

4 خواتین بھی اس عمل کو نہ کریں۔ دوران عمل اگر ایام ہو گئے تو عمل بے کار ہو جائے گا۔

اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے کسی مرشد یا عامل کامل سے اجازت ضرور لے لیں۔ ورنہ رجعت کا خوف ہے۔

تسخیر جنات کے لیے ایک اور عمل

ذیل کا عمل لاثانی ہے۔ اس عمل سے تسخیر جنات سو فیصد یقینی ہے۔ جو لوگ باہمت اور حاضراتی قوتوں سے واقف ہیں۔ وہ اس عمل کو ضرور کریں۔

1 نوچندی جمعرات سے اس عمل کا آغاز کریں۔

2 دوران عمل ترک حیوانات، انڈا، گوشت، ہمہ قسم مچھلی، لہسن، پیاز وغیرہ سے پرہیز کریں۔ بلکہ پرہیز جمالی وجلالی رکھیں۔

3 جھوٹ، غیبت، حرام کاری اور فعل حیوانی سے اجتناب کریں

4 نماز کی پابندی کریں۔

5 ہمہ وقت پروردگار کی حمد وثناء، توبہ و تسبیح اور درود شریف کو کثرت سے پڑھا کریں۔

6 عمل کی جگہ یعنی آپ کا کمرہ الگ تھلگ ہو جہاں کسی قسم کی مداخلت نہ ہو۔

7 عمل باحصار ہو۔

8 بخور رلوبان جلائیں۔

9 دوران عمل جو بھی مشاہدات ہوں کسی سے ذکر نہ کریں البتہ جس سے اجازت لی ہو اس سے رابطہ رکھیں۔

10 عمل بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھنا ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔

11 عمل ختم کر کے ایک بار "سورہ جن" پڑھ کر سو جائیں۔


12 اکتالیس یوم کا عمل ہے۔ اکیسویں یوم سے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے اور جب آپ سو رہے ہوں گے تو ایک نوجوان آ کر پاؤں دبائے گا اور وہ کہے گا کہ میں آپ کا خادم ہوں۔ آپ اس سے قطعی کلام نہ کریں اور اس کی کسی بات کا جواب نہ دیں جب آپ کے چالیس یوم پورے ہو جائیں تو کلام کر سکتے ہیں۔ بعد میں جو بھی کام آپ ان کو کہیں گے وہ چشم زدن میں کریں گے۔ عمل یہ ہے:


سب سے پہلے ۷۸۷ بار "چہل کاف" مع بسم اللہ شریف کا ورد کریں پھر ۳۶۰ بار درج ذیل آیت پڑھیں:

اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهٗ سَاکِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَیْهِ دَلِیْلًا۔ (سورہ فرقان پارہ ۱۹، آیت ۴۴)

حب و تسخیر

عملیات حب و تسخیر کے ہمراہ طلسمات زہرہ کا نام آنے سے کچھ دوست یہ خیال کرتے ہیں کہ! اس عنوان کے تحت آنے والے عمل جنس اور عشق و محبت ہی سے متعلق ہوں گے۔ جب کہ اس موضوع کو وسیع تناظر میں لکھنا چاہیے۔ یہ صرف عشق اور محبت ہی نہیں بلکہ دو بھائیوں، دو دوستوں، میاں بیوی، ملازم و افسر، حاکم و مکرم، مالک و ملازم کے مابین بھی





اچھے تعلقات، محبت یا تسخیر کے اعمال عنوان بالا کے تحت بیان کیے جاتے ہیں۔ ذیل میں علم ساعات کے حوالے سے ایک عملیاتی قاعدہ بیان کیا جا رہا ہے۔ جو اس پر عمل کرے گا۔ حصول مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔

ہفتے کے تمام دن کسی نہ کسی کوکب سے منسوب ہیں، ہر کوکب کسی نہ کسی فرد و جنس سے منسوب ہے۔ جیسے کہ اتوار شمس سے منسوب ہے اور یہ والد، افسران و حاکموں سے۔ پیر قمر سے والدہ، مسافر منگل مریخ سے، بھائی بدھ عطارد سے تاجر، ماموں، جمعرات مشتری سے، والد، پیر بزرگ جمعہ زہرہ سے، عورت، بیوی، ہفتہ زحل سے ملازم۔

آپ نے یہ کرنا ہے کہ! جس کی تسخیر یا الفت قائم کرنا مطلوب ہو یعنی عورت کی تو جمعۃ المبارک کے دن ساعت اول میں درج ذیل نقش تحریر کریں۔ اس کی پشت پر درج ذیل نقش کے نیچے "چہل کاف" اور دعا تحریر کریں۔ اس سلسلے میں چند باتوں کا دھیان ضرور رکھیں۔ ورنہ عمل کام نہ کرے گا۔ قمر در عقرب نہ ہو۔

جو کوکب کی ساعت میں نقش تحریر کرنا چاہ رہے ہیں وہ رجعت، زوال یا ھبوط وغیرہ نہ ہوں۔ دیگر کوکب اس کو نحس ناظر نہ ہوں۔

ہر دن کی ابتداء یعنی طلوع آفتاب کے وقت سے متعلقہ دن کی پہلی ساعت شروع ہو جاتی ہے۔ یہ عموماً چالیس منٹ سے ایک گھنٹہ پندرہ، بیس منٹ ہو سکتی ہے۔ سو اس مدت کے اندر اندر عمل کر لیں۔ نقش و دعا ے عدد، زعفران خالص سے تحریر کریں۔ وقت تحریر زعفران و گلاب کی دھونی دیں لباس و کمرہ میں عطر گلاب استعمال کریں۔

زیرِ بحث نقش و دعا کو پانی یا کسی کھانے کی شے میں گھول کر طالب و مطلوب دونوں پی لیں۔ سات نقوش تحریر کیے جا سکتے ہیں۔ سو! سات ہی دن یہ عمل کرنا ہے۔ نقش مبارک یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن رحیم

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمٰن

دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ "يَا وَاحِدُ يَا سَمِيْعُ يَاجَامِعُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا وَلِيُّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کے حق میں مسخر فرما یا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ"

طلسم نکاح

قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ! اہل ایمان کے لیے کافی ہے۔ قرآن مجید رسول عربی ﷺ کا معجزہ ہے اور تمام دینی و دنیاوی علوم کا مرکز اور منبع ہے۔ اس سے حدیث مبارکہ، اسی سے فقہ، اسی سے طب، اسی سے قانون مملکت اور قانون انسانی وضع کیے گئے ہیں۔ ان آیات مبارکہ سے اہل معرفت نے انہیں اعداد میں سمو کر اہل غرض کے لیے پیش کیا اور نتیجہ اہل خیر اور اہل تقویٰ پر چھوڑ دیا ہے اور جس قدر جس کا یقین کامل ہو اسی قدر اس الہامی کتاب سے فیض حاصل کرے گا۔

دوسرے لفظوں میں کہہ سکتے ہیں کہ جس قدر جو بھی گہرائی اور یکسوئی سے اس کلام الٰہی کے اندر اپنے آپ کو ڈبو کر غور و خوض کرے گا۔ اتنے ہی اس پر اسرار و رموز کھلتے جائیں گے اور ایسے ایسے عجائبات سامنے آئیں گے کہ انسانی عقل دنگ رہ جائے گی۔ میرا تو ایمان

ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ کلام آپ کی زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرے گا اور کرتا ہے۔ لیکن یہ انہی لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے جو ایمان کامل سے اس پر عمل کرتے ہیں۔ آپ دنیا کے جس عمل کے بارے میں معلوم کرنا چاہیں آپ کو راستہ ملے گا۔ چاہے وہ علم ریاضی ہو، علم کیمیا ہو، علم الابدان ہو، معاشرے کے متعلق احکامات ہوں یا قانون وراثت ہو۔

اس کے علاوہ عملیات، جنات، موکلات، ہمزاد غرض! اللہ تعالیٰ نے انسان کی رہنمائی کے لیے وہ چیز جو اس کائنات کے متعلق ہے اس کے اندر رکھ دی ہے۔ اب وہ آنکھ چاہیے جو اس کو دیکھ سکے۔

میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ! علم نقوش اسی دور کی ایجاد و اختراع نہیں بلکہ صدیوں سے اہل عرفان ان سے انسان کی مشکلات کا ازالہ کرتے چلے آ رہے ہیں اور آج تک اس عمل کی روحانی قوت جاری و ساری ہے۔ ان لکیروں اور اعداد میں حیرت انگیز قوت پوشیدہ ہے۔ جو بعض اوقات انسانی ذہن کی سوچ سے بھی پہلے وقوع پذیر ہو کر اپنے اثرات ظاہر کر دیتی ہیں۔ جس سے مشکلات کے بادل چھٹ کر، روشنی کی کرن نمودار ہو کر سب کچھ منور کر دیتی ہے۔ اس قوت کو استعمال کس طرح کیا جائے۔ یہ ذرا مشکل مسئلہ ہے۔ کیونکہ نقش ہر کوئی لکھ دیتا ہے مگر اثرات نہیں ہوتے۔

مثلاً ہارمونیم کی مثال ہے۔ اس کو بجا تو ہر کوئی سکتا ہے مگر بے سر آواز نکلے گی اور اگر ایک ماہر جو اس کے اسرار و رموز جانتا ہے۔ وہ قاعدے اور قانون کے مطابق بجائے گا تو بہت ہی سریلی آواز سنائی دے گی۔ جس سے سکون اور خوشی ملتی ہے۔ اس طرح کسی بھی کام کو لے لیں اس کو اس کا ماہر ہی کر سکتا ہے۔ جس نے اپنی زندگی کے کئی سال اس کی تعلیم و تربیت میں صرف کیے، تب جا کر وہ اس مشینری کو چلانے کے قابل ہوا۔

اسی طرح عملیات بھی ایک پیچیدہ مشین کی مانند ہیں۔ جب تک اس کے اتمام کل

پرزوں، وائرنگ وغیرہ کے بارے میں کسی ماہر علم سے نہ سیکھیں گے۔ اس وقت تک اس کی ابجد سے بھی واقفیت ناممکن ہے۔ نقوش کی روحانی قوت کو بیدار کرنے کے لیے بہت مشقت اور محنت کی ضرورت ہے ورنہ بے ہنگم شور کی طرح سر دردی کے علاوہ کچھ نہیں۔ جس قدر عامل اس فن پر عبور رکھتا ہوگا۔ اسی قدر اہل غرض کی تمام آرزوؤں کی تکمیل کر سکے گا۔

آیئے! آپ کو قرآن حکیم کی آیۃ مبارکہ کا اعجاز دکھاتا ہوں۔ جس نے تمام نوع انسانی کی کایا پلٹ دی۔ جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو، شادی کا پیغام نہ آئے، عمر گذرتی جائے، تمام اسباب ہونے کے باوجود والدین کی اپنی بیٹیوں کے لیے اُڑی رہتی ہو۔ جب کہیں سے شادی کا پیغام نہ آئے اور پریشانیاں ہی پریشانیاں ہوں تو قرآن حکیم کا اعجاز دیکھیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے مقررہ وقت کے دوران ہی پیغامات آنے شروع ہو جائیں گے اور کسی اچھی اور نیک جگہ شادی ہو جائے گی۔

طریقہ یہ ہے کہ لڑکی کا نام ایک الگ حروف میں لکھیں۔ دیکھیں ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس میں سورۂ مبارکہ کے اعداد جمع کر کے عنصر کے مطابق دو نقش لکھیں۔ ایک نقش سورہ طٰہٰ میں رکھ دیں اور دوسرا لڑکی اپنے گلے میں ڈال لے اور اکیس روز تک سورہ مذکورہ اور چہل کاف نام کے اعداد کے مطابق ورد کریں۔ انشاء اللہ اس کی شادی مرد صالح سے ہو جائے گی، زندگی خوش و خرم گزرے گی اور اولاد نیک پیدا ہوگی۔ اب ایک مثال سے سمجھاتا ہوں۔ غور کریں ہر بات واضح ہو جائے گی۔

فرض کریں کہ نام میں بادی اور آبی حروف برابر ہیں اور اعداد آتشی حروف کے زیادہ ہیں۔ اس لیے نقش آتشی چال سے پر کریں گے۔

نام کے اعداد = ۱۷۶

سورہ طٰہٰ کے اعداد = ۲۹۹۲۸۳

مطلب نکاح = ۷۹

مجموعہ = ۴۰۰۰۳۳×۱۲۹=۴۰۰۰۱۶۲_۳۰=۴۰۰۰۱۳۲

تقسیم ۴=۱۰۰۰۳۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۰۰۳۶	۱۰۰۰۴۶	۱۰۰۰۴۳	۱۰۰۰۴۰
۱۰۰۴۴	۱۰۰۰۳۹	۱۰۰۰۳۴	۱۰۰۰۴۵
۱۰۰۰۳۸	۱۰۰۰۴۱	۱۰۰۰۴۸	۱۰۰۰۳۵
۱۰۰۰۴۷	۱۰۰۰۳۶	۱۰۰۰۳۷	۱۰۰۰۴۲

نوٹ: اس نقش کو شرف قمر یا جب زہرہ اور زحل کا قرآن بُرج ثور میں تو پھر پُر کریں۔ پھر تو کیا ہی بات ہے۔ فوراً اثر ہوگا۔ اکیس تا اکتالیس روز تک سورۂ کا ورد کریں۔ انشاء اللہ بہ طفیل رسولِ مقبول ﷺ جلد شادی ہو جائے گی۔

مخلوق کی نظر میں باوقار ہونا

چھ سو چھبیس مرتبہ طلوع آفتاب یا بعد نماز (سیاہی، قلم، کاغذ پاک ہو) چہل کاف کو لکھ کر ٹوپی میں رکھ لیں تو بڑی عزت ہوگی۔ لوگوں کے دل میں خوف پیدا ہوگا۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

فتوحات و تسخیرات کے لئے

ہلالِ رمضان دیکھ کر کہیں ''یا اسرافیل یا مکائیل یا ستار یا غفار'' اپنا مطلب دل میں رکھ کر سات بار ورد کریں۔ پھر ٦٦ بار ''چہل کاف'' مع ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' دعا کریں۔ تاریخ ہفتم تک ناغہ نہ کریں۔ چاروں سمت سے در ہائے فتوحات و برکات کھل

جائیں گے، اگر اس کے بعد ہمیشہ ہر ماہ چاند کے پہلے سات دنوں میں ایسا عمل کیا جائے تو دوسرے رمضان چاند تک چلہ پورا ہو جاتا ہے۔ اس کی برکت سے اللہ پاک غنی کرتا ہے۔ دولت بے حد بخشتا ہے۔ اگر امور شرعی میں حقوق کی پابندی رکھے تو لنگر جاری ہوگا۔ اور لوگوں کا ہر وقت ہجوم رہے گا۔

مخالفوں پر فتح حاصل کرنا

اگر کسی شخص کی ملازمت خطرے میں ہو، اس سے استعفیٰ طلب کیا گیا ہو، کسی شخص پر قرض ہو، اور قرض خواہ اُسے تنگ کر رہا ہو، اگر حکومت کا کوئی روپیہ واجب الادا ہو، سرکاری حساب میں خُرد برد ہو، عزت کا اندیشہ ہو، کوئی حکم یا تبدیلی یا تنزلی اُس کے خلاف ہو، کوئی مظلوم کسی ظالم کے ہاتھوں گرفتار ہو اور نجات کا کوئی ذریعہ نہ ہو تو اُس وقت روحانیت سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

طریقہ یہ ہے کہ! ایک چاندی کی لوح پر نقشِ مسدس پُر کریں ''چہل کاف'' پر نگاہ کریں۔ چہل کاف کے اعداد، طالب کے نام معہ والدہ کے اعداد اور نام مطلوب (اگر افسر ہو تو عمدہ) کا لے کر کُل اعداد جمع کریں اور مسدس میں پُر کریں۔ تیار کر کے ٦٦ بار ''چہل کاف'' مع ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھ کر سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ اگر لکھتے وقت زمرد منہ میں رکھیں تو بہتر ہوگا۔

مسدس پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۱۰۵ عدد تفریق کر کے باقی کو چھ پر تقسیم کریں۔ اصل قسمت کو خانہ اوّل میں رکھ کر اعداد پُر کریں۔ اگر باقی دو بچے تو خانہ ۲۵ میں، اگر باقی تین بچیں تو خانہ ۱۹ میں، باقی چار ہو' تو خانہ ۱۳ میں، باقی پانچ ہو، تو خانہ کو دیکھ لیں اگر میزان صحیح ہو تو نقش صحیح ہے ورنہ غلط۔ یہ کام شرف کے اصل وقت سے

پہلے کرلیں تا کہ عین وقت پر مشکل نہ ہو۔ یہ اعمالِ مجرب میں سے ایک ہے۔ اُستادِ اِن تقویم کے معمولات میں سے ہے اور یہ خوب کام کرتا ہے۔ حاجتمندوں کو ضرور اس آیت کی اور اُس وقت کی روحانیت سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ آیت کے اعداد ۳۶۱۷ ہیں۔ اس تعویذ کی برکت سے مخالف کی تمام تدبیریں ناکام ہو جائیں گی، معطلی ہو تو جگہ واپس ملے گی، اگر افسر مخالف ہو اور نقصان کے درپے ہو تو وہ مسخر ہو جائے گا اور مخالفت دل سے نکال دے گا۔

تسخیر مؤکل

یہ عمل بدھ کے دن سے شروع کیا جائے۔ عامل کو پنجگانہ نماز اور شریعت کا پابند ہونا چاہیے۔ ہر وقت پاکیزہ رہنا چاہیے اور لباس پاکیزہ زیب تن ہونا چاہیے۔ بعد نماز عشاء ایک پاک مقام پر سبز رنگ کا مصلی بچھا کر بیٹھیں۔ بدن پر کپڑا کم از کم سبز ہونا چاہیے۔ چاہے وہ عمامہ یا ٹوپی میں کیوں نہ ہو۔ پہلے ٦٦ بار ''چہل کاف'' مع ''بسم اللہ شریف'' پھر چارسو چوالیس (۴۴۴) بار یہ دعا پڑھیں۔

''اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اَبُو الْعَجَائِبِ يَا مِكَائِيْلُ وَبِحُرْمَةِ يَا خَبِيْرُ اُحْضُرِ الْعَجْلِ السَّاَئَة''

دعا پڑھتے وقت گوگل کا بخور جلائیں۔ اکیسویں دن سے مؤکلین حاضر ہوں گے اور طرح طرح کے خوفناک منظر دکھائیں گے مگر عامل اُن سے ہرگز خوف نہ کریں۔ چالیس دن پورے ہونے کے بعد سفلی مؤکل تابع ہو جائے گا۔ اسے جائز مقصد کے لئے استعمال کریں۔ جس دن کا جو مؤکل ہو اُس کا نام لے کر بلائیں تو فوراً حاضر ہو جائے گا۔ جب ان کو بلانے کا ارادہ ہو تو دیکھ لیں کہ کپڑے وغیرہ پاک ہیں یا نہیں۔ نجاست اور جنابت کے

عالم میں انہیں کبھی طلب نہ کریں ورنہ نقصان ہوسکتا ہے۔اور کسی بھی خلق کو ہلاک کرنے کا یا نقصان پہنچانے کا حکم مؤکل کو نہ دیں۔ہاں اگر کوئی دشمن ناحق عامل کو ستائے اور دشمن اسلام سے باہر ہو تو حرج نہیں۔اس کا زور کم کرنے کی کوشش کی جائے۔اگر روپیہ پیسہ وغیرہ و دنیاوی طمع کا سوال مؤکل کے سامنے آئے تو مؤکل فرمائش پوری نہیں کرے گا اور عمل کا اثر بھی جاتا رہے گا۔

عملِ حُب

اگر محبوب ملتفت نہ ہو تو طالب کو چاہیے کہ مہینے کے شروع تاریخوں کے پہلے جمعہ کو آدھی رات کو غسل کرے۔صاف ستھرا لباس پہنے، خوشبو لگائے، اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ ٦٦ بار ''چہل کاف'' مع ''بسم اللہ شریف'' اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔اللہ تعالیٰ کے حکم سے چلہ پورا ہوتے ہی محبوب خود بخود حاضر خدمت ہو جائے گا۔دعا یہ ہے۔''فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوْ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم''

برائے قیامِ محبت

سرکش اور بے وفا محبوب کے لئے حسب ذیل کلمہ بھی تیر بہدف کا کام دیتا ہے۔ جب ضرورت ہو تو جائز امر کے لیے کسی شریں چیز پر دم کر کے کھلائیں۔انشاء اللہ کھانے والا حلقۂ اطاعت میں فوراً سر جھکا دے گا۔''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ'' (یہاں چہل کاف کا ورد ١٠٠ بار کریں)

برائے تسخیر خلق

چہل کاف ایک مرتبہ روزانہ مع اول و آخر درود شریف اور بسم اللہ شریف دس دس بار پڑھے یا کم سے کم اس اسم مبارک کو ہر روز ۳۶۰ مرتبہ روزانہ اوّل و آخر تین تین بار درود شریف ورد میں رکھیں۔ تو خلقت کا ہجوم ہو۔ اسم مبارک یہ ہے۔ "یَارَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَہٗ"

برائے حُب

لڑکی اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکالیں اور اس آیت مبارکہ کے اعداد مع بسم اللہ جو ۱۹۹۶ بنتے ہیں، کے اعداد میں جمع کر کے نقش مربع ایسے وقت میں مرتب کریں کہ! قمر بُرج ثور یا بُرج سرطان میں ہو اور زہرہ یا مشتری پانچویں یا نویں نظر سے قمر کو دیکھتا ہو۔ آیہ مبارکہ یہ ہے۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ"، "لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَاعَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ"

اسے موم جامہ کر کے اتوار کی رات کو آدھی رات گزر جانے کے بعد وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھیں اور سورۂ فاتحہ کے بعد دونوں رکعتوں میں بیس مرتبہ مندرجہ بالا آیت "ھُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم" تک پڑھیں۔ بعد سلام سو مرتبہ اس طرح مانگیں یا رحیم فلاں را بر من مہربان گردان۔ انشاء اللہ تعالیٰ اُس کا دل مہربان ہو گا۔ اس عمل کی تعریف تحریر میں نہیں آ سکتی۔

بے مثال عملِ حُب

کھانے کی چیز پر سو مرتبہ "چہل کاف" مع "بسم اللہ شریف" پڑھ کر مطلوب کو

کھلائیں اور اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو کاغذ پر اس کے اعداد لکھ کر فتیلہ بنائیں اور رُخ اُس کا جانب مکانِ مطلوب رکھیں اور شہد اور گھی سے چراغ روشن کریں۔ چاہیے یہ کہ! یہ دونوں عمل بعد نماز عشاء کرے۔

افسر مہربان ہو

جناب قاری خادم حسین آف وہاڑی لکھتے ہیں کہ! ملازمت کے دوران اگر کسی بھی طرح کی پریشانی درپیش ہو تو اس کے خاتمے کے لیے درود پاک کا ورد کرنا پریشانیوں کو رفع کرتا ہے۔ اگر ماتحت کو بلاوجہ تنگ اور پریشان کرتا ہو تو ہر روز دفتر میں جا کر باوضو ہو کر اپنی سیٹ پر بیٹھنے سے پہلے ۲۱ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماریں۔ چالیس یوم تک اس عمل کے کرنے سے افسر مہربان ہو جائے گا، دفتری پریشانیوں سے نجات حاصل ہو گی، دفتر کا ماحول سازگار محسوس ہو گا اور جو بھی تنگ کرتا ہو گا آئندہ کبھی تنگ نہ کرے گا۔

نا اتفاقی کا خاتمہ

اگر میاں بیوی کی آپس میں نا اتفاقی ہو جائے اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ماحول رہتا ہو تو ایسی صورت میں اوّل گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر ۱۰۰ امرتبہ ''یَا وَدُوْدُ'' کا ورد کریں۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ گھر میں برکت پیدا ہو جائے گی، نا اتفاقی کا ماحول ختم ہو جائے گا اور آپس میں پیار محبت کی فضا پیدا ہو جائے گی۔

رشتے کی پریشانی ختم ہو جائے

اگر کسی گھر میں لڑکے لڑکی کی طرف رشتے کے مسئلہ پر پریشان ہو، لڑکے یا لڑکی

کا رشتہ نہ ملتا ہو اور لڑکی کی عمر بڑھتی جا رہی ہو تو ایسی صورت میں لڑکا یا لڑکی ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ۱۰۱ مرتبہ ''یَا لَطِیْفُ'' کا ورد کرے اس بعد اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے جب تک مطلوبہ مقصد حاصل نہ ہو اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلدی رشتے کی پریشانی دور ہو جائے گی اور کوئی اچھا سا رشتہ مِل جائے گا۔

وہ مہربان ہو جائے



اگر کوئی سخت دل ہو تو اس کے لئے ایک گلاس پانی لے کر ۱۰۱ مرتبہ درود شریف کو پڑھ کر دم کر کے اسے یہ پانی پلا دیا جائے تو اس سے اُس کے دل میں سختی نرمی میں بدل جائے گی۔ اور اس میں مہربانی کا عنصر نمایاں ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ)

میاں بیوی کے مابین صلح ہو جائے

اگر میاں بیوی ناراض ہوں اور شوہر اپنی بیوی سے سخت ناراض ہو تو ایسی صورت میں ۱۰۱ مرتبہ درود شریف کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کریں اور شوہر کو کھلا دیں۔ اس سے شوہر مہربان ہو جائے گا۔ چند یوم کے اس عمل سے میاں بیوی میں بہت جلد صلح ہو جائے گی۔ (انشاء اللہ)

مخلوق مہربان ہو جائے

دل کی سختی دور کرنے کے لئے اور اپنے اندر شفقت اور رحمت کا مادہ پیدا کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھنے سے مثبت اثرات پیدا ہوں گے اور اس سے مخلوق بھی اُس پر مہربان ہو جائے گی۔

لوگوں میں ہر دلعزیز ہو

جو شخص درود شریف کثرت سے پڑھے اُس کا نفس اُس کا مطیع رہے گا اور عزت و شہرت حاصل ہوگی۔ اگر حاکم وقت پڑھے گا تو اُس کا ملک قائم رہے گا، عزت میں ترقی ہوگی اور لوگوں میں ہر دلعزیز ہوگا۔

عزت و مرتبہ میں اضافہ ہو

اگر کوئی شخص خلائق میں مشہور ہونا چاہے اور عزت مرتبہ کا طالب ہو تو۔ اُسے ہر نماز کے بعد ۱۰۱ درود شریف کو پڑھنا چاہیے۔ اس سے انشاء اللہ اُس کی عزت و مرتبہ میں اضافہ ہوگا۔

سنگدل بھی نرم دل ہو جائے

اگر کوئی کسی سے عداوت رکھتا ہو اور اُس کا دل کسی بھی طرح صاف نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں کسی میٹھی چیز پر ۷۰ امرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اُس کو کھلا دیں۔ اس سے اُس کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ مہربانی کی صفت کی طرف مائل ہو جائے گا۔

لوگ پیار و محبت سے پیش آئیں

ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں تین سو مرتبہ درود شریف کو پڑھنے سے لوگوں کے دلوں میں ذاکر کی عزت بڑھ جاتی ہے اور مخلوق پیار و محبت سے پیش آتی ہے۔

عزت و شہرت میں اضافہ ہو

چشمِ خلائق میں مقبول ہونے کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد سات سو مرتبہ درود

شریف کا ورد کریں انشاءاللہ تعالیٰ تمام مخلوق کی نگاہوں میں عزیز ہو جائیں گے۔

حاکمِ وقت مہربان ہو جائے

جو کوئی درود شریف نگینہ پر شرف قمر میں کندہ کرا کر پہنے اور پہنتے وقت درود شریف کو ۱۷ مرتبہ پڑھے گا اُس پر حاکم مہربان ہو جائے گا۔

عزت وترقی کے حصول کے لئے


اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ! وہ عزت کی بلندیوں پر پہنچ جائے تو اُسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد تین سو مرتبہ درود شریف کا ورد کرے۔ چالیس یوم تک خلوص نیت سے اس عمل کو کرنے سے مطلوبہ مراد پوری ہو جائے گی۔

اعلیٰ منصب کے لئے

اگر کوئی شخص حکومت میں ممتاز عہدہ حاصل کرنے کا خواہش مند ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں سات مرتبہ درود شریف کو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مطلوبہ عہدہ کے حصول میں آسانی پیدا ہو جائے گی۔

آمر وجابر حکمران بھی موم ہو جائے

اگر کسی شخص کو کسی ظالم کا ڈر ہو تو درود شریف کو بعد نماز فرض کے تین سے چھ بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسے اس ظالم سے امن عطا فرمائے گا، وہ دشمن پر غالب رہے گا، حاکم اُس پر مہربان ہوگا، اور ہر قسم کا خوف اُس کے دل سے جاتا رہے گا۔




بدمزاج افسر کی اصلاح کے لئے

اگر کوئی یہ چاہے کہ اُس کے مخالفین یا بدمزاج قسم کے افسر اُس کے ساتھ نرمی سے پیش آئیں تو وہ بعد نماز عشاء قبلہ رو ہو کر ہر روز بلا ناغہ ۳۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھے اول و آخر درود خضری پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے عاجزی سے دعا مانگے تو زیادہ سے زیادہ سات یوم میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔ (انشاءاللہ)

لوگ تعظیم کرنے لگ جائیں

درود شریف کا ورد کرنے والا شخص مخلوق خدا کی نظر میں عزت و تکریم پاتا ہے۔ شرف آفتاب میں انگشتری پر کندہ کروا کر لینے سے لوگ تعظیم کرتے ہیں، خیر و برکت حاصل ہوتی ہے، غربت، افلاس اور تنگی دور ہو جاتی ہے۔

افراد خانہ پیار و محبت سے رہیں

گھر کے افراد آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں تو اُنہیں ۳۱ بار درود شریف پڑھ کر شربت پر دم کر کے پلائیں تو آپس میں بہت زیادہ محبت پیدا ہو گی۔

شہرت و ناموری

اگر کوئی شخص شہرت، مرتبہ اور ناموری کا خواہش مند ہے تو وہ درود شریف کا کثرت سے ذکر کرے۔ اللہ تعالیٰ معاشرے میں بلند مقام عطا فرمائے گا۔ مجرب ہے۔

رشتہ آ جائے

اگر لڑکے یا لڑکی کا رشتہ طے نہ پاتا ہو تو ۱۱۱ بار نماز فجر کے بعد ورد کریں سات روز

تک ورد کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے مدد فرمائے گا۔ یقین کامل کے ساتھ انسان کو حسد، غیبت، چغلخوری اور حرام خوری سے بچنا چاہیے۔

آنکھوں کا تارا

درود شریف کو اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھنے سے اللہ تعالیٰ درود شریف پڑھنے والے کو عقل و فہم کی دولت سے نوازتا ہے، لوگوں کی نظروں میں اُس کی اہمیت کو بڑھا دیتا ہے، لوگ اُس کی رائے کو مقدم سمجھتے ہیں اور ہر مشکل کے لئے اُس سے مشورے کے طالب ہوتے ہیں۔

عزت ملے اور رُکاوٹیں دور ہوں

درود شریف کا بکثرت ورد کرنے والا چشم خلائق میں عزیز و محترم ہوتا ہے، مشکلات اُس کے راستے میں کبھی حائل نہیں ہوتیں۔ اونچے مرتبے تک پہنچنے کے لئے درود شریف کا ورد کرنا راستے کی تمام رکاوٹوں کو دور کر کے دلی مراد کو پورا کرنے کا سبب بنتا ہے۔

بدزبان خاوند

اگر کسی عورت کا خاوند بدزبان ہو تو ۱۰۹ بار درود شریف پڑھ کر سوتے ہوئے پر دم کرے تو خاوند ٹھیک ہو جائے۔ کم از کم ۲۱ دنوں تک یہ عمل کرتی رہے۔

جلد شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو اُسے چاہیے کہ دو رکعت نماز نفل پڑھے پھر ایک سو مرتبہ درود شریف کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر مراد پوری ہو جائے گی۔

کسی روٹھے ہوئے کو منانے کے لئے

اگر کسی کو اپنے حق میں راضی کرنا مقصود ہو تو۔ اس کی توجہ خاص حاصل کرنے کے لئے بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ "یَا جَامِعُ" پڑھیں۔ انشاءاللہ مطلوبہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

تسخیر و فتح کے لئے

یہ نقش مبارک ذولت حکومت، سعادت اور منفعت کے حصول کے لئے بے حد مفید ہے۔ اسے لکھ کر چاندی کے خول میں بند کر کے بازو پر باندھیں۔ انشاءاللہ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ولقد	فتنا	سلیمان	والقینا	علیٰ کرسیہ	جسدا	ثم اناب
فتنا	فتنا	سلیمان	والقینا	علیٰ کرسیہ	جسدا	ثم اناب
سلیمان	سلیمان	سلیمان	والقینا	علیٰ کرسیہ	جسدا	ثم اناب
والقینا	والقینا	والقینا	والقینا	علیٰ کرسیہ	جسدا	ثم اناب
علیٰ کرسیہ	علیٰ کرسیہ	علیٰ کرسیہ	علیٰ کرسیہ	علیٰ کرسیہ	جسدا	ثم اناب
جسدا	جسدا	جسدا	جسدا	جسدا	جسدا	ثم اناب
ثم اناب	ثم اناب	ثم اناب	ثم اناب	ثم اناب	ثم اناب	ثم اناب

نقش سورہ یٰسین برائے مسخرات عالم

یہ عمل وہ ہے جس کی تکمیل کے بعد اس کے عامل دنیا کی نظروں میں ولی نظر

آئے۔ ان کی قبروں پر عالی شان روضے تعمیر ہوئے۔ اور رہتی دُنیا تک اُن کے مقبرے کورانہ تقلید کے زیرِ نظر حقیقت سے بے خبر لوگوں کی زیارت گاہیں بنے رہیں گے۔ ورنہ دراصل یہ عمل تسخیر ہے۔ اس کی ترکیب اس طرح ہے۔ سورج گرہن یا چاند گرہن کے وقت اندر سات دھاتوں کا چار بتیوں والا چراغ کسی پابند صوم صلوٰۃ کاریگر سے بنوائیں جس میں سونا، ایک ماشہ، چاندی ایک تولہ اور پانچ دھاتوں کا وزن بہ مشورہ کاریگر بنوائے اور اس میں ذیل کا نقش چراغ کے اندر پیندے پر کندہ کرائیں یہ عمل شب کو چاند گرہن کے وقت کے اندر ہی ختم کرنا ہے۔ سورج گرہن کے دوران چراغ کی تیاری دن کو ہوگی۔ اور جب چراغ تیار ہو جائے تو عروج ماہ کی پہلی شب جمعہ کو عمل کا آغاز اس طرح کریں کہ چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈالیں۔ مصلے پر بیٹھ کر چراغ سامنے رکھیں اور ۴۱ بار سورہ یٰسین روزانہ ہر شب پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس راتوں کا ہے۔ عمل ختم ہونے کے بعد اس کا عامل لوگوں کے دلوں پر حکمرانی کرتا رہے گا نقش جو چراغ کے پیندے پر اندر کی طرف کرانا ہے۔ نیچے ملاحظہ کریں۔

۷۸۶

۵۶۸۱۷	۵۶۸۲۱	۵۶۸۲۴	۵۶۸۱۰
۵۶۸۲۳	۵۶۸۱۱	۵۶۸۱۶	۵۶۸۲۲
۵۶۸۱۲	۵۶۸۲۶	۵۶۸۱۹	۵۶۸۱۵
۵۶۸۲۰	۵۶۸۱۴	۵۶۸۱۳	۵۶۸۲۵

نوٹ: مربع کے اعداد کندہ کرتے وقت ذیل کے جدول کے مطابق نمبرات دیکھ کر مربع کے اعداد کندہ کرائے ورنہ عمل ناکام ہوگا جدول بطور مثال نیچے درج ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یعنی نمبر ا کے خانہ میں سب سے پہلے ۵۶۸۱۰ کندہ کرائیں، نمبر ۲ کے خانہ میں ۵۶۸۱۱ کندہ کرائیں اسی ترتیب سے نقش سورۂ یٰسین کے باقی اعداد بھی کندہ ہوں گے۔

برائے دفعیہ خوف وخطر

درج ذیل نقش کولکھ کر خوشبو لگا کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھیں۔ انشاءاللہ ہر لحاظ سے حفاظت ہوگی۔ نیز یہ فتح و کامرانی کے لئے بھی بے حد مجرب ہے۔

۷۸۶

یاعلی۶	یاعلی۱	یاعلی۸
یاعلی۷	یاعلی۵	یاعلی۳
یاعلی۲	یاعلی۹	یاعلی۴

بھاگا ہوا شخص یا مطلوب جلد واپس آئے

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر چرخے سے باندھ کر سات دفعہ اُلٹی طرف دن کو اور سات دفعہ

اُلٹی طرف ، رات کو چرخے کو پھیریں چند دفعہ یہ عمل کرنے سے بھاگا ہوا شخص واپس آئے گا۔ مطلوب کی حاضری کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔ بہتر ہے کہ یہ عمل مسلسل سات دن کیا جائے۔ تصور شرط ہے۔

۷۸۶

یا جبرائیلُ   بحقِّ یا حیُّ   یامیکائیلُ

		۱۶	۱۱	۱۸	
	یا اللّٰہ	۱۷	۱۵	۱۳	یا اللّٰہ
		۱۲	۱۹	۴	

یا اسرافیلُ   بحقِّ یا بدُّوحُ   یا عزرائیلُ

حُب کے لئے ایک مجرب ترین نقش

ذیل کا نقش نو چندی جمعرات کے پہلے اتوار کو نو عدد تحریر کریں۔ تین نقش روزانہ دودھ میں گھول کر مطلوب کو کسی طرح پلائیں۔ اور اسی طرح تین روز متواتر پلائیں۔ ورنہ اثر نہ ہو گا۔ **نوٹ** اس کتاب میں مندرجہ حُب کے تعویذ اور عملیات صرف جائز اور حلال مقصد کے لئے ہیں غیر شرعی مقصد کے لئے ہرگز استعمال نہ کیے جائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

اللہ الصمد بحق یا میکائیل	قل ھو اللہ احد بحق یا جبرائیل
ولم یکن لہ کفوًا احد بحق یا عزرائیل	لم یلد ولم یولد بحق یا اسرافیل

حب کے لیے ایک اور نقش

یہ نقش مبارک لکھ کر کسی طرح مطلوب کو پانی، شربت، بوتل یا جوس وغیرہ میں گھول کر پلائیں۔ انشاءاللہ مطلوبہ مقصد حاصل ہوا۔ بہتر ہے کہ مشک و زعفران سے لکھا جائے۔

۷۸۶

یافتاح ۸	یارحمٰن ۱۱	یارحیم ۱۴	یاودود ۱
یاودود ۱۳	یارحیم ۲	یارحمٰن ۷	یافتاح ۱۲
یارحمٰن ۳	یافتاح ۶	یاودود ۹	یارحیم ۱۶
یارحیم ۱۰	یاودود ۵	یارحمٰن ۲	یافتاح ۱۵

کسی کو مہربان کرنے کے لیے

یہ نقش لکھ کر چاندی میں مڑوا کر گلے یا بازو سے باندھیں۔ انشاءاللہ تسخیر و محبت کی بابت ضرور فائدہ حاصل ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ

بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

دعائے محبت

اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں یا کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں تو بہت بڑا اثر کرے گی۔ دعا نیچے درج ہے۔ ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنَ یعنی پہلے ''سورہ الحمد'' پھر سورہ ''معوذتین'' اس کے بعد ''آیۃ الکرسی'' اور ''سورہ حشر'' کی آخری آیت پڑھ کر ذیل کی دعا پڑھیں۔ اور کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ مطیع ہوگا۔

''لَوْ اَنْفَقْتَ مَافِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّااَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ وَمِنْ اٰیَاتِهٖ اِنَّ خَلَقَ لَکُمْ اَزْوَاجًا لِتَسْکُنُوْا اِلَیْهَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مُوَدَّةً وَّرَحْمَةً اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَاتٍ لِقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ وَاذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَاءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا وَّکُنْتُمْ عَلٰی شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَکُمْ مِنْهَا کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمْ اٰیَاتِهٖ لَعَلَّکُمْ تَهْتَدُوْنَ عَسٰی اللّٰهُ اَنْ یَجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِنْهُ مَوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکُمْ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ اِذْ تَمْشِیْ اُخْتُکَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّکُمْ عَلٰی مَنْ یَّکْفُلُهٗ فَرَجَعْنَاکَ اِلٰی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنْ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنَاکَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاکَ فُتُوْنًا یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ''۔

برائے دوستی

ذیل کی دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ فتوحات و تسخیرات حاصل ہوں گی۔

ہر شخص عزت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

يُحِبُّوْنَهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهُمْ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يُخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ذَالِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓعٓسٓقٓ كَذَالِكَ يُوْحِىْ اِلَيْكَ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ۔

ہر دلعزیز اور باوقار ہونے کے لیے

روایت میں مذکور ہے کہ جو شخص ذیل کی دعا کو لکھے اور اپنے پاس رکھے یا مٹھائی وغیرہ پر دم کر کے جس آدمی کو کھلائے گا یا لکھ کر اپنے بازو پر باندھے گا تو لوگ اس سے محبت کریں گے اور وہ ان میں ہر دلعزیز اور باوقار ہوگا۔ امیروں، وزیروں اور بادشاہوں کے نزدیک اس کی عزت ہوگی۔ یہ دعا دنیا اور آخرت کے جملہ امور میں اثر رکھتی ہے۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّىْ لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ اِذْ تَمْشِىْ اُخْتُكَ فَتَقُوْلَ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنَاكَ اِلٰى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنْ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا وَزُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهْوٰتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اِنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا وَقَوْمَهَا فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ اِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ يُحِبُّهُمْ يُحِبُّوْنَهٗ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبُهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فَقَالَ اِنِّيْ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ رُدُّوْهَا عَلَيَّ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ الْاَعْنَاقِ هُوَ الَّذِيْ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ كَانَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِيْنَ وَقَالَتْ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ قُلْ لَّا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَادَيْتُمْ مِّنْهُ مَوَدَّةً وَّ رَحْمَةً وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ يَا حَبِيْبَ الْمُدَبِّرِيْنَ حَبِّبْ مُحِبَّتِيْ عَلٰى قَلْبِ فلاں بن فلاں (مطلوب کے باپ کا نام) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا فَتَّاحُ يَا فَتَّاحُ يَا فَتَّاحُ يَا مُفَتِّحُ (تین مرتبہ) پھر کہیں يَا رَبِّ اسْتَجِبْ دُعَائِيْ بِحَقِّ يَا رَبَّاهُ

رَبَّاہُ یَا رَبَّاہُ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ (چھ مرتبہ) یَا عَالِمَ الْغَیْبِ (چار مرتبہ) یَا اَللّٰہُ (پانچ مرتبہ) پھر کہیں یَا رَبِّ اسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِحَقِّ آدَمَ صَفِیِّ اللّٰہِ وَ بِحَقِّ نُوْحٍ نَجِیِّ اللّٰہِ وَ بِحَقِّ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰہِ وَبِحَقِّ مُوْسٰی کَلِیْمِ اللّٰہِ وَبِحَقِّ عِیْسٰی رُوْحِ اللّٰہِ وَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَعَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ" اس کے بعد ان اعداد کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

۱۱۹۱۸۳ ،۱۱۱ ھ ۹۲ ، ۸۸۹۸۸۹، ۸۸ ۱۱ ۸

زوجہ اور شوہر کے درمیان صلح کے لیے

میاں اور بیوی کے درمیان صلح کے لیے ذیل کے کلام کو دو کاغذوں پر لکھ کر ان کے سرہانوں کے درمیان دبا دیں۔ جو اپنے سروں کے نیچے رکھتے ہوں۔ اس کے بعد ان میں ہرگز کشیدگی باقی نہ رہے گی۔ بلکہ باہمی محبت روز بروز بڑھے گی۔ کلام یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰہِ مُوْسٰی کَلِیْمَ اللّٰہِ عِیْسٰی رُوْحِ اللّٰہِ مُحَمَّدٌ حَبِیْبُ اللّٰہِ وَ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰی جَبَلٍ لَرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃَ (فلاں بن فلاں) نام مطلوب اور اس کے باپ کا نام۔ صَالِحًا دَائِمًا عَلٰی مَحَبَّۃِ طالب اور اس کی ماں کا نام۔ کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ اٰدَمَ وَحَوَّا بَیْنَ

یُوسُفَ وَزُلَیخَا وَ بَینَ مُوسٰی وَ صَفُورَا وَ بَینِ مُحَمَّدٍ وَخَدِیجَۃَ الْکُبْرٰی وَ بَینَ عَلِیٍّ وَ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَاءِ وَاَصْلِحْ بَینَھُمَا اِصْلَاحًا فِیْہِ اَبَدًا دَائِمًا صَمَدًا۔

دشمنی دوستی میں بدل جائے

اگر دو آدمیوں میں دشمنی ہو۔ان دو آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر وہ ان دونوں اشخاص جو ایک دوسرے کی دوستی کے طلب گار ہوں اور آپس میں دشمنی کے خواہش مند ہوں تو وہ یہ تحریر شدہ کاغذ اپنے پاس رکھیں مطلوبہ مقصد حاصل ہوگا۔وہ آیتیں یہ ہیں:

وَتِلْکَ حُجَّتُنَا اٰتَیْنٰھَا اِبْرَاھِیْمَ عَلٰی قَوْمِہٖ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ یَّشَاءُ۔ اِنَّ رَبَّکَ حَکِیْمٌ عَلِیْمٌ وَوَھَبْنَا لَہٗ اِسْحَاقَ وَ یَعْقُوْبَ کُلًّا ھَدَیْنَا وَ نُوْحًا ھَدَیْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّیَّتِہٖ دَاوٗدَ وَسُلَیْمَانَ وَاَیُّوْبَ وَیُوْسُفَ وَمُوْسٰی وَ ھَارُوْنَ وَ کَذَالِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ وَزَکَرِیَّا وَ یَحْیٰی وَ عِیْسٰی وَاِلْیَاسَ کُلٌّ مِنَ الصَّالِحِیْنَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَیُوْنُسَ وَلُوْطًا وَکُلًّا فَضَّلْنَا عَلَی الْعَالَمِیْنَ وَمِنْ اٰبَائِھِمْ وَذُرِّیّٰتِھِمْ وَاِخْوَانِھِمْ وَاجْتَبَیْنَاھُمْ وَھَدَیْنٰھُمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمَ ذٰلِکَ ھُدَی اللّٰہِ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ مِنْ عِبَادِہٖ کَذَالِکَ یَھْدِیْ (فلاں بن فلاں) بمحبۃ" فلاں بن فلانہ دونوں کے اور ان کے باپ یا ماں کے نام)

شوہر مہربان ہو جائے

میاں بیوی میں الفت و محبت پیدا کرنے کے لیے گلاب مشک اور زعفران سے ذیل کا کلام لکھ کر اور اسے دھو کر بیوی اپنے شوہر کو ناشتہ میں کھلائے۔انشاءاللہ مہربان ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْئًا مَّذْكُوْرًا اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًا بَصِیْرًا اس کے بعد لکھے یا زبان سے کہے كَذٰلِكَ یَبْتَلِی فلاں بِمُحَبَّةٍ فلانہ۔

الفت ومحبت پیدا ہو

روٹی کے ٹکڑے پر ذیل کا کلام طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر جو آدمی اپنے مخالف کو کھلائے گا تو اس کے دل میں کھلانے والے کے لیے محبت پیدا ہوگی۔کلام یہ ہے: وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ اور اس کے آگے لکھے یا لکھنے والا زبانی پڑھے "ثُمَّ رَدَدْنٰهُ فلاں (نام لے) اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ فِیْ مُحِبَّةٍ ۔فلاں بن فلانہ۔انشاءاللہ ان میں الفت ومحبت پیدا ہوگی۔

برائے محبت

یہ عمل شیخ زین الدین رحمتہ اللہ علیہ سے حاصل ہوا اور وہ اس طرح ہے کہ جب کوئی کسی کو تسخیر کرنا چاہے تو صاحب عمل وضو کرے دو رکعت نماز یوں پڑھے کہ دونوں رکعتوں میں سورہ الحمد کے بعد سات مرتبہ یہ کلام پڑھے "عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِنْهُمْ مَوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ"۔دو رکعت نماز ختم کرنے کے بعد ستر مرتبہ کہے "اَللّٰهُمَّ لَیِّنْ قلب فلاں بن فلاں كَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ"۔

محبت اور بڑھے گی

مٹی کے تین ڈھیلے لے کر ان پر ذیل کی آیت پڑھیں اور گھر میں کسی احترام والی جگہ پر رکھ دیں تو میاں بیوی میں محبت پیدا ہو گی نہیں بلکہ اور بڑھے گی۔ آیت یہ ہے: ''اَتَوَکَّؤُ عَلَیْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰی غَنَمِیْ وَلِیَ فِیْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰی''۔

مطلوب بے قرار ہو گا

وضو کر کے ایک ہی نشست میں تین ہزار مرتبہ ذیل کے کلام کو پڑھیں ''یَا حَبِیْبَ الْمُدَبِّرِیْنَ حَبِبَتْ مُحَبَّتِیْ'' علی قلب فلاں بن فلانہ اور نیچے دیئے ہوئے اسم کو لکھ کر موم سفید میں لپیٹ کر پانی کے گھڑے میں ڈال دیں۔ مطلوب بے قرار ہو گا۔ لفظ یہ ہے: ''بططش''

آپ کی محبت میں وہ بے قرار ہو جائے

ذیل کی آیات کو گلاب، مشک اور زعفران سے کاغذ پر لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھیں اور دوسرے کاغذ پر یہی آیات لکھ کر بطور تعویذ بازو پر باندھیں جو بھی دیکھے گا آپ کی محبت میں بے قرار ہو گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵'' وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ یَرَى الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ وَ اَشَدُّ قَهْرًا فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ


نَسْتَعِيْنُ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ مَطْلُوْبِيْ كَمَا اَلَّفْتَ اِسْرَائِيْلَ وَ يُوْسُفَ وَامْرَأَتَهُ اَلْاٰنَ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَفْسِهٖ اَصْحَابُ الْيَمِيْنِ هُوَ اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمَ هُوَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ هُوَاللّٰهُ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ وَ ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهٗ قَالَ مَنْ يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا فِيْ ضَلَالٍ مُبِيْنٍ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ"۔

تسخیر و محبت کے لیے

محبت کے لیے اس دعا کو لکھ کر سبز ریشم کے کپڑے کے درمیان سی کر اپنے بازو پر باندھیں۔ اس کی صحت کی سند سید ابن طاؤس کی کتاب "مھج الدعوات" پر منتہی ہوتی ہے۔ اور دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا اَللّٰهُ يَا وَاحِدُ يَا نُوْرُ يَا صَمَدُ يَا مَنْ قُلِبَتْ اَرْكَانُهٗ السَّمٰوٰتِ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ قَلْبَ فلان بن فلان كَمَا سَخَّرْتَ الْحَيَّةَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ قَلْبَهٗ كَمَا سَخَّرْتَ سُلَيْمَانَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ وَيُلَيِّنَ لِيْ قَلْبَهٗ كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُذَلِّلَ لِيْ قَلْبَهٗ





كَمَا ذَلَلْتَ نُوْرَ الْقَمَرِ لِنُوْرِ الشَّمْسِ يَا اَللّٰهُ هُوَ عَبْدُكَ وَابْنُ اُمَتِكَ اَخَذْتَهُ بِقُذْلِهِ وَبِنَاصِيته فَسَخِّرْهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ وَ مَا اُرِيْدُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ"۔

مخالفوں کی زبان بندی کے لیے ایک مجرب دعا

صحیح 1 نمبر راویوں نے روایت کی ہے کہ! اس عظیم دعا کے خواص بہت ہیں مگر ان میں سے چند ایک مختصر طور پر یہاں بیان کیے جاتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔ کہ جو بھی آدمی اس دعا کو پڑھے دنیا کی کوئی بھی چیز اسے نقصان نہیں دے سکے گی۔ جلنے، ڈوبنے، مکان کے نیچے دبنے سے وہ شخص انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔ زہر اس پر اثر نہیں کرے گی۔ وہ مریض جس کی بیماری کو طبیبوں، ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا ہو، اگر ذیل کی دعا کو کاغذ پر لکھ کر موم میں لپیٹ لیں اور پانی سے بھرے ہوئے گھڑے میں اس تعویذ کو ڈال دیں اور اس تعویذ کو دوسرے کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلا دیں بعد میں وہ گھڑے والا پانی پلاتے ہیں تو انشاءاللہ مریض جلدی شفا پائے گا۔ اگر کسی شخص کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اس دعا کو کاغذ پر لکھ کر اسے موم لپیٹ کر پانی سے بھرے ہوئے برتن میں مہینے کی پہلی جمعرات کے دن ڈال دیں۔ اور میاں بیوی دونوں اس دن بہ نیت حصول اولاد روزہ رکھیں اور اس برتن سے پانی لے کر روزہ افطار کریں۔ جس میں تعویذ ڈالا گیا تھا تو خداوند تعالیٰ انہیں نعمت اولاد سے سرفراز فرمائے گا۔ اگر اسے کسی دشمن کا خوف ہے تو اس دعا کی برکت سے وہ بفضلہٖ تعالیٰ ایمان میں رہے گا۔

اگر اس کی زندگی کے دن نہایت تلخی سے گزر رہے ہوں تو اسے خوشی و مسرت حاصل ہوگی۔ اس کا مخالف فساد پر آمادہ ہوگا۔ تو اُس سے صلح کر لے گا۔ اگر کوئی شخص نماز کی ادائیگی

میں کاہل ہو تو اس دعا کے فیض سے نماز کی طرف رغبت کرے گا۔ اگر کسی کا بخت بندش میں ہے تو انشاء اللہ اس تعویذ کو پاس رکھنے سے اس میں کشادگی ہوگی۔ جنگ کے میدان میں اگر اس دعا کو لکھ کر لشکر کے پرچم کے ساتھ باندھ دیا جائے تو لشکر فتح و نصرت کے ساتھ واپس لوٹے گا۔ اس دعا کے جب کہ اوپر بیان کیا گیا ہے خواص بہت ہیں۔ اس دعا کو اپنے پاس رکھنے والا شخص ناگہانی آفتوں، جن، بھوت جیسی بلاؤں، برائی بیان کرنے والوں کی بدگوئی، ساحروں اور کاہنوں کے شر، ہر درندے، چرندے اور پرندے کی تکلیف، جان لیوا بیماریوں مثل قولنج، سرسام جھولا، یرقان، سر، کان، آنکھ، سینہ، پیٹ، پہلو غرض یہ کہ ساتوں اعضاء جسم کے دردوں کی تکلیفوں سے بفضل خدا محفوظ رہیں گے۔ قید سے رہائی، وضع حمل میں آسانی ہوگی۔ انشاء اللہ وہ عظیم الشان دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْجَبَّارِ سُبْحَانَ اَنْتَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ سُبْحَانَكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ يَا عَالِمَ السِرِّ وَالْخِفْيَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتَ يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا سَامِعَ الْمُنَاجَاتَ وَيَا سَامِعَ الدَّعْوَاتِ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِىْ سَعِيْدًا وَاَمِتْنِىْ سَعِيْدًا وَاحْشُرْنِىْ فِىْ زُمْرَةِ السُّعَدَاءِ أغْفِرْلِىْ سَيِّاتِىْ يَا عَظِيْمُ بِعَظْمَتِكِ يَا كَرِيْمُ بِكَرْمِكِ يَا جَوَّادُ بِجُوْدِكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا غَفُوْرُ يَا شَكُوْرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ وَاِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِىْ وَاَتَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِىْ وَاَلَيْكَ الْجَاْتُ ظَهْرِىْ فَاحْفِظْنِىْ بِحِفْظِ الْاِيْمَانِ مِنْ بَيْنِ يَدَىَّ وَعَنْ عَيْنِىْ وَعَنْ شِمَالِىْ وَمَنْ تَحْتِىْ وَمَنْ فَوْقِىْ وَمَا قَبْلِىْ وَاَرْفَعْ عَنِّىْ بِحُوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ فَوَّضْتُ اَمْرِىْ اَلَيْكَ وَالْجَاْتُ ظَهْرِىْ اِتَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً

لَا مَلْجَی وَلَا مُنْجَی اِلَّا اِلَیْکَ اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَبِرُسُلِکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ اَحْفِظْنِیْ عَنْ جَمِیْعِ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ لَنْ نَقْدِرَ عَلَیْہِ فَنَادٰی فِی الظُّلُمَاتِ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنَاہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذَالِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَحْفِظْ صَاحِبَ ھٰذَا الدُّعَاءِ مِنْ جَمِیْعَ الْبَلَاءِ وَالْعِلَلِ وَالْاَمْرَاضِ وَالْوَجْعِ وَمِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بَیْنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِحَقِّ آدَمَ صَفِیِّ اللّٰہُ وَبِحَقِّ نُوْحٍ نَجِیِّ اللّٰہِ وَبِحَقِّ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰہِ وَبِحَقِّ مُوْسٰی کَلِیْمُ اللّٰہِ وَبِحَقِّ عِیْسٰی رُوْحِ اللّٰہِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِ اللّٰہِ وَ رَسُوْلِ اللّٰہِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ"۔

تلوار، گولی بھی نقصان نہ پہنچا سکے

روایت میں مذکور ہوا ہے، کہ ذیل کی دعا کو جو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اس کے خلاف برا کہنے والوں اور دشمنوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ اگر وہ ہزاروں دشمنوں میں گھرا ہوگا تو کوئی بھی اس پر فتح یاب نہ ہوگا۔ یہ دعا پاس رکھنے والا تلوار اور نیزہ کے زخم سے محفوظ رہے گا اور کوئی بھی شخص اس کے حق میں برائی نہ کر سکے گا۔ اس دعا کے فضائل بے شمار ہیں۔ لہٰذا یہاں مختصراً تحریر کیے گئے ہیں۔ کیونکہ اس سے زیادہ لکھنے کی اس کتاب میں گنجائش نہیں ہے۔ اس لیے اصل دعا درج کی جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خصمان لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ زمین سے تا آسمان لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ آسمان سے تا عرش لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عرش سے

تا کرسی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کرسی سے تا لوح لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ ''میں نے زبان باندھی تمام برا کہنے والوں، دشمنوں، گلہ کرنے والوں، حسد کرنے والوں دشمن سیاہ، روئے زمین کے دشمنوں کی میں نے باندھی زبان سفید کی اور چھیاسٹھ رگ بنی آدم کی۔ حوا کی بیٹیوں کی۔ اس ہیکل رکھنے والے کے حق میں بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ میں نے مہر کردی۔ بحق مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ میں نے باندھی بحق ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام کے جن کے اول حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے آخری حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ میں نے باندھی زبان بحق چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ آیات کلام اللہ المجید یا الٰھا، بار خدایا میں نے زبان باندھی تمام دشمنوں کی اولین سے آخرین تک کی۔ بحق توریت موسیٰ علیہ السلام، انجیل عیسیٰ علیہ السلام، زبور داؤد علیہ السلام، اور صحف ابراہیم علیہ السلام اور فرقان محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے زبان باندھی بحق ایک سو چودہ سورہ کلام اللہ کے میں نے بحق اٹھائیس حروف تہجی اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ع غ ف ق ک ل م ن و ھ لا ی ء ہ ۃ سہ د ۓ ء == میں نے زبان باندھی بحق بارہ مہینے بحق تیس دن اور رات مہینے کے۔ ہفتہ اور سات دن، دن اور رات کے چوبیس ساعتوں کی اور بحق بارہ برجوں حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو اور حوت کے۔ میں نے باندھی زبان بحق سات ستاروں زحل، مشتری، مریخ، شمس، زہرہ، عطارد اور قمر کے۔ میں نے زبان باندھی بحق عرش، کرسی، لوح، قلم، صراط، میزان، بہشت اور دوزخ کے۔ میں نے زبان باندھی بحق کعبہ، زمزم، حرم کے رکنوں، مروہ، صفا، منیٰ کوہ ابوقبیس، مدینہ، کربلا، نجف، سامرہ اور کاظمین کے اور بحق خاتم سلیمان بن داؤد علیہ السلام میں نے زبان باندھی بحق عظیم ناموں، قدیم ناموں کے اور میں نے باندھی زبان تمام اولین اور آخرین کی بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ،

عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ وَبِحَقِّ اَھْلِبَیْتِ مُحَمَّدٍ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنَاھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ عَقَدْتُ لِسَانِ بَنِیْ آدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا بِدوستی ھذہِ الْاَسماء فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ''۔

اسم اعظم کی برکت سے

ذیل کی آیات کے خواص بہت ہیں اور صحیح روایت میں اس طرح مذکور ہے کہ!

حضرت پیغمبر ﷺ خدا نے فرمایا کہ! اسم اعظم باری تعالیٰ لا الہ الا ھو میں پوشیدہ ہے۔

چنانچہ قرآن کریم میں پانچ مقامات پر اس کا یوں ذکر فرمایا ہے۔ پہلے مقام پر ''آیۃ الکرسی'' میں ''اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ'' دوسرے مقام پر ''سورہ نساء'' میں ''اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَیَجْمَعَنَّکُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ لَا رَیْبَ فِیْہِ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا'' تیسرے مقام ''سورہ طہٰ'' میں ''اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَہُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی'' چوتھے مقام پر سورہ ''نمل'' میں ''اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ'' پانچویں مقام پر ''سورہ تغابن'' میں ''اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ''۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص ان پانچ آیتوں کی تلاوت کرے یا انہیں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو یہ عظیم اثر رکھتی ہیں۔ خاص طور پر جب کوئی شخص امیروں اور بادشاہوں کی بارگاہوں میں حاضر ہو رہا ہے۔

دشمن کی زبان بندی کے لیے

ان آیتوں کو گلاب اور زعفران سے لکھیں۔ جس آدمی کے متعلق لکھنا ہو اس شخص اور

اس کی ماں کا نام بھی اس کاغذ پر لکھیں اور اس کاغذ کو اپنے پاس رکھیں تو مخالف کی زبان بولنے سے بند ہو جائے گی آیتیں یہ ہیں۔ ''قَالَا رَجُلَانِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غَالِبُوْنَ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ''۔

برائے محبت

ذیل کی آیت کو سیاہی کے بغیر قلم سے حلوے پر لکھیں اور ان لوگوں میں وہ حلوہ تقسیم کر دیں جن میں باہمی دشمنی ہے تو ان سب کے درمیان سے عناد اور دشمنی مٹ جائے گی اور ایک دوسرے کے دوست بن جائیں گے۔ اگر کھجوروں یا کسی اور کھانے کی چیز پر یہ آیتیں لکھیں تو وہ بھی اسی طرح اثر کریں گی اور وہ آیات یہ ہے: ''وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَانَا سے مَا كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ'' تک لکھیں۔

برائے تسخیر و حفاظت

شیخ طوسی علیہ الرحمہ اور دوسرے راویوں نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص اس دعا کو پڑھتا رہے تو آپؑ فرماتے ہیں کہ! پھر مجھے پروا نہیں رہتی کہ اگر تمام جن اور انسان اس کے خلاف جمع ہو جائیں تو اسے پل بھر نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ اور وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ وَاِلَيْكَ وَجَّهْتُ وَجْهِيْ وَاِلَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِيْ وَاِلَيْكَ الْجَاتُ ظَهْرِيْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِحِفْظِ الْاِيْمَانِ مِنْ

بَیْنِی وَعَنْ عَیْنِی وَعَنْ شِمَالِی وَمِنْ تَحْتِی وَمِنْ فَوْقِی وَمَاقِبْلِی وَارْفَعْ عَنِّی بِحَوْلِكَ وَ قُوَّتِكَ فَاِنَّه لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ۔

دعائے چہل کلید (چالیس کنجیاں)

جناب فضہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ وہ فرماتی ہیں کہ جمعہ کا دن تھا میں نے دیکھا کہ جناب سیدہ علیہا السلام نے پانی کا ایک برتن ہاتھ میں لیا ہوا تھا اور انہوں نے کچھ پڑھا اور اس پانی پر دم کیا۔ میں نے عرض کیا کہ اے آقازادی! آپ پر میری جان فدا ہو۔ یہ تو فرمائیں کہ اس دعا کے پڑھنے اور پانی پر دم کرنے کا کیا سبب ہے تو آپ نے دعا ختم ہونے کے بعد فرمایا کہ یہ دعا چہل کلید ہے۔ جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے اور پاکیزہ پانی پر اس دعا کو پڑھ کر دم کرے۔ وہ پانی جس آدمی کو بھی پلایا جائے گا اس کا پچاس سال سے بند ہوا بخت بھی کھل جائے گا۔ اگر میاں بیوی کے درمیان محبت نہ ہو تو اس پانی کو انہیں پلانے سے باہمی محبت کا کمال حضرت یوسف علیہ السلام اور زلیخا کی محبت کو پہنچے گا۔ یا کسی مٹھائی وغیرہ پر دم کر کے کھلایا جائے تو یہی اثر ہوگا۔ اس پڑھے ہوئے پانی سے غسل کرانے جو بستہ (بندھا ہوا) ہو اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے وہ شربت پی کر اور غسل کر کے فوراً کھل جائے گا۔ اگر کسی حاکم یا بادشاہ کے دربار میں جانا ہو تو عرق یا عطر گلاب پر اس دعا کو پڑھ کر دم کریں اور وہ عطر اپنے چہرے پر مل کر دربار میں جائے تو حاکم یا بادشاہ اس کی عزت میں اضافہ کر دے گا۔ اگر پانی پر یہ دعا پڑھ کر جو شخص اس پانی سے غسل کرے گا تو خداوند تعالیٰ اسے تمام بلاؤں اور مخلوق کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ بلکہ اپنی امان میں لے لے گا۔ وہ "دعائے چہل کلید" یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (کلید اول) اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا

(کلید دوم) سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ (کلید سوم)
لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ
بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَحِيْمٌ (کلید چهارم) رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلاً
سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (کلیدپنجم) ذٰلِكَ حُجَّتُنَا اٰتَيْنَاهَا اِبْرَاهِيْمَ
عَلٰى قَوْمِهٖ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَنْ نَشَاءُ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ وَ قَدْ جَاءَ
الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ
شِفَاءٌ وَ رَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظَّالِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا قُلْنَا يَا
نَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنَا هُمُ
الْاَخْسَرِيْنَ ٥ فَنَادٰى فِى الظُّلُمَاتِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّىْ
كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ ٥ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ ٥ وَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ
السَّاجِدِيْنَ ٥ وَمِنَ النَّاسِ وَمَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُحِبُّوْنَهُمْ
كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ بَنَيْنَاهَا بَيْنَ آدَمَ وَ حَوَّا وَ بَيْنَ
يُوْسُفَ وَ زُلَيْخَاوَ فَاطِمَةِ الزَّهْرَاءِ وَعَلِى الْمُرْتَضٰى وَ بِحَقِّ مُحَمَّدِنِ
الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَبِحَقِّ جِبْرَائِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ
وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا بُرْهَانُ يَا سُبْحَانَ يَا
رَضْوَانُ يَا رَحْمٰنُ يَا غُفْرَانُ يَا سُلْطَانَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥
اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحِ وَ رَأَيْتَ النَّاسِ يَدْخُلُوْنَ فِىْ دِيْنَ اللّٰهِ
اَفْوَاجًا فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا۔ نَصْرٌ مِنَ اللّٰهِ
وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَد۔ لَيْس كَمِثْلِهٖ

شَیْءٌ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ قُلْ كَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ قُلْ اَرَاَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ مِنْ مَعِیَ وَارْحَمْنَا فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكَافِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ قُلْ اَرَاَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَاءٍ مَّعِیْنٍ قُلْنَا یَا نَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ قُلْ یَا اَیُّهَا الْكَافِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ قُلْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خَاسِئِیْنَ قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنَ الْمُكَذِّبِیْنَ قُلْ مَنْ یَّكْلَؤُكُمْ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ قُلْ اَنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰی اِلَیَّ اِنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ"۔

دشمن کو زیر کرنے کے لیے ایک دعا

جناب انسؓ سے منقول ہے کہ! حجاج ابن یوسف میرے قتل کا ارادہ رکھتا تھا۔ مجھے طلب کیا مگر میں اُسے نہ مل سکا۔ آخر کار وہ میرے قتل کا باعث نہ بن سکا۔ وہ میرے سامنے آیا اور میری تعظیم کی۔ اہل مجلس میں سے ایک شخص نے جس کا نام ابا حمزہ تھا۔ مجھ سے پوچھا کہ میں دیکھ رہا تھا کہ تو اپنے ہونٹوں کو ہلا رہا تھا تو اس وقت کچھ پڑھ رہا تھا۔ میں نے اسے جواب دیا کہ! جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دعائے قائمی تعلیم فرمائی تھی۔ میں اس وقت وہی دعا پڑھ رہا تھا تو نے دیکھا کہ جب میں دربار میں پہنچا

تو حجاج میرے پاس آیا اور اس نے میری تعظیم کی اور کھڑا ہو گیا۔ تمام لوگوں نے یہ بات سن کر تعجب کیا۔ کیونکہ یہ سب کچھ اس دعا کا اثر تھا اور مجھے یقین کامل ہے کہ کسی ظالم کا ہاتھ مجھ تک نہیں پہنچ سکے گا کیونکہ ان کا شر مجھ سے کم تر ہے۔ ان لوگوں نے یہ خبر حجاج کو دی حجاج نے اس دعا کے متعلق مجھ سے التجا کی۔ اس کے بیٹوں میں ہر ایک نے مجھے ایک ایک گھوڑا پیش کیا اور میں نے انہیں یہ دعا بتائی۔ انہوں نے اس دعا کو پڑھا اور اپنے مقصد کو حاصل کیا۔ اور وہ دعا یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ بِسْمِ اللّٰهِ مَا اَعْطَانِیْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی اَهْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَا شَرِیْكَ بِیْ شَیْئًا اَجِرْنِیْ مِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ اِنَّ وَلِیَّ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتَابَ عَلٰی عَبْدِهٖ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ"۔

حاسدوں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے

اگر کسی بادشاہ، امیر، دولت مند، عالم، فاضل، صاحب کمال کے دشمنی حاسد زیادہ پیدا ہوئے ہوں۔ وہ شخص صبح و شام سات سات مرتبہ ان آیتوں کو پڑھا کرے۔ انشاءاللہ کبھی کسی حاسد کی طرف سے کوئی اذیت نہ پہنچے گی۔ خواہ کتنی ہی کوشش کرے گا۔ مگر ناکام رہے گا۔ آیت یہ ہے:

"قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ"۔

دشمن دوست بن جائے

اگر کسی شخص کے دشمن بہت ہوں، وہ شخص دشمنوں کے گھیرے میں پھنس گیا ہو اور اسے رات دن دشمنوں کی طرف سے تکلیف پہنچنے کا یقین ہو تو وہ شخص اس آیت کو ایک سو اکیس مرتبہ رات کو اسی قدر صبح کو سورج نکلنے سے پہلے پڑھے۔ انشاء اللہ کبھی کوئی دشمن کسی طرح اذیت نہ دے سکے گا۔ آیت یہ ہے: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَائِكُمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا"۔ اگر معاملہ نہایت سنگین ہو تب سوا لاکھ مرتبہ آیت مذکورہ کا ختم کرنا۔ انشاء اللہ ایک ہی دن میں دشمنوں کی قسمت کا فیصلہ کرتا ہے۔ یہ عمل مجرب ہے۔

دشمن مغلوب ہو جائے

اگر کسی شخص پر کوئی ظالم زبردستی کرتا ہو، بیجا ستاتا ہو اور مظلوم شخص اس ظالم کو مغلوب کرنا چاہے تو اکیس سو مرتبہ روشنی بند کر کے ننگے کھڑے ہو کر داہنا ہاتھ سینہ پر رکھ کر اس آیت کو سات دن تک برابر پڑھنا بالیقین دشمن کو زیر و مغلوب کرتا ہے۔ آیت یہ ہے:

"وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ"۔

مخالفت ختم ہو جائے

اگر کسی شخص کا اس کی قوم، برادری یا اہل وطن سے کسی دینی معاملہ میں نزاع ہو اور قوم اس سے اختلاف کرتی ہو تو عشاء کی نماز کے بعد سے پانچ سو مرتبہ اس آیت کا اکیس دن تک پڑھنا یک لخت قوم کی بیجا مخالفت کو خدا کے حکم سے دور کرتا ہے۔ آیت یہ ہے:

"وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ"۔

دوست سے ملاقات ہو جائے

اگر کسی شخص کی کسی دوست سے رنجش ہو گئی ہو اور ایک دوست دوسرے ناراض دوست سے ملنے اس کے لیے مکان پر جائے اور یہ چاہے کہ میرا دوست مجھ سے ناراض ہو کر نہ ملے بلکہ راضی اور خوش ہو کر ملے تو راستہ میں گیارہ مرتبہ اور پھر اس مکان پر پہنچ کر سات مرتبہ اس آیت کو پڑھے: ''ونزعنا ما فی صدورھم من غل اخوانا علی سرر متقابلین'' اور مکان کے اندر داخل ہو تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھے ''اُدْخُلُوْھَا بِسَلَامٍ اٰمِنِیْنَ''۔ انشاءاللہ مقصود حاصل ہو جائے گا۔

تسخیر حاصل ہو

''کٓھٰیٰعٓصٓ'' داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر اور ''حٰمٓ عٓسٓقٓ'' بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر دم کرنا پھر دونوں ہاتھ کی انگلیاں کسی شخص کی طرف کھول دینا اس طرح کہ ہر ایک حرف کے ساتھ ایک انگلی بند کر لی جائے۔ دس حرفوں کے ساتھ دسوں انگلیاں بند کرنے کے بعد جس کسی کی طرف کھول دینا مقصود ہو دفعتہً کھولی جائیں۔ اس میں انشاءاللہ تسخیر کا فائدہ پیدا ہو گا۔

نافرمان بیوی اور اولاد کو فرمانبردار کرنا

اگر کسی شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو اور وہ انہیں تابعدار کرنا چاہے تو وہ اکیس (۲۱) روز تک عشاء کی نماز کے بعد پانچ سو دفعہ اس آیت کو پڑھے۔ آیت یہ ہے:

''رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا''۔

لڑائی جھگڑا بند ہو جائے

اگر مسلمانوں یا گھر کے افراد کے درمیان لڑائی ہو یا کوئی شخص کسی کو ناحق ستاتا ہو، مظلوم ظالم کے ظلم سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو ایک سو ایک مرتبہ روزانہ اس آیت کو اکیس دن تک پڑھے، انشاءاللہ مطلب حاصل ہوگا۔

"فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ"۔

میاں بیوی کے اتفاق کے لیے

میاں بیوی میں محبت پیدا ہونے کے لیے اس آیت شریف کو سات سو سات دفعہ سات دن تک پڑھنا جس کو اپنا مقصود ہو اسے پانی یا کسی اور چیز پر دم کر کے کھلانا پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ آیت شریف یہ ہے: "وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ رَحْمَةً" اعتقاد اور خلوص نیت شرط ہے۔ عمل نہایت مجرب ہے۔

خلقت کی نظروں میں بڑی عزت پائے

جو شخص چاہے کہ میری عزت آبرو بنی رہے۔ وہ شخص ان آیت کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ خلقت کی نظروں میں بڑی عزت پائے گا۔ کبھی کسی کام میں دقت مشکل یا تنگدستی نہ ہوگی۔ آیت شریف یہ ہے۔

"وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ"۔

نافرمان نوکر یا بیٹے کو مطیع کرنے کے لیے

اگر کسی کا لڑکا، نوکر، ملازم، شرارت کرتا ہو، بھاگ جاتا ہو اور والدین یا آقا کی

اطاعت نہ کرتا ہو تو ایسے نافرمان کو مطیع کرنا منظور ہو تو اس آیۂ کریمہ کو تین سو تیرہ دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا یا کسی چیز پر دم کر کے کھلانا یا بطور تعویذ گلے میں ڈالنا مجرب ہے۔ آیت شریف یہ ہے:

"وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا لِّيَسْئَلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا"۔

بدزبان بیوی کے لیے

اگر کسی کی بیوی بدزبان یا بدچلن ہو، شوہر کی اطاعت سے باہر رہتی ہو تو وہ شخص اس آیت کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ اطاعت قبول کرے گی۔ آیت شریف یہ ہے:

"وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا"۔

زبان بندی کے لیے ایک اور عمل

دشمن کی زبان بندی کرنے، ظالم کی برائی سے محفوظ رہنے، کسی زبردست سرکش ظالم کو قدرتی طور پر عاجز اور لاچار کرنے کے لیے ان آیتوں کو ایک سو ایک مرتبہ گیارہ دن تک پڑھنا پھر اپنے مقصود کے حاصل ہونے کی دعا کرنا نہایت مفید و مجرب ہے۔ آیتیں یہ ہیں:

"اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلٰى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوْا الصِّرَاطَ فَاِنّٰى يُبْصِرُوْنَ وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَا عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ"۔

کسی شوخ وشریر جانور کو مطیع کرنا

کسی شوخ جانور کو مطیع کرنا اگر منظور ہو تب اس کے گلے میں اس آیت مبارک کا تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کے ڈالنا مفید ہے۔

"اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَا اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مَالِكُوْنَ وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهُمْ يَاكُلُوْنَ"۔

میاں بیوی کے مابین اتفاق پیدا کرنا

میاں بیوی کے درمیان محبت پیدا ہونے کے لیے کسی شرینی پر ایکس مرتبہ ان مبارک آیتوں کو پڑھ کر دم کرنا، پھر جسے مطیع کرنا منظور ہو تو اسے کھلانا تین دفعہ کے عمل کرنے میں مقصود حاصل ہو جائے گا۔ آیتیں یہ ہیں:

"اِنَّا اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ"۔

دشمن دوست بن جائے

اگر کوئی شخص کہیں نیا ملازم ہوا ہو یا کہیں سے بدل کر آیا ہو اور عملہ کے اور ملازم اس کے آنے سے ناراض ہوں اور اس کے اکھیڑنے کی ترکیب کرتے ہوں تو یہ شخص سب کو زیر

کرنے کے لیے اس آیت شریف کو نو سو دفعہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پڑھے، بارھویں دن اس پانی میں زعفران گھول کر اس آیت کو بطور تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ عملہ کے سارے آدمی راضی ہو کر دوست ہو جائیں گے۔ عمل نہایت مفید ہے۔ آیہ کریمہ یہ ہے:

"قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ بَلْ عَجِبُوْا اَنْ جَآءَھُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْھُمْ فَقَالَ الْکٰفِرُوْنَ ھٰذَا شَیْءٌ عَجِیْبٌ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْھُمْ وَعِنْدَنَا کِتٰبٌ حَفِیْظٌ"۔

ناراض دوستوں میں صلح کرانا

دولڑے ہوؤں میں صلح کرانے کے لیے اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر دونوں کو پلانا مجرب ہے۔ آیت شریف یہ ہے:

"اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ"۔

زوجین میں اتفاق بڑھانا

زوجین میں اتفاق بڑھانے کے لیے اس آیت شریف "مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّہِ الْکُبْرٰی" کو زعفران سے لکھ کر تعویذ کو حنا کا عطر لگا کر عورت کا اپنے پاس تعویذ بنا کر رکھنا نہایت مجرب اور مفید عمل ہے۔ آیت مبارک کے لکھنے سے پہلے تین مرتبہ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" لکھ کر پھر تین مرتبہ آیت کو لکھا جائے۔

بدزبان شوہر کی زبان بندی کے لیے


جس عورت کا خاوند زبادراز ہو، گالیاں بکتا ہو اور عورت چاہے کہ مرد گالیاں دینا

چھوڑ دے تو وہ عورت ایک ہزار ایک سو مرتبہ گیارہ روز تک اس آیت کو پڑھے اور خاوند کو پڑھا ہوا پانی پلائے۔ انشاء اللہ بہت جلد مرد کے اخلاق درست ہوں گے۔ آیت شریف یہ ہے:

''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُکَ فِیْ زَوْجِھَا وَ تَشْتَکِیْ اِلَی اللّٰہِ وَاللّٰہُ یَسْمَعُ تَحَاوُرُکُمَا اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ''۔

سارا جہاں مسخر ہو

اگر کوئی شخص اس مبارک آیت کی زکوۃ دے کر روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ جس اجنبی سے اجنبی جگہ چلا جائے گا، بڑی عزت اور بڑا مرتبہ پائے گا گویا سارا جہاں اس عامل کا مسخر ہو۔ آیت شریف یہ ہے: ''فان اللہ ھو مولاہ و جبریل وصالح المومنین والملائکۃ بعد ذالک ظھیر'' ترکیب زکوۃ یہ ہے کہ نو روزے رکھے، پرہیز جلالی کے ساتھ اور اسی عرصہ میں نو دن میں اکیاسی ہزار نو سو تیرہ مرتبہ اس مبارک ورد کو پڑھے ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی خَاتِمَ الْمُرْسَلِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی خَاتِمُ النَّبِیّیْنَ اَشْفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ وَسِیْلَۃَ الْعَاصِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ ''۔ اس عمل کی زکوۃ ختم ہوئی، اب روزانہ گیارہ گیارہ مرتبہ اول وآخر یہی درود شریف اور ایک ہزار مرتبہ آیہ مذکورہ کو ہمیشہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ جہاں جائے گا مالا مال رہے گا۔ فتح اور نصرت کا مینہ برسے گا۔ عمل مجرب ہے۔ مگر زکوۃ بہت احتیاط سے دی جائے کوئی بدپرہیزی نہ کی جائے، پڑھنے کے وقت میں نیند نہ آجائے ورنہ عمل کی زکوۃ پوری نہ ہوگی۔




عورت شوہر سے آرام پائے اولاد تابعدار ہو

جو عورت ''سورہ تحریم'' کو ہمیشہ پڑھے گی۔ انشاء اللہ اس کا خاوند اسے آرام وراحت سے رکھے گا، اولاد تابعدار ہو گی۔

لوگوں کی نظروں میں باوقار ہونا

''سورۃ النساء'' کا عامل لوگوں کی نظروں میں ہمیشہ باوقار رہتا ہے۔ اس عمل کی ترکیب یہ ہے کہ! دس دن کا اعتکاف کیا جائے، دس روزے رکھے جائیں اور پرہیز جلالی کے ساتھ ایک سو اکتالیس مرتبہ روزانہ اس مبارک سورۃ کو صبح کی نماز کے بعد ظہر تک پڑھا جائے۔ پھر ظہر کی نماز کے بعد سے شام تک ''يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا'' صرف یہی آیت برابر بے گنتی پڑھتا رہے اور روزانہ قدرے عرقِ گلاب پر یہ سارے ختم پڑھ کر دم کرتا رہے۔ دس روز کے بعد اس گلاب میں سیاہی گھول کر ساری سورہ انبیاء لکھ کر تعویذ بنا کر پاس رکھے اور ہر روز تین دفعہ صبح کی نماز کے بعد ایک دفعہ عشاء کی نماز کے بعد اس مبارہ سورۃ کو تلاوت کرتا رہے۔ انشاء اللہ لوگوں کی نظروں میں بڑے بڑے امیر کبیر کی وہ عزت نہ ہوگی جو اس عامل کی عزت ہوگی۔

بدمزاج شخص کو مطیع کرنا

اگر کسی شخص کی عورت یا اس کا آقا یا عورت کا خاوند بدمزاج ہو ہر وقت تیوری چڑھائے رکھتا ہو، کبھی اخلاق سے بات نہ کرتا ہو پھر کسی ایسے بداخلاق شخص کو اپنا مطیع کرنا چاہیں تو ''سورہ عبس'' کا ختم بطور زکوۃ پڑھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد ہی مطلب حاصل ہوگا۔

ختم کی ترکیب یہ ہے۔ پرہیز جمالی کے ساتھ گیارہ روز تک خلوت میں بیٹھ کر تین سو تیرہ دفعہ روزانہ اس سورت کو پڑھیں اور حصول مقصد کے لیے دعا کرتے رہیں، جب اعتکاف سے باہر نکلیں تب تین مرتبہ ''سورہ عبس'' کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ بداخلاق شخص کے اخلاق کی کایا پلٹ جائے گی۔

دو بچھڑے ہوئے دوستوں کو آپس میں ملانا

دو شخصوں میں ملاپ کرانے کے لیے اس سورہ کو اکیس مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر سونا پھر صبح کی نماز کے بعد سات مرت بہ درود شریف، سات مرتبہ ''سورہ والضحیٰ'' پڑھ کر بہت دیر تک حصولِ مقصد کے لیے دعا کرنا گیارہ دن میں مقصود پورا کرتا ہے۔

تسخیر عوام

نماز ظہر کے بعد یا آدھی رات کے بعد ہاتھ اٹھا کر ''یا رافع'' ایک سو مرتبہ اور ''اَلــرَّافِــعُ'' ایک سو مرتبہ پڑھا کریں، ناغہ ہو جائے تو مضائقہ نہیں۔ یہ عمل دوکانداروں، وکلاء، اطباء، ڈاکٹروں اور خلوت نشین درویشوں کے حق میں بہت مفید ہے۔ تجربہ کریں۔

شادی کے لیے

نماز عشاء یا نماز فجر کے بعد یا آدھی رات کے بعد صرف بارہ دفعہ یہ پڑھا کریں۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی اور نکاح کی صورت پیدا ہوگی۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِاللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ''۔ یہ عمل سات دن یا پندرہ دن تک کریں۔ عمل کے آغاز اور اختتام پر پانچ پانچ مرتبہ صلوٰت پڑھیں۔

برائے حب

مغز، بادام پر سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر دم کیا کریں (ہر مرتبہ دم کریں) اور مطلوب کو کھلائیں خود طالب پڑھے۔ بفضل خدا، مطلوب کا دل نرم ہو جائے۔ عمل کے شروع اور آخر میں تین بار صلوٰت پڑھیں۔ نکاح کی صورت پیدا ہو جائے۔

نادِ علی علیہ السلام برائے تسخیرات وفتوحات

نماز فجر اور نیز نماز عشاء کے بعد پندرہ پندرہ مرتبہ یہ پڑھا کریں۔ دنیا و آخرت کی تمام مشکلات یقیناً دور ہو جائیں گی۔ عمل کے آغاز اور انجام پر پندرہ پندرہ مرتبہ صلوٰت پڑھیں: ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ '' یہ عمل سلطان اقلیم عملیات ہے۔

قلزم عرفان

نماز عشاء کے بعد ایک ہزار مرتبہ ''یا اللہ'' پڑھا کریں۔ اسرار الٰہی کا انکشاف ہونا شروع ہو جائے گا۔ مہر بہ لب رہے ورنہ انکشاف بند ہو جائے گا۔ یہ عمل تسخیر خلائق کے لیے بھی بے حد مجرب ہے۔ وظیفہ کے آغاز اور انجام پر گیارہ گیارہ مرتبہ صلوات پڑھا کریں۔ یہ عمل محسن حقیقی کا مخصوص احسان ہے۔

یَا رَحْمٰنُ

ہر روز نماز فجر کے بعد ۱۰۵ مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار ''یا رحمٰن'' پڑھا کریں۔ سات دن تک پڑھیں۔ آٹھویں دن نماز فجر کے بعد ایک سو پانچ

مرتبہ پڑھ کر کسی پاک شیرینی پر دم کریں پھر اسی دن نماز عشاء کے بعد ایک سو اور ایک بار پڑھ کر اسی پاک شیرینی پر دم کریں اور مطلوب کو کھلا لیں۔ مطلوب گرفتار محبت ہو جائے گا۔ عمل کے آغاز اور انجام پر چار چار مرتبہ صلوات پڑھیں۔ نکاح کی صورت پیدا ہو جائے گی۔

تسخیر کے لیے ایک لاجواب عمل

مخلوق میں بزرگی اور شرف مطلوب ہو تو آدھی رات کے بعد غسل کریں اور دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ ''یَا مُهَیْمِنُ'' پڑھا کریں۔ خلوت، اکلِ حلال اور صدق مقال ضروری ہے۔ غسل روز ضروری نہیں ہے۔ اگر ہو سکے تو ہر مہینہ کے ابتدائی سات دنوں میں یہ عمل کیا کریں۔ عمل کے آغاز اور انجام پر ایک سو مرتبہ صلوات پڑھا کریں۔

ایک نایاب عمل

اللہ تعالیٰ نے کلام پاک کے ''سورہ عنکبوت'' میں فرمایا ہے کہ قارون اور فرعون اور ہامان بوجہ غرور اور تکبر کے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان نہ لائے۔ جملہ اہل اسلام کے بہتری کے خیال سے یہاں ایک ایسا عمل سپرد قلم کرتا ہوں کہ جو عملیات کی دنیا میں تاجدار ہے اور جو ہر حاجت کا کفیل ہے۔ عمل کی ترکیب یہ ہے۔

ترکیب:

غسل کر کے پاک اور صاف لباس پہنیں۔ تین روزے متواتر رکھیں۔ ہر شب کو روزہ کی خوارک کھانے کے بعد ایک ہزار دفعہ ایک ہی جلسہ میں کلام ذیل کو پڑھیں۔ دورانِ خواندگی کسی سے گفتگو نہ کریں۔

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَارُوْنَ ثُمَّ فِرْعُوْنَ وَ قَارُوْنَ

ثُمَّ ھَامَانَ وَ قَارُوْنَ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَارُوْنَ

تکرار عمل بھی کر سکتے ہیں۔ عمل کا کوئی دن قمر درعقرب میں نہ پڑنے دیں۔ عمل کے آغاز اور انجام پر تین تین بار صلوات پڑھا کریں۔

شادی ہو جائے (انشاءاللہ)

آیہ مبارکہ "لا تمدن عینیك" (از سورہ حجر) کو لکھ کر بطور تعویذ تانبے یا چاندی میں مڑھا لیں۔ تعویذ کو خواہ اپنی گردن میں ڈال لیں خواہ جیب میں رکھ لیں۔ سورہ مبارکہ کے آغاز میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بھی لکھیں۔ نیز ہر نماز کے بعد مذکورہ آیہ کو "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کے ساتھ پانچ دفعہ پڑھا کریں۔ عمل کے آغاز اور انجام پر تین تین مرتبہ صلوۃ پڑھیں۔ یہ عمل سات دن تک کریں تعویذ کو بدستور اپنے پاس رکھیں اور فضل خدا کا منتظر رہیں کسی نہ کسی جگہ شادی کا انتظام ہو جائے گا۔

یاروف

بروز جمعہ بعد از نماز فجر کسی شخص سے گفتگو کیے بغیر دو سو مرتبہ "یَا رَؤُفُ" پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے اور مطلوب کو کھلائیں، نکاح ہو جائے گا۔ تکرار عمل بھی کر سکتا ہے۔ عمل کے آغاز اور انجام پر دس دس مرتبہ صلوات پڑھیں۔

تحفہ نایاب

نقش ذیل کو کاغذ پر خوشخط لکھ کر بطور تعویذ تانبے یا چاندی میں مڑھا لیں۔ پھر اس تعویذ کو خواہ گلے میں ڈال لیں۔ خواہ جیب میں رکھ لیں چہاردہ معصومین آپ کو ہر لحظہ محبت

کی نظر سے دیکھیں گے۔ "ل م م ن ن و و و ب ب ب ع ع ع ت اا ررر ث ک"

نوٹ: مذکورہ تعویذ ایک لام۔ دو میم۔ دونوں، تین واؤ تین بے، تین عین ایک تے۔ دو الف، تین رے ایک سے اور ایک کاف پر مشتمل ہے۔ یہ بائیس حروف علم جفر کے اصول پر اپنی بنیاد رکھتے ہیں۔

افسر کا دل موم ہو جائے



حاکم (افسر) کے پاس جانے سے پہلے باوضو ہو کر اپنے دائیں، بائیں، آگے، پیچھے اوپر، نیچے ایک ایک مرتبہ "قل ھو اللہ" پڑھیں اور پھر حاضر عدالت ہوں، اپنا رویہ حلیم اور اطاعت گزار رکھیں۔ انشاء اللہ حاکم کا دل بہت نرم اور مائل بہ لطف و کرم ہو جائے گا۔ عمل سے پہلے اور آخر میں تین تین مرتبہ صلوٰت پڑھیں۔

نکاح کی صورت پیدا ہو جائے

کنوارہ شخص عزیمت ذیل کو لکھ کر یا لکھوا کر اپنے پاس رکھے اور تین روزہ رکھے۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا يَاتِينَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا اُوْلٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا خَالِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا "۔ اور ہر شب بستر پر لیٹ کر عزیمت بالا کو اکیس مرتبہ پڑھ کر دعا مانگا کرے اور سو جائے نکاح کی صورت پیدا ہو جائے گی۔ (انشاء اللہ)

عریضہ کامیابی

جب کسی شخص کے متعلق کوئی جائز خواہش ہو تو عزیمت ذیل کو خشک قلم سے عریضہ کے عنوان پر لکھیں اور پھر عریضہ کو پاک سیاہی سے لکھ کر اس شخص کو بھیج دیں جس کے متعلق

حاجت رکھتے ہوں۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الصَّابِرِيْنَ الْمُخْرِجُ مِمَّا يَكْرَهُوْنَ وَالرِّزْقُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْسَبُوْنَ جَعَلْنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ مِنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ"۔

رقعہ حاجت

عزیمت ذیل کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ جس کے نام پر لکھیں وہ اس پر مہربان ہو جائے۔ (انشاءاللہ)

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ وَتِلْكَ حُجَّتُنَا اٰتَيْنَاهَا اِبْرَاهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمَ ذَالِكَ هُدَى اللّٰهُ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَاءُ وَمِنْ عِبَادِهٖ كَذَالِكَ يَهْدِىْ فلان بن فلانه بِمُحَبَّتِ فلان بن فلانه"۔

منگنی

"سورہ طٰہٰ" کو لکھ کر سبز ریشم کے پارچہ میں بند کر کے اپنے پاس رکھ لیں اور ان لوگوں کی طرف جائیں جن سے بیٹے کی منگنی کے لیے درخواست کرنا ہے۔ بفضل خدا کامیابی ہوگی۔

حاکم مہربان ہو

"سورہ قدر" (باوضو) ایک دفعہ پڑھ کر ایک دفعہ یہ عزیمت پڑھیں اور دعا مانگیں اور پھر حاکم کے پاس جائیں۔ حاکم اس پر بہت مہربان ہو جائے۔ عامل خدمتگذار رویہ رکھے۔

"يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اِنِّىْ اَشْفَعُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَاَنْ تَغْلِبَهٗ لِيْ ''عمل کے آغاز اور انتہا پر تین تین بار صلوات پڑھیں۔

میاں بیوی کے لیے


جناب مولانا برکت علی گوشہ نشین وزیر آبادی اپنی کتاب ''کلید عملیات'' میں لکھتے ہیں کہ! خاوند ''سورہ یٰسین'' کی آیہ مبارکہ ''قَالَ مَنْ يُّحْيِي الْعِظَامَ تا آخر آیہ تُوْ قِدُوْنَ'' کو ایک قطعہ نمک پر پڑھے اور ساتھ ہی باسم فلاں بن فلان علی حب فلاں بن فلانہ کہے۔ اسی طرح سات قطعہ نمک پڑھے اور ہر بار قطعہ پر دم کرتا جائے۔ بعد تمام عمل قطعات نمک کو آگ میں ڈال دیں۔ چند بار ایسا کرنے سے اس کی زوجہ اس کی مطیع ہو جائے گی۔ یہی عمل عورت اپنے خاوند کے لیے کر سکتی ہے۔ واضح ہو کہ حب کے تمام عمل جائز محبت کے لیے احباب اور اقرباء کے حق میں بھی مفید ہیں۔

برائے محبت زوجین

مرغی کا انڈہ لے کر پاکیزہ پانی سے دھوئیں اور اس پر ''سورہ توبہ'' کی آیہ شریفہ ''لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَّحِيْمٌ'' کو لکھ لیں اس کے بعد باسم فلاں بن فلانہ علی حب فلاں بن فلانہ کو لکھ کر ایک ظرف میں رکھیں اور ظرف کا منہ بند کر کے چولہے کے نیچے دفن کریں اور اس پر آگ روشن کریں چند دن بعد مراد حاصل ہو گی۔ یہ عمل خاوند بیوی اور بیوی خاوند کے لیے کر سکتی ہے۔

زوجہ فرمانبردار ہو جائے

اگر خاوند اپنی زوجہ کے نام پر ''سورہ یوسف'' لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز ایک دفعہ پڑھ کر طالب دعا ہو تو اس کی زوجہ اس کی فرمانبردار ہو جائے گی۔

بیوی مطیع ہو جائے

اگر خاوند ''سورہ زخرف'' کو لکھ کر پاک پانی سے محو کر کے اپنی بیوی کو پلائے تو وہ اس کی مطیع ہو جائے۔ آزمودہ ہے۔

حسبِ خواہش جگہ سے رشتہ آ جائے

والد یا والدہ ''سورہ احزاب'' کو لکھ کر یا کسی سے لکھوا کر ایک ڈبیہ میں رکھ کر اپنے مکان میں بحفاظت رکھ دے اور اسی سورہ کو ہر روز ایک دفعہ پڑھا کر دعا مانگیں تو اس کی لڑکیوں کے لیے من پسند جگہ سے رشتہ آئے گا۔ (انشاءاللہ)

جہاں منگنی مطلوب ہو

''سورہ طٰہٰ'' کو لکھ کر سبز ریشم کے کپڑے میں بند کر کے اپنے پاس رکھیں اور ان لوگوں کی طرف جائیں جن سے اپنی اولاد کی منگنی مطلوب ہو۔ انشاءاللہ مقصد حاصل ہوگا۔

زوجہ مطیع ہو جائے

خاوند اپنے نام اور اپنی زوجہ کے نام کے اعداد کے برابر ''آیت الکرسی'' جس تعداد میں چاہے ہر روز پڑھا کرے اور ہر روز دعا مانگا کرے۔ اختتام عمل پر اس کی زوجہ اس کی مطیع ہو جائے گی۔ دوران عمل ''آیۃ الکرسی'' کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

اطاعت گزار بیوی

خاوند عزیمت ذیل کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھ کر دعا مانگے۔ زوجہ مطیع اور منقاد ہو جائے گی۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِيَةِ وَالْمُوَكَّلِيْنَ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِحَقِّ جِبْرَائِيْلَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَالِكِ الْمُوَكَّلِيْنَ بِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْعِظَامِ بِحَقِّ اِسْرَافِيْلَ وَحَمَلَةِ الْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ بِحَقِّ عِزْرَائِيْلَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ يَا شَمْسَائِيْلُ بِحَقِّ اللّٰهُ مِيْكَائِيْلَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِيْنَ اَجِيْبُوْلِىْ وَاحْضُرُوْلِىْ يَا مَلِكَ الْمُوَكَّلِيْنَ بِاَسْمَاءِ الْعِظَامِ وَلْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَهٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ وَالْاٰيَاتِ الْمُبَارَكَةِ بِحَقِّ قُلْ قُلْ قُلْ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَبِحَقِّ نُوْرِ الطَّيِّبِ الطَّاهِرِ الْمُصْطَفٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِيْنَ اِقْضِ حَاجَتِىْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ"۔

منگنی ہو جائے۔ (انشاءاللہ)

''سورہ مریم'' کو بطور تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور ان لوگوں کی طرف جائیں جن سے اپنی اولاد کی منگنی مطلوب ہو۔ انشاءاللہ کامیاب ہوں گے۔

زوجہ مطیع ہو

اسم مبارک ''اَلْــوَدُوْدُ'' ایک ہزار اور ایک مرتبہ کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کریں اور زوجہ کو کھلائیں۔ انشاءاللہ وہ مطیع ہو جائے گی۔

بیوی فرمانبرداری ہو جائے

خاوند ''سورہ جمعہ'' کو ہر روز پانچ مرتبہ پڑھے اور دعا مانگے۔ زوجہ فرمانبردار ہو جائے گی۔ نیز اسی سورہ کو بطور تعویذ اپنے پاس رکھیں۔

مناسب جگہ پر شادی کے لیے

دو رکعت نماز پڑھیں۔ ہر رکعت میں ''سورہ الحمد'' کے بعد ایک دفعہ سورہ یٰسین پڑھے اور نماز کے بعد خداوند کریم کی حمد و ثناء بجا لائے اور ایک دفعہ یہ پڑھ کر طالب زوجہ ہو۔

''اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ زَوْجَةً وَدُوْدًا وَلُوْدًا شَكُوْرًا غَيُوْرًا اِنْ اَحْسَنْتُ شَكَرْتُ وَاِنْ اَسَاءَتُ غَفَرَتْ اِنْ ذَكَرْتَ اللّٰهَ وَاِنْ نَسِيْتَ ذَكَرْتَ وَاِنْ خَرَجْتُ مِنْ عِنْدَها حَفِظَتْ وَاِنْ دَخَلْتُ عَلَيْهَا سَرَّتْنِیْ وَاِنْ اَمَرْتُهَا اَطَاعَتِنِیْ وَاِنْ اَقْسَمْتُ عَلَيْهَا اَبَرَّتْ قَسَمِیْ وَاِذَا غَضَبْتُ عَلَيْهَا اَرْضَتْنِیْ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ هَبْ لِیْ ذَالِكَ فَاِنَّا اَسْئَلُكَ وَلَا اَجِدُ مَا قَسَمْتَ وَاَعْطَيْتَ''۔

میاں بیوی کے اتفاق کے لیے

دو رکعت نماز اس ترتیب سے پڑھیں کہ ہر رکعت میں بعد از فاتحہ یہ آیت شریف سات مرتبہ پڑھیں: ''عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ''۔ جب سلام پھیریں تو بہتر (۷۲) مرتبہ یہ درود پڑھیں: ''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ'' پھر بہتر

(۷۲) یہ دعا پڑھے: ''اَللّٰھُمَّ لَیِّنْ قلب فلاں بن فلاں کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَسَخِّرْ لِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ''۔ یہ عمل خاوند زوجہ کے لیے اور زوجہ خاوند کے لیے کر سکتے ہیں۔

غصہ ٹھنڈا ہو جائے

جس شخص کے سامنے دو دفعہ ''وَاَطْفَاْتُ غَضْبَکَ یا فلاں بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' پڑھا جائے تو اس کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔

من پسند جگہ پر شادی کے لیے

جب کبھی اس عورت کو دیکھیں جس سے نکاح کرنا مطلوب ہو تو چند مرتبہ یہ دعا پڑھا کریں: ''اَسْئَلُ اللّٰہَ بِفَضْلِہٖ''۔

رنجش دور کرنا

اگر بھائی کو بھائی سے، باپ کو بیٹے سے، خاوند کو عورت سے یا کسی جائز دوست کو جائز دوست سے، رنجش ہوگئی ہو تو مندرجہ ذیل رباعیات کو ہر روز گیارہ گیارہ مرتبہ بحالت خلوت آنکھ کو بند کر کے پڑھیں۔ ملاپ کی صورت پیدا ہو جائے گی۔

اے زلف مسلسل بلائے دل من
اے لعل پست گرہ کشائے دل من
من دل بہ تو دادہ ام برائے دل تو
تو دل بہ کسے مدہ برائے دل من
جانم بہ لب از لعل خموش تو رسید

از لعل خموش لب نوش تو رسید
گوش توشنیده ام دردے دارد
درد دل من مگر بہ گوش تو رسید

مطلوب مطیع ہو جائے


مطلوب کی پیشانی سے بال لے کر ان پر تین مرتبہ ''سورہ کافرون'' اور سات مرتبہ ''آیۃ الکرسی'' پڑھ کر دم کریں اور بوقت شب ان بالوں کو اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جائیں پھر دوسری شب بھی ان بالوں پر تین مرتبہ ''سورہ کافرون'' اور سات مرتبہ ''آیۃ الکرسی'' پڑھ کر دم کریں۔اور بوقت شب ان بالوں کو اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔اسی طرح سات شب عمل کریں۔ساتویں رات بالوں کو جلتی ہوئی انگیٹھی میں ڈال دیں اور کچھ عود و عنبر کی دھونی بھی دیں اور بالوں کو آگ میں ڈالتے وقت مطلوب کا نام اور مطلوب کی ماں کا نام زبان پر جاری کرے۔

دوسرے کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا

باوضو کسی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے ''یَا حَبِیْبَ الْمُدَبِّرِیْنَ حَبِیْبُ مُحَبَّتِیْ عَلٰی قلب فلاں بن فلاں مطلوب کا تصور رکھے (انشاءاللہ) ضرور کامیابی ہوگی۔

محبوب بے چین ہو کر حاضر ہو

عروج ماہ میں ساعت مشتری میں نقش ذیل لکھ کر اپنے مکان کی مشرقی دیوار پر چسپاں کریں۔



پھر عزیمت ذیل کو اٹھائیس دفعہ لوہے کی کیل پر پڑھ کردم کرے اور ا میں گاڑ دے۔ کچھ انتظار کرے اگر احضار محبوب نہ ہو تو پھر اسی عزیمت کو اٹھائیس دفعہ دوسری لوہے کی کیل پر پڑھ کر دم کرے اور ب میں گاڑ دے اور کچھ عرصہ انتظار کرے۔ اسی طرح اٹھائیس میخیں گاڑے۔ انشاءاللہ فائز المرام ہوگا۔ عزیمت یہ ہے:

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرِ الرُّوْحَانِيِّيْنَ الطَّابِعِيْنَ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ وَالْخِدَامِ بِهٰذِهِ الْحُرُوْفِ الْجَلِيْلَةِ هَشْمِيَالِ كَشْمِيَالِ هَشُوْ شَاكِرُوْش اَنْتَ الْقَوِيُّ الشَّدِيْدُهَا هُوْرش مسخ هيهورش مشكوهيغ سيهكطش ططعوج بعظمة طوخ شمشا محمثلة طمخليا طغ فاطر السموات والارض كهشغيال طهخكطا بكر كمونيا هلغ اليغ باهلو مهيادق سفوس كدكة الجبال لعطمة اسماء اهوه يهوهٍ بحق هذا القسم الذى تجب طاعته على كُلِّ روحاني وَ جسم وجسماني و سَخِّرُ ولى فلان بن فلانه

اسرعوا وانفذو واجیبو بتسخیر فلان بن فلانة اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْمُعْطُوْفَ هُوَ مُبْدِی الحروف بالاف الهیة وَبِبَاءِ الْخَوْفِ وَ بِدَال الدخان بذال الذاریات وبراءِ الرُّبُوْبِیَّةِ وَبزَاءِ الزُّبُوْرِ وَ بِسِیْنِ السناءِ وَ بِشِیْنِ الشَّهَادَةِ بِصَاد الصِّدَاقِ وَ بِضَادِ الضِیَاء وَ بِطَاءَ الطاعَة وَبِظَآء الظهُوْرِ وَ بِعَیْنَ العلوم وَ بِغَیْنَ الْغَنِیّ وَبِفَآءِ انْفَنَا وَبِقَآءِ الْقُدْر وَبِكَاف الْكُوْنِ وَ بِلَامِ اللطفُ وَبِمِیْمِ الْمُلْكَ وَ بِنُوْن النعمة و بوآواء الولایة وَبِهَآءِ الْهِدَایَةِ وَبِیَآءِ یَوْمُ الْحِسَاب ان تُسَخِّرْلِیْ فلان بن فلان وَاَنْ تَجْمَعَ بَیْنِی وَبَیْنَهٗ اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ یَا خُدَّام هٰذِهِ الْحُرُوْفَاتِ التَّامَّاتِ الطَّاهِرَاتِ اسْمَعُوْا وَاَجِیْبُوْ وَافْعَلُوْ وَّ ارِیْدُوا وَاحْضُرُوْا بِحَقِّ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلَا لَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ یَا اَیُّهَا الْاَرْوَاحِ التَّابِعِیْنَ الْمُسَخِّرِیْنَ هٰذِهِ الْحُرُوْفَاتِ وَخُدَّامِ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْعُظْمَات اُحْضِرُوْا وَاعْطِفُوا فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان یُهَیِّجُوْدُ سِوَاسَةً احْضُرُوْ فِیْ هٰذا لْمَكَانِ سَرِیْعًا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الْمُبَارَكَةِ الْمُقَدَّ العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعة الساعة الساعة بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكُمْ وَ عَلَیْكُمْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

محبوب محبّ بن جائے

کسی نماز کے بعد ہر روز مقررہ وقت میں بحالت خلوت عزیمت ذیل کو یقین واثق سے چند مرتبہ پڑھا کرے اور نیز اسی کلام مبارک کو دوران عمل میں بطور تعویذ اپنے پاس

رکھے اور نیز اسی کلام مبارک کو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ بہت جلدی جائز خواہش پوری ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكُمْ مَحَبَّةً مِّنِّىْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى
عَيْنِىْ اِذْ تَمْشِىْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنَاكَ
اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنْ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ
وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ
وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ
وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ اللّٰهُ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ
يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
الْعَذَابِ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ
عَلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا
تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فَقَالَ اِنِّىْٓ اَحْبَبْتُ
حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّىْ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ رُدُّوْهَا عَلَىَّ
فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ هُوَ الَّذِىْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ۔
وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ
قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ
هٰذَا وَاسْتَغْفِرِىْ لِذَنْبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخَاطِئِيْنَ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِى
الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا

فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی وَمَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَکُوْرٌ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ وَاُخْرٰی تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا حَبِیْبُ الْمُدَبِّرِیْنَ مُحَبَّتِیْ عَلٰی قلب فلان بن فلان بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا مُفَتِّحُ تین مرتبہ یَا سَمِیْعُ تین مرتبہ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ چھ مرتبہ یَا عَالِمُ الْغَیْبِ چار مرتبہ یَا عَلَّامُ پانچ دفعہ یَا اَللّٰهُ اور بعد اس کے یَا رَبِّ اسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِحَقِّ اٰدَمَ صَفِیَّ اللّٰهِ وَ بِحَقِّ نُوْحٍ نَجِیِّ اللّٰهِ وَبِحَقِّ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ مُوْسٰی کَلِیْمِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ عِیْسٰی رُوْحِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَعَلِیٍّ وَّلِیِّ اللّٰهِ۔

مطلوب مطیع ہو جائے

بروز جمعہ بعد از نماز فجر کوئی بات کیے بغیر دو سو مرتبہ "یَا رَؤُفُ" پڑھ کر کسی شرینی پر دم کرے اور مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ یقیناً وہ مطیع ہو جائے گا اگر اس عمل کو چند بار کریں تو قوی الاثر ہو گا۔

مطلوب کو تابع کرنا

چند روز میں کسی مقررہ تعداد سے ہر روز بحالت روزہ "یَا وَدُوْدُ" کو پڑھ کر بارہ لاکھ پچاس ہزار عدد ختم کریں۔ یہ اس عمل کی زکوۃ ہے۔ بعد ازاں چاند کی پہلی شب جمعہ کو غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے اور نماز عشاء کے بعد ایک "سو مرتبہ درود شریف" اور پھر دو

ہزار دو سو بائیس (۲۲۲۲) دفعہ یہ پڑھیں: "یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ اُحْضُرُوْا بِحَقِّ الْوَدُوْدُ"۔ اور شرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔

برائے تسخیر محبت

چالیس دانے کالی مرچ کے لیں اور ہر ایک دانہ پر ایک دفعہ "سورہ فاتحہ" پڑھیں۔ ان دوانوں کو سفید پیاز کے درمیان میں ایک ایک دفعہ کر کے ڈالیں۔ پیاز کو درمیان سے خالی کریں۔ پھر اس پیاز کا سر کسی محکم چیز سے بند کریں اور انار شرین کی تین میخ تراش کر اس پیاز میں چھبو دیں۔ پھر اس پیاز کو آتش دان کے نیچے دفن کر دیں۔ تا کہ آگ کی حرارت اس کو آہستگی سے پہنچتی رہے۔ لیکن خیال رکھیں کہ پیاز جلنے نہ پائے۔ مطلوب بے چین ہو کر حاضر ہوگا۔ (انشاء اللہ)

محبت کے لیے ایک موثر ترین عمل

کسی نماز کے بعد ہر روز مقررہ وقت میں بحالت خلوت عزیمت ذیل کو یقین واثق سے چند مرتبہ پڑھا کرین اور نیز اسی کلام مبارک کو دوران عمل میں بطور تعویذ اپنے پاس رکھیں اور نیز اسی کلام مبارک کو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد خواہش پوری ہو جائے گی۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ"، پہلے "سورہ فاتحہ" اور "سورہ الفلق"، "سورہ الناس" اور "آیۃ الکرسی" اور "سورہ حشر" کی آخری آیت "لو انزلنا سے آخرہ سورہ تک پڑھیں اور اس کے بعد یہ دعا پڑھیں۔

وَلَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ وَمِنْ اٰيَاتِهٖ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ اَنْفُسَكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ وَ رَحْمَةً اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَاءً
فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا وَّ كُنْتُمْ عَلٰى شَفَا
حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ٥ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ
مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً
مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى
مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ
نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

ائمہ معصومین علیہم السلام سے منقول ہے کہ کوئی ورد اور دعا ان چھ آیات سے بہتر نہیں ہے جو شخص ان چھ آیات کو ہر روز صبح کے وقت پڑھے اور اپنے آگے پیچھے دائیں بائیں اور نیچے اوپر دم کرے۔ اس سے بلائیں دفع ہوں گی اور اگر محبوس قید خانہ میں ان چھ آیات کو پڑھے اور چھٹوں طرف اپنی دم کرے اس ورطہ اور بھنور سے نجات پاوے گا جس میں پھنسا ہے اور اگر ان آیات کو مال واسباب میں رکھے یا کہ اپنے پاس رکھے وہ اسباب اور اس کا مالک جمیع آفات اور قطاع الطریق و رہزن سے ایمن و بے خوف اور بے خطر ہوگا اور پڑھنے والا ان کا عالم خلق کی نظر میں معزز رہے گا اور جو شخص ان آیات کو ہر روز پڑھ لیا کرے۔ جمیع خلائق کے شر سے ایمن ہوگا۔ اگر تمام مخلوق مل کر اس سے دشمنی کریں گے اس کا بال بیکا نہ کرسکیں گے اور ہرگز اس کے دل پر خوف وہراس غالب نہ ہوگا ہر ایک آیت میں ان آیات سے دس قاف ہیں اور ہر ایک قاف کی چند خاصیتیں ہیں جیسے طول عمر، قوت بدن، وسعت رزق نقل کرتے ہیں ایک بادشاہ تھا کہ اپنے ارا کین مملکت اور ملازمین پر اکثر

غضب ناک رہتا تھا مگر ایک وزیر تھا کہ اس نے چالیس سال وزارت کی کبھی بادشاہ اس پر غضب ناک نہ ہو سکا اگر غصہ آتا تھا تو حق تعالیٰ کے فضل وکرم سے ٹل جاتا تھا بعد چالیس برس کے ایک دن اس نے اپنے وزیر سے کہا کہ اس کا کیا سبب ہے کہ اکثر اوقات اس چالیس سال کے عرصے میں میں نے چاہا کہ تجھ سے ناراض ہوں مگر خدا نے میرے دل کو نرم کر دیا تیرے ساتھ سوائے لطف ونرمی مجھ سے کچھ نہ ہو سکا اگر اس کا سبب تجھ کو معلوم ہو تو بیان کر اس نے عرض کیا کہ اے سلطان میں بچہ تھا اور قرآن کو حمزہ قاری کی قرأت سے پڑھا کرتا تھا حمزہ کے بیٹے سے میں نے سنا کہ قرآن میں چھ آیتیں ایسی ہیں کہ ہر ایک آیت میں دس دس حرف قاف ہیں جو شخص صبح کو ان چھ آیتوں کو پڑھ لے گا۔ کوئی شخص اس کو ضرر نہ پہنچا سکے گا اور اگر بادشاہ اور حکام وقت اس کے در پے ہو تو پانچ صبح تک پڑھے ان کا قہر مہر سے بدل جائے گا اور پڑھنے کا طریقہ ان آیات کا یہ ہے کہ ہر ایک کے پڑھتے وقت اس کے قافوں پر توجہ رکھے اور ہر ایک قاف پر انگلی بند کرتا جائے اور چھوٹی انگلی سے شروع کرے۔ جب آیت تمام ہو تو انگلیوں کو کھول دے اور پچاس مرتبہ یَا قَوِیُّ اور پچاس مرتبہ یَا بَاقِیُ اور پچاس مرتبہ یَا رَزَّاقُ کہے پس دوسری آیت شروع کرے اور اس کے بعد بھی ان اسموں کو پڑھے اسی طرح ہر آیت کے آخیر میں ان اسموں کو اتنی دفعہ پڑھتا رہے اور ان اسموں کو اتنی دفعہ پڑھتا رہے اور ان اسموں کو پڑھتے وقت جو مراد ہو اس کا دھیان کرے کہ جلد قبول ہو گی پہلی آیت سورۂ بقر کی دوسری آیت، سورۂ آل عمران کی تیسری آیت، سورہ نساء کی چوتھی آیت، سورہ مائدہ کی پانچویں آیت، سورہ الرعد کی چھٹی آیت، سورہ مزمل کی) پہلی آیت سورہ بقرہ کی)

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَالَ هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَیْهِمُ

الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا قَالُوْا وَمَا لَنَا اَلَّا نُقَاتِلَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا
مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالظّٰلِمِيْنَ دوسری آیت سورہ آل عمران کی لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ
قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَ
قَتْلَهُمُ الْاَنْبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّ نَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ تیسری آیت
سورہ نساء کی اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ
كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً وَ قَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْ
لَا اَخَّرْتَنَا اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ
اتَّقٰى وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا چوتھی آیت سورہ مائدہ کی وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَىْ
اٰدَمَ بِالْحَقِّ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ
قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ پانچویں آیت سورہ رعد کی
قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ
اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى
وَالْبَصِيْرُ اَمْ هَلْ تَسْتَوِى الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا
كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ
الْقَهَّارُ چھٹی آیت سورہ مزمل کی۔ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ
ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ
وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ
الْقُرْاٰنِ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى

الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔

دوسرا عمل:

جناب امیر المومنین علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے پوچھا کہ یا علی علیہ السلام تم چاہتے ہیں کہ ہم آپ کو ایسی چیز تعلیم کریں کہ اگر مخلوقات ساتوں آسمان اور ساتوں زمین کی اکھٹی ہو کر چاہیں کہ تم کو آزار پہنچائیں تو قادر نہ ہوں اور کوئی آپ پر ظفریاب نہ ہو میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں چاہتا ہوں فرمایا کہ قرآن میں سات آیتیں ہیں ان کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلو۔ اوّل آیت کو سامنے دوسری کو پشت کی جانب تیسری کو سر کی طرف چوتھی کو پاؤں کی جانب پانچوں کو داہنی طرف چھٹی کو بائیں طرف۔ ساتویں آیت کو کل بدن پر۔ یا علی علیہ السلام جو ان ہفت ہیکل کو پڑھے گا یا کہ اپنے پاس رکھے گا حق سبحانہ تعالیٰ ستر ہزار برائیاں اس کے نامہ اعمال سے دور کرے گا اور ستر ہزار نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں درج فرمائے گا اور ستر ہزار محل بہشت میں اس کے لیے تیار کرے گا اور ستر ہزار حور اور غلمان اس کو عطا فرمائے گا اور ستر ہزار حلے حریر بہشت کے اس کو پہنائے گا جن کی خوبی اللہ کے سوا کوئی نہیں جان سکتا پھر حضرت نے فرمایا یا علی علیہ السلام جو شخص ان ساتوں آیتوں کو پڑھے گا یا اپنے پاس رکھے گا حق تعالیٰ روز قیامت کو اپنے فضل سے بحرمت ان ہفت ہیکل کے اس کو بخش دے گا اگرچہ لائق عذاب کے ہو۔ پھر حضرت نے فرمایا یا علی علیہ السلام اگر اس ہیکل کو کسی بیمار کے گلے میں ڈال دیں فرمانا خدا سے تندرست ہو جائے گا اور اگر ان کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے بادشاہ یا امیر




کے پاس جائے معزز اور محترم رہے اگر چہ وہ اس سے ناراض ہو ملائم ہو جائے۔

پہلی آیت: قُلْ لَنْ یُّصِیْبَنَا اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا عَلَى اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔

دوسری آیت: وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ وَاِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ یُصِیْبُ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔

تیسری آیت: وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِیْ كِتَابٍ مُّبِیْنٍ۔

چوتھی آیت: اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

پانچویں آیت: وَكَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اَللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَاِیَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

چھٹی آیت: وَمَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا یُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ

ساتویں آیت: وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ قُلْ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كَاشِفَاتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكَاتُ رَحْمَتِهٖ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ عَلَیْهِ یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۔

تیسرے جو شخص اس بات کا خواستگار ہو کہ بلا اور حکم قضاء اس سے ٹل جائے اور روزی اس کی فراخ ہو اور دشمن اس کے مقہور ہوں اور لوگوں کی نظروں میں عزیز باتوقیر رہے

اور حاجتیں اس کی رواہوں ہر روز تین مرتبہ الحمد پڑھ کر اس حصار کو پڑھ لیا کرے۔

مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ اَمَامِیْ وَ فَاطِمَۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ فَوْقَ رَاسِیْ وَاَمِیْرُالْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیُّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ عَنْ یَمِیْنِیْ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ وَعَلِیٌ مُحَمَّدٌ وَّ جَعْفَرٌ وَ مُوْسٰی وَ عَلِیٌّ وَ مُحَمَّدٌ وَّعَلِیٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُجَّۃُ الْمُنْتَظَرُ مُحَمَّدُ صَاحِبُ الزَّمَانِ اَئِمَّتِیْ صَلَوَاتُ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ عَنْ شِمَالِیْ وَ اَبُوْذَرٍ وَ سَلْمَانُ وَ مِقْدَادُ وَ حُذَیْفَۃُ وَ عَمَّارَۃُ وَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ مِنْ وَرآءِ ی وَالْمَلَائِکَۃِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ حَوْلِیْ وَاللّٰہُ تَعَالٰی رَبِّیْ تَعَالٰی شَانُہٗ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآءَ وَتَظَاھَرَتْ الْآؤُہٗ مُحِیْطٌ بِیْ وَحَافِظِیْ وَ حَفِیْظِیْ وَاللّٰہُ مُحِیْطٌ بَلْ ھُوَ قُرْآنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظاً وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیّ یَا عَلِیّ یَا عَلِیّ یَا عَلِیّ یَا عَلِیّ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِرَبِّ الْکَرِیْمِ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْوَلِیُّ الْقَدِیْمُ یَا وَاحِدُ۔

سرزمین ہند کی شہرہ آفاق کتاب ''انکشاف غیبی'' معروف بہ من موہنی سے لیے گئے چند مجربات ترین عملیات

سرزمین ہند کے مشہور طبیب و نامور عامل جناب حکیم قاضی سید محمد کرم حسینؒ اپنی کتاب ''انکشاف غیبی معروف بہ من موہنی'' میں لکھتے ہیں کہ! میں نے اپنی اس کتاب میں تسخیر و محبت کی بابت مجربات درج کیے ہیں۔ ان میں سے جس پر یقین کامل ہو اس کو عمل

میں لائیے اور وقت عمل مراد براری کی شرائط ضروری ہیں۔ ہر ایک دعا کی شرط کا لحاظ رکھیے۔ مطلوب فریفتہ از دل رفتہ ہو کر تابعداری سے انحراف نہیں کرے گا۔ اس سلسلے میں تمام تر پریشانیاں دور ہوں گی۔ جو عملیات پڑھنے کے ہیں ان میں اس امر کا ضرور خیال رکھیے کہ عملیات پڑھنے سے پہلے "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" ایک مرتبہ اور یہ درود شریف گیارہ مرتبہ پھر یہی درود شریف پڑھ لینا چاہیے۔ "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَحْبُوْبُنَا مَحْبُوْبٌ وَ طَالِبُنَا مَطْلُوْبٌ"۔

دوستی ایسی کہ پھر کبھی جدائی نہ ہو

اس آیت شریفہ کو معہ اول و آخر درود شریف بارہ بارہ مرتبہ کسی شیرینی یا شکر، چینی پر دم کرے نام عاشق اور اس کے باپ اور معشوق اور اس کی ماں کا نام لے کر شیرینی کھلائیں یا شکر چینی کا شربت پلائیں یا اور کسی طرح کھلائیں تو ایسی دوستی ہوگی کہ! پھر کبھی جدائی نہیں ہوگی۔ "وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ"۔ نام اس طرح سے لے کہ فلاں شخص فلاں کا بیٹا فلانی عورت فلاں کی بیٹی دل سے جاں نثار ہو۔

اسم الٰہی "يَا وَدُوْدُ" کا ایک عمل

اسم الٰہی "يَاوَدُوْدُ" کو معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر اکیس (۲۱) مرتبہ دم کریں اور نام ضرور لیے جائیں پھر کھلا دیں۔ انشاءاللہ کامیابی ضرور ہوگی۔

محبت کے لیے ایک نادر عمل

جس سے محبت ہو اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لے کر گیارہ مرتبہ یہ پڑھے "بِسْمِ

اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا شَمْعِتَا الَّذِیْ یُقَلِّبُ الشَّمْسَ مِنَ الْمَغْرِبِ اِلَی الْمَشْرِقِ " پھر وہ مٹی اس پر ڈال دیں۔ طالب مطلوب بن جائے۔ (انشاءاللہ)

ایک بزرگ کا عطا کردہ ایک مجرب عمل

کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنا اور اپنا فریفتہ بنانا مقصود ہو تو اُس کی پہنی ہوئی قمیض جو بہت میلی کچیلی، پرانی ہو نو روز تک پاک صاف ہو کر بعد نمازِ عشاء ایک جگہ مقرر کر کے ہر روز اُسی جگہ اس آیت کو "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ" ایک سو ایک مرتبہ ہاتھ میں لے کر اُس قمیض پر پڑھیں اور اُس پر دم کر کے آخر اپنا نام اور اپنے باپ اور اُس محبوبہ اور اس کی ماں کا نام لیں پڑھتے وقت لکڑی کے کوئلہ کی آگ اپنے پاس رکھیں تو ایک ماشہ گائے کے گھی پر تین مرتبہ "یَا ھُوْ یَا ھُوْ" پڑھ کر اُس آگ پر وہ گائے کا گھی چھڑکیں اسی طرح نو رات تک پڑھیں اور لوبان جلائیں اور گھی چھڑکیں۔ دسویں رات کو اُس قمیض کے تین ٹکڑے پھاڑیں اور تین بتی بنا دیں اور ایک بتی آگ پر جلائیں اور جلاتے وقت عورت سے محبت بڑھنے اور عشق میں بے قرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتے رہیں گیارھویں رات کو دوسری بتی اور بارھویں رات کو تیسری جلائیں۔ محبوبہ عشق میں بے قرار ہو کر آ جائے گی۔

مطلوبہ کو مطیع کرنا

سات مرتبہ عود (اگر) لکڑی پر پڑھیں اور اپنی محبوبہ کے روبرو جلائیں تا کہ اُس کی خوشبو اُس کے دماغ میں پہنچے اُس کی مطیع ہو جائے۔ "فَغُلُّوْہُ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْہُ ثُمَّ فِیْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْہُ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰہِ الْعَظِيْمِ ٥"

طالب کے سوا کچھ نظر نہ آئے

درج ذیل نقشِ مبارک کو کسی نیک ساعت میں لکھ کر یا لکھوا کر اپنے تکیہ کے نیچے رکھیں تو محبوب کو طالب کے سوا کچھ نظر نہیں آئے گا، اس کے مؤکل بڑے زبردست "یَابُدُّوُحُ" نام کے تابعدار ہیں۔ لکھتے وقت تمام شرائط بجالائیں جو کہ شروع میں لکھی گئی ہیں بفضلہٖ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔

۷۸٦

٢	یابدوح	یابدوح	یابدوح	٦
۴	یابدوح	یابدوح	یابدوح	۷
۵	یابدوح	یابدوح	یابدوح	٣

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

محبوب کو بے چین کرنے والا ایک عمل

عاشق کا دل دُکھاتا اور جلاتا ہو اور اُس کے ہجر میں عاشق کی جان جاتی ہو تو حضرت ابوالخیر قدس سترہ، کی یہ رباعی دو روز تک ہر وقت پڑھیں اور ایک سانس میں سات دفعہ پڑھ جائیں تاکہ یہ رباعی اپنے عمل میں آ جائے۔ پھر وقت ضرورت اُس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لاکر یا منگوا کر رکھ لیں اور تنہائی کی جگہ میں بیٹھ کر وضو کریں اور مذکورہ شرائط کے مطابق سات مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر اُس مٹی کو رکھیں اور جب وہ معشوق کہیں راستہ میں ملے یا اور کسی جگہ مل جائے تو اُس کی پشت پر ایسی چھڑک دیں کہ اُسے خبر نہ ہو اور اُس سے باتیں کریں وہ خوش مزاجی سے پیش آئے گا پھر اُس کے پاس چلے جائیں اور اپنے پاس آنے کا انتظار کریں۔ اگر وہ نہ آئے تو دوسرے روز اس طرح پھر ایک سانس سے سات بار پڑھیں

اور خاک پر دم کریں اور اُس پر کسی طور سے ڈالیں بعنایتِ خدا اُس کے پاس آ کر اپنی محبت ظاہر کریں دلی مقصد حاصل ہوگا۔ اور وہ رباعی ہے۔

عقرب سر زُلف یا رومہ جبیز اواست
شریں دھنی کہ شھدء شکر اواست
اور حسن و ملا حتی کہ اندر سرا اواست
فرمان وہ روزگار فرمان براواست

حُب کا ایک مقناطیسی عمل

جمعہ کی آدھی رات کو مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے ایک سو گیارہ مرتبہ ہر روز چالیس دِن تک یہ عمل پڑھیں، پڑھنے سے پہلے اور آخر میں درود شریف جو شروع میں لکھا ہے پڑھا کریں۔ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا مانگیں کہ! اے خدا حضرت غوث گولیاری رحمۃ اللہ علیہ کے طفیل سے میرے فلاں مطلوب کے میرا تابع کر دے۔ اور پڑھنے کا عمل یہ ہے۔

"فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَرَبُّ۔ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ حَسْبِیْ عَلٰی فلاں یہاں مطلوب کا نام لے۔ اَعْطِفْ قَلْبِہٖ عَلَیْہِ وَ ظِلُّلْھَا فَاِنَّ اللّٰہَ اَلْقَیْنَا وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ لَوْاَنْفَقْتَ مَافِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَا اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَ بَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِنْھُمْ مُوَدَّۃً وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ"

محبوب کو محبّ بنانے کا ایک عمل

اُس انار کا پھول جس کا رُخ آسمان کی طرف ہو اتوار یا منگل کے دن نیک ساعت میں لائیں اور کہے کہ میں تجھے اپنے محبوب کے دل میں محبت پیدا ہونے کے لئے دے جاتا ہوں پھر اُسی رات ساعت مطلوب کے تابعدار ہونے کی دیکھ کر یہ آیت اُس پھول پر پڑھ کر اکیس مرتبہ پھونکیں۔ دن نکلے مطلوب کو دیں اور اگر اُس تک نہ پہنچا سکیں تو اُس پھول میں روئی ملا کر سات بتیاں بنالیں۔ رات کی تنہائی مٹی کے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر ایک بتی اُس میں جلائے۔ بتی کی لو محبوب کے گھر کی طرف ہونی چاہیے۔ لوبان کی دھونی اور کچھ شیرنی رکھنی مناسب ہے۔ صبح ہونے پر شرینی بچوں کو تقسیم کر دینی بہتر ہے۔ شیرینی پر فاتحہ حضرت غوث گولیاری رحمۃ اللہ علیہ دی جائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيَاطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيَاطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ فلاں شخص فلاں شخص کا بیٹا فلانی محبوبہ بیٹی فلانی حاضری ہو حاضر ہو بِحَقِّ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ"

بے انتہا محبت

اس چہل کاف منقول حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کو کاغذ پر کبوتر کے خون سے اپنا اور اپنے باپ کا اور مطلوب اور اُس کی ماں کا نام لکھ کر مطلوب کے دروازے کے نیچے کسی کپڑے میں لپیٹ کر گاڑ دیں، عاشق کی محبت میں دیوانہ ہو جائیں گے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كَفْكَافُهَا كَكُمِيْنَ كَانَ مَنْ كَلْكَا تِكِرُّ كَرًّا فِيْ كَيْدِى تَحْكِىْ

مُشْکُشَکُۃً کَلّٰتْ لَکَ الْکَلْکَا کَفَاکَ مَابِیْ کَفَاکَ الْکَافُ کُرْبَتَۃً یَا کَوْکَبًا کَانَ تَحْکِیْ یَا کَوْکَبَ الْفَلْکَا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کَفَیْکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیْکَ فِیْ کَوَاکِفَۃً کِفْکَا فُہَا کَکُمِیْنَ کَانَ مَنْ کَلَکِ کَفَاکَ الْکَافِ کُرْبَتَۃً یَا کَوْکَبَ الْکَوْنِ تَحْکِیْ کَوْکَبَ الْفَلْکَا بِحَقِّ شیخ عبد القادر شَیْءً لِلّٰہِ بِحَقِّ یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قفل کردم در دھن مطلوب فلاں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مہر کر دم در دھن مطلوب فلاں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یَا حَبِیْبَ الْفُقَرَاءِ وَیَا اَنِیْسَ الْغُرَبَاءِ وَیَا مُعِیْنَ الضُّعَفَاءِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ کَفَا سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ دَعَا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔"

تسخیر خلائق کے لئے ایک لاجواب طلسم

اہل نجوم لکھتے ہیں کہ! عشق مرض نفسانی ہے اور بہت سخت علاج ہے۔ یہ ایک حالت ہے کہ! عقل، نفس اور طبیعت میں عارض ہوتی ہے اس کے اور زہرہ اور مریخ سے ہوتا ہے کہ ابتداء میں اس کا فعل زہرہ ہے اور آخر فعل مریخ ہے۔ کیونکہ ابتدائے عشق الفت محبت ہے اور آخر عشق جلنا خلطوں کا (خلط خان، بلغم، سودا، صفرا کو کہتے ہیں) اور فکر و اضطراب ہے پس

جس ستارہ کا جو فعل ہوتا ہے وہ دفع نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ اُس کی ضد کا ستارہ نہ دفع کرے۔ پس زہرہ کا ضد عطارد ہے اور مریخ کا ضد مشتری چنانچہ علاج عشق عطارد اور مشتری کی مدد سے ہوتا ہے پس عاشق کو چاہیے کہ جب اس طلسم کے بنانے کا ارادہ کرے۔ اُس کو چار چیزیں اختیار کرنی چاہیں۔ پہلے وقت دوسرا دھونی، تیسرا جو ہر چوتھا نیت سب سے زیادہ مقدم رکھے۔ جب یہ طلسم بنانا ہو تو یہ مطلب براری متعلق ستارہ زہرہ ہے کہ یہ ستارہ عشق و محبت کا ہے۔ اُس وقت میں کرے کہ جہاں کہیں ہو دوڑی چلی آئے۔ زہرہ کی ساعت میں ایک نگینہ لاجورد پتھر کا لیں اور اُس کو دیکھے کہ نگینہ بڑا خوش رنگ ہو۔ اس کی تین قسمیں ہیں (۱) سیسہ جیسی (۲) سرمہ جیسی (۳) نیلی سرمئی اور نیلی اچھی ہوتی ہے۔ اِن میں سے کوئی رنگ ہو چوکور لے اور اُس پر دو تصویریں خوبصورت عورتوں کی دونوں ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے ہوئے ہوں اور ہونٹ پر ہونٹ رکھے ہوئے ہوں۔ اس طرح کہ درمیان ہونٹوں کا دکھائی دے۔ اور ایک تصویر قمری یا کبوتر کی بنوائے کہ وہ اپنی چونچ سے دونوں کے منہ میں دانا بھرتا ہو جس طرح کہ اپنے بچے کو دانہ بھرا کرتے ہیں۔ دائیں اور بائیں طرف دونوں تصویریں کے شاخ ریحاں کی بنائی جائے۔ جب اس طلسم کے کھودنے یعنی کندہ کرنے کا ارادہ کرے تو وقت اور ساعت نقش بنانے کا زہرہ ستارہ کا ہو جب تک وہ بُرج کہ جس میں زہرہ ہے نقش تصویر وغیرہ پورا کرے۔

اگر ایک گھنٹے میں تمام نہ اور کچھ باقی رہے تو نقش اور طلسم بنانا چھوڑ دے جبکہ پھر زہرہ کا دور ہو اس وقت تصویر وغیرہ بنانے سے فارغ ہو جائے۔ پھر چاروں کونوں پر اُس کے چار سوراخ کرے کہ آر پار ہو جائیں پھر چار کیلیں سونے کی ہوں تو بہت اچھا ورنہ تانبے کی کیلیں اُن سوراخوں میں ڈالیں اس طرح کہ دیکھیں اُن کیلوں کی سی طرف سے اونچی نہ رہیں بلکہ برابر اُس نگینہ کے ہوں کہ وہ کیلیں م[illegible] پس جب زہرہ اپنے وقت پر ہو تو

اُس وقت تک ورنہ جب پھر اُس کا وقت آئے تو سونا چاندی برابروزن سے اتنا لیا جائے کہ اس میں ایک انگھوٹھی تیار ہو جائے۔ انگوٹھی بنوا کر وہ نگینہ اُس میں لگوائے اور انگوٹھی کو جلا دی جائے تا کہ خوب چمک اور صفائی آ جائے۔ اس کے بعد اس انگشتری کو ایک پاک صاف شیشہ میں رکھے اور ایک طبق مثل اُس کے اُس پر رکھیں کہ وہ ڈھک جائے اور سات رات تک روزمرہ زہرہ ستارہ آسمان کے نیچے رکھے۔ اور ہر رات کو مُشک وزعفران اور کافور کی دھونی سلگایا کرے۔ اور جب ستارہ آسمان پر چھپ جائے تب اُس کو اُٹھالے اور چھپا کر رکھ دے ساتویں رات کو یہ عمل پورا ہو گا اور طلسم کا اہل بنے گا۔ اس عمل کے فائدے یہ ہیں کہ جو شخص اس انگھوٹھی کو اپنے پاس رکھے گا وہ تمام مخلوقات کی آنکھوں کا تارا بن جائے گا۔ یہ دو تصویریں خوبصورت ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے ہوئے نگینہ لاجورد پر بنانا یہ صورت بُرج جوزا کا ہے جیسے کہ جنتریوں کے اوپر والے صفحہ پر ہوتی ہے۔ اگر خود کندہ نہ کر سکے تو کسی کندہ کرنے والے سے ساعت زہرہ کے اندر کندہ کرا دے جس عورت کی نظر پڑے مائل ہو جائے۔ یہ عمل جائز مقصد کے لئے کیا جائے، ناجائز عمل کرنے والے کو بہت بڑا نقصان اٹھانا پڑے گا۔

طلسم دوستی والفت

طلسم دوستی والفت اس سے عاشق ومعشوق کے درمیان ایسی محبت پیدا ہو کہ خود ہی چاہیں تو علیحدگی ہو ورنہ ہرگز جدائی نہ ہو۔ بشرطیکہ وہ ایک دوسرے کو جانتے پہچانتے ہوں اس طلسم کے تیار کرنے کو ایک چھوٹی سی کوٹھڑی، تنہائی سب چیزوں سے خالی، کوئی سامان اُس میں نہ ہو، کوڑا بھی صاف کر دیا جائے، پھر اُس کو خوشبو سے بسائیں۔ پس ہر مہینہ چاند کی چودھویں تاریخ کو دن دیکھے کہ کونسا ہے پس اُس دن کی ساعت اور گھڑی نقشہ سے دیکھے۔ اُس وقت موم سفید لے کر اُس کے دو پتلے انسانی شکل کے بنائے ان دونوں شخصوں

کی شکل وصورت کے موافق جن میں کہ محبت پیدا کرنی ہے ایک پتلے کو کوٹھڑی کے ایک کونہ میں اور دوسرے پتلے کو دوسرے کونے میں آمنے سامنے یعنی ایک دوسرے کے مقابل میں رکھیں۔ اور لوبان سلگائیں پس ہر روز جس قدر چاند سورج سے نزدیک ہوتا ہے اُسی قدر حساب سے ان دونوں تصویروں کا سرکا کر رکھتا جائے یہاں تک کہ اُسی حساب سے ہر روز چاند نزدیک ہوتے ہوئے آفتاب سے مل جائے۔ اُسی قدر ہر روز دونوں تصویریں ہوتے ہوئے ایک جگہ میں آ جائیں۔ سورج اور چاند ہر مہینے کی اٹھائیسویں تاریخ کو ملتے ہیں۔ جب اس وقت میں چاند سورج ایک درجہ یعنی ایک دقیقہ پر آ جائیں اُسی تاریخ خاص میں ان دونوں تصویروں کو بھی سینہ بہ سینہ ملا کر کھڑی رکھیں جہاں کہ وہ دونوں تصویریں آ کر ملی ہوں اِس میں ذرا فرق نہ رہے پھر ان دونوں ملی ہوئی تصویروں کو ایسی جگہ چھپا کر رکھیں کہ کوئی نہ دیکھ سکے تاثیر اُس کی یہ ہے کہ چودھویں تاریخ سے اٹھائیسویں تک جس قدر کہ یہ تصویریں قریب تر ہوتی جائیں گی وہ دونوں شخص بھی آپس میں نزدیک ہوتے جائیں گے۔

اور جب تک دونوں تصویریں آپس میں ملی رہیں گی یہ دونوں شخص بھی آپس میں مل جُل کر رہیں گے اور کسی حال میں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔ بڑا آزمایا ہوا طلسم ہے۔

میاں بیوی کے درمیان محبت پیدا کرنے کے لئے چند مجرب ترین عملیات

کتاب ''من موھنی'' کے مصنف حکیم قاضی سید محمد کرم حسین لکھتے ہیں کہ! خاوند اور بیوی کا انسان کی آسائش اور آرام کے لئے ایک بڑا بھاری ذریعہ ہے۔ لیکن آج کل کے جوان اپنے جوشِ شباب کے باعث اپنے گھر کی بیوی کے علاوہ دوسری عورتوں کی

تلاش میں رہتے ہیں۔ بازاری طوائفوں وغیرہ کی چکنی چپڑی باتوں اور اُن کے مذاق و دل لگیوں میں اپنی ناآزمودہ کاری کے باعث اپنی عورتوں کو خواہ وہ کیسی ہی خوبصورت ہوں چھوڑ بیٹھتے اور اُن کے تاش وشطرنج و چوسر کے مشغلہ اور ڈھول دھپے کو پسند کرتے ہیں۔ پردہ نشین خواتین عفت ماب مستورات اپنے گھروں میں پڑی رہتی ہیں اور اپنی جوانی کی راتیں آہ و نالہ کر کے گزارتی ہیں۔

خاوند اُلو کا گوشت کھائے جیسے اپنی مہ جبینوں کو ٹھکرا کے اُس کا زیور اُتار لے جاتے ہیں اور اُن عیاروں و مکاروں کی فرمائشوں کو نہایت ذوق وشوق سے پورا کرتے ہیں کوئی کتنا ہی سمجھائے کسی ایک کا کہنا نہیں مانتے۔ بلکہ اپنے گھر کا آنا ترک کر دیتے ہیں ایسے ہی گھروں میں حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کا شعر صادق آتا ہے۔

تہی پائے رفتن بہ از کفشِ تنگ
بلائے سفر بہ کہ در خانہ جنگ

میں بیوی کی رات دن دانتا کی کلکل بلکہ ہر وقت چشم چوٹ رہتی ہے۔ پس خاوند اور بیوی کا تعلق ایک جائز تعلق ہے عورت کی محبت کا دم بھرنے کے لئے عجائب راز اور پوشیدہ اسرار ظاہر کئے جاتے ہیں۔ جن سے مرد عورتوں کے جلد تابع فرمان ہو جاتے ہیں اور عمر بھر مونس جان بنے رہتے ہیں۔

مرتے دم تک محبت و الفت برقرار رہے

عورت اپنے خاوند کو اپنا تابعدار اور اپنی محبت میں سرشار رکھنا چاہیے تو وہ یہ عمل دو کاغذوں پر لکھ کر یا لکھوا کر ایک اپنے پاس رکھے اور دوسرا اپنے خاوند کو کسی شربت، چائے، دودھ میں دھو کر پلائے ایک دوسرے سے مرتے وقت تک محبت و

الفت برقرار رہے گی۔ (انشاءاللہ)

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" عدم علیك بقدرت الفیل و بحرمة محمد مصطفیٰ ﷺ و بحرمة کلیم الله و بحرمة عیسیٰ روح الله فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں"

شوہر پانی بیوی کے علاوہ کسی کا نام بھی نہ لے

اس آیت شریف کو بارہ مرتبہ چینی پر پڑھ کر اپنے خاوند کو کھلائیں، محبت کا دم بھرنے لگے، اپنی بیوی علاوہ کسی اور عورت کا نام نہ لے گا۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" وَ جَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ"

شوہر کو مہربان بنانا

یہ تعویذ جو عورت اپنے پاس رکھے خاوند اُس کا اُس پر مہربان رہے گا۔ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِحَقِّ مُوْسیٰ وَ عِیْسیٰ وَ بِحَقِّ دَاوٗدَ وَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَ بِحَقِّ جِبْرَائِیْلَ، مِیْکَائِیْلَ، اِسْرَافِیْلَ وَ عِزْرَائِیْلَ"

شوہر اپنی بیوی سے دل و جان سے محبت کرے

دو تعویذ لکھ کر یا لکھوا کر ایک اپنے پاس رکھے اور دوسرا اپنے شوہر کو پلائے تو وہ دل و جان سے اپنی بیوی سے محبت کرنے لگے گا۔

۷۸۶

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

محبت ہو تو فقط بیوی سے ہو

مرد کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھیں اور ویسے ہی جلا دیں یعنی تیل میں جلانے کی کوئی ضرورت نہیں اگر سو کوس پر بھی شوہر ہوگا تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے گا اور دل و جان سے اپنی محبت کا اقرار کرے گا۔ "عزمت علیکم یا اصحب السحر و الوسواس من الجنود ابلیس اجمعین یا هایا هو العظمة" نام مرد و عورت معہ ماں باپ کے لکھیں۔

میاں بیوی میں دلی محبت پیدا ہو

ہر عورت مرد میں دلی محبت ہو مقصود ہو تو یہ آیت مُشک اور زعفران کے پانی اور نئے قلم سے دو کاغذوں پر لکھیں ایک تعویذ چاندی میں بند کر کے باندھے دوسرا مرد کو پلائیں۔ انشاءاللہ دلی محبت پیدا ہوگی۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّہٗ لَحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ اَهِیًّا اَشْرَاهِیًا" (عورت مرد اور ماں باپ کا نام لکھے)

محبت کے لئے ایک مجرب ترین عمل

اتوار یا بدھ کی رات کو وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے الحمد پڑھ لینے کے بعد یہ آیت شریف "لَقَدْ جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رءوف رحیم فان تولوا فقل حسبی الله لا اِله الا هو علیه توکلت و هو رب العرشِ العظیم O" اکیس اکیس بار پڑھے پھر تیں بار درود شریف پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر بیس دفعہ "یا رَحِیْمُ" میری یہ دعا قبول کر کہ فلاں شخص فلاں کا بیٹا فلاں عورت فلاں کی بیٹی پر مہربان اور تابعدار ہو جائے بِحق یَا وَدُوْدُ یا وَدُوْدُ"

شوہر ہمیشہ تابعدار رہے

عورت چاہے کہ خاوند کبھی ناراض نہ ہو تو ایسا کرے کہ سیاہ مرغ کا سر کسی نئے پیالے میں رکھ کر اُس چارپائی کے نیچے زمین میں دبا دے جس پر دونوں سوتے ہوں جب تک وہ گڑا رہے گا مرد ہمیشہ تابعدار بنا رہے گا۔

شوہر کو مہربان کرنا

پان کتھ چونا کا بنایا ہوا چھالیہ وغیرہ ڈال کر اُس پر یہ آیت پڑھی جائے تو جو عورت اپنے خاوند کو کھلائے وہ ہمیشہ اُس پر مہربان رہے گا۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" وَ خَلَقْنَا کُمْ اَزْوَاجًا وَ جَعَلْنَا نَوْ حَکُمْ سُبَاتًا وَ جَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا وَ جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا"

مرد اپنی بیوی سے کبھی بے وفائی نہ کرے

شوہر اور عورت میں ایسا اخلاص ہو کہ کبھی عورت سے انحراف نہ کرے۔ یہ آیت لکھ کر یا لکھوا کر کسی طرح خاوند کو کھانے پینے کی چیز میں گھول کر پلا دیں۔ "بِسْمِ اللّٰهِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ''رَبَّنَا اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ یَقُوْمُ لَا رَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادِ ''عورت اوراس کی ماں کا خاوند اوراس کے باپ کا نام لیا جائے اور کہا جائے کہ مرد اپنی بیوی پر جانثار ہو۔

مرد اپنی بیوی سے ناراض نہ ہو

عورت چاہے کہ خاوند کو ایسا کر دے کہ وہ اس کے حق میں کسی کی غیبت یا شکایت نہ سنے تو عورت کو چاہیے کہ یہ عمل کسی سرکنڈے کے سبز پتے پر لکھ کر اور پانی سے دھو کر مرد کو پلائے۔''اَجِیْبُوْ یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْحُرُوْفِ ااا ۹ ۹ ۲ ۲ ااا ۸ ۵ ج ج معط اا ۵ اا ۷ ااا ع وہ ج ج اااا۲۸''

مرد کو برائی سے روکنا

درج ذیل آیات پاک دولہا دلہن دونوں کے لیے بے حد مفید ہیں ۔ ایک انڈے پر آیہ شریفہ لکھ کر گھر میں ایسی جگہ دفن کریں کہ اس پر سے دلہا کا گذر ہو یعنی وہ آتا جاتا رہے۔

''اِنَّکَ مَیِّتٌ وَ اِنَّهُمْ مَیِّتُوْنَ اَمْوَاتٌ غَیْرُ اَحْیَاءٍ وَمَا یَشْعُرُوْنَ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ یَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلَا قِیْکُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰی عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادِةِ فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ قُبْلَ الْاِنْسَانُ مَا اَکْفَرَهٗ مِنْ اَیِّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ مِنْ نُطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهٗ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ کَذٰلِکَ یَمُوْتُ ذَکَرَ کذا او کَذَا عَنْ فرج کذا و کذا دونوں جگہ کذا و کذا کی جگہ دولہا دلہن کا نام اوران کے باپ کا نام لیا جائے۔

سوکنوں کو خوش رکھنا

مردوں کا فرض ہے کہ دونوں سوکنوں کو خوش رکھے تا کہ آپس میں نہ لڑیں تو تھوڑا سا نمک پسا ہوا لے کر کسی چوڑے برتن میں رکھیں اور اس پر یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر نمک کو اوپر نیچے کر کے پھر اسی طرح سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر ہر مرتبہ نمک مکس کر کے آٹے کو گوندھیں اور یہ نمک اس میں ملا کر روٹی میں پکائیں اور دونوں سوکنوں کو کھلائیں۔ دونوں میں محبت رہے گی۔ کوئی نہ لڑے نہ جھگڑا کرے گی۔


"مُوْسٰی کَلِیْمُ اللّٰهِ جِبْرَائِیْلُ اَمِیْنُ اللّٰهِ مُوْسٰی رُوْحُ اللّٰهِ عِزْرَائِیْلُ قَابِضُ الْاَرْوَاحِ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ مَدَّالظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ فَجَعَلَهٗ سَاکِنًا"۔

دوسوکنیں خوش رہیں

عورت کو جو کے آٹے کا وہ غبار جو چکی پیستے وقت اس پر لگ جاتا ہے۔ بارش کے پانی میں پلایا جائے تو محبت دونوں سوکنوں میں برابر رہے گی اور کسی قسم کا لڑائی جھگڑا نہ ہو۔

بدکار عورت کو برائی سے روکنا

ایک بڑا سا قفل (تالا) لیا جائے اور اس پر ایک ہزار اور ایک مرتبہ "یا قاهر ذوالبطش الشد ید انت الذی لا یطاق انتقامہ" ہر مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور کہتا جائے کہ بستم محل مخصوص (شرمگاہ) فلاں بنت فلاں کے بعد عورت اس کی ماں کا لیا جائے۔ سب پڑھ لینے اور ایک کاغذ پر یہ عمل لکھنے کے بعد عورت اس کی ماں کا نام لکھ کر اس کاغذ کو قفل کے اندر رکھ کر قفل بند کر دے اور پھر اس کو تانت سے باندھ کر پانی کے حوض یا کنویں میں ڈال دیں۔ عورت اپنی بدکرداری اور عصمت فروشی سے باز آ جائے گی۔




بدکار عورت راہ راست پر آ جائے

چڑیا کے خون میں سہاگہ پیس کر ملائیں اور شوہر اپنے بدن پر لگا کر بدکار بیوی سے مقاربت کرے تو وہ عورت دوسرے مردوں سے نفرت کرنے لگے گی۔ اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور مرد کو پسند نہ کرے گی۔

ناجائز محبت کو ختم کرنا

درج ذیل عبارت سفید کپڑے پر لکھ کر بکری کے سنگ کو خالی کر کے اس میں رکھ کر موم سے بند کر دیں اور ہفتہ کے روز اس کو کسی پرانی قبر میں سورج نکلتے وقت دفن کر دیں کیا ہی عشق اور محبت ہو محو ہو جائے

"تعلفلح ۲ لطلطم ۲ سلسلم وَ قِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَ كَذَالِكَ تُنْسٰى كَذَا وَكَذَا مِنْ كذا يَئِسَ مِنْكَ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْ اَعْمٰى وَ قَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا قَالَ اَتَتْكَ اٰيَاتِيْ فَنَسِيْتَهَا كَذَالِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى"۔

ترجمہ: آج تمہیں ویسے ہی بھول گئے جیسے تم ہماری آج کے دن کی ملاقات کو فراموش کر رکھا تھا اسی طرح فلاں بھول جائے فلاں عورت کو اور اسی طرح وہ مایوس ہو جائے مجھ سے جیسے کافر قبر والوں سے ناامید پھرتے ہیں وہ کہے گا اے رب تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا میں تو دنیا میں دیکھتا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے پاس میری آیات آئیں مگر تو نے ان کو فراموش کر دیا۔ اسی طرح آج تو فراموش کر دیا گیا۔

ناجائز محبت کو ختم کرنا

جو کوئی شخص کسی عورت پر عاشق ہو اور اپنے عشق کے ظاہر ہونے سے بدنامی کا خدشہ ہو اور اس امر کی تمنا ہو کہ میرا عشق جاتا رہے تو چاہیے کہ "آیت الکرسی" چینی کے برتن میں مشک و زعفران سے لکھ کر مع نام عورت کے جس کی محبت کو چاہے کہ ختم ہو جائے رات کو آسمان کے نیچے ستاروں کے سایہ میں رکھیں اور صبح کو پی لیا کریں تین دن پینے سے حالت درست ہو جائے گی اور محبت جاتی رہے گی۔

ناجائز دوستی کے خاتمہ کے لیے

دو دوستوں کی ناجائز دوستی ختم کرنا مقصود ہو تو بکری یا بکرے کے شانہ کی ثابت ہڈی لے کر اس پر یہ آیت شریف لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دیں تو وہ دوستی ختم ہو جائے گی۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ" نیچے لکھیں کہ فلاں عورت فلاں کی بیٹے سے فلاں مرد فلاں کا بیٹا دونوں میں دوستی ختم ہو جائے۔

عاشق کے دل سے معشوق کی محبت جاتی رہے گی

طب فریدی کا آزمودہ مجرب عمل ہے کہ لوہے کو اس قدر گرم کریں کہ خوب سرخ ہو جائے پھر اس کو ٹھنڈے پانی میں بجھا دیں۔ بجھاتے وقت یہ کہا جائے کہ جیسے یہ لوہا گرم ٹھنڈے پانی میں سرد ہوتا ہے۔ اسی طرح فلاں مرد کا فلاں عورت کی طرف سے ٹھنڈا کر دے اسی طرح تین مرتبہ ٹھنڈا کریں اور بجھا دیں پھر اس پانی سے عاشق کا منہ دھوئیں اور کچھ چھینٹے پانی کے سینے پر ماریں۔ تین دن اس عمل کو روزانہ اسی طرح کریں۔ عاشق کے دل سے معشوق کی محبت جاتی رہے گی۔

عشق رفع ہو

وہ سنگ مرمر جو کسی مردہ کی قبر پر اس کی وفات کی تاریخ لکھ کر لگایا کرتے ہیں۔اس میں سے ایک ٹکڑا لے کر اور اس کو پانی سے دوسرے پتھر پر گھس اور گھستے وقت نیت جدائی عاشق و معشوق کی جائے اور عاشق کو اس کی بے خبری میں پلائیں یا کسی چیز میں ملا کر کھلائیں جس کسی سے عشق ہو گا وہ رفع ہو گا۔

عشق کافور ہو جائے

کوری ہانڈی مٹی کی لیں اس معشوقہ عورت کے سر کے بال جس پر مرد عاشق ہے، لے کر اس ہانڈی میں ایسے جلائیں کہ دھواں باہر نہ جائے پھر اس ہانڈی میں پانی ڈال کر وہ پانی مرد کو پلائیں۔اس عورت کا عشق جاتا رہے بلکہ ایسی نفرت ہو جائے کہ کبھی اس کے دیکھنے کو دل نہ چاہے۔

شوہر حرام کاری کی طرف نہ جائے

اگر کوئی عورت یہ چاہے کہ میرا خاوند کسی دوسری عورت سے غلط کاری نہ کرے تو اس عورت کو اسمائے پاک کسی کاغذ پر لکھ کر دیے جائیں، وہ تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے۔ ''۸۶ ۷عَقَدْتُ سَمْعَكَ وَ بَصَرَكَ وَ ذَكَرَكَ لَا يَقُوْمُ اِلَّا فِى الْحَلَالِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ لِعَقْدِ ذِكْرَ فلان عَنِ الْحَرَامِ ''۔

بدکار مرد اور بدکار عورت میں جدائی ڈالنا

بدکار مرد اور بدکار عورت میں جدائی ڈلوانی ہو تو ایک سبز درخت کی ٹہنی (شاخ) سات مرتبہ یعنی سات جگہ لفظ ''بُدُّوحُ'' لکھیں پھر اس کو کاٹنا شروع کریں اور کاٹتے وقت

یہ الفاظ کہتا رہے" قَطَعْتُ قَلْبَ فلاں بن فلاں" مرد (مرد کا نام مرد کے باپ کا نام لکھا جائے) مَحَبَّةً فلاں عن فلاں، عورت کا (عورت کی ماں کا نام لیا جائے) پھر اس ٹہنی کو کسی پرانی قبر میں دفن کریں اور دفن کرتے وقت یہ آیت پڑھیں" اَلْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ كَذَالِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى فلاں بن فلاں فِيْ مُحَبَّةً فلاں بنت فلانه يُمُوْتُ قَلْبِهٗ كَمَا مَاتَ عَلَيْهِمْ صَاحِبُ هٰذَا الْقَبْرِ " یہاں بھی نام مرد اور اس کے باپ کا اور عورت اور اس کی ماں کا لیا جائے۔

ناجائز دوستی سے دل کو پھیرنا

اونٹ کے جسم پر مکھی جیسا جانور جو بیٹھتا ہے اور اس کو کلینی اور کلیلہ کہتے ہیں کو پکڑ کر عاشق کی آستین پر اس کی بے خبری میں دو چار مل کر دیا کریں اور کسی بہانہ سے اس کے بازو پر بطور تعویذ باندھ دیا جائے تو دوسری عورت کی طرف سے اس کا دل پھر جائے گا۔ مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی نے بھی اسے "سورہ الحمد" کی تفسیر فتح العزیز میں لکھا ہے۔

عشق کا ختم کرنا

جو کپڑا معشوق کی گردن سے بندھا ہو اس دھلے ہوئے کپڑا کا پانی پلانا، قمیص یا گملنے کی پٹی کا پانی بھی ترکِ عشق کے لیے مفید ہے۔

ترک محبت کے لیے

کسی قتل کیے ہوئے شخص کی قبر سے تھوڑی سی مٹی لے کر پانی میں پیس کر پلائی جائے کیسی ہی معشوق ہو، محبت ختم ہو جاتی ہے۔ نیز قبرستان میں زیادہ بیٹھنے سے بھی عشق جاتا رہتا ہے اور شربت باورنجبویہ صبح و شام دو تین تولہ پینے سے بھی عشق سے رہائی پاتا ہے۔ نیز

ان نشہ پیدا کرنے والی دواؤں کے پینے سے نشہ ہوتا ہے تو اس کا نشہ کی غفلت سے بھی عشق نہیں رہتا۔ افیون، بھنگ، اجوائن خراسانی، بیخ لفاخ۔

ذوقِ عشق محو ہو جائے

جو عاشق اپنا عشق دور کرنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ جس جگہ خچر یا خچری لوٹتے ہوں یہ بھی لوٹ جائے۔ عشق اس کا رفع ہو جائے۔ اگر مرد یا لڑکے پر عاشق ہے نر خچر کے لوٹنے کی جگہ اور اگر عورت پر عاشق ہے تو مادہ خچر کہ جگہ لوٹے کیسا ہی عاشق کا ذوق شوق محو ہو جائے گا۔

نافرمانوں کی طلبی، معشوق کی حاضری

طلسم اول:

جس کسی کو بلانا منظور ہو تو چاہیے کہ اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی اور ایک بوسیدہ یعنی پرانی ہڈی کو پیس لو پھر دونوں کو ملا کر اپنے تھوک سے گوندھ لو اور ایک چوکور ٹکیا بنا کر انگور کی بیل اس میں بناؤ اور ''بدوح'' کا نقش لکھو اور اس مطلوب و معشوق کا پھٹا ہوا کپڑا لے کر اس میں لپیٹ لو اور ایک کاغذ پر مطلوب کی شکل یعنی تصویر بنا کر بدوح کا نقش عزیمت، مطلوب اور اس کی ماں کا نام اس کے اندر لکھو اور ہوا میں لٹکا دو۔ فوراً بے قرار ہو کر آ جائے گا۔ بدوح کا نقش طلسم دوم سے لکھو۔

طلسم دوم:

دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر مشک و زعفران و گلاب کے عرق میں حل کر کے اگر کی لکڑی کا قلم اسی وقت بنائیں اور بدھ کے روز پہلی ساعت میں نقش بدوح لکھیں اور بعد میں اس قسم کبیر کو پڑھ کر کسی خوشبودار چیز جیسے مشک، عنبر یا لوبان کی دھونی دیں اور اپنا ہاتھ بند کریں۔

جس کے سامنے جا کر ہاتھ کھولیں اور اس کو دکھائیں گے وہ ہاتھ چلا آئے گا اسے کچھ نہ کہیں، نہ اس کی طرف مڑ کر دیکھے وہی پیچھے پیچھے ہوئے مرد ہو یا عورت۔ طلسم یہ ہے:

"یَا حَوْلَائِیْلُ بِحَقِّ رَوَاہُ یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ وَهَدَاہُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقْتَ الظُّلُمَاتَ بِنُوْرِہٖ اور قسم کبیر یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الْقُدُّوْسُ الطَّاهِرُ"۔

۷۸۶

ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
ب	د	و	ح
د	ح	ب	و

نام مطلوب اور اس کی ماں کا نام یہاں لکھے

تیسرا طلسم:

طلبی کی جو ساعتیں لکھی گئی ہیں اس وقت زعفران اور کالی مرچ ایک ایک ماشہ لے کر ایک دو ٹکڑے سیسے پر جو رانگ قسم کی ہوتا ہے پانی ڈال کر دونوں کو گھسائیں اور کاغذ پر سات جگہ "یَا اَللّٰه" اور سات ہی جگہ "یَا رَحْمٰنُ" لکھ کر یہ عبارت لکھیں۔

"لَیِّنْ قَلْبَ فَلَانَ بْنَ فَلَانَۃٍ وَاجْعَلْ لِیْ عِنْدَہٗ الرَّافَۃُ وَالرَّحْمَۃُ وَالْحَنَّانُ وَالْقَبُوْلُ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحِی الْمَوْتٰی قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَۃً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْکَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ مِنْهُنَّ جُزْءً ثُمَّ ادْعُهُنَّ

يَأْتِيْنَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ كَذٰلِكَ يَاْتِىْ فُلَانُ بْنُ فُلَانَةِ
خَاضِعًا ذَلِيْلًا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَ كَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ"۔

پھر جس کو مطیع کرنا ہو اس کے سر پر سات بار پھیریں سوتے میں یا جاگتے میں اگر وہ ایسا شخص ہے کہ جس کے پاس جانا ممکن نہیں تب دور ہی ہے اس طرح کہ شخص یعنی طالب اپنے مطلوب کو دیکھتا ہو اور وہ اس کو نہ دیکھتا ہو تو سات مرتبہ اس کو پھرا دیں اور ہر مرتبہ سات ہی مرتبہ "اللہ اکبر" کہیں اور پھر وہ کاغذ اپنے پاس رکھیں مطلوب پیچھے پیچھے آئے گا۔ اس عمل کو جمعرات کے دن آفتاب کے نکلتے ہی لکھنا چاہیے۔

حکمرانوں کی فرمانروائی، حکام کی دادرسی، ضرورت مندوں کی حاجت روائی

خداوند عالم نے دنیا میں نیک حکمرانوں اور عادل فرمانرواؤں کو اپنی مخلوق کے سر پر اپنا سایہ یعنی ظل اللہ کے خطاب مستطاب سے فائز المرام فرمایا ہے کہ اس کی مخلوق ہر طرح چین و آرام سے زندگی بسر کرے اور کسی کو کسی سے تکلیف نہ پہنچے۔ اگر وہ عادل ہے تو خدا کا خلیفہ اور ظالم ہے تو شیطان کا نائب ہے۔ فرمانروا کو ہر کسی کے ساتھ عدل سے پیش آ، وقت ضرورت رعایا کے دلوں میں اپنی ہیبت قائم کرنے کے لیے دشمنوں کو قتل کرنا، پھانسی دینا، جیل بھیجنا، ملک اور رعایا میں امن اور دلوں میں اطمینان پیدا کرتا ہے۔ مخلوق جانتی ہے کہ ہمیں کوئی تکلیف پہنچائے گا تو ایسے ہی اپنے کیے کی سزا پائے گا۔ والی ملک اور والی ریاست اس سرزمین میں اسی لیے خدا کا سایہ ہے کہ ہر مظلوم اپنی دادرسی کے لیے اس کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور وہ مفسدوں کے قتل و غارت کرنے اور طرح طرح کی تکلیف پہنچانے والوں کو سزا۔۔ کیونکہ قاتل کے قتل ہونے سے اور کوئی شخص دوسرے کو قتل نہیں

کرے گا اور تکلیف پہنچانے والا ایذا دینے سے باز رہے گا۔ ایک حکمراں سے انتظام مملکت نہیں ہو سکتا ہے۔ اس لیے بہت سے حکام مقرر فرمائے جو منصف اور عادل ہوں، جزا و سزا دینے میں کسی کی رعایت نہ کریں، سفارش نہ مانیں اور رشوت لے کر حق کو ناحق نہ کریں۔ حاکم اور افیسر صاحبان انصاف نہ کریں گے تو حکمراں کا ظلم شہرت پائے گا اور ہر شخص بددل ہو جائے گا جو ظلم کو روا رکھے گا اور کسی کا دل دکھائے گا وہ ہمیشہ کردنی خویش آمدنی پیش کے مصداق کسی نہ کسی بے چینی میں مبتلا رہے گا۔ خداوند عالم کا حکم بھی ہے کہ مظلوم کی بددعا سے ڈرو جس کا میرے سوا کوئی مددگار نہیں اگر میں ظالم سے بدلہ نہ لوں تو پھر عادل حقیقی کیسے کہلاؤں گا۔ کسی صادق العقول کا شعر ہے۔

بہ ترس از آہ مظلومان کہ ہنگام دعا کردن

اجابت از در حق بہر استقبال می آید

حکام اور آفیسران بالا کا یہی فرض ہے کہ اپنے عہدہ جلیلہ کی سرفرازی پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتے رہیں کہ اس نے اپنی مخلوقات کے انتظام فرمانے کے لیے ایسا عالی رتبہ مرحمت فرمایا اپنے مذہبی نکتہ نظر سے ہر چارہ جو کیساتھ اپنے عدل وانصاف سے شہرت کریں اور مظلوم طبقہ کئی آنے والی نسلوں تک اس عادل بادشاہ کو یاد رکھیں۔ دنیا چند روزہ ہے اول تو ناانصافی کا یہاں ہی کسی نہ کسی طرح بدلہ مل جائے گا ورنہ روز جزا ضرور ہی بدی کا بدلہ برا ہی ملے گا۔ ع نوشیروان نہ مرد کہ نام نکو گذاشت

اہلکاروں اور ماتحتوں کو اپنے افسروں کے حکم کی اطاعت کا خیال رکھنا اور اپنا فرض منصبی دیانت وامانت سے ادا کرنا چاہیے۔ ہر ایک ماتحت کو اپنے حکمرانوں اور افسروں کے عدل وانصاف کی ہمیشہ تعریف کرنی چاہیے۔ حاکم کی خواہش کسی شئے پر ہو بخوشی نذر کریں جو حکم ملے اسے بغور سنیں۔ حکام کے معاملات اور امور میں کسی قسم کی دخل اندازی نہ کریں۔

ایسا نہ ہو اپنے شکوہ شکایت کا شک گذرے اور حاسدوں کی برائی کا موقعہ ملے۔ حاکم کسی اور سے بات چیت کرتے ہوں یا کچھ دریافت کرنا چاہیں تو آپ پیش قدمی نہ کریں۔ ایک دوسرے کے درمیان میں بولنا اپنی عزت گھٹانا ہے۔ اگر حاکم نے کہہ دیا کہ میں تجھ سے نہیں پوچھتا اسوقت سوائے شرمندگی کے کیا جواب دیا جائے گا۔ جس چیز کو حاکم ظاہر نہ کرے اس کو آ بھی پوچھیں حاکم کچھ دے قبول کریں۔ یہ مثال مشہور ہے کہ ''حاکم کا تیل پلو میں جھیل'' امانت داری اختیار کریں کہ آدمی ذلیل و خوار کو عزیز کرتی ہے اور خیانت و رشوت سے بچ کر نیک انسان کو بدنام کرتی ہے۔ آفیسر کی عدم موجودگی میں بھی تعریف کرنی چاہیے۔ دوسرا کوئی برا کہنے تو نرمی سے اس کو منع کریں۔ غرض یہ کہ! اپنا حاکم کسی نیچ ذات کا ہی ہو اس کو اپنا بالادست جائیں اور اس کی دلجوئی اور رضامندی مقدم سمجھیں وہ بھی ایسے خیر خواہ سے درگذر کرے گا اور ہمیشہ ایسے اہلکار کی ترقی اور امداد فرمائے گا اور مدد کرتا رہے گا۔
اگر مدارات اور خاطر تواضع سے بھی حکام چیں بہ چیں اور مارِ آستین بنے رہیں تو ان کو درج ذیل عملیات سے اپنا بنائیں اور اپنی ملازمت اور کارگردگی کا ان سے صلہ پائیں۔ رعایا پر یہ بھی فرض ہے کہ اپنے نیک اور عادل حکمران کو مظہر سلطنت الٰہی جانے اور اس کے قوانین کی پابندی سے انحراف نہ کریں۔ اگر عادل سے دعا گو رہی، ظلم کرتا ہے تو صبر کریں کوئی ضرورت پیش آئے تو خدا سے دعا مانگیں اور ان وظائف سے اپنے بادشاہ وقت حکمرانوں خواہ کسی قوم اور کسی مذہب سے ہوں اپنی طرف مائل کریں اور جو چاہیں ان سے کام لیں ایک نکتہ اور بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ! اگر آپ اپنے ماتحتوں کو خوش رکھنے کی کوشش کریں گے تو آپ کے افسران بالا بھی خوش رہیں گے۔ اگر آپ اپنے زیر نظر ملازموں پر جبر اور ظلم و زیادتی روا رکھیں گے تو تمہارا حاکم تم پر ضرور ظلم کرے گا۔


حکمرانوں کی رضامندی، بدمزاجوں کی مہربانی اور افسرانِ بالا سے مطلب برآری

پہلا عمل:

کسی کو بادشاہوں، راجہ نوابوں اور بدمزاج افسروں کے پاس جانا ہو تو پہلے جمعرات کو روزہ رکھیں، کھجور سے افطار کریں اور مغرب کی نماز پڑھ لینے کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں، مشک و زعفران اور گلاب سے ایک کاغذ پر ایک سو ایک جگہ لکھیں اور عود وغیرہ بھی مل سکے تو اس کی دھونی لکھتے وقت جلائیں۔ قسم ہے خدائے پاک کی جو شخص اس عمل کو کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ تمام دنیا کے بادشاہوں اور لوگوں کی نگاہوں میں ایسا عزیز رہے گا جیسے چودھویں کا چاند، ہر ایک اس کی عزت اور اطاعت کرے گا اور اس کی ہیبت سب کے دلوں میں رہے گی جس کی اس پر نگاہ پڑے گی اس سے محبت کرے گا جو کام اس کا ہو گا وہ بصد عاجزی بجالائے گا۔ کاغذ پر اس طرح لکھیں ''ب س م ال ل ہ ال رح م ان ال رح ی م''

جو بھی دیکھے گا گرویدہ ہو جائے گا

''سورہ الحمد شریف'' سونے کے برتن پر جمعہ کے دن صبح کے وقت مشک و زعفران کافور اور گلاب میں حل کر کے اس سے لکھیں اور پھر گلاب سے دھو کر ایک شیشی میں بھر کر رکھ لیں اور جب کسی کے پاس کسی مطلب برآری کے لیے جائیں تو اس میں سے تھوڑا سا لے کر اپنے منہ پر مل لیں۔ جو بھی دیکھے گا تعظیم سے پیش آئے گا اور اس سے مطلب برآئے گا۔

افسر مرعوب ہو جائے

جب کوئی شخص کسی حاکم یا افسر سے خوف زدہ ہو تو پانچ کنکریاں زمین سے اٹھا کر پہلی رات اور دوسری پر "ھ"، تیسری پر "ی"، چوتھی پر "ع" اور پانچویں پر "ص" پڑھے اور پہلی کنکری کو اپنی داہنی طرف پھینک دے اور کہے "قَوْلُهٗ" اور چوتھی کو سامنے ڈالے اور کہے "اَلْمُلْكُ" اور پانچویں کو اپنے سر پر رکھ لے اور کہے "کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اَمْسِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ یافلاں بن فلاں (جس سے خوف ہو یہاں اس کے اور اس کے باپ کا نام لے) بِحَقِّ الاسم الاعظمِ وَبِحَقِّ هذه الاسماء الشريفة کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ" اس کی زبان اس کے حق میں بند ہو جائے گی اور کچھ نہ کہہ سکے گا۔

افسر مہربان ہو جائے

جس کو یہ منظور ہو کہ کوئی حاکم اعلیٰ و ادنیٰ مجھ پر ناراض نہ ہو اور ہمیشہ اس کی زبان میری طرف رطب اللسان رہے۔ پس کیسا ہی حاکم، جابر و قاہر ہو مہربانی سے پیش آئے گا۔ اس دعا کو بہت چھوٹے سے پرچہ کاغذ پر لکھ کر اوپر سے موم لپیٹیں تا کہ کاغذ منہ کی تھوک سے گھل نہ جائے جب حاکم وغیرہ کے پاس جائے زبان کے نیچے رکھ لیا کریں۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا غَنِيُّ مِنَ الْقُرْاٰنِ"

افسر مان جائے

حکام وغیرہ کی ناراضگی دور کرنے اور افسران بالا سے مطلب برآری کے لیے تین روز تک سات مرتبہ یہ دعا شیرینی پر پڑھ کر جس طرح ممکن ہو جائے حاکم کو کھلائی جائے "مَيْتٌ سَمَيْتٌ لَيْتٌ"

تسخیرِ حاکم کے لیے

یہ عمل حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ قدس سرہ سے منقول ہے اور افسران بالا کی تسخیر کے لیے بے حد مجرب ہے۔(۱) نمازِ صبح کے بعد دو سو مرتبہ ''ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ''،(۲) نمازِ ظہر کے بعد دو سو مرتبہ ''ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ''،(۳) نمازِ عصر کے بعد دو سو مرتبہ ''ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ''،(۴) نمازِ مغرب کے بعد دو سو مرتبہ ''ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ'' اور (۵) نمازِ عشاء کے بعد دو سو مرتبہ ''ھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ'' پڑھا کریں۔

اپنے افسر سے خوف زدہ نہ ہوں

جو شخص پولیس یا افسران بالا کے ظلم کی وجہ سے خوف زدہ ہوں تو یہ درود شریف روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ان کو جا کر سلام کیا کریں۔ ان کی ناراضگی دور اور خوف کافور ہو جائے گا۔ ''اَغِثْنِیْ وَ اَمْدُدْنِیْ یَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ''۔

ہر مسئلہ حل ہو جائے (انشاءاللہ)

۔ تمام مشکلات کے حل کے لیے ''سورہ اخلاص'' اکسیر اعظم ہے۔ اس کے علاوہ اس کے بے شمار خواص ہیں۔ منجملہ ان کے چند بیان کیے دیتے ہیں۔ جس کسی کی یہ خواہش ہو کہ فرشتوں کا ہمنشین ہو جاؤں اور دین و دنیا کا مالک بن جاؤں تو شروع ماہِ رجب کے پہلی شب جمعہ ہو اس رات سات مرتبہ درود شریف اول و آخر پڑھے اور پھر ''سورہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ'' ایک ہزار ایک سو مرتبہ تین جمعہ تک پڑھے۔

فتوحات کے لیے

مشکل آسان ہوتی ہے اور کوئی حاجت ہو بر آتی ہے، رزق کی کشائش ہوتی ہے، عوام

میں مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔ ''یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اَللّٰہُ الصَّمَدُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَافِظُ یَا رَزَّاقُ'' ایک سو مرتبہ بعد نماز صبح آسمان کے نیچے پڑھیں یعنی کسی چھت یا درخت وغیرہ کے نیچے نہ پڑھیں اول وآخر یہ درود شریف پڑھا کریں۔

''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ''۔

لوگوں کے دلوں میں ہیبت طاری ہو

جو کوئی اس اسم کو ہزار مرتبہ ہر روز پڑھی اس کی ہیبت وعظمت پر حاکم وافسر کے دل میں پیدا ہوگی۔ ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ یَبْلُغْ فِیْ اَسْمَائِھَا عَوْنًا مِنْ خَلْقِہٖ''۔

عدالت یا کچہری یا افسر کے سامنے جانے کے لیے

اس اسم کو اس چاندی کی انگوٹھی میں جو مربع شکل میں ہو پر کھدوا کر اپنے پاس رکھیں۔ اس وقت کندہ کروائیں جب کہ مہتاب برج شرف میں ہو اور اس پر خوشبو لگائیں۔ جب کسی حکومتی عہدہ دار کے سامنے جانا منظور ہو داہنے ہاتھ کی انگلی میں پہن کر جائیں۔ ایسے میں جب عدالت یا کچہری میں بیٹھیں تو بھی پہن کر بیٹھے رہیں۔ واپس آنے پر نکال کر الگ رکھ دیا کریں۔ پاکیزگی کا خیال کیا کریں۔

۷۸٦

ع	ز	ی	ز
ز	ی	ز	ع
ی	ز	ع	ز
ز	ع	ز	ی

حاکم وقت راضی ہے

افسران بالا کو مہربان بنانے کے لیے اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر چھوٹا سا تعویذ بنا کے موم میں لپیٹ کر اپنی زبان کے نیچے رکھیں جس کام کے لیے جائیں اس کی زبان بند ہو جائے۔ کوئی شخص بھی کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے۔ بلکہ جو مقصد ہو وہ بر آئے گا۔ فلاں جو نقش میں لکھا ہے اس جگہ اس حاکم یا رئیس یا آفیسر جس سے کام ہو، کا نام لکھیں۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	فلاں ۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ناراض شخص راضی ہو جائے

ظالم حکمران کے سامنے جاتے وقت ہد ہد پرندہ کی زبان تلوں کے تیل میں تر کر کے اپنی زبان کے نیچے رکھیں اور جس کسی کے پاس جاتے وہ جتنا ہی ناراض رہتا ہو مہربانی سے پیش آئے گا اور سوال پورا کرے گا۔

مخلوق میں عزت ہو

الو کی داہنی آنکھ مشک میں حل کر کے رکھنا حکمرانوں اور تسخیر خلائق کے لیے بے حد مجرب و آزمودہ ہے۔

ادھر نظر ملائیں ادھر محبت پیدا ہو

حجر مقناطیس وہ پتھر ہے جو لوہے کی سوئی وغیرہ اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ اس کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں۔ جس حکمران مرد و عورت کے پاس جائیں اور نظر سے نظر ملائیں تو محبت سے پیش آئے گا۔ اس کے کام کو معشوق سے بجالائیں گے۔ یہ پتھر کہیں نہ ملے تو اس کتاب کے مصنف سے منگا لیجئے۔

ناگہانی بلا اور افسر کے عتاب سے محفوظ رہنے کے لیے

افسر کے غصہ کو ختم کرنے اور بلائے ناگہانی سے محفوظ رہنے کے لیے نماز عشاء یا نماز صبح کے بعد سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور جب کسی افسر کے پاس جانے لگیں تو ایک سانس میں اس دعا کو سات مرتبہ پڑھیں ''اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ''

عزت و آبرو میں اضافہ ہو

جس کسی کی یہ تمنا ہو کہ جہاں کہیں اور جس کسی کے پاس جاؤں میری آبرو اور عزت بڑھے تو اسے چاہیے کہ بعد نماز صبح کلمہ طیبہ ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' دس مرتبہ، بعد نماز ظہر بیس مرتبہ بعد نماز عصر، تیس مرتبہ بعد نماز مغرب چالیس مرتبہ، بعد نماز عشاء پچاس مرتبہ اور بعد نماز وتر ساٹھ مرتبہ پڑھتا رہے اور جمعرات کے روز حضور پاک ؐ کی نیاز کیا کرے۔ عزت و آبرو میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ موت کا فرشتہ روح آسانی سے قبض کرے گا۔ بہشت کی حور و غلماں اس کا استقبال کریں گی اور اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی مانند روشن ہوگا۔

تسخیر کے لیے ایک لاجواب عمل

جمعرات کو روزہ رکھیں اور کشمش چھوارے یا منقی سے روزہ افطار کریں اور مغرب کی نماز پڑھ کر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" ۷۸۶ مرتبہ پڑھے اور پھر عشاء کی نماز پڑھے۔ اس کے بعد پاک بستر پر لیٹ کر بلا تعداد "بسم اللہ شریف پڑھیں" پڑھ لینے کے بعد کاغذ پر "بسم اللہ شریف" کو سیاہی سے ایسے لکھیں کہ جیسے کہ نیچے مفرد حروف بنائے جاتے ہیں اور اپنے پاس رکھیں۔ قسم ہے اس خدا کی جس نے "بسم اللہ شریف" بھیجی ہے۔ وہ پاس رکھنے والا شخص تمام دنیا کی نظروں میں عزیز رہے گا اور جو کچھ کہے گا اس کا کہا اہل دنیا دل سے مانیں گے اور انتہائی خوش دلانہ طور پر اس کی خاطر و مدارت کریں گے۔ تعویذ لکھنے کے حروف یہ ہیں:

ب، س م ال ہ ر ح م ان ال ر ح ی م

ہر شخص عزت سے پیش آئے گ

حجر جمست، ایک پتھر کی قسم ہے جو بمقام ارض صغرا مدینہ طیبہ سے تین روز کے سفر پر ہے وہاں ملتا ہے۔ اور یہ تین قسم کا ہوتا ہے ان میں سے جو سرخ رنگ کا ہو اس کا نگینہ بنوا کر چاندی کی انگوٹھی میں نصب کر کے داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہنیں جس سے ملیں گے وہ اس کی زیادہ عزت کرے گا۔

آبرو اور عزت میں اضافہ ہو

نماز صبح کے بعد گیارہ مرتبہ "تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ" پڑھا کریں۔ آبرو اور عزت میں اضافہ ہو۔ خلوص اور یقین شرط ہے۔ ہر ورد اور ہر دعا کو انتہائی انہماک اور عاجزی کے ساتھ پڑھا جائے۔ انشاء اللہ مقصد ضرور پورا ہو گا۔

عزت میں روز بروز بہتری پیدا ہو

"بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ" ۱۰۱ مرتبہ ہر روز شروع ماہ سے پڑھیں۔ چالیس دن کے بعد سے روز بروز عزت و آبرو میں اضافہ اور ترقی ہو گی۔

برائے ترقی جاہ و حشمت

جو شخص ہر روز نماز صبح کے بعد یا نماز عشاء کے بعد ایک مرتبہ درود مستغات پڑھ لیا کریں۔ چالیس روز ملازمت میں ترقی ہو گی۔ اگر بے روزگار ہے تو روزگار ملے گا، مال و رزق میں خیر و برکت ہو گی۔ اس کے لیے شرط یہ ہے کہ عاجزی و انکساری کے ساتھ رہیں۔ کسی پر ظلم نہ کریں اور مستحق اور غریب لوگوں کی خدمت کر کے ان کی دعائیں لے۔

افسر کی ناراضگی دور ہو

اگر کسی شخص کا افسر سخت مزاج ہو اور اس کی طرف توجہ نہ دیتا ہو تو اسے چاہیے کہ! درج ذیل اسم پاک کو نیک ساعت میں مشک و زعفران سے باریک کاغذ پر لکھ کر یا لکھوا کر "يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ" اس کے بعد پہلے اپنا نام اور بعد میں اس حاکم یا افسر کا نام لکھے۔ جس مکان میں وہ افسر رہتا ہو تو اس کی دیوار میں پاک جگہ پر رکھ دے۔ اس کا غصہ جاتا رہے گا اور وہ اس کی ترقی کے بارے میں سوچے گا۔

دولت و نعمت اور تسخیر خلائق

دنیا کے طلب گار اس اسم کو ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ ملازمت میں ترقی، دولت میں اضافہ ہو گا نیز تسخیر اور رجوع میں خلائق کے لیے بے حد مجرب ہے۔ "يَا عَجِيْبُ"

الصَّنَّاعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ لِكُلِّ الْاٰيَهٖ وَنَعْمَائِهٖ وَثَنَائِهٖ''۔

جاہ و منصب معزولی، ملازمت سے برطرفی کی بحالی

جو شخص اپنے منصب سے معزول ہو گیا ہو۔ وہ اس نقش کو چاندی کی تختی پر معہ موکل کے نام کے کندہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

۷۸۶

ال	م	جی	د
۱۶	۱	۳۰	۳۱
۲	۱۵	۴۳	۲۹
۳۹	۳۲	۳	۱۴

تخت و تاج پھر سے ملے

کوئی شخص خواہ کوئی بادشاہ ہو یا بزرگ عہدہ دار ہو اپنے تخت و تاج سے معزول ہو گیا ہو یا کوئی ملازم اپنی ملازمت سے معطل ہو گیا ہو تو اس کو چاہیے کہ سات روزے رکھے اور کسی جانور کا گوشت نہ کھائے اور اس اسم کی اس طرح دعوت کرے ایک مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ اسم بعد نماز عشاء ۴۱ روز تک پڑھے ''یَا اَللّٰهُ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَهْدِی الْعُقُوْلُ لِعَظَمَتِهٖ '' تاج و تخت پھر سے ملے، بے روزگار کا روزگار ہو جائے، قرضے سے سبکدوشی ہو، چند روز میں دولت میسر آئے تو پھر چاہیے کہ ! عدل کرے، ظلم سے پرہیز کرے، غریبوں کا کام ویسے کرے اور اپنا حال کسی پر ظاہر نہ کرے۔

تسخیر حکام و رجوع خلائق

مخلوق کی تسخیر، حکمرانوں، افسروں، راجہ مہاراجوں، چودھریوں، نوابوں، بادشاہوں وغیرہ کو آج کل اپنا مسخر کرنے کا ہر کوئی تمنائی ہے۔ کہیں فقیروں کی خوشامد کرتے ہیں کہ ہمیں ایسا تعویذ بنا دو یا کوئی وظیفہ بتاؤ کہ فلاں رئیس ہماری طرف راغب ہو جائے، کہیں جوگیوں اور سنیاسیوں کی خاطر کرتے ہیں کہ ان سے کوئی تسخیر کا عمل حاصل کیا جائے۔ ان لوگوں کو کیا غرض پڑی کہ بغیر کسی لالچ یا معقول خدمت کے اپنی عمر بھر کی کمائی سے ان کو مالا مال کر دیا جائے۔ غرض یہ کہ لوگ عام لوگوں کا کام نہیں کرتے بلکہ مخلوق کی تسخیر اور والیانِ سلطنت کو مسخر کر کے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اس خاکسار نے جیسے اور علم و فن کے خزانے لٹا دیئے۔ ایسے ہی ان خزائن معلومات سے آگاہ کرتا ہے اور اس کے طریقے بھی باقاعدہ بتاتا ہے۔ مشہور ہے کہ جو کام باقاعدہ کرتا ہے وہ ضرور بہرہ ور ہو جاتا ہے۔ جس کسی کو مسخر کرنا ہو تو پہلے اس کو کم سے کم دو چار مرتبہ یا ایک دو دفعہ اچھی طرح دیکھ لیں تاکہ اس کی صورت و شکل اور جسم کا تصور ہو سکے جتنا زیادہ تصور رکھے گا۔ اتنا جلدی ہی مسخر ہو جائے گا۔ خواہ کوئی ہو۔



ایک ہفتہ کے اندر اندر تسخیر حاصل ہو جائے

یہ عمل حکام، افسران بالا اور سرداران قوم کو مسخر کرنے اور رجوع خلائق کے لیے بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے شروع ماہ میں جمعرات، جمعہ یا پیر کی صبح کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز پڑھ کر اس طریقہ سے وظیفہ پڑھیں۔ یہ ۱۱۶ اسم ہیں۔ ہر ایک اسم کو دس دس مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ يَا حَيُّ يَا

قَیُّوْمُ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا رَؤُفُ یَا عَطُوْفُ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا عَلَّامَ السَّرَائِرِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یَا سَرِیْعُ یَا قَرِیْبُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ یَا قَادِرُ یَامُقْتَدِرُ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ یَاحَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّالِّیْنَ یَا قَهَّارُ یَا عَزِیْزُ پھر آخر میں دس دس مرتبہ درود شریف جو اوپر لکھا ہے۔ چالیس روز پڑھیں اور اپنے مطلب کا دھیان رکھیں۔ ایک ہفتہ نہیں گزرے گا کہ بہ طفیل حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا درگاہ خدا میں مستجاب ہو کر تسخیر ہونے لگے گی۔

تسخیر خلائق کے لیے ایک آزمودہ عمل

اس عمل کو پڑھنے سے تسخیر خلائق اور خلقت کی رجوعات ایسی ہوتی ہے کہ دنیا کسی وقت پیچھا نہیں چھوڑتی۔ شروع مہینے میں جمعرات کے دن یا جمعہ کو صبح کی نماز پڑھ کر شروع کریں۔ تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر ایک ایک سانس میں ایک ایک اسم ایک ایک مرتبہ "یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَارَبَّاہُ یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَارَحِیْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ" پڑھیں پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھیں اس کے بعد "سورۃ النصر" مع بسم اللہ شریف پڑھیں اور پھر تین بار ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الشَّرِیْفَةِ الْكَرِیْمَةِ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرًا هٰذَا الْیَوْمَ نَصْرُهَا وَنُوْرُهَا بَرَكَاتُهَا وَ هَدَائِهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا قَبْلِهَا وَ مَا بَعْدَهَا " پھر تین مرتبہ وہی درود شریف پڑھ کر وہ سات اسم ایک ایک سانس میں پڑھ کر تین بار درود شریف پڑھیں اور پھر ہاتھ اٹھا کر تین مرتبہ دعا پڑھیں اور خدا سے اپنے مطلب عرض کریں۔ اسی طرح چالیس روز ورد کر کے چھوڑ دیں اگر پڑھتے رہیں گے تو بہت اچھا ہے۔

مخلوق تعظیم کرے

جو شخص یہ دو نقش جمعہ کی پہلی ساعت میں زیادہ چاندنی میں یعنی ۷، ۹، ۱۱ تاریخوں میں جس تاریخ کو جمعہ آئے چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کر اپنی داہنی انگلی چھوٹی میں پہنیں۔ جہاں جائیں گے مخلوق تعظیم سے پیش آئے گی اور ہمیشہ اس کی گرویدہ رہے گی۔ دو نقش ایک انگوٹھی پر کندہ نہ ہو سکیں تو دو انگوٹھی بنوا کر دونوں نقش کھدوائیں اور اگر نکسیر والا پہنے تو نکسیر کا خون ناک سے آن بند ہو جائے۔

یہ نقش کٓھٰیٰعٓصٓ ہے

۷۸۶

ص	ع	ی	ھ	ک
ک	ص	ع	ی	ھ
ھ	ک	ص	ع	ی
ی	ھ	ک	ص	ع
ع	ی	ھ	ک	ص

یہ نقش حمٓعسٓقٓ ہے

۷۸۶

ق	س	ع	م	ح
ح	ق	س	ع	م
م	ح	ق	س	ع
ع	م	ح	ق	س
س	ع	م	ح	ق

وہ مسخر ہو جائے

حاجت مند کو قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا کریں اور اس کے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ اسم ''یا طالوت'' لکھیں اور مٹھی بند کرا دیں اور تہہ دے کر راستہ میں کسی سے بات نہ کریں جس شخص کے پاس جانا ہے اسی کے پاس پہنچ کر سلام اور کلام کریں وہ مسخر ہو جائے گا۔ جو اس سے کام لینا نہایت خوشی سے پیش آئے گا اور فوراً انجام دے گا اور اگر خود اپنے آپ کو ضرورت ہو تو اپنے بائیں ہاتھ سے اپنی داہنی ہتھیلی پر لکھیں اور جائیں۔ مقصد پورا ہو جائے گا۔

تسخیر خلائق ہو اور سانپ اندھا ہو جائے

زمرد پتھر جو کہ اچھا سبز خوش رنگ ہو اور اس کو پنا بھی کہتے ہیں۔ اس کا نگینہ لیں یا تیار کیا ہوا خریدیں اور سونا چاندی دونوں برابر وزن سے لے کر ان کی انگوٹھی بنوائیں اور وہ نگینہ مشتری کی ساعت شروع ماہ میں نصب کرا کر اپنی انگلی میں پہنیں جہاں کہیں جائیں گے، تسخیر خلائق ہو گی اور ہر کوئی خاطر تواضع سے پیش آئے گا۔ اگر سانپ بھی دیکھ لے تو اندھا ہو جائے گا۔

ہر شخص محبت کرے

''حجر القمر'' کہ ہندی میں چندر کانت کہتے ہیں اس کو نیلے کپڑے میں باندھ کر عورت اپنے سر کے دوپٹہ اور مرد ٹوپی وغیرہ میں رکھے یا گلے میں لٹکا دے۔ ہر کوئی محبت کرے گا اور کہیں جائے گا تو ڈر خوف محسوس نہ ہو گا۔

لوگ چاہنے لگیں

تسخیر خلائق کے لیے بجو جانور کے سر کا مغز جس کو (بھیجا) بھی کہتے ہیں جو شخص اپنی آنکھوں کی بھوؤں پر ملے اور لوگوں سے ملے گا سب اس سے محبت کریں گے۔ نیز بجو کا دایاں ہاتھ جو شخص اپنے پاس رکھے گا بادشاہوں وزیروں، راجوں مہاراجوں، نوابوں اور حکمرانوں سے جو حاجت رکھتا ہو وہ پوری کریں گے اور رضامندی سے پیش آئیں گے۔ نیز جو عورت مادہ بجو کی شرمگاہ اور ناف کے نیچے کی کھال اپنے پاس رکھے گی اور جتنے بھی مرد اس پر نگاہ ڈالیں گے فریفتہ ہو جائیں گے۔

تمام دنیا مطیع ہو جائے

شیر کے ماتھے کی چربی پگھلا کر گلاب کے تیل میں ملا کر جو شخص اپنے چہرہ پر ملے بادشاہ اور تمام دنیا اس کی مطیع ہو جائے گی اور اس سے خوف کھائیں گے۔

کیا بات ہے سنگ منقاطیس کی

سنگ مقناطیس سیاہ مائل بہ سرخی جو کہ لوہے کو اپنے میں جذب کرے اور سوئی وغیرہ کو اپنی طرف کھینچ لے اس کے ٹکڑے کو سفید باریک کپڑے میں لپیٹ کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا ہر کوئی اس کی تعظیم وتوقیر کرے گا اور جس کے پاس جو حاجت لے کر جائے گا وہ پوری کریں گے۔

تسخیر ہی تسخیر

ہر کسی کو یہ تمنا ہوتی ہے کہ ہر ایک امیر شخص اور افسر ہمارے پاس بن بلائے چلا آئے اور اپنی دولت وثروت ہماری نذر کرتا رہے۔ اس کے لیے ہر کوئی عمل اور وظائف

پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔ لیکن شرائط چلہ کشی دشوار تر کام ہے۔ اس لیے اس عمل کو پورے طور سے ادا نہیں کر سکتے۔ لہٰذا یہ خاکسار و مفصل طور پر اسم ''یَا وَھَّابُ'' کے وظیفہ کو بیان کرتا ہے تاکہ ہر کوئی آسانی کے ساتھ اس کے فوائد حاصل کر سکے۔ صبح کا وقت نزول رحمت الٰہی کا ہے۔ اس وقت میں خشوع و خضوع سے جو کچھ پڑھ کر دعا کی جائے وہی قبول ہوتی ہے۔ لہٰذا صبح کا وقت پڑھنے کا اختیار کریں۔ شروع مہینہ میں چاند جمعرات کا دن ہو، روزانہ نہا کر کپڑے اس وظیفہ پڑھنے کے علیحدہ رکھیں۔ تنہائی میں حجرہ کے اندر پڑھیں کھانے کی جو کی روٹی کھائیں، نیک کمائی سے روزی حاصل کریں۔ اپنے ہاتھ سے پکائیں یا کسی نمازی سے پکوائیں۔ روزہ پہلے دن ضرور رکھیں۔ جس طرح ممکن ہو ناغہ نہ کریں۔ خوشبو، لوبان یا اگر بتی کی جلالیں، کپڑوں میں خوشبو عطر دیسی کی لگائیں، لیمپ وغیرہ مٹی کے تیل کا نہ جلائیں، موم بتی یا گھی کا چراغ روشن کریں، بری باتیں زبان سے نہ نکالیں، خلاف شرع کام نہ کریں، یعنی جھوٹ نہ بولیں، غیبت نہ کریں، پڑھنے سے پہلے ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ'' اور ''بِسْمِ اللّٰہ شریف'' پڑھ کر تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔ ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ'' بعد میں ''یَا وَھَّابُ'' ایک ہزار ایک مرتبہ صبح کی نماز سے پہلے پڑھیں۔ ختم ہونے کے بعد پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور دعا مانگیں چالیس دن تک اسی پابندی سے پڑھیں۔ بعد میں ایک سو مرتبہ ہر روز پڑھا کریں۔ ناغہ نہ ہونے دیں۔ اگر کسی وجہ سے ہو جائے تو اور کسی وقت پڑھ لیں۔

تسخیر و محبت کے لیے سورہ بقرہ کے چند مجرب وظائف

حصول رشتہ کے لیے:

اگر کسی کی لڑکی کا رشتہ کہیں بھی نہ ہوتا ہو اس وجہ سے وہ سخت پریشان ہو، ہر کوشش

ناکام ہو چکی ہو تو یہ عمل اکسیر ہے۔ اس مقصد کے لیے بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز نفل بہ نیت حاجت براری پڑھیں۔ اس کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر انتہائی عاجزی و انکساری سے ایک مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ اور اسم ''حُسنٰی یَا لَطِیْفُ'' ایک سو مرتبہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاءاللہ چالیس دن بلاناغہ عمل سے مراد پوری ہو گی اور اچھی جگہ سے رشتہ طے پائے گا اور تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

حکام کو مہربان کرنا

جس کسی کو حاکم وقت یا اس کے مقرر کردہ کسی بھی بڑے آفیسر سے کوئی سخت کام در پیش ہو اور وہ اس بات سے ڈرتا ہو کہ حاکم وقت یا وہ آفیسر کام کرنے کی بجائے الٹا ناراض ہو کر کچھ نقصان نہ پہنچائے تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد کارگر ہے۔ اس مقصد کے لیے جمعہ کے دن پہلی ساعت میں شیشہ کے برتن میں باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر مشک وزعفران سے سورۃ البقرۃ لکھیں پھر اس کو عرقِ گلاب سے دھو کر اس عرق کو کسی شیشی میں محفوظ کر لیں۔ اس عرق پر تین بار ''سورۃ البقرہ'' اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ متعلقہ حاکم یا آفیسر کے پاس جانے سے قبل تھوڑا سا عرق ہاتھ پر مل کر اپنے چہرے کے اوپر پھیریں۔ پھر حاکم کے پاس جائے۔ انشاءاللہ وہ حاکم کمال مہربانی سے پیش آئے گا اور جائز کام بلا کسی حیل و حجت کے انجام دے گا۔

عزت و مرتبہ کے لیے

جو کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے دنیا میں عزت و برکت ملے اور وہ ہر جگہ معزز کہلائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بہت ہی مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر ''سورہ البقرہ'' ایک مرتبہ، بعد از نماز ظہر دو مرتبہ، بعد از نماز عصر ایک مرتبہ، بعد از نماز مغرب ایک مرتبہ

اور بعد از نماز عشاء دو مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف ہر دفعہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور ہر بار اپنے مقصد کے لیے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے عزت و مرتبہ سے نوازے گا۔ روزانہ کے عمل سے ہر جگہ بے پناہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

رشتے کا حصول

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا رشتہ کسی اچھی جگہ ہو جائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ ہر روز بعد از نماز فجر اور نماز عشاء کسی سے کلام کیے بغیر اپنے مقصد کو پیش نظر رکھ کر ایک مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم بلا ناغہ عمل سے مقصود منشاء حاصل ہو جائے گا۔ جس قدر عاجزی و انکساری سے عمل کرے گا اتنی جلد نفع ہو گا۔

حصول بلند مرتبہ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے خلائق میں بلند مرتبہ حاصل ہو اور اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے دوستوں میں ہو جائے تو اس کے لیے ذیلِ کا عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر روز بعد نماز تہجد نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ ایک مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' معہ اول و آخر درود شریف ابراھیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر رب العزت کی بارگاہ میں عاجزی و انکساری کے ساتھ حضورِ قلب سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ! اس عمل کی باقاعدہ مداومت سے بہت جلد مقصود حاصل ہو جائے گا۔ بلند مرتبگی ملے گی اور اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے مخلص اور نیک بندوں میں ہونا شروع ہو جائے گا۔

عمل محبت


اس مقصد کے لیے اکتالیس مرتبہ ''سورہ البقرہ'' اول وآخر درود شریف نورانی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی بھی میٹھی شے پر دم کر کے دونوں فریقین کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی۔


بلند منصب کے لیے

بلند منصب کے خواہاں افراد ہر روز بعد از نماز فجر اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف اور سورۃ البقرہ'' ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کے لیے دعا کریں۔ اس عمل کی ہیشگی اختیار کرنے سے وہ بلند مرتبہ حاصل ہوگا جس کا تصور بھی نہ ہوگا۔

خاوند کی راستی

اگر کسی کا خاوند بری صحبت میں اٹھتا بیٹھتا ہو، بیوی کو بیجا تنگ اور ناجائز معاملات پر مجبور کرتا ہو اور اصلاح کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں اصلاح کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ ہر روز بعد از نماز فجر باوضو حالت میں بیوی کسی میٹھی شے یا پانی پر ''سورہ البقرہ'' ایک مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی نہ کسی طرح مرد کو کھلا پلا دیا کریں۔ نیز گیارہ بار ''سورہ البقرۃ'' تین بار ''سورہ اخلاص'' اور اول وآخر درود شریف تجینا تین تین بار پڑھ کر خاوند پر براہ راست یا اس کا تصور کر کے ہر نماز کے بعد دم بھی کیا کریں۔ انشاء اللہ اکیس یوم کے بلاناغہ عمل سے خاوند راہِ راست پر آجائے گا اور بری عادات سے توبہ کرے گا۔ اگر یہ عمل چالیس دن تک کرلیا جائے تو خاوند ہمیشہ کے لیے راہ راست پر آجائے گا۔





نافرمان بچوں کو فرمانبردار بنانا

اگر کسی کا کوئی بچہ حد سے زیادہ نافرمان ہو، بہت زیادہ غصیلی طبیعت والا ہو، بات بات پر لڑنے مرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہو، حد سے زیادہ اکھڑ پن ہو اور کسی بھی نصیحت کو سننے کی بجائے آگے سے ہذیان اور یادہ گوئی برتے اور ہر حربہ اختیار کرنے کے باوجود بھی اس کی اصلاح کا کوئی حل نہ ملتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے اور بعد از نماز عصر تا مغرب کے دوران ''سورہ القمر ۃ'' ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف غوثیہ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں اور اسی کا پانی دم کر کے اسے پلائیں۔ انشاءاللہ گیارہ یوم کے عمل سے اس میں بے حد تبدیلی آ جائے گی اور وہ اپنے اعمال سے توبہ کرے گا۔ مکمل فرمانبرداری اور تابع فرمان رکھنے کے لیے یہ عمل اکسٹھ یوم تک کرنے سے تازندگانی نافرمانی کرنے کی جرات نہیں کرے گا۔

ظالم آفیسر کو مہربان کرنا

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں ایک مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور راستے میں چلتے ہوئے آیت ''الم'' پڑھتے ہوئے جائیں۔ انشاءاللہ اس عمل کی بدولت وہ کمال مہربانی سے پیش آئے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

چشم خلائق میں مقبولیت

اس مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد سورۃ البقرہ ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاءاللہ روزانہ کی مداومت سے

بہت جلد چشم خلائق میں مقبول ہو جائے گا۔

دشمن کو زیر کرنا

اس مقصد کے لیے بعد از نماز عشاء ایک مرتبہ "سورہ البقرہ" اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے دشمن کا تصور کر کے اس پر پھونک لگائیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کا دشمن مغلوب ہو جائے گا اور اسے کسی بھی قسم کا ضعف یا نقصان پہنچانے پر قادر نہ ہوگا۔

اچھے سلوک کی توقع

اگر کوئی شخص کسی ایسی جگہ پہلی مرتبہ گیا ہو جہاں اس کا کوئی بھی واقف کار نہ ہو اور وہ چاہے کہ وہاں کے لوگ اس سے عزت و احترام کے ساتھ پیش آئیں تو ایسے میں ذیل کا عمل کارگر ہے۔ اس مقصد کے لیے بعد از نماز ظہر ایک مرتبہ "سورہ البقرہ" اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی حضور اپنے نیک مقصد کے لیے دعا مانگے اور اپنے اوپر دم بھی کرے اور اس جگہ جائے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے وہاں کے لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں گے۔

میاں بیوی میں محبت کے لیے

اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہو گئی ہو، بات ضد کی حد تک پہنچ گئی ہو، دونوں ہی آپس میں صلح، صفائی اور کوئی اپنی شکست قبول کرنے پر راضی نہ ہوں تو ایسے میں ان کے درمیان صلح و صفائی کروانے اور دوبارہ محبت پیدا کرنے کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے تین مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر چار مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' کو اس طریقے سے پڑھے کہ آیت مبارکہ الم کی ہر بار چالیس مرتبہ تکرار کریں۔ اور پھر سورہ مکمل کریں۔ اس کے بعد پانی کو دم کریں اور یہ دم کیا ہوا پانی میاں بیوی کو پلادیں۔ فوری طور پر دونوں کے اندر کا جوش و ابال ختم ہو جائے گا اور وہ صلح پر آمادہ نظر آئیں گے۔ مکمل مقصد حاصل کرنے کے لیے اس عمل کو سات یوم تک کریں ان کے درمیان انمٹ محبت و یگانگت پیدا ہو جائے گی۔

کھیل میں نمایاں کامیابی

اس کے لیے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ایک مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' شریف معہ اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ کھیل کے میدان میں جانے سے قبل باوضو حالت میں ایک مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ''یَا فَتَّاحُ'' کا ورد کرتے ہوئے جائیں۔ انشاء اللہ کھیل کے میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرے گا۔

عزت افزائی کے لیے

جو کوئی کسی مجلس میں جاتے وقت اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی وہاں عزت افزائی ہو اور ہر ایک اس کی آؤ بھگت کریں تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ ذیل کا عمل کر کے وہاں جائے۔ اول و آخر درود پاک تین تین مرتبہ اور تین مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور راستے میں ''یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ'' کا ورد کرتا ہوا وہاں جائے۔ انشاء اللہ اس مجلس میں اس کی توقع سے کہیں بڑھ کر عزت افزائی ہو گی۔

بلند منصبی کے لیے

اس مقصد کے لیے جمعۃ المبارک اور سوموار کو بعد نماز فجر اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور ایک مرتبہ سورۃ البقرہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی ہیشگی اختیار کرنے سے دین ودنیا میں بلند مرتبہ پائے گا۔

دشمنی کا خاتمہ

اگر کوئی اپنے دشمن کے ساتھ دشمنی ختم کر کے صلح چاہتا ہو اور اس بات کا بھی خواہاں ہو کہ اس کا دشمن بھی اسی جذبات کے ساتھ صلح رکھے تو اس مقصد کے حصول کے لیے ذیل کا عمل کریں۔ ''ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ ''سورۃ البقرہ'' اس طرح پڑھیں کہ آیت ''الم'' کی تکرار اکیس مرتبہ ہو۔ اول وآخر درود پاک گیارہ بار پڑھیں۔ انشاء اللہ چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا اور بڑی خوش اسلوبی سے صلح ہو کر دشمنی کا خاتمہ ہمیشہ کے لیے ہو جائے گا۔ دشمن بھی زندگی بھر کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔ بلکہ ہر ملاقات میں رحم دلی کے جذبات وطرز عمل کا رویہ اختیار کرے گا۔

حب مخلوق

اگر کسی کی یہ آرزو ہو کہ مخلوق خدا کے دل میں اس کے لیے محبت اور چاہت حقیقی معنوں میں پیدا ہو جائے اور وہ ہر جگہ عزت واحترام کی نگاہوں سے دیکھا جائے تو اس کے لیے بزرگان نے ذیل کا عمل بے حد اکسیر قرار دیا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر ایک مرتبہ سورۃ البقرہ اول وآخر درود تنجیر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے لیکن سورۃ البقرہ کے ورد کے دوران ہر بار ''الم'' کی تکرار اکتالیس مرتبہ کریں۔

انشاء اللہ اس عمل کی ہمیشہ مداومت کرنے والا دنیا میں کسی بھی جگہ ذلیل نہیں ہو گا اور ہر فرد اس کی انتہائی عزت کرے گا اور دوسرے پر اس کو فوقیت دے گا۔

ترقی میں رکاوٹ دور کرنا

جس کسی کی اپنی عہدہ پر ترقی باوجود یکہ استحقاق کے رکی ہوئی اور اس کا جائز حق نہ ملتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے بعد از نماز عشاء ''سورۃ البقرہ'' تین مرتبہ اول و آخر درود شریف ہزارہ اکیس اکیس مرتبہ اور سو مرتبہ ''استغفار'' پڑھ کر اپنے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ چار یوم کے بلا ناغہ عمل سے اس کا حق اسے مل جائے گا اور اس کی ترقی ہو جائے گی۔

عزت حاصل کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص اس بات کا آرزومند ہو کہ وہ کسی باعزت دنیاوی مقام پر پہنچ جائے اور ہر ایک اس کی بات مانے تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد حصول مقصد کے لیے ''سورۃ البقرہ'' اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کی عادت ڈال لے۔ انشاء اللہ اس عمل کی پختگی سے مطلوبہ مقصد نہ صرف حاصل ہو گا بلکہ مزید عزت و آبرو میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔

نکاح میں رکاوٹ دور کرنا

اگر کسی کے نکاح میں بار بار کسی وجہ سے رکاوٹ پڑ جاتی ہو اور عین وقت پر معاملہ کھٹائی میں پڑ جاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر کسی سے کلام کیے بغیر قبلہ رخ بیٹھ کر ''سورۃ البقرہ'' اول و آخر درود پاک اکیس اکیس مرتبہ پڑھ


کر اپنے مقصد کے حصول کے لیے اللہ رب العزت کے حضور دعا مانگے۔ انشاءاللہ اس عمل کی گیارہ روز تک مداومت سے رکاوٹوں کے بادل چھٹ جائیں گے اور مطلوبہ مقصد حل ہو جائے گا۔ اگر گیارہ روز میں کسی وجہ سے مقصد حاصل نہ ہو تو اس عمل کو اکیس روز تک جاری رکھیں۔ بفضلہ تعالیٰ مقصد پورا ہو گا۔

اسنادِ دُرودِ تنجینا

''مناھج الحسنات شرح دلائل الخیرات'' میں لکھا ہے کہ! ابن فاکہانی نے اپنی کتاب ''فجر منیر'' میں ذکر کیا ہے کہ! ایک بزرگ شیخ ''صالح موسیٰ نابینا تھے انہوں نے اپنا قصہ مجھ سے نقل کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا میں اس میں تھا اس وقت مجھ کو غنودگی سی معلوم ہوئی اسی حالت میں جناب ''فخر موجودات حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ سلم'' نے مجھ کو یہ درود تعلیم فرمایا کہ ہزار بار اس کو جہاز والے پڑھیں۔ ابھی تین سو پر نوبت نہیں پہنچی تھی کہ جہاز نے ڈوبنے سے نجات پائی اور ساحل مقصود پر پہنچ گیا۔ وہ درود نجات یہ ہے:

درود تنجینا

''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ تَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَ تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ''۔




حکام سے مطلب براری

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ حکام سے اس کے جائز کام بلا کسی روک ٹوک کے پورے ہو جایا کریں تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔اس مقصد کے لیے روزہ رکھیں اور باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر شرف شمس میں سیسے کے پترے پر اسے کندہ کریں اور اس پر بارہ سو نناوے مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اپنے سیدھے بازو پر باندیں یا پھر اس کو اپنی ٹوپی میں رکھیں اور پھر حکام کے پاس جائیں۔ جائز کام فوری طور پر پورا ہو جائے گا اور حکام عزت و آبرو سے پیش آئیں گے۔

عمل تسخیر

دلوں کی تسخیر اور عزِ وجاہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر سورج نکلنے تک ''یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ'' کا کثرت سے ورد کرتا رہے اور جب سورج نکل آئے تو تین مرتبہ درود تجینا اول وآخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاءاللہ چالیس یوم کے عمل سے لوگ مسخر ہو جائیں گے اور اس کے تابع فرمان ہوں گے اور ہر جائز حاجت پوری کریں گے۔

عزت کی بحالی کے لیے

جو شخص اپنی عادات بد کی وجہ سے لوگوں کی نظروں میں عزت کھو بیٹھا ہو اور پھر اس سے اس کی بحالی کا خواہاں ہو تو اس امر کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔اس مقصد کے لیے اٹھتے بیٹھتے لاتعداد مرتبہ ''استغفار'' پڑھا کریں پھر دو رکعت نماز نفل بوقت تہجد پڑھیں اور اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی اول وآخر درود شریف تجینا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے

اوپر دم کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا بھی مانگیں۔ چالیس دنوں کے اس عمل سے اس کی عزت لوگوں میں دوبارہ بحال ہوگی۔ آئندہ کے لیے عادات بد سے پرہیز رکھیں۔

حصولِ عزت

حصولِ عز و جاہ کا خواہاں شخص ذیل کا عمل کرے۔ اس سے مخلوق خدا میں بے حد عز و جاہ حاصل ہوگی اور ہر جائز کام پورا ہوگا۔ اس مقصد کے لیے درود تنجینا کا ورد اٹھتے بیٹھتے کیا کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی مانگا کرے۔

عہدے میں ترقی

اگر کسی شخص کی ملازمت کے دوران ترقی رک گئی ہو اور کسی بھی طرح مسئلہ حل نہ ہوتا ہو یا اس سے نچلے درجے والوں کی ترقی ہو جائے اور اس کا حق مارا جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے بعد از نماز بروز جمعۃ المبارک تین سو مرتبہ آیت الکرسی اول و آخر درود تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تین سے سات جمعہ کے اندر مقصود حاصل ہوگا۔ زیادہ تیز نتائج کے لیے اس عمل کو شرف قمر میں شروع کیا جائے۔

چشمِ خلائق میں بلند مرتبہ حاصل کرنا

اس مقصد کا خواہاں شخص ذیل کا عمل اختیار کرے۔ ہر ماہ نوچندی اتوار کو نصف شب کے وقت اٹھ کر باوضو، پاک صاف ہو کر قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار بیس مرتبہ درود تنجینا اور اول و آخر درود شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل سے چشم خلائق میں مقبول ہوگا۔

باہمی دوستی کے لیے



باہمی دوستی کی مضبوطی اور پائیداری کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر عاجزی و انکساری کے ساتھ ایک سو باون مرتبہ درود تنجینا بمعہ اول وآخر درود پاک اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ بہت جلد مقصود حاصل ہوگا اور عزت افزائی میں کئی گنا اضافہ ہوگا۔

فتوحات کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جس کام میں بھی ہاتھ ڈالے اس میں اسے فتح و کامیابی حاصل ہو۔ غیب سے اس کی مدد ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ''درود تنجینا'' مع ''بسم اللہ شریف'' اس طرح پڑھے کہ جب چاند کے مہینہ کا پہلا اتوار اور نماز مغرب کے بعد کا وقت ہو، اتوار کے دن ستر مرتبہ پڑھے، پیر کے دن ساٹھ مرتبہ، منگل کے دن پچاس مرتبہ، بدھ کے دن چالیس مرتبہ، جمعرات کے دن تیس مرتبہ، جمعہ کے دن اکیس مرتبہ، ہفتہ کے دن گیارہ مرتبہ۔ اس طرح ایک ہفتہ میں دو سو بیاسی مرتبہ پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود تاج پڑھ کر ہمیشہ ہر ماہ کے شروع میں اتوار کے دن سے شروع کر کے سات دن بلا ناغہ عمل پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غیب سے مدد ہوگی، بدرجۂ کمال فتوحات ہوں گی، جو بھی کام کرنا چاہے اس میں آسانی پیدا ہوگی، ہر رکاوٹ خود بخود دور ہوتی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہو جائے گی۔

تسخیر کے لیے

اگر تسخیر رجوع مطلوب کی غرض سے مندرجہ ذیل عمل کریں تو انشاء اللہ خاطر خواہ

کامیابی چاند کے مہینہ کے عروج میں ایک وقت مقرر کر کے باوضو حالت میں اول وآخر تین مرتبہ درود تاج پڑھیں۔ درمیان میں ''درود تنجینا'' ساٹھ بار پڑھیں۔ اس کے بعد چار رکعت نفل نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں ''سورہ فاتحہ'' اور ''درود تنجینا'' کی بعد چالیس مرتبہ ''سورہ اخلاص'' پڑھیں۔ اسی طرح چاروں رکعت مکمل کریں اور پھر حضور قلب اور توجہ ویکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا مانگیں اور خوب عاجزی وانکساری دکھائیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کامیابی نصیب ہوگی۔

دشمن زیر ہو جائے

اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو اور دشمن کسی بھی طرح صلح کی طرف مائل نہ ہوتا ہو۔ ہر وقت نقصان پہنچانے کے منصوبے بناتا رہتا ہو جس کی وجہ سے خطرہ ہو کہ دشمن کہیں اوچھے ہتھکنڈے استعمال نہ کرے تو ایسی صورت میں ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہو جائے گا۔

دشمن سے صلح

''آیت الکرسی'' کی برکت سے اللہ تعالیٰ ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ دشمن صلح کی طرف مائل ہوگا اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گا۔ دشمن کو زیر کرنے کے لیے ''درود تنجینا'' کا مندرجہ بالا وظیفہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

کشادگی قسمت کے لیے

کشادہ بختی کے لیے ہر جمعہ کی نماز کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک

پڑھیں۔ درمیان میں ایک سو ایک مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے دعا مانگیں۔ سات ہفتے تک اس عمل کو کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوں گے اور بخت کھل جائے گا۔

فتح کا عمل

جو کوئی کفار کے مقابلے میں جنگ لڑ رہا ہو کفار کی شکست کے لیے بے جگری سے لڑ رہا ہو تو اسے چاہیے کہ جنگ میں کامیابی کے لیے جب بھی موقع ملے ''آیت الکرسی'' اور ''درود تنجینا'' بکثرت پڑھے اور اس کا ورد کرتا رہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا، وہ میدان جنگ میں محفوظ رہے گا، اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ جنگ میں کامیابی سے نوازے گا، کامیابی و کامرانی اس کے قدم چومے گی اور وہ فاتح کی حیثیت سے واپس آئے گا۔ میدان جنگ میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے آزمودہ عمل ہے۔

ترقی عہدہ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے عہدہ میں ترقی ہو جائے یا ایسی صورت حال پیدا ہو گئی ہو کہ حق دار کو اس کا حق نہ مل رہا ہو یعنی جس کی ترقی ہونے کا حق ہے اس کی ترقی نہ ہو رہی ہو اور کسی اور سفارشی شخص کی ترقی ہو رہی ہو، جب کہ وہ اس سے جونیئر ہو تو ایسی صورت میں جو شخص حق پر ہے اس کو چاہیے کہ وہ رات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھے۔ ایک سو مرتبہ ''استغفار'' کرے اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود تسخیر پڑھے۔ انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔ ناغہ نہ کرے بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔

سنگدلی کا خاتمہ



اگر کسی کا دل بہت زیادہ سخت ہو، کسی پر اسے رحم نہ آتا ہو، شقی القلب ہو، بڑے سے بڑا واقعہ اس پر اثر انداز نہ ہو سکتا ہو، راہ راست سے بھٹکا ہوا ہو، لیکن سیدھے راستے پر آنے کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور نماز عصر کے بعد ہر روز اکتالیس مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اس کے دل کی سختی دور ہو جائے گی۔ اس کے دل میں رحم کے جذبات پیدا ہو جائیں گے اور وہ نرمی واخلاق کا مظاہرہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

سخت دل نرم ہو جائے

اللہ تعالیٰ اس بندے سے بہت خوش ہوتا ہے جو اس کی بارگاہ میں عاجزی وانکساری سے کام لے۔ اس کی دلی مراد ضرور پوری فرماتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی ایسا شقی القلب شخص جو کسی طرح بھی راہ راست پر نہ آتا ہو۔ اس کے دل کی سختی کو دور کرنے کے لیے ہر روز باوضو حالت میں ''درود تنجینا'' اکتالیس مرتبہ پڑھے، اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر یا کسی بھی کھانے والی چیز پر دم کر کے اس شقی القلب کو کھلا دیا جائے۔ ہر روز ایسا ہی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیاب ہو گی۔ یہ عمل اس مقصد کے لیے نہایت مجرب وآزمودہ عمل ہے۔

زوجین میں محبت

جو میاں بیوی ہر وقت آپس میں جھگڑتے رہتے ہوں، بات بات پر ان کی آپس میں لڑائی ہو جاتی ہو، گھر کی فضا کشیدہ رہتی ہو تو ایسی صورت میں نماز فجر کے بعد باوضو حالت

میں اول وآخر تین تین بار درود تاج پڑھیں۔ درمیان میں اکیس مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھ کر پانی پر دم کریں یا کسی بھی کھانے والی چیز پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دیں۔ ہر روز سات یوم تک یہ عمل کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ چند دنوں میں حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔ میاں بیوی کے مابین محبت کے جذبات پیدا ہو جائیں گے گھر میں لڑائی جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

خفگی کا خاتمہ

اگر کسی کا کوئی عزیز رشتہ دار یا دوست کسی غلط فہمی کی بناء پر اس سے ناراض ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس صورت میں تھوڑا سا سرمہ لیں اور چاند کی پہلی جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں۔ ہر روز نماز ظہر کے بعد باوضو حالت میں ایک سو ایک بار ''درود تنجینا'' پڑھ کر سرمہ پر دم کریں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ''آیت الکرسی'' کو اس طرح سے پڑھیں کہ یہ عمل چار جمعرات تک ہر روز بلا ناغہ کریں۔ اس کے بعد جب عمل مکمل ہو جائے تو اس سرمہ کو کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ کریں اور پھر ضرورت کے وقت نماز ظہر کے بعد اس سرمہ میں سے تھوڑا سا سرمہ علیحدہ کر لیں اور ناراض ہونے والی کا اور اپنا تصور کر کے ایک سو ایک مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھ کر دم کریں اور پھر یہ سرمہ اپنی آنکھ میں لگا کر ناراض ہونے والے کے سامنے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درود تنجینا کی برکت سے ناراضگی خوشی میں بدل ہو جائے گی اور ناراض شخص فوری طور پر راضی ہو جائے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ سرمہ لگانے کے بعد سب سے پہلے اس سے آنکھ ملائیں جو ناراض ہے اور کسی طرح بھی راضی نہیں ہوتا ہو۔ کسی دوسرے سے آنکھ نہ ملائیں۔ اس عمل کی زکوۃ جمعرات سے چار جمعہ تک تیس دن میں ختم ہو گی۔ اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ اور تیر بہدف عمل ہے۔

شادی کا عمل

مندرجہ بالا عمل کے ذریعے وہ حضرات بھی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں جو کسی جگہ پر شادی کرانے کے خواہش مند ہیں اور کوئی اس نیک کام کے لیے راضی نہیں ہوتا، جائز اور نیک مقصد کے حصول کے لیے عمل کرنا جلد اثر دکھاتا ہے۔

افسر مہربان ہو جائے

''شمس المعارف'' میں درج ہے کہ اگر کسی کو حاکم وقت یا حکومتی عہدہ دار سے کوئی کام ہو اور کسی طرح سے کام نہ ہو رہا ہو تو حاکم کو مہربان کرنے کی غرض سے جمعہ کے دن پہلی ساعت میں شیشہ کے برتن میں لوہے کے پاک صاف قلم سے مشک و زعفران یا کافور و مشک سے ''درود تنجینا'' لکھیں اور پھر اس کو عرقِ گلاب سے دھو کر کسی صاف شیشی میں رکھ لیں اور پھر اس پر تین مرتبہ ''درود تنجینا'' پڑھ کر دم کریں۔ جب حاکم کے پاس جانے کی ضرورت پیش آ جائے تو جانے سے پہلے تھوڑا سا عرقِ گلاب اپنے چہرے پر مل لیں اور پھر حاکم کے سامنے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مہربانی سے پیش آئے گا اور جو بھی جائز کام ہو گا وہ بفضلہٖ تعالیٰ ہو جائے گا۔

رشتہ کے لیے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو، منگنی ٹوٹ جاتی ہو، سرے سے کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو، اگر رشتہ آتا ہو تو کوئی بھی بات طے نہ ہوتی ہو، رشتہ والے ناپسند کر کے چلے جاتے ہوں، تو ایسی صورت میں بھی ''درود تنجینا'' کی تلاوت اس مشکل سے نجات دلا دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے اور ''آیت الکرسی'' کی برکت سے دلی مراد جلد ہی پوری ہو جاتی ہے۔

چنانچہ جو کوئی یہ چاہے کہ کسی اچھی اور نیک جگہ پر اس کا نکاح ہو جائے، اس معاملے میں اسے کامیابی نصیب ہو اس کا گھر بس جائے تو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کی بعد کسی سے کلام نہ کرے "چالیس یوم تک ہر روز بلا ناغہ ایک سو مرتبہ "درود تنجینا" پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کی اندر اندر ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور کوئی اچھا اور نیک رشتہ آ جائے گا۔

اگر بالفرض چالیس یوم تک مقصد پورا نہ ہو تو مایوس نہ ہو اس عمل کو مزید چالیس یوم تک جاری رکھے۔ بفضلہٖ تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی اور جلد ہی کسی اچھی جگہ نکاح ہو جائے گا اور اچھے طریقے سے شادی کا مرحلہ کامیابی کے ساتھ پا جائے گا۔

سخت دلی کا حل

جو شخص خباثتوں اور برے اعمالوں کی وجہ سے پتھر دل بن گیا ہو اور اس کو کسی بھی بات یا شخص پر ترس نہ آتا ہو تو ایسے میں اس کا دل نرم کرنے کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے اس شخص کے لیے پاک صاف ہو کر غسل و وضو کے ساتھ خلوت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بعد نماز عصر ستر مرتبہ "آیت الکرسی"، "درود تنجینا" سات بار اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ نو چندی شب جمعہ سے عمل شروع کر کے چالیس یوم تک مقررہ وقت پر یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ، اس عمل سے اس شخص پر رقت قلب طاری ہوگی اور سنگ دلی نرم دلی میں بدل جائے گی۔

ایک پرتاثیر عمل

جو شخص بعد از نماز ظہر اس عمل کی مداومت جاری رکھے گا تو عجیب و غریب فوائد حاصل کرے گا اور جس مقصد کو بھی پیش نظر رکھے گا وہی مقصد بفضلہٖ تعالیٰ پورا ہوگا۔ ہر نماز

کے بعد ''آیت الکرسی'' اس طریقے سے پڑھے کہ ہر بار ایک انگلی بند کرے یہ عمل سیدھے ہاتھ سے شروع کرے اور الٹے ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کرے۔ جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تو پھر ''سورہ الم نشرح''، ''سورہ اخلاص'' تین تین بار اور ''درود تنجینا'' تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے دم کرے اور اس کے بعد ''سورہ فاتحہ'' اس طرح پڑھے کہ ''بسم اللہ شریف'' کی میم الحمد کی لام میں ملا کر مِلْحَمْدُ پڑھی جائے۔ اسی طرح ''سورہ فاتحہ'' دس مرتبہ پڑھ کر دسوں انگلیاں کھول دے۔ جب ساری انگلیاں کھل جائیں تو اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے پھونک مارے اور پھر اپنے چہرے اور سارے بدن پر دونوں ہاتھوں کو اچھی طرح مل لے۔ محبت اور رزق کے عمل کے لیے ''آیت الکرسی'' کے کلمہ ''یَشْفَعُ عِنْدَہٗ'' کے دونوں عینوں کے درمیان رزق یا مطلوب کا تصور رکھے۔ عداوت اور بغض کے لیے ''یَعْلَمُ مَا'' کی دونوں میموں کے درمیان دشمن کا تصور رکھے۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

تسخیر کا عمل

تسخیر اور محبت کے لیے یہ عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے نوچندی جمعرات یا جمعہ کو بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اپنی آنکھیں بند کر کے سب سے پہلے گیارہ مرتبہ ''آیت الکرسی'' اور ایک ہزار دس مرتبہ ''بسم اللہ شریف''، ''درود تنجینا'' ستر بار اور ''یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ'' پڑھیں۔ پڑھتے وقت اپنے مطلوب کا تصور سامنے رکھیں اور اس کے سینہ پر تصور میں پھونک ماریں اور اپنے دل میں اسے یہ حکم دیں کہ میرا مطیع ہو جا۔ پندرہ دن کے عمل سے مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔ ممکن ہو تو قدرے مٹھائی پر دم کر کے اس کو کھلائیں۔ انشاء اللہ ساری زندگی مطیع فرمانبردار رہے گی۔ عورت کی صورت میں ''قَلِّبْ قَلْبِهَا اِلَیَّ'' پڑھیں۔

افسر کی ناراضگی دور کرنا


کسی ملازم کا آفیسر نہایت سخت مزاج ہو اور کام کے معاملے میں کسی بھی قسم کی بات نہ سنتا ہو اور ذرا ذرا سی بات پر غصے سے آگ بگولا ہو جاتا ہو تو ایسے میں اس کی ناراضگی و سختی دور کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے باوضو قبلہ رخ ہو کر اپنے ہاتھوں پر ''درود تنجینا'' سات بار دم کریں اور ہلکی سی تالی بجائیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو حصار کر دیں اور دل میں یہ تصور رکھیں کہ افسر مذکور نہ تو مجھے پریشان کرے گا اور نہ ہی میری کوتاہیوں کی باز پرس کرے گا اور نہ ہی سختی سے پیش آئے گا۔ اس عمل کی بدولت اس کا دل موم ہو جائے گا

جلد شادی ہو جائے

جس کسی کی شادی نہ ہوتی ہو تو یا کسی بھی وجہ سے شادی میں رکاوٹ پڑ جاتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ ''درود تنجینا'' اور ایک سو مرتبہ ''اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ'' تین مرتبہ ''آیت الکرسی'' پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ شادی کے پیغامات آنا شروع ہو جائیں گے اور رشتہ طے پا کر شادی ہو جائے گی۔

زبان بندی کا عمل

اگر کسی بھی کام کے لیے حاکم اعلیٰ یا کسی افسر وغیرہ کے پاس جانا مقصود ہو اور اس سے کسی بھی ضرر کا خدشہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے اول و آخر درود تنجینا گیارہ مرتبہ ''آیت الکرسی'' سات مرتبہ اور درج ذیل دعا تین مرتبہ پڑھ کر

اپنے اوپر دم کریں۔ انشاءاللہ اس کے پاس جانے سے وہ ہر قسم کے ضرر سے محفوظ رہے گا اور حاکم یا آفیسر اعلیٰ عزت و آبرو سے ملے گا اور حاجت کو پورا کرے گا۔ دعا یہ ہے:

"اَللّٰھُمَّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ الْکَرِیْمَۃِ وَ درود تنجینا وَمَا فِیْھَا مِنَ الْاَسْرَارِ الْعَظِیْمَۃِ"۔

اعلیٰ مرتبہ حاصل کرنا

اعلیٰ مقام و مرتبہ حاصل کرنے کے خواہاں افراد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے ترک حیوانات جلالی و جمالی اختیار کریں۔ اکلِ حلال و پابندی امور شرعیہ و پنج گانہ نماز اختیار کریں۔ پھر پاک صاف ہو کر بعد از نماز عشاء اول و آخر درود اکبر سات سات مرتبہ "آیت الکرسی" اکیاسی مرتبہ، "درود تنجینا" ۱۰۰ بار اور آیہ مبارکہ " لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَ عَلَی اللّٰہِ فَلْیَتو کلِ الْمُتَوَ کِّلُوْنَ "۱۰۰ مرتبہ پڑھا کریں۔ یہ عمل چالیس روز تک مسلسل کرنے سے دین و دنیا کے تمام مراتب میں بلندی بفضلہٖ تعالیٰ حاصل ہو جائے گی۔

عمل برائے حب

حب کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے "درود تنجینا" اور "آیت الکرسی" اس طریقے سے لکھے کہ "الحی القیوم" کے بعد یہ عبارت تین مرتبہ لکھ کر "آیت الکرسی" کو مکمل کریں اور پھر کاغذ کو پانی سے دھو کر اس پانی کو کسی شیشی میں سنبھال لیں۔ موقعہ ملنے پر جس سے محبت درکار ہے۔ اس کو کسی شے میں ڈال کر پلا دیں۔ زیادہ سے زیادہ سات مرتبہ پلانے سے وہ محبت میں ایسا گرفتار ہو گا کہ

عامل کے بغیر رہ نہ سکے گا۔ مگر اس عمل کو ناجائز کام کے لیے نہ کریں۔ ورنہ وہ مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔ الفاظ یہ ہیں: ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ اَجْمَعِیْنَ'' یہ اسماء پاک بروز اتوار ساعتِ شمس میں لکھا جائے۔

میاں بیوی کی محبت کے لیے

جس گھر میں میاں بیوی کے درمیان ناچاقی رہتی ہو اور ہر وقت گھر کی فضا خراب رہتی ہو تو ایسے میں ان کے درمیان پیار و الفت و محبت پیدا کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بعد نماز فجر طلوع آفتاب سے قبل کاغذ پر ''درود تنجینا'' ''آیت الکرسی اس طریقے سے لکھیں کہ! جب ''یَشْفَعُ عِنْدَہٗ'' پر پہنچیں تو ''یَشْفَعُ'' کے بعد میاں اور اس کی والدہ کا نام الحب بیوی اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور یہاں کے دلوں کا تصور کر کے سات مرتبہ ''آیت الکرسی'' پڑھ کر دم کرے پھر بقیہ ''آیت الکرسی'' لکھیں۔ پڑھ کر دم کریں کہ لفظ ''یَشْفَعُ عِنْدَہٗ'' کی دونوں عینوں کے درمیان ان دونوں کے دلوں کا تصور رکھتے ہوئے یہ الفاظ پڑھیں۔ جب یَا حَیُّ یَا قَیُّوْم حب یا رب الرحیم حب العلی العظیم'' بحق حب محمد و خدیجہ و حب علی و فاطمہ یا اللہ یا اللہ پھر بقیہ ''آیت الکرسی'' پڑھ کر دم کریں۔ یہ پانی دونوں میاں بیوی کو روزانہ پلائیں۔ انشاء اللہ چند یوم کے اندر اندر ان کے درمیان نا اتفاقی اور ناچاقی ختم ہو جائے گی اور آپس میں الفت و یگانگت بھی پیدا ہو جائے گی اور گھر کی فضا پرسکون ہو جائے گی۔

عز و جاہ کے لیے

جو شخص حب دنیا و عز و جاہ کا خواہش مند ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس

مقصد کے لیے بروز جمعہ نماز فجر کے بعد اور طلوع آفتاب سے پہلے اول و آخر درود ابراھیمی اکیس اکیس (۲۱،۲۱) مرتبہ اور ''درود تنجینا'' تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ کے اندر اندر ''آیت الکرسی'' کو سفید ریشمی کپڑے پر زعفران و گلاب سے تین مرتبہ لکھیں اور اس کے اطراف میں ''اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ'' کا دائرہ بنائے اور پھر اس کو موم جامہ کر کے اپنے پاس سنبھال کر رکھے اور اس کی تاثیر کا نظارہ دیکھے۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات کرے۔

برائے حب

عروج ماہ جمعرات یا جمعہ سے شروع کریں۔ اس مقصد کے لیے رات کو باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھ کر اپنے مطلوب کا تصور کر کے گیارہ مرتبہ درود تنجینا اور ۷۰ بار ''آیت الکرسی'' اور ایک سو گیارہ مرتبہ آیت ذیل پڑھ کر مطلوب کے دل پر یہ بات کہہ کر پھونک ماریں کہ! میرا تابع ہو جا بحق درود تنجینا و آیت الکرسی و آیہ کریمہ۔ انشاء اللہ اس عمل کی پندرہ دن کی مداومت سے مطلوب تابع ہو جائے گا۔ آیہ مبارکہ یہ ہے: ''یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِلَیَّ'' عورت کی صورت میں ''قَلِّبْ قَلْبَهَا اِلَیَّ'' پڑھیں۔

مطیع کرنے کے لیے

جو کوئی کسی کو مطیع کرنا چاہتا ہو تو ذیل کا عمل اختیار کریں۔ اس مقصد کے لیے مٹھائی یا کوئی شیریں چیز لے کر اس پر باوضو حالت میں چالیس مرتبہ درود تنجینا اور یہ الفاظ پڑھ کر دم کریں اور اس شخص کو کھلا دیں۔ جسے کسی حاجت مند کے لیے مطیع کرنا ہو۔ انشاء اللہ وہ مطیع ہو کر جائز کام کرے گا۔ ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ''۔

چشم خلائق میں مقبولیت کے لیے

جو شخص چشم خلائق میں مقبول ہونا چاہے تو ذیل کا عمل اختیار کرے۔ اس مقصد کے لیے قمری چاند کی پہلی جمعرات سے عمل شروع کرے۔ کسی خلوت والی جگہ پر بیٹھ کر باوضو حالت میں اپنے اردگرد ''بسم اللہ شریف'' پڑھ کر چاقو سے حصار کھینچے۔ پھر اول وآخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور درود تنجینا تین سو تیرہ مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اکتالیس دن کے عمل سے چشم خلائق میں مقبول ہو جائے گا۔ بے حد مفید عمل ہے۔


تسخیر قلوب

تسخیر قلوب کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے رات کو آخری پہر اٹھ کر غسل کر کے تازہ وضو کر کے اول وآخر درود شریف تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ اور صبح صادق تک ''آیت الکرسی'' اکیس مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ لفظ اَلْقَیُّوْمُ تکرارا اکتالیس مرتبہ کریں۔ پھر صبح صادق سے طلوع آفتاب تک بلا تعداد کثرت سے ''یَا قَیُّوْمُ'' کا ورد جاری رکھیں اور پھر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ چالیس دنوں کے مسلسل سے مقصود حاصل ہوگا اور ہر جگہ لوگوں کے قلوب پر حکمرانی کرے گا۔

عشق کا بھوت اتارنا

اگر کسی کے سر پر عشق کا بھوت سوار ہو جائے اور اسے سوائے آہیں بھرنے کے اور کوئی کام نہ رہ گیا ہو اور اس کے اس عمل سے گھر والے اور دیگر لوگ پریشان ہوں تو ایسے میں اس کے سر سے عشق کا بھوت اتارنے کے لیے ذیل کا عمل انتہائی کارگر ہے۔

اس مقصد کے لیے چینی کا برتن لے کر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و




مشک و گلاب سے درود تنجینا تین مرتبہ لکھیں پھر نیچے جس عورت یا مرد کے عشق میں گرفتار ہے۔ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام ساتھ لکھیں۔ این محبت ختم شد بحق ''العلی العظیم'' اور اس کے بعد دو مرتبہ ''آیت الکرسی'' لکھیں۔ اس برتن کو رات بھر کھلے آسمان تلے ستاروں کے سایہ میں پڑا رہنے دیں۔ علی الصبح اٹھ کر اس برتن کو پانی سے اچھی طرح دھو کر یہ پانی تین دن نہار منہ اس شخص کو پلا دیں۔ اس کے سر سے عشق کا بھوت اتر جائے گا اور وہ شخص اپنے ہوش و حواس میں آ جائے گا۔

درودِ ہزارہ

''اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ''۔

''اے اللہ درود بھیج حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ پر اور آل محمد علیہ السلام کے اوپر ہر ایک ذرہ کے عوض دس کروڑ بار اور برکت دے اور سلام بھیج''۔

خلقت میں مقبولیت

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے، ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے، اس کی شہرت اچھی ہو جائے، لوگوں کی نظروں میں معزز ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکسٹھ مرتبہ درود ہزارہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے! انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی دعا قبول ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت ڈال دے گا اور وہ چشم خلائق میں معزز و محترم ہو جائے گا۔ ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے گا۔ جہاں بھی جائے گا لوگ اس کی عزت کریں گے۔

بھٹکے ہوئے شوہر کی واپسی

اگر کسی عورت کا خاوند بری عادات کا شکار ہو کر راہ راست پر نہ آتا ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ گیارہ مرتبہ درود ہزارہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور ہر روز خاوند کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درود ہزارہ کی برکت سے بھٹکا ہوا خاوند راہِ راست پر آ جائے گا اس کی بری عادات چھوٹ جائیں گی اور وہ نیکی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔ بگڑے ہوؤں کو راہ راست پر لانے کے لیے درود ہزارہ بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔

نرمی طبع کے لیے

اگر کسی کی طبیعت بہت زیادہ غصیلی ہو، بات بات پر اسے غصہ آ جاتا ہو، کسی کی بات برداشت نہ کرتا ہو، ہر وقت لڑنے جھگڑنے پر آمادہ رہتا ہو، طبیعت میں بہت زیادہ اکھڑ پن ہو، کسی کی نہ سنتا ہو اور بلا وجہ غصہ کرتا ہو تو چاہیے کہ! اکتالیس مرتبہ باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز یہ دم کیا ہوا پانی اسے پلایا جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس کا غصہ جاتا رہے گا۔ طبیعت میں نرمی اور رحم دلی کے جذبات پیدا ہوں گے۔ درود ہزارہ کی برکت سے اس کی طبیعت اعتدال پر آ جائے گی۔ اس میں صبر و برداشت کا مادہ پیدا ہو جائے گا۔ معمولی معمولی باتوں پر لڑنے جھگڑنے سے باز آ جائے گا۔

حصول مرتبہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے بلند مرتبہ حاصل ہو، اللہ تعالیٰ اسے خاص فضل و کرم سے نوازے، اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے دوستوں میں ہو تو اسے

عبادت الہٰی کی توفیق عطا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز تہجد کے لیے اٹھا کرے۔نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد یکسوئی کے ساتھ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود تاج پڑھے اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ درود ہزارہ پڑھے۔ پھر بارگاہ ایزدی میں عاجزی اور انکساری سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اور جس مقصد کے لیے عمل کرتا ہے وہ بفضلہٖ تعالیٰ ضرور پورا ہوگا۔

ترقی و عزت و مرتبہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اسے عزت و مرتبہ حاصل ہو، لوگ اس کی عزت کریں، وہ لوگوں کی نظروں میں معزز کہلایا جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد ۳۰۰ بار درود ہزارہ پڑھ کر اس طرح سے سورۂ فاتحہ پڑھا کرے۔نماز فجر کے بعد اکیس مرتبہ، نماز ظہر کے بعد ۲۲ مرتبہ، نماز عصر کے بعد ۳۳ مرتبہ، نماز مغرب کے بعد چوبیس مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ، اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی جلد دعا قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ اسے عزت و مرتبہ سے نوازے گا۔لوگوں کی نظروں میں اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔

سلوک و اتفاق کے لیے

اگر کسی گھر میں سخت ناچاقی ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی فضا قائم رہتی ہو۔ کسی بھی طرح گھر میں سلوک و اتفاق پیدا نہ ہوتا ہو تو گھر والوں کے مابین ہم آہنگی، سلوک اور اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے ہر روز باوضو حالت میں گھر کا کوئی فرد اکیس سو مرتبہ درود ہزارہ پڑھے۔ اکیس دنوں تک بلاناغہ اس کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں لڑائی جھگڑے کی کیفیت دور ہو جائے گی گھر کے افراد سلوک اور اتفاق سے رہیں گے۔

اچھی میزبانی کے لیے

جو کوئی کسی ایسی جگہ یا ایسے شہر میں کسی کام کی غرض گیا ہو، جہاں پر اس کی کوئی واقفیت نہ ہو، وہاں پر انجان لوگوں سے اس کا واسطہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز ظہر کے بعد ۱۰۱ مرتبہ درود ہزارہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی اس سے ملے گا اچھا سلوک کرے گا اور عزت واحترام سے پیش آئے گا۔

زوجین کی محبت کے لیے

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو، آپس میں سلوک و محبت نہ ہو، ہر وقت جھگڑتے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ۵۰۰ مرتبہ درود ہزارہ پڑھے پھر چالیس مرتبہ ''سورہ فاتحہ'' اس طرح سے پڑھے کہ جب آیہ مبارکہ ''اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ'' پر پہنچے تو اس آیہ مبارکہ کو چالیس بار تکرار کرے اور پھر سورہ مکمل کرے۔ اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار و محبت میں بدل جائے گی۔ دونوں کے مابین سلوک واتفاق کی فضا قائم ہو جائے گی۔

تسخیر حاکم

اگر کسی شخص کا کسی حاکم وقت سے کوئی جائز کام ہو جب کہ وہ حاکم کسی بھی طرح کام کرنے پر آمادہ نہ ہوتا ہو، یہ اس حاکم کے سامنے جانے سے گھبراتا ہو، اس پر کوئی ناجائز مقدمہ بنا دیا گیا ہو تو اس کو خطرہ ہو کہ کہیں مقدمے کا فیصلہ اس کے خلاف نہ ہو جائے، اسے ناحق سزا نہ ہو جائے تو حاکم اور قاضی کو تسخیر کرنے کے لیے یہ عمل نہایت آزمودہ اور مجرب

ہے اور متعدد اولیاء کرام سے منقول ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ! باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھیں نماز فجر کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ درود ہزارہ نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھیں۔ اگر نماز فجر کے بعد نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر نماز عشاء کے بعد پڑھیں۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مقصد پورا ہو جائے گا۔ حکام کو تسخیر کرنے اور مقدمات میں انصاف کے حصول کے لیے یہ عمل بہت ہی پر اثر ہے۔ اللہ تعالیٰ درود ہزارہ کی برکت سے ضرور دعا قبول فرماتا ہے۔

کھیل میں فتح ہو

کھیل میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اکتالیس سو مرتبہ درود ہزارہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ کھیل میں کامیابی نصیب ہوگی اور کھیل میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے کی توفیق عطا ہوگی۔ مگر شرط یہ ہے کہ کھیل خلاف شرع نہ ہو۔ درود ہزارہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ سرفرازی نصیب فرمائے گا۔

برائے حصول عزت و مرتبہ

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی عزت و مرتبہ میں اضافہ ہو جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت سے پیش آئیں تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود تاج پڑھیں۔ درمیان میں گیارہ سو مرتبہ درود ہزارہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حصول عزت و بلند مرتبہ کے لیے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔

عمل برائے حب

جس کی تسخیر یا الفت قائم کرنا مطلوب ہو [illegible] عورت کی تو جمعہ کے دن ساعت




اول میں درج ذیل نقش تحریر کریں۔اس پر درود ہزارہ ۱۰۰ بار پڑھ کر دم کر دیں اور اس کی پشت پر درج ذیل نقش کے نیچے تحریر دعا لکھ دیں۔اس سلسلے میں چند باتوں کا دھیان ضرور رکھیں۔ ورنہ عمل کام نہ کرے گا۔قمر در عقرب نہ ہو۔ جو کوکب کی ساعت میں نقش تحریر کرنا چاہ رہے ہیں۔وہ رجعت،زوال یا ھبوط وغیرہ میں نہ ہو۔ ہر دن کی ابتداء یعنی طلوع آفتاب کے وقت سے متعلقہ دن کی پہلی ساعت شروع ہو جاتی ہے۔ یہ عموماً چالیس منٹ سے ایک گھنٹہ پندرہ، بیس منٹ ہو سکتی ہے۔سو!اس مدت کے اندر اندر عمل کر لیں نقش دعاے عدد، زعفران خالص سے تحریر کریں۔وقت تحریر زعفران و گلاب کی دھونی دیں،لباس و کمرہ میں عطر گلاب استعمال کریں۔زیر بحث نقش و دعا کو پانی یا کسی کھانے کی شے میں گھول کر طالب و مطلوب دونوں چالیس سات نقوش تحریر کیے جاتے ہیں۔سات ہی دن یہ عمل کرنا ہے!نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
یاولی	یاجامع	یاسمیع	یاواحد
یاحکیم	یابصیر	یااحد	یاکلیم

دعا یہ ہے:

''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، یاواحد،یاسمیع ،یاجامع ،یاحی یاقیوم،یاولی،یامحمود،یاحی یا قیوم برحمتک یاارحم الراحمین یااللہ یااللہ فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کے حق میں مسخر فرما یااللہ یااللہ یااللہ''۔

طلسم نکاح

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو تو،شادی کا پیغام نہ آئے اور عمر گزرتی جائے تمام

اسباب ہونے کے باوجود والدین کی اپنی بیٹیوں کے لیے نیند اڑی رہتی ہو جب کہیں سے شادی کا پیغام آئے اور پریشانیاں ہی پریشانیاں ہوں تو انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے مقررہ مدت کے دوران ہی پیغامات آنے شروع ہو جائیں گے اور کسی اچھی اور نیک جگہ شادی ہو جائے گی۔

طریقہ یہ ہے کہ لڑکی کا نام الگ الگ حروف میں لکھیں دیکھیں ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس میں درود ہزارہ کے اعداد جمع کر کے عنصر کے مطابق دو نقش لکھیں۔ ایک نقش ''سورہ یاسین'' میں رکھ دیں اور دوسرا لڑکی اپنے گلے میں ڈال لے اور اکیس روز تک درود ہزارہ نام کے اعداد کے مطابق ورد کرے۔ انشاء اللہ! اس کی شادی مرد صالح سے ہو جائے گی اور زندگی خوش وخرم گزرے گی اور اولاد نیک پیدا ہوگی۔ اس نقش کو شرف قمر یا جب زہرہ اور زحل کا قران برج ثور میں ہو تو پھر پر کریں تو پھر کیا ہی بات ہے۔ فوراً اثر ہوگا اکیس تا اکتالیس روز تک درود ہزارہ کا ورد کریں انشاء اللہ بطفیل رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلد شادی ہو جائے گی۔

مخلوق کی نظر میں مقبول ہو

چھ سو چھبیس مرتبہ طلوع آفتاب بعد عد نماز (سیاہی، قلم، کاغذ پاک ہو) لکھ کر ٹوپی میں رکھ لیں۔ بڑی عزت ہوگی۔ لوگوں کے دل میں خوف پیدا ہوگا۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

تسخیر مؤکلات

یہ عمل بدھ کے دن سے شروع کیا جائے۔ عامل کو پنج گانہ نماز اور شریعت کا پابند ہونا چاہیے۔ ہر وقت پاکیزہ رہنا چاہیے اور پاکیزہ لباس پہننا چاہیے۔ بعد نماز عشاء

ایک پاک مقام پر سبز رنگ کا مصلیٰ بچھا کر بیٹھیں۔ بدن پر کپڑا کم از کم سبز ہونا چاہیے۔ خواہ وہ عمامہ یا ٹوپی ہی کیوں نہ ہو۔ پہلے ۴۸۰ بار درود ہزارہ ''مع بسم اللہ شریف'' پھر ۴۴۴ بار یہ دعا پڑھیں ''اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَبَاالْعَجَائِبِ یَا اَمْسَگَائِیْلَ وَ بِحُرْمَةِ یَا خَبِیْرُ اُحْضُرَ الْعَجَلَ السَّاعَةُ'' دعا پڑھتے وقت گوگل کا بخور جلائیں۔ اکیسویں دن سے موکلین حاضر ہوں گے اور طرح طرح کے خوفناک منظر دکھائیں گے مگر عامل ان سے ہرگز خوف نہ کریں۔ چالیس دن پورے ہونے کے بعد سفلی مؤکل تابع ہو جائے گا۔ اسے جائز مقصد کے لیے استعمال کریں۔ جس دن کا جو مؤکل ہو اس کا نام لے کر بلائیں تو وہ فوراً حاضر ہو جائے گا۔ جب ان کو بلانے کا ارادہ ہو تو دیکھ لیں کہ کپڑے وغیرہ پاک ہیں یا نہیں۔ ہر طرح کی ناپاکی کے عالم میں انہیں کبھی طلب نہ کریں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے اور کسی بھی خلق کو ہلاک کرنے یا نقصان پہنچانے کا حکم مؤکل کو نہ دیں ہاں اگر کوئی دشمن ناحق عامل کو ستائے اور وہ دشمن اسلام سے باہر ہو تو حرج نہیں۔ اس کے زور کم کرنے کی کوشش کی جائے اور اگر روپیہ پیسہ وغیرہ [illegible]ی طمع کا سوال مؤکل کے سامنے آئے گا تو مؤکل فرمائش پوری نہیں کرے گا اور عمل کا اثر بھی جاتا رہے گا۔

عمل حب

اگر مطلوب متوجہ نہ ہو تو طالب کو چاہیے کہ ! مہینے کی شروع تاریخوں کے پہلے جمعہ کو آدھی رات کو غسل کرے، صاف ستھرا لباس پہنے، خوشبو لگائے اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے، درود ہزارہ ۸۰۵ بار ''مع بسم اللہ شریف'' اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے چلہ پورا ہوتے ہی محبوب خود بخود حاضر خدمت ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے:

"فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ"

برائے حب

سرکش اور بے وفا محبوب کے لیے درود ہزارہ بھی تیر بہدف کا کام دیتا ہے۔ جب ضرورت ہو تو جائز امر کے لیے کسی شیرینی چیز پر دم کر کے کھلا دیں۔ انشاء اللہ کھانے والا حلقۂ اطاعت میں فوراً سر جھکا دے گا۔


تسخیر جن

''سورہ جن'' کے ورد سے پہلے منگل، بدھ، جمعرات، تین روزے رکھیں، دن رات لوبان کی دھونی لیں اور ان تین دنوں میں ایک ہزار بار ''سورہ جن'' کو ہر روز ۳۳۳ بار پڑھیں اور پڑھنا نصب شب جمعہ میں ختم ہو۔ اس وقت ''سورہ جن'' کا موکل حاضر ہوگا جن کو دیکھ کر ڈرنا نہ ہوگا، وہ پوچھے گا مجھے کس لیے بلایا ہے۔ اس سے اپنا مقصد و مدعا بیان کریں۔ موکل جن جس کا نام ابو یولف ہے فوراً وہ کام کر دے گا۔ ایک بار پھر یہ بتا دینا بڑا ضروری ہے کہ موکل جن کو دیکھ کر ڈرنا نہیں ورنہ عمل الٹا پڑے گا جب کہ ڈرنے کی صورت میں ایسا بھی ہو سکتا کہ جن کو دیکھتے ہی حرکت قلب بند ہو جائے۔

برائے حب

اگر زوجین میں موافقت نہ ہو تو اس نقش کو لکھ کر درخت سے لٹکا دیا جائے تو تھوڑے ہی عرصہ میں دونوں محبت کرنے لگیں گے۔

یَا وَلِیُّ یَا وَلِیُّ



یَا وَلِیُّ یَا وَلِیُّ

تسخیر روحانی اجسام

ایک مربع اس کا سہ در سہ سے جہت شفع سے اور ایک مربع چہار در چہار سے جہت عدد وتر سے اور مبداء مثلث اس کا حروف ملے سے ہے۔ جو کوئی اس مثلث کو شرف زحل میں چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہلے تمام روحانی اجسام اس کی اطاعت کریں اور جو کثرت سے اس کا ذکر کریں۔ عظمت والا ہوگا۔ اگر کوئی عارف اس کا ذکر کرے تو روحانی اجسام اس سے گفتگو کریں۔ نقش یہ ہے:

ہمزد	لام	الف	حا
۸	۱۱۰	۷۴	۵۶
متین	ھادی	اول	مبین

نقش محبت

''سورہ فاتحہ'' پڑھ کر اس کے اعداد جو ۹۲۶۰ میں بغیر ''بسم اللہ'' کے ایک وقت بنائے اور پڑھنے کے وقت دونوں وقت یعنی افطار اور فجر اس نقش کو اپنے سامنے رکھیں اور عود ولوبان سلگائیں۔ پھر نقش کو اپنے پاس رکھیں۔ مقصد پورا ہوگا۔

۳۳۲۹	۲۳۴۳	۲۳۴۷	۲۲۳۲
۲۳۳۴	۲۲۳۳	۳۲۳۸	۳۳۲۴
۳۲۳۴	۲۲۳۹	۲۳۶۴	۲۳۲۲
۲۳۳۱	۲۲۳۶	۲۲۳۵	۲۳۴۶

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

تسخیر باد و باراں

یہ نقش مبارک (میزان) کاغذ پر لکھ کر دریا میں بہا دیں۔ انشاء اللہ بارش ہو گی۔

۷۸۶

۵۸۵۹	۵۸۵۲	۵۱۷۷
۵۸۷۴	۵۸۵۶	۵۵۵۸
۵۸۵۵	۵۱۹۵	۵۸۵۲

بارش بند ہو جائے

اگر موسلا دھار بارش مسلسل ہو رہی ہو اور بند نہ ہوتی ہو تو درج ذیل میزان کاغذ پر لکھ کر کسی پتھر کے نیچے رکھ دو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بارش بند ہو جائے گی۔

۴۳۹	۳۲۹	۳۲۳	۳۲۲	۱۲۶	۴۰۱
۳۳۴	۳۰۲۸	۳۴۲	۳۳۵	۲۳۶	۲۴۱۱
۳۱۵	۳۱۹	۲۲۲	۳۲۰	۲۳۷	۲۴۳
۳۰۲۹	۲۰۱۱	۲۳۸	۳۲۰	۲۴۱	۲۳۷
۴۴۴	۲۴۳	۳۱۷	۳۲۵	۲۱۴	۲۳۱
۳۱۸	۴۳۱	۲۱۳	۱۲۲	۳۳۲	۲۳۵

تسخیر جنات

اس میزان کو بکرے کی کھال پر لکھ کر ٹھیکری یا مٹی کی طشتری میں جلاؤ اور اس کی راکھ کو آنکھوں میں لگاؤ تو جنات کو دیکھ سکو گے۔ لیکن ان سے ڈرنا نہ ہوگا کہ وہ زیر تسخیر ہوں گے۔

۴۳۴۷	۲۲۴	۴۳۳۱	۶۲۶	۴۳۴	۳۲۲۱	۴۳۱۱
۴۲۴۳	۴۳۴۱ .	۴۶۱	۴۳۵	۳۳۱۳	۳۰۴۸	۴۲۲۵
۴۲۲۹	۴۲۱۴	۴۲۴۲	۲۶۴	۳۵۶	۲۳۴۲	۳۰۱۳
۴۲۱۴	۴۳۵	۳۳۷	۳۲۴	۲۳۵۹	۲۳۴۰	۴۳۵۱
۴۸۴۳	۴۳۱۸	۴۲۷	۴۴۱	۴۲۵۷	۴۳۱۵	۴۳۱۹
۴۴۳	۵۸۴۳	۴۳۴۱	۴۲۳۹	۴۳۱۶	۲۲۳۲	۴۳۱۸
۴۳۲۰	۳۱۷	۲۲۴۹	۴۲۳	۴۴۲۰	۵۲۵۹	۳۱۴۲

نقش محبت

محبت کے لیے "سورہ فاتحہ" کے نقش کو ساعت زہرہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور ہر نماز کے بعد دعا مانگو۔

میکائیل	والقیت علیک				جبرائیل
	۲۰۰	۴۰۲	۲۰۶	۲۰۶	
	۲۰۵	۴۴۹	۲۹۹	۴۰۴	
	۲و۵	۴۰۷	۴۰۱	۱۹۸	
	۱۴۲	۲۹۷	۲۵۶	۲۰۶	
اسرافیل	علیٰ عَیْنِیْ				عزرائیل

نقش مقبولیت

اگر اس نقش کو انگوٹھی پر کندہ کر کے پہنیں تو لوگوں میں بڑے مقبول ہوں گے، ہر جگہ عزت و توقیر کی نظر سے دیکھے جائیں گے۔

ک	ھ	ی	ع	ص
ھ	ی	ع	ص	ک
ی	ع	ص	ک	ھ
ع	ص	ک	ھ	ی
ص	ک	ھ	ی	ع

تالیف قلوب

سات مرتبہ "یااللہ" اور سات مرتبہ "یارحمٰن" لکھ کر یہ عبارت لکھے۔لین قلب فلاں بن فلانہ واجعل لی عندہ الرافة والرحمة والحنان والقبول فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم واذ قال ابراھیم رب ارنی کیف تحی الموتی حَکِیۡمٌ تک کذالك یاتی فلاں بن فلاں خاضعا ذلیلا فکشفنا عنك غطاء ك فبصر ك الیوم حدید۔

زعفران اور سیاہ مرچ سیسے پر گھسی ہوئی سے یہ لکھے اور جس کو مطیع کرنا ہو اس کے سر پر سات بار پھیریں اور اگر ایسا شخص ہے جس کے پاس جانا ممکن نہیں تو دور ہی سے اس کا تصور کر کے یہ نقش اس پر سے اتار دیں اور ہر مرتبہ سات بار اللہ اکبر کہیں۔ پھر اس کاغذ کو اپنے پاس رکھیں تو مطلوب پیچھے پیچھے دوڑا آئے گا۔ یہ عمل جمعرات کے دن طلوع کے وقت لکھنا چاہیے۔

دشمنوں میں صلح کرانے کا عمل

اگر دشمنوں میں ملاپ کرنے کا ارادہ ہو تو تمام "سورہ واقعہ" پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کرو اور بعد سورت کے یہ الفاظ پڑھ کر بھی دم کرو "تَوَکَّلُوْا یَاخُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِیْفَةِ بِالْمَحَبَّةِ الدَّائِمَةِ وَالْوِدَادِ بَیْنَ فلاں بن فلانہ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ عَلَیْکُمْ وَطَاعَتِهَا لَدَیْکُمْ" اور وہ کھانے کی چیز ان دونوں کو کھلا دو آپس میں صلح کر لیں گے اور موت کے بعد ہی جدا ہوں گے۔

اسرار جلیل

جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے لوگوں پر اس کا رعب و دبدبہ ہوگا۔

۲۹	۲۴	۲۷
۲۸	۳۰	۳۲
۲۳	۲۶	۳۱

نقش جامع اسرار

"حکیم افلاطون" نے یہ نقش سکندر ذوالقرنین کے لیے تیار کیا تھا جس کے اثر سے شیر اس کے سامنے سے بھاگ گیا تھا۔

نقش بنائیں

اسم مومن کے موکل تسخیر

مومن اسم کا خادم ہقیائیل ہے جس کے تحت چار موکل ہیں ان میں سے ہر ایک موکل ۱۳۱ صفوں کا حاکم ہے اور ہر صف میں ۱۳۱ موکل ہیں جو شخص اس اسم کو اس کے عدد کے موافق پڑھے تو موکل اس پر حاضر ہوں گے اور عالم غیب وشہود کا راستہ اس پر کھل جائے گا۔ بدبختی سے نیک بختی اور ذلت سے عزت نصیب ہو۔ گی درحقیقت جملہ بھلائیاں صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں جس کو چاہے دیتا ہے۔ دعا اس اسم کی یہ ہے:

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُؤْمِنُ الَّذِیْ اَثْبَتَ الْاَیْمَانَ فِیْ قُلُوْبِ اَھْلِ الْعِرْفَانِ وَاظْھَرْتَ الْاَیْمَانَ عِنْدَ ظُھُوْرِ الْاَمْنِ وَالْاَمَانِ وَ رَزَقْتَ الْاِسْتِقَامَۃَ فَمِنْ صَحَّتَ لَہٗ الْاِقَامَۃَ فِیْ دَارِ الرِّضْوَانِ وَاَعْطَیْتَھُمُ الْاَمَانَۃَ مِنْ تَغَیُّرَاتِ الْحَدْثَانِ وَاَحْزَرْتَھُمْ مِنْ عَرَائِیْلِ الشَّیْطَانِ الَّذِیْ یَقْدَحُ فِیْ صِحَّۃِ الْاِیْمَانِ بِمَا مَسَخْتَ لَھُمْ بِجُوْدِکَ مِنَ الْاَیْمَانِ وَالْبُرْھَانِ وَطَھَرْتَھُمْ مِنْ طَوَاجِسِ وَدَاعِی النَّزْلَاتِ وَرَفَعْتَھُمْ عَنْ قَبُوْلِ عَوَارِضِ السَّلْبِیَّاتِ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ بِجَمِیْعِ مَا فِیْ غَیْبِکَ مِنَ الْحَقَائِقِ الْعِلْمِیَۃِ وَالدَّقَائِقِ الْاِرَادَتِہٖ اَنْ تَجْعَلْنِیْ اٰمِنًا مِنَ خَوْفِ النَّظْرِ الصُّوْرِیْ فِیْ مَقَامِ النَّفْعِ وَالضُّرِ حَتّٰی اُقْبَلَ اِلَیْکَ فَارِغَ الْقَلْبِ طِیْبِ النَّفْسِ وَاثِقًا بِمَوْعُوْدِ الرَّبِّ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ شَیْئًا اَتَمَسَّکُ بِہِ الْاَمْنَ مِنَ الْخَلْقِ وَاجْدِنِیْ اِلَیْکَ بِالْھِدَایَۃِ اِلٰی طَرِیْقِ الْحَیَاۃِ وَالْاَرْشَادِ بِسَبِیْلِ النَّجَاتِ یَا مَنْ تَھَبُ الْکَثِیْرَ وَیَقْبَلُ الْقَلِیْلَ وَ یُحِبُّ الْاِحْسَانَ وَ یَجُوْدُ بِالتَّفْضِیْلِ عَلٰی اَھْلِ الْاِیْمَانِ

وَالْاِحْسَانِ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِسَيِّدِ الْبَشَرِ وَ شَفِيْعِكَ يَوْمَ الْمَحْشَرِ وَ حَبِيْبِكَ الَّذِیْ بَعَثْتَهٗ بِعِبَادِكَ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ تَبْسُطُ النَّفْعُ وَ تَدْفَعُ الضَّرَرَ وَاَعِذْنِیْ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَاَكْرِمْنِیْ بِخَيْرِ الْعَطِيَّةِ وَاَزِلْ عَنِّیْ بِرَافِتِكَ سِرَّ الْبَلِيَّةِ فَاَنْتَ الْمُحْسِنُ لِكُلِّ اِنْسَانِ الْمُتَفَضِّلُ بِالْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ يَا مُؤْمِنُ"۔

برائے محبت


اگر اس مرکب (جیم) کے اعداد کو مثلث میں پر کریں بلور کے نگینہ پر نقش کریں اور گرد اس کے سات جیم اردو لکھیں بعد ازاں اس کی انگوٹھی بنا کر پہنیں تو جو اس کو دیکھے گا محبت کرے گا اور اس حرف کے اسماء یہ ہیں جن کے ذریعہ یہ دعا کی جائے۔

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَا جَبَّارُ يَا جَمِيْلُ يَا خَلِيْلُ يَا جَامِعُ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الْجِيْمِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرْ لِیْ مَلَائِكَتِكَ الْكِرَامِ خُدَّامِ هٰذِهِ الْحَرْفِ بِالطَّاعَةِ فِيْمَا اٰمُرُهُمْ بِهٖ مِمَّا لَكَ فِيْهِ رَضَاءٌ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ"۔

دو نقوش محبت

محبت کے لیے دو نقوش درج ذیل دونوں میں سے کوئی ایک موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ طالب اور مطلوب اس کی محبت میں بیکل ہو جائے۔

نقش نمبر 1




بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١٠
٣٦١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠
	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠
	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠

اللھم برحمتک سخر قلب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں یا لطیف یا ودود


نقش نمبر 2

٧٨٦

	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١٨
٠٣٦١٧٠	٣٦١٧٠ ٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠
	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠	٣٦٣٦١١٠
	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠	٨٠١٠٩٣١١٠

حکام کی نظر میں عزت ہو

جس کے پاس یہ نقش ہوگا حکام اس کی عزت کریں گے اور اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔






الله	الملک	القدوس	السلام	المومن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر
الملک	القدوس	السلام	المومن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله
القدوس	السلام	المومن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک
السلام	المومن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس
المومن	المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام
المہیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المومن
العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المومن	المہیمن
الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المومن	المہیمن	العزیز
المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المومن	المہیمن	العزیز	الجبار

رزق میں ترقی ہوگی۔ ہر کام برآئے ہر مشکل آسان ہوگی۔

اسم حب

اگر کوئی التفات نہ کرتا ہو اور آپ اس سے بے حد محبت کرتے ہوں تو اسے مطیع کرنے کے لیے ایسا کریں کہ تمام حروف ابجد کے لکھ کر مع اضمار کے ایک صورت دوسر والی بنائیں اور اس شخص کے گھر میں کہیں دبا دیں تو وہ مطیع ہو جائے گا۔ ایک پل کے لیے بھی جدا نہ ہوگا۔



اس مقصد کے لیے یہ نقش حب میں مجرب المجرب ہے۔ کبھی خطا نہیں جاتا اپنا اثر ضرور دکھاتا ہے۔ درج ذیل نقش بنا کر جسے مطیع کرنا چاہو اس کے گھر میں اس کے گھر کی دہلیز میں کہیں دبا دو۔ چند دن میں اثر دکھائے گا۔



کسی کو بلانے کا عمل

اگر کسی کو بلانا ہو تو اپنے دروازہ میں دفن کرو۔ کیسا ہی شخص ہو ضرور آ جائے گا اور اگر برج آبی میں ہو تو گزرگاہ آب میں ڈال دو نرکل کی نلکی میں بند کر کے موم لگا کر اس نقش کو پانی میں بہا دیں۔ انشاءاللہ مقصد بہت جلد پورا ہو گا۔ نقش یہ ہے۔ درج ذیل دعا دم کرو

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی كُلِّهَا الْحَمِیْدَةِ الَّتِیْ اِذَا
وُضِعَتْ عَلٰی شَیْءٍ ذَلَّ وَخَضَعَ وَاِذَا طُلِبَتْ بِهِنَّ الْحَسَنَاتِ
حَصَلَتْ وَاِذَا صُرِفَتْ بِهِنَّ السَّیِّاٰتِ صُرِفَتْ وَ كَلِمَاتُ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ
الَّتِیْ لَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ
سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّانَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ یَا كَافِیْ یَا
وَلِیُّ یَا رَؤُفُ یَا لَطِیْفُ یَا رَزَّاقُ یَا وَدُوْدُ یَا قَیُّوْمُ یَا وَاسِعُ یَا كَرِیْمُ یَا
وَهَّابُ یَا بَاسِطُ یَا ذَالطَّوْلِ یَا مُعْطِیْ یَا مُغْنِیْ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا
غَنِیُّ یَا مُغِیْثُ یَا حَنَّانُ یَا جَوَّادُ یَا مُحْسِنُ یَا مُنْتَقِمُ اَللّٰهُمَّ اَغْنِیْ
بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَنْ سِوَاكَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِاِسْمِكَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْجَلِیْلُ

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اللَّطِیْفُ الْعَظِیْمُ الرَّؤُفُ الْغَفُوْرُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْمُمِیْتُ الْمُجِیْبُ الْقَرِیْبُ السَّمِیْعُ الْکَرِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَذُوالطَّوْلِ الْمَنَّانُ"۔

عوام کو مطیع کرنا کا عمل

جو حاکم لوگوں کی اطاعت چاہے وہ اسم "یاھادی" کا کثرت سے ذکر کرے اور جس کو مطیع کرنا ہو اس کے حروف بسط و تکسیر کے ساتھ اپنے پاس رکھے مقصد حاصل ہوگا۔

ای ل ج ہ ق اف د ب ی اور یہاں تک تکسیر کرے کہ سطر اول آخر میں ظاہر ہو۔ اس کاغذ کی سطر نہ لکھیں۔ کیونکہ وہی اول سطر ہے جس کے لکھنے سے تحریر مکرر ہو جائے گی۔ دع ی ہ ب ال ھ ادی۔ مقررہ خوشبو کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھیں اور بکثرت اسم ھادی ہر حالت پڑھتے رہیں اور اس اسم کو خوشبو کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھیں۔

مطلوب حاصل کرنے کا عمل

مطلوب کے نام کے عدد لے کر دیکھیں کہ کس اسم الٰہی کے موافق ہیں جب اسم نکل آئے تو نام کا موکل بنا کر لفظ ائل اس کے آخر میں بڑھاؤ اور اسم الٰہی کے ساتھ موکل کو مطلوب کو حاضری کا حکم دو تو مطلوب حاضر ہوگا۔ مثلاً مطلوب سے محمد عدد اس کے ۹۲ جسے موافق اسم الٰہی "یا باسط اور ودود" ہیں۔ بس اس کے حروف اسم الٰہی میں مطلوب کا موکل بنا دیا جو کیعائیل ہوا۔ جب محمد نامی شخص سے کوئی حاجت ہو یا اس کی تسخیر چاہو تو ان دونوں اسماء باسط اور درود کے ساتھ موکل کو متوجہ کرو تو مطلوب حاضر ہوگا۔ میں نے یہ پوشیدہ ترین راز کو ظاہر کر دیا۔ بشرطیکہ اس کی قدر کرو۔

ایک طریقہ اور یہ ہے کہ اعوان کے ساتھ اسم کا کعب نکالو اور تکسیر ہے جو اسم استخراج

ہوا ہے اس کو بھی پڑھو پھر عون کو کام پر مقرر کرو تو وہ حاضر ہو کر فوراً حکم بجالائے گا۔

باب کبیر وصغیر

باب کبیر انتیس درجات مصوبہ میں سے اسم ایک قائم درجہ کبیر ہے۔ جو موخرات مقلوبہ مع حروف اس سے خارج ہے اور یہی ان کی تکسیر ہے۔ اس کا اول وآخر درجہ بدرجہ اور حروف بہ حرف سے اور اسم بہ اسم مخرج بات تک گیا ہے۔ جہاں تک ممکن ہو دوستو غلطی سمجھو۔
اسباب کبیر میں اولاً 0 باب کلام سے ہے اور آخری حرف ''ی'' تک بیان ہے۔

قاعدہ یہ ہے کہ اتکسیر کرو آخر سے اول تک بشمول پھر حرف ص ملے گا۔ پھر ان کی تکسیر کرو آخر سے اول تک بشمول اٹھائیس اسماء تک تمہارے لیے باب نکل آئے گا۔ یہ باب کبیر سے صدور باب اول تک عمل کرو گے رو اول میں اس کے ''ی'' اور آخر میں ب پاؤ گے اور صدور کو اٹھائیس اسم پاؤ گے اور نام اپنے صدور کی طرف رجوع کرے گا۔ ان کل ۱۲۹ اسموں میں صدور باب کبیر ثانی کے تحت تکسیر ہوتی ہے۔ آخر ابواب میں ازمنہ کے ولا پر عزیمت بناؤ۔ نیز اسماء الٰہی اور اسمائے ملائکہ کے اعوان کرنے کے لیے عزیمت بناؤ جو تکسیر مؤخرات صدور باب کبیر کی ترکیب سے بہ آسانی بنتی ہے۔ زمام کو پلیٹ دو تو اول وآخر بن جاتا ہے۔ یہ قاعدے اچھی طرح از کرلو۔ اول حرف ابتدا میں الف تھا اور آخر میں ''ی'' تھا لیکن اب اول حروف ''ی'' ہوا اور آکری حرف الف قرار پایا یعنی باب کلام اول کی زمام مقلوب ہوئی اور اس صورت آخر کو اول درجہ بدرجہ حسب تالیف تکسیر کرو تو یکے بعد دیگرے ایک ہی نسق میں نمودار ہوں گے جو مواخرات ثانی کبیر ہیں۔

اس طریقہ کا اول الف اور آخر اس کا کالا اور زمام باب کلام ان کی ۲۹۰ درجوں کی طرف راجع ہوں گی۔ جن میں اول لا اور آخر حرف ی ہوگا یعنی حرف ی پیدا ہوگا۔ جو خارج

ہوا ہے وہ ازمہ ابواب ہیں اور جب یہ باب درست ہو گیا تو اسی طرح اس کا اخراج بھی ہوگا۔ جو صدور مؤخرات سے مصوبہ اور مقلوبہ حسب تالیف موافق کلام فیطورش جہاں تک ممکن ہو موافق اعداد ساعات روز شب تمام سال کی تکسیر کرو اور ازمہ کو دوسری جگہ لکھ کر موخرات سے صدور کو الگ کرو۔ فیطورش کے کلام کے موافق تصریف باب صغیر اس طرح ہے کہ اسم قائم کے ۲۳ درجے ہیں۔ صدور و مؤخرات کو جمع کیا تو ۳۲ درجے ہو گئے۔ زمام ان کی ہر زمام میں سے ۳۲ درجہ ہے جو صدر اول باب صغیر ہے۔ اس میں پہلا درجہ الف کا اور آخر ب کا لہٰذا آخر کو اول پر تکسیر کرو درجہ بدرجہ تو زمام حاصل ہوگی۔ آفرش ملیں گے ان کو برابر برابر ایک زمام میں قائم کردو اور اس سے چار درجہ خارج کرو جو داخل تھے۔ اس میں مکرر کی نظر سے معلوم کرلو گے کیونکہ فوق ہر فن کا اس سے علیحدہ ہوتا ہے۔ سب سے پہلے معلوم کریں کہ ہیاکل اہیجان، حراب، اعمدہ، سیوت، منابر، مزاریق، احراز کلالیب اور کراسی یہ سب باب کبیر سے حب میں ''جان مرزبان شاہ ابوالجن'' کے بیٹے ہیں اور یہی ملوک اور امراء دہراسہ وفراعنہ وقادرہ شعابذہ جنات ہیں۔

تسخیر قلب کے لیے ایک اکسیر عمل

جو کوئی اسم ''ودود'' کو ایک مثلث میں لکھے جس کے مرکز میں اسم جواد رکھے اور پھر مثلث کے گرد مربع محیط کر کے اپنے پاس رکھے سب کو گرویدہ کرے گا۔ جس کی اس پر نظر پڑے گی اس سے محبت کرے گا۔ جو کوئی یہ مثلث جمعہ کی پہلی ساعت، شرف زہرہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور اسم ''ودود'' کا ذکر کرتا رہے تو جذب خلائق کی عجیب تاثیر دیکھے۔ اس اسم کو سفید ریشم پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا سب کے دلوں میں اپنی محبت پاتا ہے۔ بعض عارفین نے بیان کیا ہے کہ اگر اس اسم کا اس قدر ذکر کریں کہ اس کی حالت اس پر غالب ہو

جائے تو جو شخص اس کو دیکھے مائل ہو اور اس کے باطن کو اللہ تعالیٰ روح محبت اور اس کے ظاہر کو اسرار دوستی کے ساتھ زندہ رکھے۔

دشمن کی زبان بندی کا عمل

دو رکعت نماز کے بعد ۴۰۰ مرتبہ ''یا ھادی'' کا ذکر کرنے سے دشمن کی زبان بندی ہوتی ہے۔ ذاکر دشمن پر غلبہ پاتا ہے۔ دشمن مغلوب ہوتا ہے۔ یہ عمل اندھیری کوٹھڑی میں آنکھیں بند کر کے پڑھنے والے کو انوار عجیبہ کے مشاہدے ہوتے ہیں۔

عوام کو مطیع کرنے کا عمل

جو حاکم لوگوں کی اطاعت چاہے عوام کو مطیع کرنے کا خواہش مند ہو وہ ''یا ھادی'' کا بکثرت ذکر کرے اس کے حروف بسط و تکسیر کے ساتھ اپنے پاس رکھے۔ اس کے ذاکر کو اسرار و معارف حاصل ہوتے ہیں۔ اگر یہ عمل رات کو کیا جائے تو خواب میں معلوم ہو جاتے ہیں۔

نقش محبت

محبت کے لیے اسم ''غنی'' کا نقش طالع سعد میں لکھ کر اس کے اطراف موکل کا نام لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا تو اسے جس سے محبت ہوگی وہ رجوع کرے گا کچے دھاگے سے بندھی آئے گی۔ سرکار چلی آئے گی۔

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کے چند آزمودہ عملیات

ممتاز روحانی شخصیت جناب ''کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی کتاب ''عامل کامل'' جلد اول میں ''تکسیر مراتب عدد کا راز'' میں لکھتے ہیں کہ! طالب و مطلوب کے ناموں میں جو نام با اعتبار حروف زیادہ ہو پہلے لکھے اس سے عمل میں زور پیدا ہو جاتا ہے۔ جب طالب

ومطلوب کے نام لکھیں تو ان کی تکسیر مراتب عددی کریں۔ تکسیر مراتب عددی اس کو کہتے ہیں کو جہ حرف با اعتبار ابجد افضل ہوں۔ ان کو پہلے لکھے اور جو ادنیٰ ہوں ان کو بعد میں لکھیں۔ مثلاً طالب کا نام شیر علی ہے اور مطلوب کا نام حمید النساء ہے۔ چونکہ شیر علی میں چھ حرف ہیں اور حمید النساء میں سات حرف ہیں۔ اس لیے حمید النساء کو پہلے اور شیر علی کو بعد میں لکھیں گے۔

پہلے ان ناموں کا بسط کیا

ح۔ م۔ ی۔ د۔ ا۔ ل۔ ن۔ س۔ ا۔ ش۔ ی۔ ر۔ ع۔ ل۔ ی

۸۔ ۴۰۔ ۱۰۔ ۴۔ ۱۔ ۳۰۔ ۵۔ ۶۰۔ ۱۔ ۳۰۰۔ ۱۰۔ ۲۰۰۔ ۷۰۔ ۳۰۔ ۱۰

اب تکسیر مراتب عددی کیا تو یہ صورت ہوگئی۔

ش۔ ر۔ ع۔ س۔ ن۔ م۔ ل۔ ل۔ ی۔ ی۔ ی۔ ح۔ د۔ ا۔ ا

۳۰۰۔ ۲۰۰۔ ۷۰۔ ۶۰۔ ۶۰۔ ۴۰۔ ۳۰۔ ۳۰۔ ۱۰۔ ۱۰۔ ۱۰۔ ۸۔ ۴۔ ۱۔ ۱

لیکن یہاں یہ نکتہ قابل غور ہے کہ! اگر عمل محبت کے لیے کیا جاتا ہے تو تکسیر مراتب عددی علوی کرنا ہوگی۔ یعنی پہلے اعلیٰ حرف کے بعد ادنی۔ اس طرح حب مراتب اور اگر دو شخصوں کے درمیان عداوت کرانا ہو تو تکسیر مراتب عددی سفلی کرنا ہوگا۔ اس میں یہ صورت ہوگی۔

ا۔ ا۔ د۔ ح۔ ی۔ ی۔ ل۔ ل۔ م۔ ن۔ س۔ ع۔ ر۔ ش

۱۔ ۱۔ ۴۔ ۸۔ ۱۰۔ ۱۰۔ ۳۰۔ ۳۰۔ ۴۰۔ ۵۰۔ ۶۰۔ ۷۰۔ ۲۰۰۔ ۳۰۰

یعنی ادنی حرف پہلے اور اعلیٰ بعد میں اب مکرر حروف کاٹ دیں۔ ا۔ د۔ ح۔ ی۔ ل۔ م۔ ن۔ س۔ ع۔ ر۔ ش سطر بنی۔ اس کے بعد طریق حسب ذیل ہیں۔

مراتب علوی

اب اگر محبت کے لیے عمل کرنا ہے تو طالب و مطلوب کے نام حسب طریق بالا یعنی تکسیر مراتب عددی علوی کر کے ایک سطر میں لکھیے جب یہ لائن تیار ہو جائے تو اس سطر کی تکسیر جفری کیجئے۔ یعنی ایک حرف بائیں طرف سے ایک دائیں طرف سے لیتے جائیں۔ اس طرح آخر تک الٹ پلٹ کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ پہلی سطر بعینہ نیچے آ جائے۔ اب ان تمام حروف کو چار چار حرف کی صورت میں قینچی سے کاٹ لیں۔ اگر آخری ٹکڑے میں دو حرف رہ جائیں تو رہنے دیں۔ اگر ایک یا تین رہ گئے ہوں تو حرف م بڑھا کر دو یا چار کر لیں اور ہر ٹکڑے پر یا میکائیل لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ اس طرح چار دن کریں۔ انشاءاللہ چوتھے دن مطلوب بے قرار ہو جائے گا۔ اگر خدا نہ کرے کوئی نفع ظاہر نہ ہو تو پھر چار دن برابر کریں۔ اگر پھر نفع ظاہر نہ ہو تو پھر چار دن برابر کریں۔ خدا چاہے تو کامیاب ہوں گے۔

حب کے لیے سات بتیاں

ناظرین کتاب کے لیے جفر کے درون سینہ اسرار کو ظاہر کرتا ہوں۔ یہ وہ راز ہیں جو برسوں کی خدمت سے بھی استاد نہیں بتاتے۔ حب کے لیے جفر سے ایک چلتا ہوا ''جادو'' تحریر کرتا ہوں۔ امید ہے کہ جو صاحب آزمائیں گے۔ انشاءاللہ در[illegible] پائیں گے۔

نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ کر کے اعد[illegible]ب ابجد نکال کر اس کے ناموں میں جس قدر نقطہ ہوں۔ ان کو بھی شمار کر کے ا[illegible]شار میں اضافہ کر لو۔ پھر اس میں سے ۲۸ عدد منہا کر کے جو باقی بچیں۔ ان [illegible] عدد لکھو۔ جس میں ایک اضافہ ہو دوسرے میں ۲ کا۔ اسی طرح ساتویں میں سات کا اضافہ کرو۔ مثلاً ۲۸ عدد منہا کرنے کے

بعد ۳۔۲ عدد بچے تو پھر ۱/۲۰۳ ۲/۲۰۴، ۳/۲۰۵، ۴/۲۰۶، ۵/۲۰۷، ۶/۲۰۸، ۷/۲۰۹ لکھو۔ اب یہ سات اعداد ہوئے۔ ان میں سے پہلے کا نام مفتاح ہے۔ یہ طریقہ بھی ایک علیحدہ راز ہے۔ جس سے جن اور ملائکہ کے نام پیدا کیے جاتے ہیں مگر مجھے یہ طریق خاص طور پر ملا ہے) بغرض آسانی ان ساتوں عددوں کے نام ذیل کی جدول سے معلوم کرو۔

غائث	ضابطہ	مساحت	وفق	عدل	مغلاق	مفتاح
۲۰۹	۲۰۸	۲۰۷	۲۰۶	۲۰۵	۲۰۴	۲۰۳

اب ان شکلوں سے سات فتیلہ تیار کرو۔ لیکن اس سے قبل کہ فتیلہ تیار کرنے کا طریق بیان کروں۔ پہلے اس طلسم کے متعلق ہدایات بیان کردوں۔ یہ فتیلہ چاند کی چھٹی تاریخ کو تیار کرو۔ عروج ماہ میں زہرہ یا مشتری کی ساعت میں انار کی لکڑی کا قلم بنا کر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھنا ہوگا۔ لکھتے وقت لوبان کی دھونی ہوتی رہے۔ منہ مطلوب کے مکان کی طرف ہو۔ ساتوں فتیلہ ایک ہی نشست میں تیار کرو۔ یہ عمل سات دن کا ہے۔ اس لیے سات دن تک کسی قسم کا گوشت نہ کھاؤ۔ بلکہ دودھ، دہی، گھی سے بھی پرہیز رکھو صرف اناج اور پھل کھایا کرو۔ تیل کھا سکتے ہو اس لیے کہ تیل بھی نباتات کی قسم ہے۔ بتیاں بنانے کے وقت عمدہ معطر کپڑوں کو پہنو اب بتیاں بنانے کا قاعدہ خوب غور سے معلوم کرو۔

1. مفتاح اور مغلاق کے عددوں کو جمع کر کے اس میں ۲۱۲ کا اضافہ کرو اور پھر تین سے اس کو ضرب دو جو اعداد حاصل ہوں۔ ان کے حروف ابجد کے حساب بنالو اور پھر اس میں ذیل کے حروف اور اضافہ کردو۔ ح۔ب۔ی۔ب۔ اب یہ ایک اور لائن بن گئی۔ اس لائن کی تکسیر جفری کر کے تمام کا تمام کاغذیوں ہی رہنے دو اور ان سب کی ایک بتی بنالو یہ ایک فتیلہ بن گیا۔

2. اب عدل اور وفق کے اعداد جمع کرو اور اس میں ۲۱۲ کا اضافہ کر کے اس کو سات سے

ضرب دو۔ جو اعداد حاصل ہوں ان کے حروف ابجد بنا کر یہ حرف زیادہ کرو۔ ش، ف، ی، ق، یہ ایک لائن ہوئی۔ اس کی تکسیر جفری کرو اور سب کاغذ کی ایک بتی بنالو یہ دوسرا فتیلہ بن گیا۔

اب مساحت اور ضابطہ کے اعداد جمع کرو اور اس میں ۲۱۲ کا اضافہ کر کے اس کو گیارہ سے ضرب دو جو اعداد حاصل ہوں ان سے حروف بنالو اور ان میں یہ حروف زائد کر لو ر۔ف۔ی۔ق یہ ایک لائن ہو گئی۔ اس کی تکسیر جفری کر کے تمام کاغذ کی ایک بتی بنالو یہ تیسرا فتیلہ تیار ہو گیا۔

اب عایت اور مفتاح (مفتاح دوبارہ آئے گا یعنی پھر سرے سے شروع ہو گا)۔ کے اعداد جمع کر کے ان میں ۲۱۲ کا اضافہ کر کے آٹھ سے ضرب دے دو اور حاصل ضرب کے حروف ابجد بنالو ان میں ذیل کے حروف کا اضافہ کر کے ایک سطر مکمل کرو۔ م ح ب' د ب' اب اس کی تکسیر جفری کرو اور تمام کاغذ کا فتیلہ بنالو۔ یہ چوتھا فتیلہ تیار ہو گیا۔

اب مغلاق اور عدل کے اعداد جمع کر کے اس میں ۲۱۲ کا اضافہ کر کے پانچ سے ضرب دے دو۔ حاصل ضرب کے حروف ابجدی بنا کر یہ حروف اس میں اضافہ کر دو۔ م ع ش و ق یہ ایک لائن ہو گئی پھر اس کی تکسیر جفری کر کے تمام کاغذ کا ایک فتیلہ بنالو یہ پانچواں فتیلہ تیار ہو گیا۔

اب وفق اور مساحت کے اعداد جمع کر کے ق ۲۱۲ کا ان میں اضافہ کر کے ۹ سے ضرب دو حاصل ضرب سے حروف ابجدی بنالو۔ اور اس میں ذیل کے حروف زیادہ کرو۔ م ط ل و ب یہ ایک لائن ہو گئی۔ پھر اس کی تکسیر جفری کر کے سب کا ایک فتیلہ بنالو یہ چھٹا فتیلہ تیار ہو گیا۔

اب ضابطہ اور عایب کے اعداد جمع کر کے اس میں ۲۱۲ کا اضافہ کرو پھر تیرہ سے ضرب دے دو حاصل ضرب کے حروف ابجدی بنالو اور ذیل کے الفاظ اس میں زیادہ کرو۔ ا ن ی یہ ایک لائن ہو گئی پھر اس کی تکسیر جفری کر کے سب کا ایک فتیلہ بنالو یہ ساتواں فتیلہ تیار ہو گیا۔

یہ ساتواں فتیلہ ایک بیٹھک میں چاند کی چھ تاریک بنا لو جب رات آئے تو بعد غروب آفتاب ایک فتیلہ جو سب سے پہلے تیار کیا ہے چنبیلی کے تیل سے تر کر کے جلاؤ۔

مزید ہدایات

کوئی کمرہ یا علیحدہ جگہ پہلے سے تجویز کر لو۔ جس میں فتیلہ جلاتے وقت کوئی نہ ہو۔ مٹی کا چراغ بالکل نیا ہو۔ جس جگہ چراغ رکھنا چاہتے ہو وہ جگہ بھی پاک وصاف ہو بتی کا رُخ محبوب کے مکان کی طرف ہو اس فتیلہ کو روشن کر کے تم بھی باہر نکل آؤ' اور پھر اُس وقت تک اُس جگہ خود جاؤ نہ کسی کو جانے دو۔ جب تک کہ تم کو یقین نہ ہو جائے کہ ابفتیلہ بالکل جل گیا ہو گا۔ یہ فتیلہ چاند کی چھٹی تاریخ کو جلایا جائے گا۔ یہ رات ساتویں ہو گی۔ اس طرح دوسرے دن دوسرا فتیلہ' تیسرے دن تیسرا فتیلہ' چوتھے دن چوتھا علیٰ ہذاالقیاس ساتویں فتیلہ کا دن تیرھویں رات چاند کی ہو گی۔

تم کو یہ یقین ہو گیا کہ فتیلہ جل گیا ہو گا۔ اب تم وہاں پہنچے تو دیکھا فتیلہ جلتے جلتے باقی رہ گیا ہے اس باقی حصہ کو رہنے دو۔ دوسرے دن کے فتیلہ میں اس بقایا کو بھی شامل کر لو لیکن فتیلہ کا کوئی حصہ جلنے سے رہ جانا اچھی علامت نہیں۔ اگر تمام فتیلہ جل جائے تو بہت مبارک ہے۔ اس کے لئے تیل میں اچھی طرح تر کر لو یہ عمل کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ کبھی سات دن پورے نہیں ہوتے کہ وہ شخص جس کے لئے کیا گیا ہو بے قرار ہو جاتا ہے یہ بھی واضح ہے کہ عمل امر جائز پر اثر کرے گا۔ ناجائز امر پر اثر نہ کرے گا۔ بلکہ کرنے والا گناہ گار ہو گا علم جفر ربانی علم ہے اور علم انبیاء ہے خدا کا کلام حق ہے لیکن خدا کا کلام بُرائی اور حرام سے بچاتا ہے۔ حرام اور بدکاری میں ممد و معاون نہیں ہوتا اس لیے خدا کے کلام اور اُس کے مقدس نام کی عظمت کرتے ہوئے کسی نیک اور جائز کام پر آزمائش کر و دیکھو کہ ایک مرتبہ

پھر بھی بل کر تمہارے پاس آ جائے گا۔ اگر تم ناجائز طریق پر کرو گے تو وہ کام بھی نہ ہو گا اور ناحق گناہ گار رہو گے۔

طلسمِ تسخیر

طالب و مطلوب معہ والدہ کے اعداد نکال کر بارہ پر تقسیم کرو۔ جو تقسیم سے بچے اس کو برج حمل سے شمار کر کے دیکھو کہ کون سے برج پر آتا ہے جس برج پر آئے اس برج کا ستارہ معلوم کرو۔ اب آپ کے پاس چار چیزیں ہو گئے۔ (1) نام طالب (2) نام مطلوب (3) نام ستارہ (4) نامِ برج اب طالب کا نام معہ والدہ کے علیحدہ لکھو۔ اور جس قدر اُس کے اعداد ہوں اسی عود کا ایک نام یا دو نام خدا کے لو۔ خدا کے نام معہ اعداد بہ تعداد کثیر کتاب ''عامل کامل'' میں درج ہیں۔ پھر مطلوب کے نام کے اعداد بحساب ابجد نکال کر اس کے ہم عدد خدا کے نام تلاش کرو پھر برج کے اعداد نکال کر اس کے ہم عدد خدا کا نام نکالو اب خدا کے نام جتنے بھی حاصل ہوں ان ناموں کو علیحدہ علیحدہ پر لکھ لو اب وہ نام جو تم نے حاصل لیے ہیں روزمرہ اتنی تعداد میں پڑھو جس قدر تعداد تم نے جمع سے حاصل لی ہے۔ جو ستارہ تم نے حاصل کیا ہے۔ اس ستارے کی ساعت میں روزانہ پڑھو۔ اس میں وقت کا تفاوت ہوتا رہے گا۔ تم وقت کی پابندی نہ کرو بلکہ ستارے کی ساعت کی پابندی کرو۔ خدا چاہے تو سات دن یا انتہا بارہ دن کے اندر مطلوب بے قرار ہو جائے گا مجرب ہے اور کبھی خطا نہیں کرتا عمل پڑھتے وقت لوبان، گوگل وغیرہ کسی خوشبودار چیز کی دھونی ہوتی رہے۔ کسی چیز کا اس میں پرہیز نہیں۔ اگر مطلوب کوئی شخص نہیں بلکہ کوئی کام ہے، مثلاً ترقی روزگار، رزق رہائی، قرض وغیرہ وغیرہ، کو مطلوب کے نام کی جگہ اُس کام کا نام لکھ کر حسب قاعدہ بالا عمل کرو۔ انشاءاللہ سات یا بارہ دن میں غیب سے ایسا سامان پیدا ہو گا کہ آپ حیران رہ جائیں

گے۔ یہ علوم سینہ ہیں جگہ کے ٹکڑے ہیں جن کو میں آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب فرمائے۔ اس کا نقش پُر کر کے دوران عمل اپنے پاس رکھا جائے تو عمل میں زیادہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ نقش بھرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ چاروں ناموں کا مجموعہ اعداد سے ۲۱۲ عدد خارج کر دو اب باقی اعداد کا مربع نقش بھر لو۔

جدول ابجد شمسی

واضح ہو کہ ابجد شمسی کے حروف بھی تعداد میں ۲۸ ہیں اور وہ یہ ہیں۔

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ہ	ی
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۰۰۰

اس میں نورانی، ظلمانی، توحیہ، غیر توحیہ، ناطق، صامت مکتوبی، ملفوظی، مسروری ان کی علیحدہ علیحدہ تشریح کی یہ کتاب متحمل نہیں۔ اس لئے صرف اسی قانون کی تفصیل بیان کرتا ہوں جس کا عمل لکھنا مقصود ہے۔

عالمین نے چودہ حروف نورانی مقرر کیے ہیں اور وہ یہ ہیں ''ا۔ ہ۔ ح۔ ط۔ ی۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ س۔ ع۔ ص۔ ق۔ ر'' اور علم لدنی سے ظاہر ہوا ہے کہ حروف نورانی وہ ہیں جو قرآن شریف کی صورتوں میں اول حروف مقطعات کی صورت میں آتے ہیں۔ بہر حال حروف مذکورہ تسخیر کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ! حروف نورانی اور نام مطلوب معہ والدہ اور نام طالب معہ والدہ کے اعداد ابجد شمسی نکال کر ایک جگہ جمع کرو۔ حاصل جمع کے حروف با قاعدہ استنطاق حسب ابجد شمسی بنا لیں اور آخر میں کلمہ اہلِ بڑھا کر

نام مؤکل کا پیدا کریں۔ اب اُس مؤکل کا نام زعفران سے سُرخ کاغذ پر اتنی مرتبہ لکھیں جتنے اعداد پہلے حاصل ہوئے تھے۔ انشاء اللہ تعداد پوری نہ ہونے پائے گی کہ مطلوب بے قرار ہوکر حاضر ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے رکاوٹ پیدا ہوتو اس تمام کاغذ کی جس پر نام مؤکل لکھا ہے بری سی بتی بنا کر شہد اور روغن گاؤزبان میں جلائیں۔ فلیتہ کے جلتے ہی مطلوب کے دل میں محبت کی آگ بھڑکے گی اور مطلوب دیوانہ وار طالب کے اس حاضر ہوگا۔ اس عمل کو شرفِ آفتاب، شرفِ مشتری، شرف زہرہ یا دیگر مؤثر وقتوں میں تیار کیا جاسکتا ہے۔

مثال: دیکھ حروف نورانی معہ اعداد ابجد شمسی

ا	ہ	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ص	ق	ر
۱	۱۰۰	۶	۷۰	۱۰۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۲۰	۹۰	۵۰	۳۰۰	۱۰

ان کا مجموعہ ہوا ۴۶۵۷۔ نام مطلوب حسنؔ، نام والدہ زہرہ نام طالب علیؔ، نام والدہ طالب خانم۔ ان کے اعداد بحساب ابجد ۵۴۶۴ ہوئے۔

اب دونوں کو جمع کیا تو ۱۰۱۲۱ ہوئے۔ اب از روئے استنطاق ان سے ابجد شمسی کے یہ حروف پیدا ہوئے۔ ''ا۔ ز۔ غ۔ ی۔ ی۔ ی۔ ی ی ی ی ی ی'' مؤکل ان کا یہ بنا۔ ''غیائیل'' اب یہ نام ۱۰۱۲۱ مرتبہ سُرخ کاغذ پر لکھنا ہوگا۔ چاہے کتنے دنوں میں ختم ہو۔ اگرچہ اس عمل میں طوالت ضرور ہے۔ لیکن محب و صادق کبھی محنت سے نہیں گھبراتے۔ اور مطلوب تو ایک ایسی چیز ہے کہ جتنی قیمت پر بھی ملے۔ تو آخر ارزاں ہی ہے۔ جتنے بھی نام مؤکل لکھتا جائے ان کو احتیاط سے رکھتا جائے جیسا کہ عرض کیا ہے۔ انشاء اللہ دورانِ تحریر ہی میں مطلوب حاضر ہوگا۔ اگر اتفاق سے اس درمیان میں نہ آئے اور تعداد پوری ہو چکی تو پھر سب لکھے ہوئے کاغذ یکجا کر کے ان کو ایک فتیلہ بنا کر جلاؤ اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھو۔

بُسطِ تمازج

بُسط تمازج کے خاص اثر کو علماء نے جفر نے بے مثل تسلیم کیا ہے۔ جیسا ہی بے رحم اور سنگدل آدمی ہو یا جتنا ہی تمہارا جانی دشمن ہو۔ اِس عمل سے درست اور خیر خواہ بن جائے گا۔

بُسطِ تمازج طالب و مطلوب کے نام ملانے کو ایک خاص قانون کے ما تحت کہتے ہیں۔ قاعدہ اس کا یہ ہے کہ! نام مطلوب معہ مادر حروف مکتوبی میں لکھے اور نام طالب معہ مادر حروف مکتوبی میں علیحدہ لکھیں۔ پھر دونوں ناموں کو شمار کریں اگر اتفاق سے دونوں برابر ہیں تو بہتر۔ اگر دونوں میں کمی بیشی ہے۔ مثلاً مطلوب کے نام میں معہ والدہ کے گیارہ حرف ہیں اور طالب کے نام معہ والدہ کے باری یا تیرہ ہیں یا اور زیادہ ہیں تو اب اس کی دو صورتیں ہیں یا طالب معہ مادر میں زیادہ ہیں۔ بہر حال دونوں میں سے جس کسی کے نام میں زائد حروف ہیں۔ ان کو علیحدہ لکھ لیں۔ پھر مطلوب کے نام کا پہلا حرف پھر طالب کے نام دوسرا حرف لو۔ اسی طرح باری باری طالب و مطلوب کا حرف لے کر ایک سطر بنالیں اب وہ حروف جو تم سے زائد ہونے کے سبب نکال دیئے ہیں اگر وہ طالب کے نام میں نکالے ہیں تو اس سطر کے شروع میں بڑھا دیں۔ اگر مطلوب کے نام میں سے نکالے ہیں تو سطر کے آخر میں بڑھا دیں اب اس ساری سطر کی تکسیر جفری کریں اور زمام نکالیں اوپر والی لائن کو پہلے دِن جلائیں درمیان والی لائنوں کو دوسرے دن' اور آخر کی ایک لائن کو (جو اُوپر والی لائن کی نقل ہو گی) تیسرے دن جلائیں اور جفر کی طلسمات کا مشاہدہ کریں کہ کس طرح ہو شخص تمہارا دوست اور جان نثار بنتا ہے۔

نوٹ: اگر مطلوب کا پہنا ہوا میلا کپڑا مل جائے تو ان فتیلوں پر لپیٹ کر جلانے سے بہت جلد اثر ہوتا ہے۔




تکسیرِ مزاجی

یہ بھی جفر کی ایک اصطلاح عمل حُب و بُغض میں نہایت کارآمد ہے اور سریع الاثر ہے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ! نام طالب اور مطلوب کا معہ ماں کے بسط حرفی میں لکھیں۔ اگر دونوں ناموں کے حروف بشمول اسم مادر برابر ہو تو خیر۔ اگر کم زیادہ ہیں تو اس کی دو صورتیں ہیں اگر عمل برائے محبت تیار کرنا ہے اور طالب کے نام میں حرف زیادہ ہیں تو طالب کے ابتدائی نام سے زائد حروف نکال کر علیحدہ علیحدہ لکھ لیں۔ اگر مطلوب کے نام مین زیادہ حرف ہیں تو مطلوب کے آخر میں حرف زائد نکال دیں۔ مثلاً احمد بی بن بلقیس طالب ہے اور واحد بن زہرہ مطلوب ہے تو طالب کے نام میں بارہ حروف ہیں اور مطلوب کے نام میں آٹھ حرف ہیں تو ہم احمد کے چار حرف شروع کے نکال کر علیحدہ لکھ لیں گے۔ اب دونوں میں آٹھ آٹھ حرف رہ گئے ان کو تکسیر مزاجی کریں گے۔ اور اگر طالب کا نام واح بن زہرہ اور مطلوب کا احمد بی بن بلقیس ہے تو اس صورت میں بلقیس کے نام سے چار حرف آخری یعنی س، ی، ق، ل نکال کر علیحدہ لکھ لیں گے۔ اب تکسیر مزاجی کا قاعدہ یہ ہے کہ! جب دونوں ناموں کے حروف برابر کر چکیں تو ایک حرف طالب کا ایک حرف مطلوب لے کر امتزاج کر دیں اور ایک سطر مکمل کر لیں۔ اور جو حروف ہمارے پاس بنیں گے انہیں اور شھد اور گھی میں مشتری یا زہرہ کے وقت، میں تین دن جلائیں گے۔ مثال دیکھو احمد بی بلقیس۔ واحد زہرہ ۴ حروف احمد کے کال لیئے باقی کو امتزاج دیا۔

نا طالب: ن ب ی ب ل ق ی س

نام مطلوب: و ا ح د ز ہ ر ہ

امتزاج: ن و ب ا ی ح ب د ل ز ق ہ ی ر س ہ۔

یہ آٹھ حرفوں کا امتزاج ہو گیا۔ اب باقی چار حرف ا۔ ح م۔ د کو آخر میں لکھ کر سطر مکمل کر لیں۔

حضرت شہید کا عمل حُب

حضرت شہید ''مولانا عبداللطیف'' بڑے پایہ کے جفار تھے۔ ایک شخص نے آپ سے التجا کی کہ میں ایک رئیس کی لڑکی پر عاشق ہوں۔ مجھے کوئی عمل بتائیے کہ جس سے نکاح ہو جائے۔ یہ واقعہ ۱۰۳۱ھ نیشاپور کا ہے۔ مولانا شہید نے ایک فتیلہ تیار کر کے اُس کو دیا کہ وہ جلائے اُس شخص نے وہ فتیلہ جلایا۔ فتیلہ جلاتے ہی وہ لڑکی اپنے مکان سے نکل آئی اور دیوانہ وار اُس جلگہ پہنچی جہاں وہ فتیلہ جل رہا تھا اس واقعہ کی تمام نیشاپور میں خبر اُڑ گئی والئ نیشاپور نے مولانا کو بلا کر کہا کہ آپ نے اپنے عملیات سے مخلوقِ خدا کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس لیے آپ کا قتل واجب ہے۔

چنانچہ نیشاپور کے میدان میں آپ کو قتل کر دیا۔ چند علمائے جفار نے عملیات لکھ کر اسے مولانا شہید کا عمل بتایا ہے۔ خدا جانے کہاں تک صحیح ہے' مجھے استادوں سے پہنچا ہے' وہ بیان کرتا ہوں۔ اس سے غرض نہیں کہ یہ عمل مولانا شہید کا ہے یا نہیں مگر اس کے مؤثر ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔

اول: نام طالب معہ والدہ پھر نام مطلوب معہ والدہ کے ناموں کو سطرِ حرمی میں لکھیں' اور قاعدہ کے مطابق امتزاج دیں۔ جس وقت زہرہ او مشتری میں نظر تثلیث ہو تو چاندی اور تانبے کو ملا کر ایک لوح بنائیں۔ اور اُس میں ۱۴۹۲ کا ایک مربع آبی چال سے پُر کریں۔ پھر اس لوح کے گوشے اونچا کر کے چراغ کی صورت بنالیں اب جو ناموں کے امتزاج سے سطر پیدا کی ہے اُس کی تکسیر جفری کر کے زمام نکالیں پھر اوپر والی لائن علیحدہ کر لیں۔ درمیان کی تمام گردش علیحدہ اور آخر کی سطر علیحدہ۔

ساعتِ مشتری یا زہرہ میں شہد اور روغن ڈال کر پہلے دن پہلی لائن جلائے اور بتی کا رُخ مکانِ مطلوب کی طرف کریں۔ جب بتی جلنا شروع ہو جائے تو ساٹھ مرتبہ یہ آیت تلاوت کریں۔ "يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ"۔ چراغ میں شہد اور گھی بقدر قلیل ڈالیں۔ تا کہ! پڑھنے کی تعداد ختم ہونے تک وہ بتی بھی ختم ہو جائے۔ اگر بتی ختم ہوگئی اور ابھی پڑھنے کی تعداد ختم نہ ہوئی تھی تو عمل بے کار ہو گیا اگر عمل ختم ہو گیا لیکن بتی ابھی جل رہی ہے تو کوئی ہرج نہیں۔ اپنی تعداد ختم کر کے چراغ دیکھتے ہیں۔ یہاں تک کہ بتی ختم ہو جائے۔ اسی طرح دوسری لائن دوسرے دن اور تیسری لائن تیسرے دن جلائیں۔ انشاء اللہ کہ بتی ختم ہو جائے۔ اسی طرح دوسری لائن دوسرے دن اور تیسری لائن تیسرے دن جلائیں۔ انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔ ایک مرتبہ ایک شخص کو لاہور میں یہ عمل تیار کر کے دیا تھا صرف ایک بتی جلائی تھی کہ مطلب حاصل ہو گیا۔

عمل حروفِ صوامت

نام طالب و مطلوب معہ والدہ اور مشتری ان پانچوں ناموں کے حروف ملفوظی کر کے لکھیں پھر ان میں سے حروف صوامت نکالیں حروف صوامت بے نقطہ حروف کو کہتے ہیں۔ جو یہ ہیں۔ ا‘ ح‘ د‘ ر‘ س‘ ص‘ ط‘ ع‘ ک‘ ل‘ م‘ و‘ ہ‘ یہ کُل تیرہ ہیں۔ جب سب حروف نقطہ دار الگ ہو جائیں تو ان کو ایک لائن میں لکھیں۔ اور تکسیر جفر کر لو اوپر والی لائن الگ‘ درمیانی دو الگ اور آخری سطر الگ کر لیں۔ احتیاط رہے کہ اول اور آخری لائن نہ مل جائے۔ پہلی لائن پہلے دن جلاؤ دوسرے دن دوسری اور تیسرے دن تیسری‘ مشتری کے وقت میں شہد اور روغن ڈال کر جلائیں جس وقت بتی جلنا شروع ہو۔ تو اس وقت وہ عمل پڑھنا شروع کر دو جن حروف سے جن کو تکسیر کیا ہے۔ جو تم نے عبارت بنائی ہے۔

عبارت بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر ایک لائن میں حروف طاق ہوں تو پانچ پانچ حروف کے کلمات کا جملہ بنائیں اگر جفت میں ہوں تو چار چار حروف کا جملہ بنائیں۔ جملوں پر زبر، زیر، پیش، جزم دینے کا نقشہ یہ ہے۔ یہ قاعدہ تمام عملیاتِ جفر میں عبارت بنانے کے کام آتا ہے۔

پیش والے حروف	ج	ف	ک	ح	ز	ث	س
زبر والے حروف	ہ	ر	ش	و	ت	خ	ذ
زیر والے حروف	ص	ق	ل	م	ن	د	ی
جزم والے حروف	ا	ب	ط	ظ	ع	غ	ض

اسی طرح سے حروف پر زبر زیر دے کر عبارت بنائیں اور ان تمام حروف کے اعداد بحساب ابجد نکالیں۔ اتنی ہی مرتبہ وہ طلسم پڑھیں۔ جو تم نے حاصل کیا ہے۔ خدا چاہے تو تین دن میں مطلوب بے قرار ہو کر تمہارے پاس آئے گا۔

نوٹ: اگر مطلوب کا استعمال کیا ہوا کپڑا مل جائے تو اِن بتیوں پر لپیٹ لیا جائے تو پھر کامیابی میں کوئی شبہ نہ سمجھو، بتی کا رُخ مطلوب کے مکان کی طرف ہو اور پڑھتے وقت یہ خیال رہے کہ مطلوب سامنے کھڑا ہے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

حروف صوامت کا یہی عمل تسخیر حاکم، افسر یا امراء وزراء کے لئے بے حد کارآمد ہے۔ اگر کوئی ایسا شخص یا افسر جو تمہارے خلاف چلتا ہے۔ کسی شخص یا افسر سے خاص کام نکلوانا مقصود ہے تو اِس عمل سے فائدہ اُٹھائیں۔

تکسیر طلع

محبت کے واسطے استادوں کا تسلیم شدہ طریقہ یہ ہے کہ لیکن اس کے قواعد علیحدہ ہیں

طریقہ یہ ہے کہ نام طالب معہ والدہ کے اعداد نکال کر بارہ پر تقسیم کریں جو باقی بچیں اس کو بروج پر تقسیم کریں جو برج حاصل ہو اس کا ستارہ نکالیں۔ اس طرح نام مطلوب معہ والدہ کا بُرج اور ستارہ نکالیں اب ان ستاروں کے حروف ایک جگہ لکھیں اور ان الفاظ کو زیر زبر حسب قاعدہ جفر دے کر عزیمت تیار کریں اور اس عزیمت کو دونوں ناموں کے اعداد کے مطابق پڑھیں سات روز میں مطلوب بے قرار ہو جائے گا اس عمل کا چلہ صرف سات یوم کا ہے۔

نوٹ: نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ کی سطر لکھیں۔ دوسری سطر برج وسیاروں کے حروف کی ہو۔ ان کو امتزاج دیں یعنی ایک حرف نام کی سطر سے لیں اور ایک بُرج وسیارہ کی سطر کا اس طرح ایک سطر علیحدہ تیار کر لیں۔ اور اس سطر کو زیر زبر دے کر پڑھنے کی عزیمت تیار کریں۔

بروج کے حروف کی جدول

حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ
ا،ع،ھ	ج،م،ز	ف،ی،ض	س،ل،ر	ہ،ط،ح	ز،ب،خ
میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
ض،غ،ظ	ر،ث،ن	ح،ق،ش	خ،ت،ذ	ظ،ک،ص	ن،ذ،د

ستارہ کے حروف کی جدول

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ا-ف	ع-ع	ھ-ض	ط-غ	ح-ظ	ق-ک	ش-ص
س-ح	لا-م	ر-ز	ث-ب	ن-خ	و-ت	د-ذ

ایک خاص خاتون

عمل محبت میں طالب کا نام ہمیشہ مطلوب کے نام سے مقدم آنا چاہیے اس سے بہت جلد اور پورا اثر ہوتا ہے۔ محبت کے عمل مین زہرہ یا مشتری کا نام شامل کر لینا چاہیے اور عداداد میں زحل یا مریخ کا نام شامل کرنے سے اثر پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی عبارت ہے نام ہے کوئی نقش ہے یا عدد ہے غرض جس طرح ہو سکے شامل کر لینا چاہیے۔ اگر کسی جگہ مجبوری ہے تو دوسری بات ہے۔

مراتب الحروف

طالب اور مطلوب کے حرف ادنیٰ اور اعلیٰ کر کے لکھئے یعنی اگر کسی نام میں ادنیٰ حرف پہلے میں او اعلیٰ بعد میں تو اس کو اُلٹ دیں۔ جیسے زمین کا مراتب الحروف سے نمز کیونکہ ن ان میں سب سے اعلیٰ ہے اس کے بعد "م" کا مرتبہ ہے اس کے بعد "ز" کا۔

حروف کی بجائے عدد ہی کیوں؟

اب میں اس حقیقت کا انکشاف کرتا ہوں کہ عالمین باصفا اور کاملین بے ریا نے بجائے حرفوں کے عددوں سے کیوں کام لیا اور کہاں کام لیا۔ واضح ہو کہ! نقوش کے تمام خانے چار عناصر پر تقسیم ہوتے ہیں آتشی' بادی' آبی' اور خاکی اب اگر کسی شخص کو مغلوب یا مسخر کرنے کے لئے کوئی عمل کیا جائے تو دیکھا یہ ہے کہ مطلوب اور عمل ہم مزاج ہیں یا نہیں۔ اگر ہم مزاج ہیں تو عمل اثر کرے گا۔ اگر ہم مزاج نہیں ہیں۔ تو عمل اثر نہ کرے گا۔ مزاج کبھی تو سر اسم سے لیتے ہیں اور کبھی تعداد مراتب سے۔ یہ ایک لمبی بحث ہے۔ اسی طرح مثلث مخمس' مع زیادہ قوی ہیں یا مربع مسدس' مثمن یہ بحث بھی طولانی ہے۔ اب

صرف مقصد کو سمجھیں۔

مثلاً زید کو ہم اسم اعظم ''یا ودود'' سے مسخر کرنا چاہتے ہیں تو زید کے سر اسم کی ز آبی ہے اور ''ودود'' کا سر اسم خاکی ہے۔ آب اور خاک میں دوستی ہے۔ ظاہر ہے یقیناً نفع ہوگا۔ لیکن زید کے مسخر کرنے کا اسم نافع پڑھتے ہیں۔ اس کا سر اسم بادی ہے تو ہرگز ہرگز اثر نہ ہوگا۔

اب دیکھیے نقش کیا کام کرتا ہے ہم کو اسم اعظم نافع ہی پڑھنا ہے اور زید کو ہی مسخر کرنا ہے تو یہاں نقش کام دے گا۔ نقش ایک خصوصی شئے ہے جو لامعقول نہیں۔

ناچاقی زن وشوہر

بی بی اور شوہر میں نااتفاقی ہو تو پندرہ کا نقش حسب قاعدہ پُر کریں۔ واضح ہے کہ ۱۵ عدد حوا کے ہیں اور مثلث کی ایک لائن میں تین خانے ہوتے ہیں۔ جب ۱۵ کو ۳ سے ضرب دیا تو ۴۵ ہوئے اور آدم کے عدد ۴۵ ہیں اس لیے زن وشوہر کے باہمی اتفاق کے لئے ۴۵ کا نقش جو آبی چال سے بھرا گیا ہو تیر بہدف ہے۔ چاند کی ۱۵ تاریخ میں ساعتِ زحل میں نام طالب ومطلوب معہ والدہ اور اعداد مقلب القلوب کے مجموعہ کے نقش میں پُر کریں اور نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں حواحرق القلب فلاں بنت فلاں درغرض وحق فلاں بن فلاں یا ''مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ الْعَجَلَ الْعَجَلَ الْعُجَل''

نوٹ: اگر میاں ناراض ہے اور بی بی کی خواہش ہے کہ شوہر میرا تابع ہوجائے تو بی بی کا نام فلاں بنت فلاں کی جگہ لکھیں خدا چاہے تو درمیان میں موافقت ہوگی۔ نیز یہ یاد رکھیں کہ عورت کے نام معہ والدہ کے درمیان بنت آتا ہے اور آدمی کے نام معہ والدہ کے درمیان بن آتا ہے۔

شاید بعض اصحاب کو شک گزرے کہ زحل ایک منحوس ستارہ ہے اس میں عمل تسخیر خلاف قاعدہ ہے لیکن دانایان نجوم سے یہ بات پوشیدہ نہیں کہ زحل گو! منحوس ہے لیکن سعد کے ساتھ مل کر اُس کی طبیعت سے نحوست زائل ہو جاتی ہے۔ اور پھر استحکام اور طویل المیعاد معاہدات کے لئے زحل بہتر کام آتا ہے علاوہ ازیں اس طریق کار کا جو تجربہ کیا گیا ہے اس سے کبھی فرق معلوم نہیں ہوا۔

جابر حاکم

کوئی حاکم جیسا ہی سنگدل اور جابر ہو ذیل کا نقش لکھ کر نیچے یہ عبارت لکھیں ''یا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ فلاں بن فلاں (نام حاکم عہدہ) سَخِّرْلِیْ بِحَقِّ فلاں بن فلاں (نام طالب) کَمَا سَخَّرْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوُدَ عَلَیْهِ السَّلَام'' اور اس نقش کو موم جامہ کر کے پاس رکھیں اور اُس حاکم کے سامنے جائیں۔ خدا چاہے تو وہ حاکم مہربان ہوگا۔

۷۸۶

و	ا	و
و	۱۵	و
و	و	و

حُب کا عمل

ایک آسان اور مجرب عمل ہے اور اس کی دی گئی مربع چال کو کام میں لانا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ جس وقت آفتاب بُرجِ حوت میں داخل ہو تو نام طالب اور مطلوب کے اعداد استخراج کریں۔ پھر اس میں ۱۴۹۲ جمع کر کے نقش میں بھریں۔ اور اس کو تہہ کر کے زندہ مچھلی کے منہ میں دے کر دریا میں چھوڑ دیں اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھے کہ کس طرح اس

شخص کے دل میں محبت پیدا ہوتی ہے۔

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۳	۷	۲	۱۲
۱۰	۴	۵	۱۵

تسخیر ہمزاد

یہ عمل بھی ایک راز ہے بہرحال کامل عامل کا نذر ہے۔ کسی کی ۲۸ تاریخ چاند کو ذیل کے ۴۱ (اکتالیس) نقش زعفران سے پُر کیں اکتالیسواں نقش اپنے داہنے بازو پر باندیں اور چالیس نقش احتاط سے رکھیں۔ جب نیا چاند نکلے تو صبح کو ایک نقش کپڑے میں کپیٹ کر زمین مین دفن کر دیں۔ اور دن کرتے وق زبان سے کہیں ہمزاد یہ نقش پہن کر حاضر ہو جا اسی طرح چالیس دن متواتر عمل کریں۔ یعنی روزانہ صبح کو ایک نقش زمین مین دفن کر دیا کریں۔ اس عمل کے لئے خاص بات یہ ہے کہ ہمزاد کے حاضر ہونے پر کیا ہوتا ہے۔ اُسے کیا کہنا چاہیے اس کے لئے ہمزاد کی کتابوں سے مدد لو۔ نقش مربع آتشی چال کا ہے۔ لکھنے کا صحیح قِران شمس و قمر ہے جو اندازاً ۲۸ تاریخ قمری کو ہوتا ہے۔ اس عمل کے لئے اجازت کی ضرورت ہے۔

جس دن نقش لکھے جائیں اسی کے بعد رات کو ''یابُدُوحُ'' کی پڑھائی ہوگی اس رات کے بعد جو صبح ہوگی اس میں نقش دفن ہوگا۔ پڑھائی کا طریقہ یہ ہے۔

دو رات تک اسم کا ورد .... ۲۲۲۲ مرتبہ روزانہ

چار رات تک اسم کا ورد .... ۴۴۴۴ مرتبہ روزانہ

چھ رات تک اسم کا ورد .... ۶۶۶۶ مرتبہ روزانہ

آٹھ رات تک اسم کا ورد .... ۸۸۸۸ مرتبہ روزانہ

یہ بیس دن ہو جائیں گے۔ باقی کے بیس دنوں میں پھر اسی وظیفہ کو دہرانا ہے چالیس دن پورے ہو جائیں گے۔ یہ یاد رکھیں کہ! دورانِ عمل ہر قسم کے گوشت سے پرہیز کیا جائے۔ بلکہ پرہیز جلالی کیا جائے تو بہتر ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے ایک چلہ میں کام نہ ہو تو اگلے قِران شمس وقمر میں پھر نقوش لکھ کر جاری کر دیں۔ بازو والے نقش کے ساتھ یہ تازہ نقش بھی رکھ لیں۔ انشاءاللہ ہمزاد سے ملاقات ہوگی، واقعات وحالات پر پوری نظر رکھیں۔ ملاقاتیوں کو بھی ذہن میں رکھیں۔


بحق محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۳	۷	۲	۱۲
۱۰	۴	۵	۱۵

بحق جبرائیل ومیکائیل واسرافیل

حُب کا ایک آزمودہ عمل

ایک ہزار دانہ گندم کے گن کر ان پر ایک ایک مرتبہ ذیل کا عمل پڑھیں (ایک ہزار بار ہوا) پھر ان دانوں کو کسی پاک برتن میں پانی ڈال کر نرم نرم آنچ نیچے کر دیں۔ جب پانی گرم ہو جائے اور دانے بھی گرم ہو جائیں یعنی پکنے نہ لگیں بلکہ گرم ہو جائیں تو ان دانوں کو نکال کر دریا میں ڈال دیں اسی طرح سات دن یہ عمل کریں۔ وہ شخص بے قرار ہو جائے گا




اور آپ سے ملنے پر مجبور ہو جائے گا۔ "یَارَحْمٰنُ بِرَحْمَتِہٖ" فلاں بن فلاں در محبت فلاں بن فلاں گرم گردد"

فتوح

اگر کوئی شخص "رحمٰن" کو تیرہ ہزار مرتبہ باوضو 29 روز تک پڑھے تو اُس شخص پر اسرار الٰہی کے دروازے کھل جائیں گے۔ فرشتے اور جن اُس کے تابع فرمان ہو جائیں گے جو لوگ تسخیر ہمزاد کے شائق ہیں وہ ضرور اس عمل کو کریں۔ اور قدرتِ خدا کا مشاہدہ کریں کہ کیا اسرار غیبی ظاہر ہوتے ہیں۔

ایک چٹکلہ

جس شخص کو تم اپنی جانب راغب کرنا چاہتے ہو تو دیکھیں کہ اُس کا سر اسم ان گیارہ حرفوں میں سے ایک ہے' اگر ہے تو یہ چٹکلہ کام دے گا ورنہ نہیں وہ گیارہ حروف یہ ہیں ک۔ ع۔ ل۔ ہ۔ ا۔ د۔ س۔ ط۔ ض۔ ح۔ م' اب گیارہ خانے اس طرح نقش بنائیں وہ حرف جو سر اسم کا ہے۔ اُسے درمیان میں لکھیں اور باقی دس حرف دس خانوں میں لکھ کر دو اور نقش کو کسی بھاری پتھر تلے دبا دیں یقیناً مطلوب کے دل میں اثر ہو گا۔

حُب کے لئے الائچی

بعض عامل بزرگ الائچی پر دم کر کے کھلانے کو دیتے ہیں۔ یہ عمل مشہور زماں

ہے اور بہت زیادہ زور اثر ہے۔ میں بلا بُخل ہدیہ احباب کرتا ہوں۔ سب سے پہلے اس کا چلہ بار ترکِ حیوانات چالیس روز تک کرنا ہوگا۔ چلہ کے دوران میں پرہیز کی پابندی حد درجہ رکھنی ہوگی۔ چلہ ختم ہونے پر اس کے عامل ہو جائیں گے۔ جب خود ضرورت پڑے یا کسی دوسرے کو ضرورت پڑے تو نبات سفید یا سفید الائچی لے کر اُس پر اکیس مرتبہ دم کریں اور مطلوب کو کھانے کو دے دیں۔ جو شخص بھی کھائے گا۔ مطیع و فرمانبردار ہوگا اور آپ کے ہر اشارے پر سر تسلیم خم کرے گا۔ مجرب ہے عمل یہ ہے۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" "بِہٖ نَسْتَعِیْنُ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ مَحْبُوْبَ فِیْ قَلْبِیْ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ" اس عمل کو (۳۶۰) بار روزانہ چالیس تک پڑھیں چلہ کرتے وقت حصار بھی کھینچ لیں۔

عملِ عجیب

یہ حُب و بُغض دونوں جگہ پر کام کر جاتا ہے قبل از نماز فجر وضو کر کے پھر غسل کریں اس کے بعد پھر وضو کریں اور سنت فجر کی ادا کریں۔ فرضوں سے پہلے حُب کے لئے کرنا ہے تو مصری کی ڈلی منہ میں ڈالیں۔ بغض کے لیے کرنا ہے تو نیم کا پتہ مُنہ میں رکھیں۔ اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکسٹھ مرتبہ اس اسم کو پڑھیں اور اپنے مقصد کا کامل تصور کریں۔ اور قدرت کا ظہور دیکھیں اسم یہ ہے۔ "یَا تَنْگَافِیْلُ بِحَقِّ یَاوَدُوْدُ" تین سے سات یوم میں مطلوب اپنی مراد کو پہنچے گا۔

نقشِ اجل

اس نقش کی زکوٰۃ یہ ہے کہ! ہر روز نقش ۳۴ عدد تحریر کریں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا تالاب میں مچھلیوں کو ڈالا کریں ۴۰ یوم کے بعد عامل ہو جائیں گے۔ جب فتوح و

تسخیر کی ضرورت ہو۔ تو پانچ نقش لکھ کر زیرِ زانو دبائے رکھیں حکیموں اور دکانداروں اور عاملوں کے لیے بہت اچھا ہے صبح جب کام پر بیٹھیں تو نقش کو زانو تلے رکھیں نقش یہ ہے۔ اور دیکھئے خلقت کس طرح اُمڈ آتی ہے۔

بحق محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۸	۱۱	۴۱		۱
۱۳	۲	بحق	۷	۱۲
۳	یا جبرائیل	یا اجل	یا عزرائیل	۶
	۱۶	یا میکائیل	۹	
۰	۵		۴	۱۵

دشمن کی زبان بندی کے لئے

اس عمل کو ساعت عطارد میں لکھ کر جس شخص کی زبان بند کرنی ہو اُس کے گھر کی چوکھٹ کے نیچے دفن کریں اُس شخص کے حق میں زبان بند ہو جائے گی۔ "صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَایَعْقِلُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَایُبْصِرُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَایَسْمَعُوْنَ بِحَقِّ اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" مجرب ہے۔

عمل "اعطینا" برائے حب

یہ عمل حب کے لئے بے حد مجرب ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ۴۱ مرچ سیاہ لیں ایک ایک مرچ پر درج ذیل عمل پڑھ کر دم کریں۔ اور کوئلوں کی آگ میں ڈالتے جائیں اس طرح اکتالیس دن تک کریں اول تو سات یوم میں کام ہو جائے گا ورنہ اکیس اور چالیس

دن میں تو یقیناً مطلوب بے قرار ہو کر قدموں میں حاضر ہو گا۔ یہ عمل قمری مہینہ کی پہلی تاریخ سے گیارہ تاریخ تک کسی جمعہ کی رات شروع کر دیں۔ ساعت زہرہ کی ہو۔ بخور متعلقہ ستارہ بھی روشن کریں۔ سورہ پڑھنے کا طریق یہ ہے "اِنَّا اَعْطَیْنَاکَ الْکَوْثَر بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلُ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ بِحَقِّ یَا مِیْکَائِیْلُ اِنَّ شَانِئَکَ بِحَقِّ یَا اَسْرَافِیْلُ هُوَ الْاَبْتَرُ بِحَقِّ یَا عِزْرَائِیْلُ" (فلاں بن فلاں کو مطیع و مسخر کر دے)

رجوع

کتب احادیث میں مذکور ہے کہ جس شخص کے عزیز و اقارب، ماں، باپ، بہن بھائی بیوی بچے زیادہ شخص جو مثل عزیز کے ہو کسی وجہ سے جدا ہو گیا ہو اور بال بچوں کے پاس جانے کی قدرت نہ رکھتا ہو۔ مثلاً خرچ نہ ہو یا رخصت نہ ملتی ہو غرض کسی وجہ سے اپنے عزیزوں سے جدا ہو تو ایسے شخص کے لئے لازم ہے کہ خدائے پاک کے نام پر اور بزرگانِ دین کے ارشاد پر اعتماد کامل کرتے ہوئے چاشت کے وقت زوال اور نصف النہار سے کچھ قبل ہوتا ہے قریباً 11 بجے دن بعد غسل اپنا منہ آسمان کی طرف اُٹھائے اور دونوں ہاتھوں کو نیچا چھوڑ دے اور بسم اللہ شریف پڑھ کر "اَلْغَنِیُّ الْمُغْنِیُّ" پڑھے دس دفعہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کر پھر دس مرتبہ پڑھ کر دوسری اُنگلی بند کرے۔ اسی طرح پانچوں اُنگلیاں بند کرے کل تعداد پچاس مرتبہ ہوئی جب پانچوں انگلیاں بند ہو چکیں تو اس ہاتھ کو اپنے منہ میں ملے اور دعا کرے کہ فلاں عزیز کو مجھ سے ملا دے یا مجھے وطن پہنچا دے یہ ایک مرتبہ ہوا اس طرح روزانہ دس مرتبہ یعنی ایک انگلی دس مرتبہ پڑھنے پر بند کرے پچاس مرتبہ پھر مٹھی بند ہو گئی پھر منہ پر ہاتھ پھیرے اور دعا کرے پھر اُسے دہرائے یہاں تک کہ دس بار عمل ہو۔ تمام عمل میں اوپر کو منہ رکھے اگر گردن تھک جائے تو دوبارہ

شروع کرتے وقت وقفہ میں گردن نیچی کر لیا کرے۔ وقفہ اتنا کرے کہ گردن کو آرام آ جائے شروع و آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھے انشاءاللہ دس یوم میں مطلب حاصل ہوگا۔ اگر کامیابی کے امکانات ظاہر نہ ہوں تو دس دن مزید عمل کرے۔ انشاءاللہ تین دفعہ کرنے کی نوبت نہ آئے گی۔

تسخیر مطلوب

جب کبھی بدھ کا دن ہو' قمر برج عطارد یعنی جوزا یا سنبلہ میں ہو اور بحالت سعد ہو تو اس روز ناکتخدا لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت کا دھاگہ لیں۔ غسل کریں' لباس پاک و صاف پہنیں اور عطر خوشبو لگائیں اور ایک علیحدہ مکان میں جہاں کوئی دوسرا نہ آئے۔ عمل شروع کریں ایک انگیٹھی میں کوئلے سلگا کر پاس رکھیں لیں۔ اور لوبان اور صندل بورہ کو عرق گلاب و کیوڑہ میں تر کر کے آگ پر سلگا کر بخور روشن کریں۔ اس دھاگہ کو لے کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ''سورہ یٰسین'' شروع کریں۔ جب مبین اول پر پہنچیں تو یہ عزیمت پڑھیں۔ بستم خواب وخور فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔ پھر دھاگہ پر پھونک ماریں اور گرہ لگا دیں اب پھر اول سے ''سورہ یٰسین'' پڑھنی شروع کر دیں جب مبین دوم پر پہنچیں تو عزیمت پڑھ کر پھونکیں اور دوسری گرہ لگا دیں اب پھر اول سے ''سورہ یٰسین'' پڑھنا شروع کریں اور جب مبین سوم پر پہنچیں تو عزیمت پڑھ کر دھاگہ میں تیسری گرہ لگائیں اور پھر اول سے سورہ پڑھنی شروع کر دیں اور اس طرح ہر مبین پر پہنچ کر عزیمت پڑھ کر گرہ لگائیں اور ہر مبین کے بعد اول سے شروع کریں۔ گویا سورہ شریف ہفت گردان پڑھ کر ساتوں مبینوں کی سات گرہ لگا کر سورہ ختم کریں۔ آخر میں پھر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھ کر اس دھاگہ کو محفوظ کر لیں دورانِ عمل صورت محبوب کا تصور اس قدر

پیشِ نظر رکھیں کہ محبوب قدموں میں حاضر ہے۔ اب اس دھاگے کو در محبوب کی چوکھٹ یا اس کے مکان کے اندر یا اس کے دروازہ کے باہر یا آمد ورفت کی جگہ گاڑ دیں۔ اگر خود نہ کر سکیں تو کسی دوسرے سے استعمال کروالیں۔ پھر تماشا دیکھیں کہ محبوب کو تمہارے بغیر چین نہ آئے گا۔ اُس کی حالت ماہی بے آب کی طرح ہوگی۔ انشاء اللہ تیر بہدف ثابت ہوگا۔ اس کے پڑھنے کا وقت بعد طلوع اول ساعت ہے۔

اگر تسخیر عالم منظور ہو

اگر کوئی شخص چاہے کہ اپنا جادو پیدا کرے اور مریدان و معتقدان بہت ہو جائیں اور تمام خلقت تعریف و ثنا میں رطب اللسان ہو۔ تو چاہیے کہ! اپنے بُرج کے طلوع میں دعوت شروع کرے اور جو عدد کہ اسمِ الٰہی اور اپنے نام کی طرح سے باقی رہے تھے ہر عدد ہزار دفعہ کر کے پڑھیں مثلاً اگر بارہ باقی رہے تو بارہ روز کا عمل ہے اور بارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا ہوگا۔ چاہیے کہ! جس بُرج سے دعوت شروع کریں۔ اسی بُرج میں تمام کریں۔ یہ سمجھ لیں کہ یہ دونوں طریق بہت خوب ہیں اگر ان شرائط کی پابندی نہ کی گئی تو رجعت واقع ہو گی۔ اسمِ الٰہی کی تمام قسم کی دعوتوں میں پرہیز جلالی رکھیں۔

''سورۂ یٰسین'' کا ایک عملِ خاص

شروع چاند کے پہلے عشرہ میں جو جمعرات آئے۔ اُس رات سے بوقت ''سورۂ یٰسین'' سات مرتبہ روزانہ اس طرح پڑھیں کہ جب پہلے مبین پر پہنچے تو پھر ابتدا سے سورت پڑھنا شروع کریں۔ پھر جب دوسرے مبین پر پہنچیں تو ابتدا سے سورہ شروع کریں۔ اسی طرح ساتوں مبینوں سے لوٹنا ہے۔ تو یہ ایک مرتبہ کی پڑھائی شمار کی جائے گی۔ اس طرح سات بار روزانہ پڑھنا ہوگا۔ ۴۱ یوم کا چلہ ہوگا اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ درود

شریف پڑھنا ہوگا اب آپ عامل ہیں جب بھی ضرورت پڑے کوئی حاجت ہو تو سجدہ میں سات بار پڑھیں سر سجدہ سے نہ اُٹھے گا کہ بارگاہ خداوندی سے مقصد کی تکمیل کے احکام صادر ہو جائیں گے۔ حُب کے لئے گیارہ دن تک سات مرتبہ روزانہ پڑھنا ہوگا۔ تصورِ مطلوب رکھیں اور پڑھیں مطلوب قدموں میں ہوگا۔

ہزاروں آدمیوں کا جمگھٹا لگا رہے

یہ عمل فتوح و تسخیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس کی ترتیب یہ ہے کہ سات روز تک گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ (۱۱۳۶۴) مرتبہ پڑھیں اور باقی چار روز میں گیارہ ہزار تین سو ترسیٹھ (۱۱۳۶۳) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس طرح سوا لاکھ تعداد پوری ہو جائے گی بعد فراغت چلہ سو مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ اور اپنے اوپر دم کر لیا کریں اور اس اِس مبارک کا ایک تعویذ بنا کر اپنے داہنے بازو پر بھی باندھ لیں۔ چلہ کے بعد اس اسم کا معجزہ دیکھنے میں آئے گا۔ بے حد فتوح ہوگی۔ وہ اشخاص جن کو عام مخلوق کی تسخیر کی ضرورت ہے اور چاہتے ہیں کہ ہمارے در پر ہزاروں آدمیوں کا جمگھٹا لگا رہے راہ چلے وقت سینکڑوں اشخاص کی نظر ہمارے جلوہ میں ہوں' ہر طرف ہمارا استقبال ہو وہ اس اسم کی برکت سے یہ رتبہ حاصل کر سکتے ہیں تکبر کو پاس نہ پھٹکنے دیں۔ اور پابند صوم و صلوۃ رہیں۔ اسم مبارک یہ

"اَلْوَهَّابُ ذِی الطَّوْلِ"

۳	۱۰	۱
۹	الوھاب ذی اطول	۵
۲	۴	۸

دعوت ''سورہ کوثر''

اس سورہ کو تین روز مندرجہ ذیل تعداد میں پڑھیں پہلے روز ۹۲۱ بار، دوسرے روز ۹۲۱ بار، تیسرے روز ۹۲۲ بار، تین دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی یہ زکوٰۃ اصغر ہو گی۔ اول ماہ قمری میں بدھ جمعرات جمعہ کی رات کو بعد نماز عشاء بیٹھ جائیں اور ادا کریں، ہر روز شروع میں دو رکعت نماز نفل زکوٰۃ کی نیت سے ادا کریں اور تین دن کے بعد ختم نیاز کرائیں۔ اس ختم کے وقت پانی کافی پاس رکھ لیں پھر اس پانی کو محفوظ رکھیں۔ اور بچوں اور مریضوں کو پلا دیں خواہ ایک دن لگے خواہ ایک ماہ لگے۔ زکوٰۃ کے بعد آپ مندرجہ ذیل کام لے سکتے ہیں۔

اگر کوئی شخص ''سورہ کوثر'' کے اعداد کو مربع پر کر کے کبوتر کی گردن میں باندھ کر خانۂ محبوب کی طرف اڑائے تو بے شک وشبہ وہ بے قرار اور بے آرام ہو کر حاضر ہو۔ اس ساعت میں حاضر ہو مگر یہ جان لینا چاہیے کہ! یہ آیات قرآن مجید کی ہیں اُن کے ماتحت جو مؤکلات ہیں وہ روحانی ہیں صرف جائز صورتوں میں کام لیں ورنہ خیر نہ ہو گی۔ محبوب کو بلانا جو روٹھ گئی یا خاوند کو بیوی کا بلانا یا غائب کا بلانا سب اس فتیلہ سے ہو گا۔ سورہ کے جملہ اعداد ۲۷۶۴ ہیں۔ خانہ اول میں ۶۸۳ کسر ۲ ہو گی نقش یہ ہے۔ اس لئے کسر خانہ ۹ میں ڈالی جائے گی نقش کے اضلاع ''قولہ الحق ولہ الملک'' سے مکمل کریں چاروں مؤکل اطراف ہوں اور خادم کونوں میں ہوں غرض یہ کہ نقش مکمل لکھا کریں۔

۶۹۰	۶۹۴	۶۹۷	۶۸۳
۶۹۶	۶۸۴	۶۸۹	۶۹۵
۶۸۵	۶۹۹	۶۹۲	۶۸۸
۶۹۳	۶۸۷	۶۸۶	۶۹۸

نقش ''سورہ اخلاص'' برائے حب

سورہ قل ھواللہ محبت کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے مگر اس نقش کی زکوٰۃ ضرور ادا کرنی چاہیے طریقہ زکوٰۃ کا یہ ہے کہ ''سورہ اخلاص'' ۳۱۲۵ مرتبہ ہر روز عروج ماہ میں بروز جمعرات شروع کر کے بعد نماز عشاء پڑھا کریں اور صبح کی نماز کے بعد اکتالیس عدد نقش ''سورہ خلاص'' لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں اگر دریا نزدیک نہ ہو تو تالاب وغیرہ جس میں مچھلیاں ہوں ڈال دیا کریں بعد از ۴۱ یوم کے عامل ہو جائیں گے۔ پھر جب ضرورت ہو تو ایک نقش لکھ کر اس کے نیچے طالب و مطلوب کا نام لکھ کر پھل دار درخت مثلاً انار وغیرہ کے ساتھ لٹکا دیں، جیسے جیسے ہوا لگے گی مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو گا نہایت ہی پُر تاثیر نقش ہے اور کبھی خطا نہیں ہوتا بعدہٗ چار نقش روزانہ لکھا کریں اور ''سورہ اخلاص'' بطور وظیفہ ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ عمل قابو میں رہے۔ جب نقش کچھ جمع ہو جایا کریں تو دریا وغیرہ میں ڈال دیا کریں یا کسی بیمار کو دے دیا کریں۔

قل	ھو	اللہ	احد
اللہ	الصمد	لم	یلد
ولم	یو	لد	ولم
یکن	لہ	کفواً	احد

ترکیب چہاردہ (۱۴) رکعت نماز برائے تسخیر خلائق

عروجِ ماہ میں جمعرات یا جمعہ کی شب کو شروع کریں۔ اول کامل نیت چودہ رکعت کی اس طرح سے کریں کہ چودہ رکعت نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کے کان، آنکھ

زبان دل و جان ہفت اندام وسہ صدرگ باندھنے کو اور اپنی جانب مہربان کرنے کو۔ بعد دو رکعت کر کے پڑھیں، اول دو رکعت میں یہ نیت کر کے نماز پڑھتا ہوں فلاں بن فلاں کے کان بند کرنے کو میرے نام پر کسی کی زبانی کوئی بدی کا کام نہ سنے بعد الحمد کے ''قل ھواللہ احد'' پانچ مرتبہ پڑھیں دوسرے دوگانہ میں یوں نیت کریں کہ نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کی آنکھ بند کرنے کو چاروں طرف سے اور میرے اوپر مہربانی کی نگاہ رکھ! بعد ''الحمد شریف'' کے ''سورہ انا انزلنا'' پانچ بار پڑھیں تیسرے دوگانہ میں نیت یوں کریں نماز پڑھتا ہوں فلاں ابن فلاں کی زبان بندی کرنے کو میرے نام پر کوئی لفظ ''عیب'' بدی کا نہ نکلے زبان اپنی سے۔ بعد ''الحمد شریف'' کے ''سورہ الایلاف'' پانچ بار پڑھیں۔ چوتھے دوگانہ کی نیت یوں کریں کہ نماز پڑھتا ہوں فلاں ابن فلاں کے واسطے بند کرنے ہاتھوں کے چاروں طرف نام پر جلد کلمہ خیر و خوش کا لکھ کر روزانہ کریں اپنے ہاتھوں سے۔ بعد ''الحمد شریف'' کے ''سورۃ النصر پڑھیں پانچ بار پانچویں دوگانہ کی نیت یوں کرے میں نماز پڑھتا ہوں واسطے بند کرنے دل کے چاروں طرف سے میرے اوپر دل سے مہربان اور تابعدار ہونے کو۔ بعد ''الحمد شریف'' کے اول رکعت ''سورہ الم نشرح'' پانچ بار اور دوسری رکعت میں ''سورہ انا انزلنا'' پانچ بار چھٹے دوگانہ کی نیت یوں کریں نماز پڑھتا ہوں واسطے فلاں ابن فلاں کے ہفت اندام وسہ صدرگ بند کرنے ہر طرف سے میرے اوپر مہربان ہونے اور تابعدار ہونے کو۔ بعد ''الحمد'' کے ''سورہ والعصر'' پانچ بار اور دوسری رکعت میں ''سورۃ العصر'' پانچ بار پڑھیں پھر اختتام چہاردہ رکعت نماز کے دو ہزار مرتبہ ''یا علیم'' پڑھیں اور اول ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھے اور آخر بھی ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور بعد فراغت کے نہایت الحاج و زاری اور خشوع و خضوع کے ساتھ دعا کریں۔ ''یا علّامُ یا الٰہی'' سپرد کیا میں نے ساتھ تیرے دل اور جان اور کان اور آنکھیں اور زبان اور ہاتھ اور پاؤں اور ہفت اندام اور سہ

صدر گ اور سر تا بقدم فلاں بن فلاں کو میری طرف مہربان اور تابعدار کر بحق قادری۔ اگر تسخیر خلائق کے لئے پڑھنا ہو تو فلاں بن فلاں کی جگہ اولاد، بنات حوا پڑھے اور جب تک کہ محبوب مسخر نہ ہو جائے۔ ہر شب چہاردہ رکعت پڑھتے رہیں تسخیر خلائق کے لئے ہمیشہ مداومت کریں اور پھر تاثیر عظیم دیکھیں۔

منتر حُب

تن موہوں، من موہوں، موہوں شکل سریز زندہ شاہ مدار کی موہنی موہو۔ مدد پیر دستگیر'' زکوٰۃ سوا لاکھ جو چودہ یوم میں پوری کرنی ہے عروج ماہ میں کمر تک پانی میں کھڑے ہو کر پڑھنا چاہیے چلہ کے بعد عامل ہو جائے گا۔ جس شخص کو مخاطب کرنا منظور ہو خاک کی چٹکی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مطلوب کو ماریں۔ فوراً مطیع ہو گا۔ حیرت انگیز عمل ہو گا۔

برائے حُب

یہ عمل محبت اور رفع رنجس کے کے لئے خصوصیت رکھتا ہے۔ مطلوب کی پیشانی کے تھوڑے سے بال کسی طرح مہیا کریں جمعہ کے روز قمری ماہ کے پہلے روز بعد نماز صبح سورج نکلتے ہی بشرطیکہ بُرج عقرب اور جدی میں نہ ہو تھوڑے سے بال لے کر اُن پر تین دفعہ ''سورہ قل یا ایھا الکافرون'' اور سات مرتبہ ''آیت الکرسی'' اور تین مرتبہ ''درد شریف'' پڑھ کر دم کریں اور اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیں۔ (مگر بستر تکیہ، اپنا جسم ولباس سب پاک ہوں)۔ اسی طرح سات روز تک کرتے رہیں ساتویں روز رات کو اُن سب بالوں کو تکیہ کے نیچے سے اُٹھا کر دہکتے ہوئے انگاروں کی انگیٹھی پر جلائیں اور ساتھ تھوڑا لوبان بھی جلائیں اور نام مطلوب اور اُس کی ماں کا مثلاً زاہدہ بنت فاطمہ برابر لیتے رہو

جب تک بال جلتے رہیں۔ اگر خلافِ شرع کام کے لئے اس عمل کو کوئی کرے گا تو اُس کی جان کا خطرہ ہے۔

برائے محبت زن وشوہر

اگر میاں بیوی میں اخلاص و محبت نہ ہو تو یہ نقش بیوی کے گلے میں پہنا دیں یہ نقش "یَا بُدُّوْحُ یَا حَادِیْ اور یَا وَدُوْدُ" کا ہے۔

۱۵	۴۰	۵
۱۰	۲۰	۳۰
۳۵	"یَا بُدُّوْحُ یَا حَادِیْ اور یَا وَدُوْدُ"	۲۵

مطلوب محبت میں بے قرار ہو جائے

اکتالیس کنکریاں پتھریاں لے کر ہر ایک پر ایک دفعہ "سورہ یٰسین" پڑھ کر دم کریں اور پیر کے روز سورج نکلنے کے وقت ان کو ایک کورے پیالے یا برتن میں رکھ کر چولہے کے قریب اس نیت سے گاڑ دیں کہ فلاں کو مجھ سے دوستی اور محبت ہو جائے۔ مطلوب محبت میں بے قرار ہو جائے گا۔

نیز: جس کو مٹھائی پر "سورہ یٰسین" سات دفعہ دم کر کے کھلا دیں بہت دوست ہو جائے گا۔

عجیب رکھنے کرنے والا ایک عمل

چالیس سیاہ مرچ لے کر اُن پر تین دفعہ اس کو محبت و دوستی کی نیت سے پڑھ کر دم

کریں۔ پھر ان کو کوٹ کر کپڑے میں رکھ کر اُس کی بتی بنا کر تیل چراغ میں ڈال کر اس کو رکھ کر جلائیں۔ اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف رکھیں۔ عجیب اثر اس کو ظاہر ہوگا۔

تسخیر و محبت کے لئے

نوچندی جمعرات کو سورج نکلنے کے وقت موم سفید سات مرتبہ ''سورہ یٰسین'' پڑھیں پھر کہیں بستم دل و جان فلاں را بر دوستی فلاں بحق ھذا سورۃ'' اور اس موم کو محفوظ رکھیں جب دوستی کا اثر ظاہر ہو اُس موم کو دانتوں سے اس طرح موم چبائیں کہ نیچے اوپر کے دانت اُس میں نکل کر آپس میں مل جائیں۔ اور کسی سے اُس کا ذکر نہ کریں جب تک مقصد پورا حاصل نہ ہو نیز ''سورۂ یٰسین'' شریف جس کی محبت کی نیت سے اس کو لکھ کر درخت میں لٹکائیں وہ محبت میں بے قرار ہو جائے۔

تسخیر جن و پری

اگر تنہا مکان میں در بند کر کے سات روز تک ہر روز اکتالیس مرتبہ کوئی ''سورہ یٰسین'' کو پڑھے او صندل و عود بخور کرے دیو و پری تابعدار ہوں گے جو اُن کو حکم کرے بجا لائیں گے مگر کسی سے اُس کو ظاہر نہ کریں اگر ظاہر کریں گے تو ہلاک کر دیا جائے گا مگر طہارت کامل رکھیں جھوٹ اور ہر برائی سے باز رہیں اور پرہیز جلالی کریں یعنی گھی دودھ، لہسن پیاز، گوشت ہر قسم کا سات روز تک نہ کھائیں۔

لُطفِ حُکام و بادشاہ

تین مرتبہ پانی پر ''سورہ یٰسین'' پڑھ کر دم کریں اُس پانی سے منہ دھو کر اور کچھ پی کر حاکم، بادشاہ، افسر کے پاس جائیں، ہر شخص مہربان ہو، (نوٹ) دم کیا ہوا پانی وغیرہ نہ گرے۔

ہر چیز کی تسخیر کے لئے

جمعہ کی پہلی ساعت میں جبکہ عروج ماہ ہو اس کو مربع میں بھر کر بازو پر تعویذ باندھیں اور ۲۱ دفعہ روزانہ پڑھا کریں کسی انسان حیوان، دیو، بھوت، پرندہ، درندہ اور آسمان اور زمین کی چیز سے نقصان نہ پہنچے گا یا ۳۷۵۳ دفعہ روزانہ چالیس دن تک اور آخری دن ۳۷۵۹ دفعہ پڑھیں۔ اگر اس کو ۱۵۰ دن تک روزانہ ۱۹۰۶ دفعہ اور آخری دن ۱۹۶۶ دفعہ "اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَافِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ" پڑھیں تو ہر شئی مسخر ہو جائے گی مگر کسی عامل کی نگرانی میں کریں قواعد کے موافق اور تمام شرائط کے ساتھ مضبوط حصار کے اندر بیٹھ کر پڑھنا چاہیے ورنہ خطرہ جان ہے۔

حُب کے لئے "آیۃ الکرسی" کا ایک عملِ خاص

"اَللّٰهُ سے قَيُّوم" تک پڑھ کر داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کریں "لَا سے نَوْمٌ" تک پڑھ اُس کے برابر کی انگلی بند کریں "وَلَهٗ سے اَرْض" تک پڑھ کر بیچ کی انگلی بند کریں پھر "وَمَنْ سے اِذْنِهٖ" تک کو بند کریں پھر "وَلَا سے مَاشَاءَ" تک پڑھ کر اُس کے پاس کی اُنگلی بند کریں پھر "وَسِعَ سے اَرْض" پھر دس مرتبہ "وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ" دس مرتبہ "اَلٓمّٓ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" دس مرتبہ "وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ" دس مرتبہ "لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ" دس مرتبہ "يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ" دس مرتبہ "يَا بُدُّوْحُ" دس مرتبہ "يَا حَفِيْظُ" دس مرتبہ "يَا لَطِيْفُ" کہہ کر ہاتھ آسمان کی طرف کھول دیں اور دعا کریں یا اللہ بحرمت "آیۃ الکرسی" آیات شریفہ و اسمائے عظیم تمام خلائق کو میرے لئے مسخر فرما "بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَيْتِ

مُحَمَّدٍ عَلَيْهُمُ السَّلامُ" یہ ختم تسخیر قلوب خلائق کے لئے مخصوص ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلِ اللّٰهُمَّ	مَالِكَ الْمُلْكِ	تُؤْتِي الْمُلْكَ مِنْ تَشَاءُ	وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرِ
مَالِكَ الْمُلْكِ	تُؤْتِي الْمُلْكَ مِنْ تَشَاءُ	وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرِ	وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرِ
تُؤْتِي الْمُلْكَ مِنْ تَشَاءُ	وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرِ	وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرِ	وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ
وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرِ	وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرِ	وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ	ط ط ط ط ط ط ط ط ط ط ط ◦◦◦◦◦

عمل تسخیر

یہ عمل حجتہ الاسلام "شیخ محمد ابن شیخ زین العابدین مازندرانی اعلی اللہ مقامہ" سے منقول ہے۔ عقیق زرد جب شمس شریف پر ہو اس طرح اپنا کندہ کرا کر اُس کی انگشتری پہنیں اور صاحب انگشتری ہر روز کسی نماز کو فضیلت کے وقت ادا کر کے بقدر اعداد اپنے نام "يَـا مُعِزُّ اَعِزَّنِىْ بِعِزَّتِكَ يَا عَزِيْزُ" پڑھا کریں۔ دُنیا اُس کو درست رکھے گی اور عزت کرے گی۔ اگر مُشک و زعفران سے زرد کاغذ پر اس کو لکھ کر تعویذ اپنے پاس رکھیں تب بھی یہ اثر ہوگا مگر کم ہوگا۔

نگینہ کے اوپر کی طرف	نگینہ کے نیچے کی طرف
يَـا عَـزِيْـزُ	يَـا عَـزِيْـزُ
اپنا نام لکھیں	اپنا نام لکھیں
يَـا بِـعِـزَّتِـكَ	يَـا بِـعِـزَّتِـكَ

شوہر مہربان ہو

جس کا شوہر ناراض ہو یا گھر کی طرف سے بے پرواہو تو گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لے۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ "یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ" پڑھے پھر آخر میں گیارہ دہ مرتبہ درود شریف بعد ختم ان کالی مرچوں پر پھونک کر سب مرچیں آگ میں ڈال دے۔ یہ عمل چالیس دن کریں پڑھتے وقت شوہر کی مہربانی کا خیال رکھیں خدا چاہے تو شوہر مہربان ہوگا۔

شادی خانہ آبادی

جس لڑکے یا لڑکی کی شادی نہیں ہو پاتی کوشش کام نہیں دیتی تو اُن کی والدہ یا والد یا گھر کا کوئی ذمہ دار روزانہ اسم اعظم "یَا جَامِعُ" تین سو مرتبہ پڑھنا شروع کرے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف، خدا چاہے گا تو ایک ہفتہ میں کہیں بات پُختہ ہو جائے گی بے حد مجرب ہے۔

عمل حُب

یہ نقش چاند کی پہلی تاریخ کو مرغ کے انڈے پر لکھ کر مطلوب کے مکان میں دفن کر دیں۔ نقش کے نیچے طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ لکھیں اگر کوئی شخص انڈے پر نہ لکھ سکے تو کاغذ پر لکھ کر انڈے پر چسپاں کریں۔ اب مکانِ مطلوب میں دفن کرنا ٹیڑھا مسئلہ ہے بعض جگہ مطلوب کے مکان تک پہنچنا مشکل ہوتا ہے چہ جائیکہ گڑھا کھود کر دفن کرنا مشکل ہے تو مجبوراً انڈہ جنگل میں دفن کر دیں۔ دوسری تاریخ سے سولہ نقش روزانہ لکھا کریں خدا چاہے تو سولہ دن میں مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوگی کوئی عزیز دوست ناراض ہے کوئی افسر ناراض ہے تو یہ عمل بہت کام دیتا ہے۔

تسخیر عام

یہ عمل تسخیر عام ہے جو شخص اسے کرے گا مخلوق میں عزت ہوگی۔ دشمن دوست بن

جائیں گے اکثر امور میں کامیابی ہوگی۔ چاند دکھائی دینے پر جو پہلی جمعرات آئے (مہینہ کوئی ہو) تو جمعرات کو روزہ رکھیں اور اس دن نماز صبح کے بعد چالیس مرتبہ ''بسم اللہ شریف'' نماز ظہر کے بعد اسی مرتبہ نماز عصر کے بعد ۱۶۰ مرتبہ اب روزہ صرف خرما سے کھولیں بس ایک یا دو خرمے کھا کر نماز مغرب پڑھیں لیکن کچھ کھایا پیا نہ کریں۔ اگر زیادہ پیاس ہو تو تھوڑا پانی پی لیں لیکن نہ پینا بہتر ہے اور بعد نماز مغرب تین سو بیس مرتبہ ''بسم اللہ شریف'' اب نماز عشاء پڑھیں اور ایک ایک سو چھیالیس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں بس زکوٰۃ ختم ہوگئی اب روزانہ بعد از نماز صبح ایک سو اکیس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لیا کریں۔ غیب سے اس کے اثرات دیکھیں گے۔ روزہ صرف ایک دن رکھنا ہے۔ بعد نماز صبح ۱۲۱ مرتبہ پڑھنا اپنا وظیفہ بنالیں۔


فتح وکامرانی

بعد از نماز صبح قبل از طلوع آفتاب زعفران نئے قلم سے پُر کر کے موم جامہ کریں کریں اور پاس رکھیں اس سے بہت فائدہ ہوگا ہر کام میں غیب سے مدد ہوگی اور اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری فرمائے گا۔ مجرب ہے۔

بسم


۱۹۹	۱۹۶	۱۸۹	۲۰۲
۱۹۰	۲۰۱	۲۰۰	۱۹۵
۲۰۴	۱۹۱	۱۹۴	۱۹۷
۱۹۳	۱۹۸	۲۰۳	۱۹۲

الرحمن

ایک جفری ٹوٹکہ

کسی مقدمہ میں پیش ہوں، کسی کے پاس کوئی مقصد لے کر جانا ہے کوئی درخواست یا خط لکھنا ہے تو عروج ماہ میں پیر کے دن اس نقش کو لکھ کر اونچی جگہ لٹکا دیں اس طرح کہ ہوا سے ہلتا رہے اور پھر اس کے سامنے جائیں یا خط لکھیں کامیابی ہوگی فلاں کی جگہ نام اس کا نام لکھیں۔



وہ مہربان ہوگا

اگر کسی کا افسر سخت مزاج ہو یا کسی عورت کا شوہر بدزبان اور ظالم ہو تو "سورہ لایلاف" اکیس مرتبہ کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر اُسے کھلا دیں اگر کھلا نہ سکو تو تصور کر کے اُس کی طرف پھونک دیں سات دن یہ عمل کریں وہ مہربان ہوگا جائے گا۔

عمل تسخیر

میاں بیوی بہن بھائی میں اگر رنجش پڑ جائے تو یہ عمل صدہا مرتبہ تجربہ میں آچکا ہے۔

اس مثلث کو زعفران سے لکھ کر چائے یا شربت میں دھو کر اس کو پلا دیں۔ جو ناراض ہے خدا چاہے گا تو تین دن پلا دینے سے وہ راضی ہو جائے گا اور اس کے دل میں جذبات محبت پیدا ہوں گے۔ درمیان کے خانے میں ناراض کا نام معہ والدہ کے لکھ دیں۔

۷۸۶

۱۱۴	۳۰۴	۳۸
۲۶۶	نام بمعہ نام والدہ	۱۰۲
۷۶	۱۵۲	۲۲۸

اسمِ اعظم

جناب عبداللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں کہ جب آقائے نامدار، حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کوئی غم اور حزن ہوتا تو آپ یہ دعا پڑھتے تھے "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ" حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جنگ بدر میں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ پایا میں آپ کی تلاش میں نکلا تو میں نے دیکھا کہ دُور ایک مقام پر سجدے میں پڑے ہیں۔ میں واپس آ گیا تھوڑی دیر کے بعد گیا تو آپ بدستور سجدے میں تھے اور "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" پڑھ رہے تھے تھوڑی دیر کے بعد باوجود قلتِ لشکر اور سامان کے خداوند عالم نے فتح عطا فرمادی یہ اسم اعظم ہے اور اس میں اسرار ربانی کے خزانے پوشیدہ ہیں کوئی خاص تعداد پرہیز یا وقت تو اس کا احادیث میں نہیں ہے۔ مگر بعد نماز عشاء یا فجر روزانہ تین سو مرتبہ پڑھا کریں (اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف) تو اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرماتا ہے اور پہاڑ بھی مقابلہ پر ہوں تو ہٹ جاتا ہے۔

بحالی منصب

اگر کسی شخص کی وجہ سے صرف غلط گمان پر تنزلی ہو گئی ہو خواہ عہدے سے یا تنخواہ میں یا کاروبار مندا ہو یا ملازمت نہیں ملتی تو وہ شخص اعتقاد سے یہ عمل کرے خدا چاہے تو کامیابی ہو گی۔ چاند دیکھنے پر جو پہلی جمعرات ہے تو جمعرات، جمعہ سنیچر تین دن روزہ رکھے طلوع افتاب کے بعد روزانہ تین مرتبہ "سورہ یوسف" پڑھا کرے اور شام کو افطار سے قبل ایک مرتبہ تلاوت کیا کریں یہ عمل صرف تین دن کرنا ہے اتوار کے دن سے صرف ایک مرتبہ سورہ یوسف پڑھ لیا کریں۔ اس کے لئے کس وقت خاص کی ضرورت نہیں ہے دن رات میں کسی وقت بھی پڑھ لیا کریں۔ اور نہ روزہ رکھنے کی ضرورت ہے روزہ صرف تین دن ہی رکھنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ۱۱، ۲۲، ۳۳ دن میں آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ یہ عمل مجربات میں سے ہے اور بحکم خدا اس سے فیض ہی ہوتا ہے۔

ایک بے نظر عمل

جس کا کوئی عزیز، ماں، باپ، بہن، بھائی، بیوی بچے کسی وجہ سے جدا ہیں یا باہمی رنج ہے یا کوئی سفر میں پڑا ہو اور بیوی بچوں کے پاس جانے کی قدرت نہ ہو مثلاً خرچ نہ ہو یا رخصت نہ ملتی ہو تو وہ شخص یہ عمل کرے خدا چاہے تو رکاوٹ دور ہو گی بہت مرتبہ کا آزمایا ہوا عمل ہے۔ دن کے دس گیارہ بجے کے درمیان غسل کریں اور روبقبلہ ہو کر منہ اوپر آسمان کی طرف اُٹھاؤ اور دونوں ہاتھ چھوڑ دو سر برہنہ ہو اور "بسم اللہ شریف" پر دس مرتبہ یہ اسم اعظم پڑھو "اَلْغَنِیُّ اَلْمُغْنِی" اور سیدھے ہاتھ کی سب سے چھوٹی اُنگلی بند کر لو پھر دس مرتبہ پڑھ کر دوسری اُنگلی بند کر لو اس طرح ہر دس مرتبہ اُنگلی بند کرتے جاؤ پانچوں انگلیاں بند کرنے پر (۵۰) مرتبہ ہوا اب یہ ہاتھ (انگلیاں کھول کر) منہ پر ملو اور دعا کرو کہ یا الٰہی یہ مقصد پورا فرما

یہ ایک مرتبہ ہوا اس طرح روزانہ دس مرتبہ یہ عمل کرو۔ ہر پچاس پر منہ پر ہاتھ پھیر کر دعا کرنا ہوگی تمام عمل میں منہ اوپر ہی رہے اگر گردن دُکھ جائے تو عمل دو تین منٹ بند کر کے گردن نیچی کرلو اگر دس دن میں اثر نہ ہو تو پھر دس دن کرو اور بقدرِ ضرورت پھر دس دن کرو خدا چاہے تو وہ رکاوٹ دور ہوگی۔ یہ عمل ہرگز بے کار نہ جائے گا۔

ایک خاص عمل

جذب و کشش روحانی کا اول و آخر سبق ہے کہ اگر آپ تجلی حق کی تلاش میں ہیں، اگر آپ کو جذب و کشش حقیقی کی تلاش ہے، اگر آپ عالمِ قدس کی سیر کرنا چاہتے ہیں تو وہ آسان ہے بطریقِ عمل یہ ترکیب بہت واضح اور مجرب ہے کہ ایک سفید کاغذ پر خوب بڑا اور خوبصورت کر کے یہ لکھئے ''اللہ'' اب اس کاغذ کو آنکھوں سے دیکھتے ہوئے پانچ مرتبہ پڑھئے ''اللہ اللہ'' اس طرح نگاہ لکھے ہوئے نام پر جمی رہے لمبا چوڑا عمل نہیں اور سالوں کا یا مہینوں کی ضرورت نہیں صرف اکیس دن تو یہ عمل کر کے دیکھیں کہ روحانی طاقت کیا کیا کرشمے اور مناظر دکھاتی ہے۔ باوضو خلوت میں پڑھا کریں یہ ایک مشق ہے مگر ایسی مشق کہ اول بھی ہے اور آخر بھی ہے سب کچھ بن جاؤ گے۔

(۱) عدد ایک کے حامل افراد

محبت کے معاملے میں یہ افراد روایت پسند ہوتے ہیں چنانچہ وہ بڑے رومانوی اور ضرورت سے زیادہ جذباتی ہو سکتے ہیں اگر کسی کو ایک مرتبہ دل دے بیٹھیں تو بڑے ثابت قدم رہتے ہیں وہ اپنے محبوب پر اتنی نوازشیں کرتے ہیں۔ کہ وہ بگڑ جاتا ہے وہ اپنے محبوب سے بھی بڑی توقعات وابستہ کئے رکھتے ہیں کیونکہ اپنا سب کچھ اُس پر نثار کر دیتے ہیں۔

دوستوں کی مدد

ایک نمبر والے افراد کی شخصیت میں ایک خاص لگاؤ، اُنس اور کشش ہوتی ہے۔ لوگ ان کی جانب چلے آتے ہیں خود ان کے دل میں دوست بنانے کی بے پناہ خواہش ہوتی ہے۔ اور دوست بنانے میں یہ وسیع القلبی کا مظاہرہ کرتے ہیں وہ دوستوں پر پورا اعتماد کرتے ہیں، اور ان کے لئے یہ بڑے فراخدل ثابت ہوتے ہیں ضرورت پڑنے پر حتی المقدور دوستوں کی مدد بھی کرتے ہیں اور کسی قسم کا صلہ نہیں مانگتے۔

محبت اور نمبر 2 کے حامل افراد

ان افراد میں جذباتی پن ہوتا ہے وہ اپنی رومانوی لغزشوں پر نظر رکھتے ہیں، اور اُن سے عبرت اور سبق حاصل کرتے ہیں، دراصل ان کی کوشش ہوتی ہے کہ رومان محبت کے ذریعے اپنا جیون ساتھی منتخب کریں۔ جب اُنہیں ایسا جیون ساتھی مل جائے تو اُسے کسی صورت میں ڈراپ نہیں کرتے اور اُس سے شادی کر کے اُس کی خوشنودی کا خیال رکھتے ہیں اور اُسے گھریلو آسائش اور سہولتیں مہیا کرتے ہیں نیز اپنے جذباتی پن پر غلبہ پانے کی کوشش کرتے ہیں۔

نمبر دو والے مرد کو جب شدید محبت اور پیار کرنے والی عورت مل جاتی ہے تو جنس سے متعلق آرزوئیں عروج پر آ جاتی ہیں۔ اور وہ چاہتا ہے کہ اپنی فطری آرزوؤں کی تکمیل کرے۔ جنسی خواہش اُسے دنیا کی ہر خواہش سے زیادہ بھاتی ہے اور وہ اس لذت کو بار بار محسوس کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کم بیش یہی حال نمبر 2 والی عورت کا ہوتا ہے۔

یہ فرد محبت کی تلاش میں رہتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ انہیں کوئی عورت ملے جو اُن کی طرف بھرپور توجہ دے۔ اور اُن کی محبت بڑی خواہشات کی پذیرائی کرے۔ اس

صورت حال میں جب اُنہیں اپنی پسند کی عورت مل جاتی ہے تو وہ اُسے فوراً اپنا جیون ساتھی بنا لیتے ہیں اور اس سے شدید محبت کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی بے لوث محبت پا کر اُنہیں شدید خوشیوں، مسرتوں اور راحتوں کا احساس ہوتا ہے۔ اور اُن کے دل میں محبت بھرے جذبے ہمیشہ کے لئے جاگزیں ہو جاتے ہیں

محبت اور نمبر 3 کے حامل افراد

یہ افراد اپنی ذہنی صلاحیتوں سے کام لے کر اور اپنی شخصیت کی کشش کے ذریعے محبت پر گرفت مضبوط کر لیتے ہیں۔ جس لڑکی سے یہ محبت کریں گے وہ بھی اُن سے بے حد محبت کرے گی، اس طرح اُن کی محبت پر گرفت مضبوط ہو جاتی ہے اور محبت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ ایک وقت ایسا آئے گا جب یہ لوگ محسوس کریں گے کہ وہ ایک ایسے اٹوٹ رشتے میں گرفتار ہو گئے ہیں جسے بڑے بڑے طوفان بھی نہیں توڑ سکے تو ان کی محبت قابل رشک ہو جائے گی۔

محبت اور 4 نمبر والے افراد

یہ افراد سوچتے ہیں کہ محبت سے کوئی دوسرا شخص ان کے لئے وفاداری کا سبب بنے مگر ان کی یہ کوشش بھی ہوتی ہے کہ وہ محض لونڈی یا غلام بن کر نہ رہ جائیں وہ میاں بیوی کے رشتے میں آزاد خیال کو پسند کرتے ہیں۔ لیکن اتنی آزادی پسند کرتے ہیں جس سے ان کی وفا شعاری میں کمی نہ ہو اور ایک دوسرے کے لئے وفادار ہیں۔ یہ افراد جب اپنا جیون ساتھی منتخب کرتے ہیں تو بڑی احتیاط سے کام لیتے ہیں اور جب انہیں ان کی پسند کا اور ہم مزاج جیون ساتھی مل جائے تو خوش ہو جاتے ہیں اور یہ اپنی پسند کے ساتھی سے فوراً شادی کر لیتے ہیں۔

نمبر 4 اور دوستی کے جذبات

یہ افراد دوستی کو مقدس اور مقدم خیال کرتے ہیں جو جسے دوست بنا لیتے ہیں اُسے دلی طور پر دوست ہی سمجھتے ہیں اور اُس کے لئے اپنے دل میں ہمدردانہ پُر خلوص اور خوشگوار جذبے رکھتے ہیں۔ یہ افراد اپنے دوستوں پر مکمل بھروسہ اور اعتماد رکھتے ہیں اور انہیں کسی طرح ذلیل نہ ہونے دیں گے بلکہ اُن کی عزت اور وقار کے لئے اپنی جان لڑا دیں گے۔ وہ دوستوں کی رفاقت اور وفاداری کو پسند کرتے ہیں ان کی رفاقت اور دوستی پر کسی طرح نہیں کیا جا سکتا۔ ان افراد کے ذہن حسد سے نا آشنا ہوں گے اور یہ لوگ دوستوں کو بے لوث اور قسم کی محبت سے نوازیں گے۔ وہ دوستوں کے لئے کسی قسم کی کنجوسی، مظاہرہ نہ کریں گے ان کے نزدیک دوستی بے حد لطیف جذبے سے بھرپور ہے۔ جس کی قدر کی جانی چاہیے۔

نمبر 4 اور محبت کے بارے میں منفی جذبے

یہ افراد اگر محبت میں کسی مرحلے پر آ کر منفی جذبوں میں گرفتار ہو جائیں تو یہ لوگ الجھنوں میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ اگر یہ منفی جذبوں کے سمندر سے نکل نہ پائیں تو ان کی زندگی پریشان حال گزرتی ہے۔ ان افراد کو دل کی بجائے اپنی چٹان جیسی مضبوط صلاحیتوں سے کام لینا چاہیے۔ وہ دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر ایسے لوگوں سے محبت کر بیٹھتے ہیں جو ان کے نہیں ہوتے وہ ان کی نمود و نمائش اور ظاہری کشش سے متاثر ہو کر ان سے محبت کر بیٹھتے ہیں اور اس جال میں پھنس کر تباہ ہو جاتے ہیں ان افراد کو چاہیے کہ محبت کے میدان میں سوچ سمجھ کر قدم اُٹھائیں تا کہ بعد میں انہیں پچھتانا نہ پڑے۔

نمبر 4 اور سطحی قسم کی محبت

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ وہ محبت کرنے کی عادت کی وجہ سے سطحی قسم کی محبت میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ اور اس طرح انہیں کافی نقصان پہنچ جاتا ہے بظاہر پُرکشش، خوبصورت اور شاندار عورتیں انہیں اپنی محبت میں گرفتار کر لیتی ہیں، لیکن ان سے بے وفائی کر جاتی ہیں وہ نہ صرف مالی طور پر ان کے لئے نقصان کا باعث بن جاتی ہیں بلکہ ان کی زندگی سے بھی نکل جاتی ہیں۔ اس طرح انہیں بہت ہی افسوس ہوتا ہے اور سوچتے ہیں کہ وہ ان کی سیرت اور کردار کو پرکھ لیتے۔

محبت اور نمبر 5 کے حامل افراد

یہ افراد کسی سے محبت کرتے ہیں تو دیانتداری سے کرتے ہیں اُن کے پُرجوش جو جذبات اپنے ساتھی کے لئے، ایمانداری، خلوص اور شدید محبت پر مبنی ہوتے ہیں، یہ لوگ چونکہ ملنسار، خوش مزاج اور اچھے اخلاق کے ہوتے ہیں۔ لہٰذا لوگ ان سے مل کر خوشی، فرحت اور راحت محسوس کرتے ہیں، یہ فرد اپنے مزاج کے مطابق ساتھی سے محبت کرتے ہیں اگر اس کا حسین ساتھی ان کی حوصلہ افزائی کرے تو یہ اس سے محبت کر کے بے حد خوشی، سرور اور سکون محسوس کرتا ہے۔

نمبر 5 اور محبت میں دریا دلی

محبت کے معاملے میں بھی یہ دریا دل میں محبت کو یہ اپنی مرضی کے مطابق آگے نہ بڑھائیں گے بلکہ اپنے ساتھی کی صوابدید پر معاملہ چھوڑ دیں۔ اگر ان کی پسندیدہ عورت ان کی محبت قبول نہیں کرتی تو یہ لوگ اسے نقصان پہنچائے بغیر چھوڑ دیں گے۔ اور پھر اس

کبھی تنگ نہ کریں گے یہ افراد پُر سکون ماحول میں جنسی خواہشات کی تکمیل کرتے ہیں۔ اگر اس فرد کے ساتھی اسے لطف و سرور سے ہمکنار کر لے تو وہ اسے دل و جان سے چاہے گا اور اس کی خواہشات کی پذیرائی کرنا اپنا اولین فرض سمجھے گا۔ اگر وہ اس پر ڈالنے کی کوشش کرے گی تو وہ اسے فوراً چھوڑ کر کسی اور جانب رجوع کرے گا مگر اسے کسی قسم کی اذیت اور تکلیف نہ دے گا۔

یہ افراد اُس سے محبت کرتے ہیں جو ان کے ذہنی معیار کا ہو چنانچہ یہ فرد صرف اُس عورت سے عشق کرتا ہے جو اس کے مطلوبہ معیار پر پورا اُترتی ہے تو وہ اُسے ٹوٹ کر چاہے گا۔ یہ افراد اکثر پُر کشش ہونے کے باوجود سنجیدہ محبت کے معاملات سے دور ہی بھاگتے ہیں بہر حال جنس مخالف کے لئے، اُن کی شخصیت میں خاص کشش ہوتی ہے۔ ان کو چاہیے کہ اپنے کردار کو بہتر بنائیں اور کسی ایک لڑکی سے شادی کر کے سکون کی زندگی گزاریں۔

یہ فرد محبت کا چکر چلانے میں ماہر ہوتا ہے۔ وہ مختلف لڑکیوں سے بیک وقت محبت کرتا ہے اور پھر اُنہیں دھوکا دینے کے بعد کسی ایک لڑکی سے شادی کر کے گھر بسا لیتا ہے دُوہرے کردار کی وجہ سے لڑکیاں اُس کے چکر میں پھنس جاتی ہیں اُسے چاہتے کہ اس عادت سے گریز کرے۔

محبت اور نمبر 6 کے حامل افراد

ان افراد میں یہ خوبی ہے کہ وہ محبت کی بھیک نہیں مانگتے اور نہ یہ چاہتے ہیں کہ ان سے کوئی زبردستی محبت کرے، وہ ضرور چاہتے ہیں کہ والدین انہیں اپنی بھر پور محبت سے نوازیں اگر وہ ایسا نہ بھی کریں تو یہ اس بات کا غم نہیں کرتے اور نہ کسی کی اذیت و تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ یہ اس طرف سے لاپروا ہو کر اپنے شاندار مستقبل کے متعلق سوچتے

ہیں۔ اپنے لئے نئے راستے بنا کر اپنی زندگی سنوارتے ہیں۔

نمبر 6 اور محبت میں توجہ

یہ فرد چاہتا ہے کہ اس کو پُر خلوص محبت ملے وہ زبردستی کی محبت کا قائل نہیں۔ یہ مرد بڑے انا والے ہوتے ہیں وہ بھوکے تو رہ سکتے ہیں مگر کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے۔ وہ دوسروں سے محبوب سے محبت کی بھیک نہیں مانگتے۔ بلکہ محبت میں دوطرفہ ٹریفک کے قائل ہوتے ہیں۔

یہ فرد اپنے دل میں خواتین کے لئے بے حد خلوص رکھتے ہیں اور بددیانتی سے نفرت کرتے ہیں۔ چنانچہ وہ خواتین کے حقوق کے لئے آواز اٹھانے والوں میں سب سے آگے ہوتے ہیں وہ عورت کو پاؤں کی جوتی نہیں بلکہ گھر کی زینت سمجھتے ہیں۔

یہ فرد دوران سفر لوگوں سے دوستی کو پسند کرتے ہیں اجنبی لوگوں میں بیٹھ کر انہیں خوشی اور راحت کا احساس ہوتا ہے اس طرح سے یہ لوگ اپنے سفر کو دلچسپ اور خوشگوار بنا لیتے ہیں۔ پسندیدہ ہم سفر خاتون کو اپنی شخصیت سے متاثر کر لیتے ہیں۔

محبت اور نمبر 7 کے حامل افراد

یہ افراد طبیعت میں مروت رکھتے ہیں ان میں محبت کے جذبات ہوتے ہیں اور وہ خود خوش اخلاق ہوتے ہیں چنانچہ وہ نرمی سے کام لیتے ہیں اگر انہیں کسی کی کمزوریوں کا علم ہو بھی جائے تو اُس کی کمزوری کو دوسروں پر کبھی ظاہر نہیں کریں گے۔ اور اسے خود بھی پریشان نہیں کریں گے اگر کوئی شریک کار کاروبار میں غلطی کر دے اور انہیں نقصان پہنچا دے تو وہ اس سے جواب طلبی کے مرتکب نہ ہوں گے۔ وہ سوچتے ہیں کہ غلطی ہر شخص سے ہو سکتی ہے اس لئے وہ مشکل وقت میں ہر طرح کی اُس کی مدد کریں گے بلکہ ان کی کوشش ہوگی کہ اُن کا

ساتھی کسی الجھن اور مصیبت میں نہ پھنسے۔

نمبر 7 اور دوسروں کی ذات پر بھروسہ!

یہ افراد دوسروں پر اعتماد اور بھروسہ رکھتے ہیں اور دوسرے لوگ بھی انہیں بھروسہ اور اعتماد کے قابل سمجھتے ہیں۔ دوسروں کی خدمت کرتے وقت ان کی خداداد صلاحیتیں پورے عروج پر ہوتی ہیں۔ ان کے لئے یہ ضروری ہے کہ اپنے آپ کو کام کے دباؤ کا شکار نہ بننے دیں۔ ان لوگوں کے لیے لازم ہے کہ مختار کل بن کر کوئی کام نہ کریں بلکہ دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر کام کریں۔ اس طرح غیر ضروری دباؤں سے بچ سکتے ہیں اور اُن کی طاقت برقرار رہ سکتی ہے نیز یہ لوگ اس طرح صحت مندرہ سکتے ہیں۔

سات نمبر والی عورت اور اُس کی محبت

جب یہ عورت اپنے مزاج کی پختگی اختیار کر لیتی ہے ٹوٹ کر اور والہانہ انداز میں محبت کرتی ہے اور محبت کے اسرار و رموز کو آزمانے کی کوشش کرتی ہے۔ وہ پیار و محبت کا فن جانتی ہے۔ اسے علم ہے کہ محبت کیسے کی جاتی ہے وہ اپنے تقاضوں کے مطابق اپنے شوہر کے جذبوں کی تسکین کرنے کی کوشش کرتی ہے کیونکہ وہ اس بات کو اپنے فرائض کی ادائیگی میں شامل سمجھتی ہے۔ اگر اس تعلق کا آزاد معاشرہ سے ہو تو یہ عورت جذبات کے معاملے میں بے قابو ہو سکتی ہے۔

محبت اور نمبر 8 کے حامل افراد

جو لوگ ان افراد سے گہرا دوستانہ تعلق رکھتے ہیں وہ ان افراد کو اچھی طرح سمجھ اور پرکھ لیتے ہیں پھر ان کے ساتھ ساتھ ان کی مرضی کے مطابق چلتے ہیں اس طرح یہ افراد کو سمجھ

نہیں پاتے وہ ان کے دوست بن ہی نہیں سکتے۔ ان افراد کی شخصیت سلجھی ہوئی اور وسیع النظر ہوتی یہی وجہ ہے کہ اُن کے دوست سلجھے ہوئے اور باشعور ہوں گے وہ ایسے دوستوں کو پسند کرتے ہیں جو ٹھوس عزائم کے ساتھ باہمت اور حوصلہ مند ہوں۔ اس صورت میں ان کے ساتھ ان کا تعلق مضبوط ترینا ہوتا چلا جاتا ہے۔ اور یہ لوگ اُن کی جانب سے خوشی اور راحت محسوس کرتے ہیں ان کے دوست ثابت قدم ہوتے ہیں، اور ہر کام کو بلا کسی شک کے پورے یقین، اعتماد اور بھرسے کے ساتھ سرانجام دیتے ہیں۔ اسی لئے وہ اپنے اس قسم کے دوستوں کی بے حد قدر کرتے ہیں۔

نمبر 8 والوں کی دوست بنانے کی خوبی

ان افراد میں یہ صفت پائی جاتی ہے کہ وہ جلدی دوست بنا لیتے ہیں لیکن اِن کی جگری دوستی بہت کم افراد سے ہوتی ہے۔ ان کے چند ہی قابل اعتماد دوست ہوتے ہیں وہ آپس میں مکمل بھروسہ رکھتے ہیں اور ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔ زیادہ تر یہ افراد ہی اپنے دوستوں کے کام آتے ہیں اور وہ انہیں اس طرح کے دوست سمجھتے ہیں اور وقت پڑنے پر انہیں اپنی جان کا نذرانہ بھی دے سکتے ہیں۔ اگرچہ ان سے بے تکلفی کی محفلیں کم ہی جمائیں گے لیکن ان کے دکھ اور سکھ میں شراکت کو اپنی دوستی کا اہم ترین فریضہ سمجھتے ہیں۔ وہ ان سے وقت پڑنے پر صلاح ومشورہ کریں گے۔ اگر ان کی رائے مناسب اور کارآمد ہو تو اس پر عمل کر کے مفادات حاصل کرتے ہیں وہ اپنے دوستوں کو بھی مفادات پہنچاتے ہیں۔ ان میں دوستی کے پُرجوش جذبات ہوتے ہیں۔ دوستوں سے مل کر ان کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔

آٹھ نمبر کی عورت اور اُس کی محبت کے معاملات

یہ عورت محبت کے معاملات میں جھجک محسوس کرتی ہے وہ اس وقت بھی ہچکچاہٹ

محسوس کرتی ہے جب کہ اس کا محبت کرنے اور رومان لڑانے کا زمانہ ہوتا ہے۔ اُسے محبت کا جواب محبت سے دینے میں شدید ہچکچاہٹ کا احساس ہوتا ہے۔ اور شرم سے دوہری ہو سکتی ہے اس کی اصل وجہ اس کا یہ خوف ہے کہ کہیں اُسے بعد میں رد نہ کر دیا جائے، یا اُسے ٹھکرا نہ دیا جائے اس بات سے وہ ڈر کر جھجک محسوس کرتی ہے۔ یہ عورت اُس وقت محبت کا جواب محبت سے دے گی جب اُسے اچھی طرح یقین ہو جائے کہ اُسے ٹھکرایا نہ جائے گا۔ اور اُسے محبت کے بدلے میں محبت اور پیار ملے گا اس سے پہلے وہ ممکنہ خطروں کو محسوس کر لیتی ہے جب وہ خطرات محسوس نہیں کرتی تب وہ محبت کی جانب اعماد سے بڑھتی ہے۔ اور پھر وہ اُس وقت اُس شخص سے شادی کرے گی جب کہ اُسے یقین ہو جائے گا کہ اُس کا شوہر اُس سے تمام وعدے نبا سکتا ہے اور اس کا بہترین تحفظ کر سکتا ہے اگر وہ فیصلے میں دیر کرے تو بہترین موقع گنوا دیتی ہے۔

محبت اور نمبر 9 کے حامل افراد

یہ فرد دوستوں اور احباب کی محبت سے لطف اندوزی محسوس کرتے ہیں۔ اُن کے دوست اِن کے لئے کام کرتے جس سے یہ خوش ہوتے ہیں۔ یہ فرد ایسی شخصیت کا مالک ہوتا ہے کہ جو چاہتا ہے کہ جلد از جلد ہر چیز کو پالے اس میں ذرا سی بھی تاخیر نہ ہو اور جو چیز بھی ملے اُس پر قبضہ جمالے یہ مرد ذہین ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوگ اپنی عقل سے درست کام لیں تو معاشرے کے لیے پسندیدہ شخصیت بن سکتے ہیں۔ اور اپنی کمزوریوں پر قابو پا سکتے ہیں۔

9 نمبر کی عورت

یہ عورت مخصوص گریس (Grace) اپنے اندر رکھتی ہے وہ اتنی پر کشش ہوتی ہے کہ ہر کوئی مقناطیسی انداز میں اس کی طرف کھنچا چلا جاتا ہے۔ اور وہ نتیجتاً خوش اور سرور

محسوس کرتی ہے پھر اُسے یوں لگتا ہے جیسے وہ آسمانوں پر اڑی چلی جارہی ہے۔ اس میں بے حد رومانی کشش ہوتی ہے جب اُس کے دل میں رومانی خواہشات جنم لیتی ہیں تو اُس کے جسم میں حُسن او جوش پھوٹ پڑتا ہے اور وہ گلاب گوں ہو جاتی ہے۔ تب اُس کی آنکھوں میں ایک عجیب قسم کی چمک پیدا ہوتی ہے۔ اور اس چمک کو دیکھ کر اُس کا محبوب اُس پر دل و جان سے فدا ہو جاتا ہے، یہ عورت موسم بہار کو پسند کرتی ہے۔ پھولوں کی خوشبو اُسے اچھی لگتی ہے اور مرغزاروں میں گھوم کر اپنی رومان پسند خواہشات کی تکمیل اور تسکین کے لئے بے تاب و بے قرار ہو جاتی ہے۔

رزق کے لیے سید سجاد حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی مشہور دعا

وَ كَانَ مِنْ دُعَائِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِذَا قُتِّرَ عَلَيْهِ الرِّزْقُ جب رزق کی تنگی ہوئی تو امام علیہ السلام یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ ابْتَلَيْتَنَا فِيْ اَرْزَاقِنَا بِسُوْءِ الظَّنِّ وَفِيْ اٰجَالِنَا بِطُوْلِ الْاَمَلِ حَتّٰى لَتَمَسْنَا اَرْزَاقَكَ مِنْ عِنْدِ الْمَرْزُوْقِيْنَ وَطَعِمْنَا بِاٰمَالِنَا فِيْ اَعْمَارِ الْمُعَمَّرِيْنَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَهَبْ لَنَا يَقِيْنًا صَادِقًا تَكْفِيْنَا بِهٖ مِنْ مَؤُنَةِ الطَّلَبِ وَالْهِمْنَا ثِقَةً خَالِصَةً تُعْفِيْنَا بِهَا مِنْ شِدَّةِ النَّصَبِ وَاجْعَلْ مَا صَرَّحْتَ بِهٖ مِنْ عِدَتِكَ فِيْ وَحْيِكَ وَاَتْبَعْتَهٗ مِنْ قَسَمِكَ فِيْ كِتَابِكَ قَاطِعًا لِاهْتِمَامِنَا بِالرِّزْقِ الَّذِيْ تَكَفَّلْتَ بِهٖ وَحَسْمًا لِلْاِشْتِغَالِ بِمَا ضَمِنْتَ الْكِفَايَةَ لَهٗ فَقُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ الْاَصْدَقُ وَاَقْسَمْتَ وَقَسَمُكَ الْاَبَرُّ الْاَوْفٰى

وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ثُمَّ قُلْتَ فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ مِثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنْطِقُونَ۔

ترجمہ۔ اے اللہ تو نے رزق کے بارے میں بے یقینی سے اور زندگی کے بارے میں طول امل سے ہماری آزمائش کی ہے۔ یہاں تک کہ ہم ان سے رزق طلب کرنے لگے جو تجھ سے رزق پانے والے ہیں اور عمر رسیدہ لوگوں کی عمریں دیکھ کر ہم بھی درازئی عمر کی آرزوئیں کرنے لگے۔ اے اللہ حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ہمیں ایسا پختہ یقین عطا کر جس کے ذریعہ تو ہمیں طلب و جستجو کی زحمت سے بچالے اور خالص اطمینانی کیفیت ہمارے دلوں میں پیدا کردے جو ہمیں رنج و سختی سے چھڑالے اور وحی کے ذریعہ جو واضح اور صاف وعدہ تو نے فرمایا ہے اور اپنی کتاب میں اس کے ساتھ ساتھ قسم بھی کھائی ہے اسے اس روزی کے اہتمام سے جس کا تو ضامن ہے۔ سبکدوشی کا سبب قرار دے اور جس روزی کا ذمہ تو نے لیا ہے اس کی مشغولیتوں سے علیحدگی کا وسیلہ بنا دے۔ چنانچہ تو نے فرمایا ہے اور تیرا قول اور بہت سچا ہے اور تو نے قسم کھائی ہے اور تیری قسم سچی اور پوری ہونے والی ہے کہ تمہاری روزی اور وہ کہ جس نے تم وعدہ کیا جاتا ہے آسمان میں ہے" پھر تیرا ارشاد ہے: "زمین و آسمان کے مالک کی قسم! یہ امر یقینی و قطعی ہے جیسے یہ کہ تم بول رہے ہو۔

ادائے قرض کے سلسلہ میں امام زین العابدینؑ کی ایک دعا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَهَبْ لِيَ الْعَافِيَةَ مِنْ دَيْنٍ تُخْلِقُ بِهٖ وَجْهِيْ وَيُحَارُ فِيْهِ ذِهْنِيْ وَيَتَشَعَّبُ لَهٗ فِكْرِيْ وَيَطُوْلُ بِمُمَارَسَتِهٖ شُغْلِيْ وَاَعُوْذُبِكَ يَا رَبِّ مِنْ هَمِّ الدَّيْنِ وَفِكْرِهٖ وَشُغْلِ

الـدَّیْنِ وَسَهَـرِهٖ۔ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَعِذْنِیْ مِنْهُ وَاسْتَجِیْرُ
بِكَ یَا رَبِّ مِنْ ذِلَّتِهٖ فِی الْحَیٰوةِ وَمِنْ تَبِعَتِهٖ بَعْدَ الْوَفَاةِ فَصَلِّ عَلٰی
مُحَـمَّـدٍ وَّاٰلِـهٖ وَاَجِرْنِیْ مِنْهُ بِوُسْعٍ فَاضِلٍ اَوْ كَفَافٍ وَاصِلٍ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَحْجُبْنِیْ عَنِ السَّرَفِ وَالْاِزْدِیَادِ وَ قَوِّمْنِیْ
بِالْبَذْلِ وَالْاِقْتِصَادِ وَ عَلِّمْنِیْ حُسْنَ التَّقْدِیْرِ وَاقْبِضْنِیْ بِلُطْفِكَ عَنِ
التَّبْذِیْرِ وَاجْرِ مِنْ اَسْبَابِ الْحَلَالِ اَرْزَاقِیْ وَ وَجِّهْ فِیْ اَبْوَابِ الْبِرِّ
اِنْفَاقِیْ وَازْوِعَنِّیْ مِنَ الْمَالِ مَا یُحْدِثُ لِیْ مَخِیْلَةً اَوْ تَاَدِّیًا اِلٰی
بَغْیٍ اَوْ مَا اَتَعَقَّبُ مِنْهُ طُغْیَانًا اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلٰی صُحْبَةِ الْفُقَرَاءِ
وَاَعِنِّیْ عَلٰی صُحْبَتِهِمْ بِحُسْنِ الصَّرِ وَمَا زَوَیْتَ عَنِّیْ مِنْ مَتَاعِ
الـدُّنْیَا الْفَانِیَةِ فَاذْخَرْهُ لِیْ فِیْ خَزَآئِنِكَ الْبَاقِیَةِ وَاجْعَلْ مَا خَوَّلْتَنِیْ
مِنْ حُطَامِهَا وَ عَجَّلْتَ لِیْ مِنْ مَتَاعِهَا بُلْغَةً اِلٰی جِوَارِكَ وَ وُصْلَةً
اِلٰی قُرْبِكَ وَذَرِیْعَةً اِلٰی جَنَّتِكَ اِنَّكَ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ وَاَنْتَ
الْجَوَادُ الْكَرِیْمُ۔

ترجمہ: ’’اے اللہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پاک پر رحمت نازل فرما اور مجھے ایسے قرض سے نجات دے جس سے تو میری آبرو پر حرف آنے دے اور میرا ذہن پریشان اور فکر پراگندہ رہے اور اس کی فکر و تدبیر میں ہمہ وقت مشغول رہوں۔ اے میرے پروردگار میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں قرض کے فکر و اندیشہ سے اور اس کے جھمیلوں سے اور اس کے باعث بے خوابی سے تو حضرت محمد ﷺ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما اور مجھے اس سے پناہ دے۔ پروردگار میں تجھ سے زندگی میں اس کی ذلت اور مرنے کے بعد اس کے وبال سے پناہ مانگتا ہوں تو حضرت

محمد ﷺ اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھے مال و دولت کی فراوانی اور پیہم رزق رسانی کے ذریعہ اس سے چھٹکارا دے۔

اے اللہ! حضرت محمد ﷺ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما اور مجھے فضول خرچی اور مصارف کی زیادتی سے روک دے اور عطاو میانہ روی کے ساتھ نقطۂ اعتدال پر قائم رکھ اور میرے لیے حلال طریقوں سے روزی کا سامان کر اور میرے مال کو مصرف امور خیر میں قرار دے اور اس مال کو مجھ سے دور ہی رکھ جو میرے اندر غرور و تمکنت پیدا کرے یا ظلم کی راہ پر ڈال دے یا اس کا نتیجہ طغیان و سرکشی ہو اے اللہ! درویشوں کی ہم نشینی میری نظروں میں پسندیدہ بنا دے اور اطمینان افزا صبر کے ساتھ ان کی رفاقت اختیار کرنے میں میری مدد فرمای۔ دنیائے انی کے مال میں سے جو تو نے مجھ سے روک لیا ہے اسے اپنے باقی رہنے والے خزانوں میں میرے لیے ذخیرہ کر دے اور اس کے ساز و برگ میں سے جو تو نے دیا ہے اور اس کے سرو سامان میں سے جو بہم پہنچایا ہے۔ اسے اپنے جوار رحمت تک پہنچانے کا زاد راہ، حصول تقرب کا وسیلہ اور جنت تک رسائی کا ذریعہ قرار دے اس لیے کہ تو فضل عظیم کا مالک اور سخی و کریم ہے۔

وہ...... جو میری تحریر کا معتبر حوالہ بن گیا

میں نے اپنی کتاب ”تسخیر و محبت“ کو لکھتے وقت درج ذیل کتب سے استفادہ کیا ہے اور تالیف کرتے وقت میری کوشش رہی ہے کہ جو بھی چیز یا بات لکھی جائے وہ مستند ہو۔ اپنی طرف سے ایسی چیز نہ لکھوں کہ جس کا مجھے پتہ ہی نہیں ہے۔ انسان کی عظمت اس میں نہیں ہے کہ دوسروں کی ”علمی کاوش“ کو ذاتی کوشش قرار دے کر خود کو ”دانشور“ کہلاتا پھرے بلکہ اس کی عظمت اس میں ہے کہ اکابرین یا ہم عصر قابلِ قدر علمی شخصیات کی گراں قدر کتب

سے مطالب اخذ کر کے انہی کے ساتھ منسوب کر کے انہی کے نام کے ساتھ "حوالوں" کو شائع کیا جائے۔ اس سے ایک تو کتاب کے علمی وزن میں اضافہ ہو جاتا ہے دوسرا مولف مصنف کا اپنا ضمیر و وجدان بھی مطمئن رہتا ہے۔ لہٰذا درج ذیل کتب کے جو مصنفین انتقال کر چکے ہیں میں ان کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے دعا گو ہوں اور جو موجود ہیں ان کی صحت وسلامتی اور کامیابی کی دعا کرتا ہوں۔


(۱)	کلید عملیات	مولانا سید برکت علی گوشہ نشین"
(۲)	انکشاف غیبی المعروف مولفی	حکیم قاضی سید محمد کرم حسین" ۔ دہلی
(۳)	ذخیرۂ عملیات۔	اردو ترجمہ جامع الدعوات کبیر
(۴)	مجربات گوشہ نشین۔	سید برکت علی شاہ وزیر آبادی"
(۵)	کنز الفوائد فارسی۔	مولانا ہدایت اللہ مرحوم۔ بمبئی
(۶)	چہل کاف۔	ابوالحافظ محمد علی ارسلان قادری
(۷)	کنز الحسین۔	عامل سید شبیر حسین شاہ" ۔ انڈیا
(۸)	طب روحانی۔	مولانا محمد ابراہیم دہلوی"
(۹)	طلسمات کی دنیا۔	مولانا محمد رفیق زاہد شہید
(۱۰)	بحر العملیات کامل۔	علامہ سید علی مہدی نقوی سہارنپوری
(۱۱)	عامل کامل حصہ اول و دوم۔	حضرت کاش البرنی"
(۱۲)	لیالی مخزونہ۔	مولانا عابد حسین انصاری میرٹھ تموا انڈیا
(۱۳)	مخزن عملیات۔	اردو ترجمہ مجمع الدعوات کبیر
(۱۴)	مجموعہ اعمال مجربہ۔	علامہ محمد عبداللہ خان نقشبندی دہلوی"


۱۵	طلسمات عجائب۔	حضرت حاجی میر صاحب علی حنفی چشتی نظامی
۱۶	مجلّہ ستارہ۔	مولانا محمود علی شفق رامپوری
۱۷	بیاض نظامی۔	ماسٹر شفیع الدین نظامی" ۔کراچی
۱۸	مصباح العملیات۔	منجم اعظم سید ناظر حسین زنجانی"
۱۹	مجموعہ مجرب عملیات۔	یکی از علماء بزرگ لکھنؤ
۲۰	جامع الاسرار۔	شمس الاطباء حکیم علامہ محمد رفیق حجازی
۲۱	عملیات غفرانی۔	مولانا ڈاکٹر سید محمود الحسن" ۔بھوپال
۲۲	کمالات سلیمانی	ابوالحامد سید ظہور احمد شاہجانپوری"
۲۳	گنجینۂ اسرار مخفی۔	الحاج غلام رسول قادری۔
۲۴	بیاض عملیات۔	علامہ سید شاد گیلانی" ،شورکوٹ
۲۵	ذاتی بیاض۔	از مصنف کتاب ہذا
۲۶	سورہ حشر۔	حافظ قاری خادم حسین
۲۷	گنجینۂ تعویذات۔	مولانا بشیر احمد نقشبندی مجددی
۲۸	مشکلات کا روحانی حل	سید حسن الہاشمی ،انڈیا
۲۹	تحفۂ ایمانی۔	بزرگ کامل مظفر علی خان" لکھنو
۳۰	فیضان القرآن۔	عامل حکیم غلام سرور شباب حویلی لکھا
۳۱	درود شریف۔	قاری خادم حسین وہاڑی
۳۲	درود تحینا و درودہ ہزارہ	ابوالحافظ محمد علی ارسلان

(۳۳) شمع شبستان رضا۔ — علامہ اقبال احمد نوریؒ

(۳۴) خزینۂ عملیات۔ — مولانا صوفی محمد عزیز الرحمٰنؒ پانی پتی

(۳۵) علم الاعداد کی ایک مکمل کتاب — علیم اقبال، لاہور





ادارہ منہاج الصالحین لاہور